# القرآن الكريم

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

﴿إِنَّ هَذَا الْقُرْآنَ يَهْدِي لِلَّتِي هِيَ أَقْوَمُ﴾

تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو سارے جہان کا پالنے والا ہے۔ اور اللہ کی رحمت و سلامتی ہو محمد مصطفی ﷺ اور ان کی آل و اصحاب پر۔ امابعد!

عربی سے ناواقف مسلمانوں کو (خاص کر اس دور میں) قرآنی علوم و معارف سے روشناس کرانے کے لیے دنیا کی اکثر زبانوں میں قرآن کریم کے تراجم و تفاسیر لکھی گئیں۔ دیگر زبانوں کی طرح اردو زبان بھی ایک خاص حیثیت کی مالک ہے اس لیے اس میں بھی قرآن کریم کے مختلف اور متعدّد ترجمہ و تفسیر موجود ہیں۔ زیر نظر قرآن مجید میں حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسنؒ اسیر مالٹا کا مکمل ترجمہ موجود ہے۔ ان کی تفسیر بقدر چار پاروں کے ہے۔ باقی ۲۶ پاروں کی تفسیر مکمل کرنے سے پہلے حضرت مولانا محمود حسن رحمۃ اللہ علیہ انتقال کر گئے تھے۔ اس مکمل اردو ترجمہ کی حیثیت مروّجہ تراجم اور تفاسیر کے مقابلہ میں ایسی ہے جیسے ستاروں کے مقابلہ میں درخشاں چاند ہے۔

ہم دعا کرتے ہیں کہ اس کے ذریعہ ہدایت کی روشنی پھیلے۔ اس کا نفع عام ہو اور پڑھنے والوں کے لیے ایمان و اسلام میں ثابت قدمی اور دنیا و آخرت میں نجات کا سبب بنے۔ آمین

راقم کے دادا مفتی محمد نعیم لدھیانویؒ (سابق صدر جمعیت علمائے ہند) حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسن صاحبؒ کے شاگرد تھے اور اپنے استاد سے انتہائی محبت و عقیدت رکھتے تھے۔ ہمارے گھرانے میں ان کے واقعات عموماً سننے کو ملتے رہتے تھے۔ حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسن صاحبؒ نے اردو ترجمہ قرآن ہندوستان کی تحریک آزادی میں شمولیت کے دوران مالٹا کی جیل میں لکھا۔ آپ نے قرآن کے اردو ترجمہ کے

مکمل کرنے کے بعد پہلے چار پاروں کی تفسیر بھی لکھی تھی۔ لیکن پھر جیل سے رہائی پانے کے بعد ہندوستان واپس آئے۔ اور کچھ عرصہ کے بعد وفات پا گئے۔

حضرت علامہ مولانا محمود حسنؒ کے بے مثال ترجمہ قرآن مجید کا پہلا ایڈیشن ۱۳۴۴ء مطابق ۱۹۲۵ء میں ہندوستان میں شائع ہوا تھا۔ اس میں ترجمہ کے ساتھ سورۃ البقرہ اور سورۃ النساء کے حواشی بھی حضرت شیخ الہندؒ ہی کے قلم سے تھے۔ باقی پورے قرآن شریف کے حواشی حضرت شاہ عبدالقادر محدث دہلویؒ کے تھے۔

پاکستان و سعودی عربیہ میں مولانا محمود حسنؒ کے ترجمہ کے ساتھ باقی ۲۶ پاروں کی تفسیر جو آپ کے مایہ ناز شاگرد شیخ الاسلام مولانا شبیر احمد عثمانیؒ نے لکھی تھی۔ شائع ہوئی اور اب تک وہی قرآن مجید کا ترجمہ اور تفسیر مل رہی ہے۔ اور تفسیر عثمانی کے نام سے مشہور ہے۔ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ مولانا محمود حسنؒ کا ترجمہ مخفی ہو کر رہ گیا ہے۔ اور عام لوگوں میں مولانا محمود حسنؒ کے ترجمہ کی معلومات نہ ہیں اور شاید عموماً عوام الناس اسی کو شیخ الاسلام حضرت مولانا شبیر احمد عثمانیؒ کا ترجمہ ہی سمجھتے ہیں۔

راقم نے اسی ارادہ اور نیت سے حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسنؒ کا ترجمہ شائع کرنے کی کوشش کی ہے تاکہ عوام الناس مولانا محمود محسنؒ کے اصل ترجمہ قرآن کریم کے ساتھ متعارف ہو سکیں۔

اللہ تبارک و تعالیٰ کی بارگاہ میں استدعا کرتا ہوں کہ اس ترجمہ قرآن کو مولانا محمود حسنؒ، راقم کے دادا مفتی محمد نعیم لدھیانویؒ، مولانا احمد علی لاہوریؒ، میرے اکابرین علماء لدھیانہ مولانا مفتی عبدالقادر لدھیانویؒ، مولانا سیف الرحمان لدھیانویؒ، مولانا مفتی محمد لدھیانویؒ، میرے پردادا مولانا مفتی عبداللہ لدھیانویؒ، مولانا عبدالعزیز لدھیانویؒ، مولانا حبیب الرحمٰن لدھیانویؒ، مفتی رشید احمد لدھیانویؒ (بانی جامعۃ الرشید کراچی) اور میرے تایا مفتی ضیاء الحسن لدھیانویؒ اور میری، میرے والد صاحب، والدہ صاحبہ

مرحومہ، میری دادی صاحبہ مرحومہ، نانا مرحوم، نانی مرحومہ اور تمام اعزّہ واقارب کے لیے آخرت میں مغفرت و نجات کا سبب بنائے۔ اور میرے بعد میرے لواحقین کو دین کے کام جاری رکھنے کی توفیق عطا فرمائے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ کی بارگاہ میں استدعا کرتا ہوں کہ اس ترجمہ قرآن کو میرے دادا مفتی محمد نعیم لدھیانویؒ (مہتمم مدرسہ اللہ والا لدھیانہ)، میرے والدین اور راقم اور اس کی اولاد اور اہل خانہ کی بخشش اور مغفرت اور ہماری اور ہمارے اعزّہ مرحومین کی بخشش اور مغفرت کا ذریعہ بنائے۔

مولانا عبید الرحمٰن جنہوں نے اس ترجمہ قرآن کریم کی کمپوزنگ اور ڈیزائننگ میں محنت کی ہے اللہ تعالیٰ اس ترجمہ قرآن کریم کو ان کی اور ان کے تمام اہل خانہ کی مغفرت و نجات کا ذریعہ بنائے۔ آمین یارب العالمین

مشہود مفتی

# ترجمہ و حواشی قرآن مجید پر علمائے کرام کی رائیں

حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسنؒ کے بے مثال ترجمہ قرآن مجید کا پہلا ایڈیشن ۱۳۴۴ھ بمطابق ۱۹۲۵ء میں شائع ہوا۔ اس میں ترجمہ کے ساتھ ساتھ سورۃ البقرہ اور سورۃ النساء کے حواشی بھی حضرت شیخ الہندؒ ہی کے قلم سے تھے۔ باقی پورے قرآن کریم کے حواشی حضرت شاہ عبدالقادر محدث دہلویؒ کے تھے۔ ذیل میں اس کے پہلے ایڈیشن سے متعلق آراء درج کی جاتی ہیں:

## شیخ الحدیث مولانا خلیل احمد سہارنپوری کی رائے

نفس ترجمہ کے متعلق مترجم رحمۃ اللہ علیہ کی طرف نسبت کے بعد مزید توصیف و توضیح کی ضرورت نہیں رہتی۔ اس لیے کہ ترجمہ حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسن دیوبندیؒ کا ہے۔ مولانا کا جامع العلوم، کنزالعلوم، بحرالعلوم ہونا ہر شخص پر روشن ہے۔ اس وجہ سے اس ترجمہ کی طباعت سے پہلے ہی شائقین سراپا انتظار ہیں۔

البتہ وہ خاص اہتمامات جو حضرت مؤلف نے اس ترجمہ میں فرمائے ہیں اور مقدمہ ترجمہ میں مختصراً ذکر فرمایا ہے۔ اجمالاً ان کی طرف اشارہ ضروری ہے۔ وہ خاص اہتمامات یہ ہیں:

۱. ترجمہ سلیس و مطلب خیز و بامحاورہ۔

۲. خلل لفظی و معنوی سے محفوظ۔

۳. مشہور اور مستعمل الفاظ کا خاص طور سے لحاظ فرمایا ہے۔

۴. ان اغلاط سے مبرّا جو آزادی پسند لوگوں کے ترجمہ سے عوام میں پھیل گئے ہیں۔

۵. اس ترجمہ کا ماخذ حضرت شاہ عبدالقادر صاحبؒ کے ترجمہ کو فرمایا اور گویا اس کی واضح شرح فرمائی۔

۶. اس ترجمہ میں محاورے کا اہتمام فرماتے ہوئے محاورات کو ترجمہ کے تابع فرمایا۔

۷. (یہ نہیں کہ) ترجمہ کو محاورات کے تابع کر کے خواہ مخواہ محاورات کا اضافہ کیا ہو۔

۸. باوجود اہتمام محاورہ کے ترتیب قرآنی کی بقاء کا حتمی الوسع اہتمام فرمایا ہے۔

۹. حواشی پر بھی شاہ صاحب کے حواشی موضح القرآن کی تفصیل و توضیح کما حقّہٗ فرمائی ہے۔

۱۰. موضح القرآن کے علاوہ مستقل حواشی مفیدہ ضروریہ کا بھی اہتمام فرمایا ہے۔

۱۱. حواشی پر مختصر اختلاف علماء کی طرف اشارہ فرمایا ہے۔ چونکہ فوائد اس کثرت اور استقلالِ عبارت کی وجہ سے مستقل ہو گئے ہیں۔ اسی لیے ان فوائد کا نام موضح الفرقان تجویز فرمایا ہے۔ وغیرہ وغیرہ

## حکیم الامت حضرت مولانا حافظ حاجی اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد

مکرم بندہ سلمہ۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔ اوّلاً عنایت نامہ، ثانیاً پارہ الم مع نمونہ اشتہار قرآن مجید مترجم ترجمہ حضرت استاذی قدس اللہ سرہ پہنچ کر موجب حسرت و منت ہوا۔ آپ نے حسن ظن سے مجھ کو اظہارِ رائے کا امر فرمایا ہے۔ مگر غالباً آپ کو حضرت کا اور میرا تعلق معلوم نہیں۔ یا اس وقت ذہن میں نہیں رہا۔ ورنہ میرے لیے ایسی جسارت کو تجویز نہ فرماتے مجھ کو حضرت سے جو تعلق ہے جس کا نام "تلمذ" ہے۔ وہ علوم میں محض تقلید کا ہے نہ کہ تنقید کا۔ اور رائے اس کی شخص کی معتبر ہے جس کو حق تنقید ہو۔ ورنہ مقلد

کا کچھ کہنا قطع نظر اس کے خلاف مقتضائے "باوجودت زمن آواز نیاید کہ منم" ہونے کے سبب سوءِ ادب ہے، اس مضمون کا مصداق ہے:

مادحِ خورشید مداحِ خود است　　کہ دو چشم روشن و نامرمدست

خود ثنا گفتن زمن ترکِ ثناست　　کیں دلیلِ ہستی و ہستی خطاست

## مولانا شبیر احمد صاحب عثمانیؒ شیخ التفسیر دارالعلوم دیوبند کی رائے

(قرآن مجید کا جو ایڈیشن ۱۳۵۵ھ مطابق ۱۹۳۶ء میں شائع ہوا تھا اس میں حضرت مولانا محمود حسن کے ترجمہ اور سورۃ البقرہ اور سورۃ النساء کے حواشی کے علاوہ باقی ۲۶ پارہ کے حواشی مولانا شبیر احمد عثمانی نے لکھے تھے۔ مولانا شبیر احمد عثمانی رحمہ اللہ شیخ التفسیر دارالعلوم دیوبند کی مندرجہ ذیل رائے اسی میں شامل تھی۔)

حضرت الاستاذ العلامہ سید الطائفہ شیخ الہند مولانا الحاج المولوی محمود حسن صاحب عثمانی دیوبندی قدس سرہ کا ترجمہ قرآن جس کے ساتھ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے شغف کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ مالٹا جاتے ہوئے جس وقت جہاز کو ایک سخت خطرہ لاحق ہو گیا تو آپ نے تمام سامان سے قطع نظر کر کے صرف ترجمہ کے مسودہ کے اوراق ہمارے بھائی اور حضرت کے رفیق خادم مولوی عزیز گل صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے سینہ سے باندھ دیے کہ شاید کوئی صورت بچاؤ کی نکل آئے۔ اور یہ اوراق ضیاع سے بچ جائیں۔

ترجمہ کی نسبت میں اس قدر کہہ سکتا ہوں کہ ہندوستان کے طول و عرض میں قرآن جو تراجم موجود ہیں۔ شاید ہی کوئی ہو گا۔ جو نہایت صحیح اور مستند ہونے کے باوجود اس قدر موجز، پر مغز، شگفتہ اور نظم قرآن کی پوری پوری رعایت کرنے والا ہو۔

## شیخ التفسیر مولانا احمد علی صاحب لاہوری کی رائے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ وکفی وسلام علی عبادہ الذین اصطفی. أما بعد!

نظام عالم میں خیر و شر کے دو سلسلے چلے آرہے ہیں۔ انسانوں کی بھی دو قسمیں ہیں۔ بعض سلسلۂ خیر کی کڑی بنتے ہیں اور بعض سلسلۂ شر کی۔ وہ وجود مبارک ہیں جنہیں سلسلۂ خیر کی کڑی بننے کی توفیق نصیب ہو۔

سلسلۂ خیر کے غیر متناہی مدارج ہیں اور سب سے اعلیٰ و افضل درجۂ خیر یہ ہے کہ اشاعتِ قرآن حکیم کی توفیق عطا ہو۔ چنانچہ ارشادِ نبوی علی صاحبہ الصلوٰۃ والسلام" خیرکم من تعلم القرآن وعلمه" (تم میں بہترین شخص وہ ہے جو قرآن کریم سیکھے اور اس کو سکھائے) اس پر شاہد ہے۔

اللہ تعالیٰ نے حضرت شیخ الہند رحمہ اللہ سے احیاءِ دین کی جہاں اور بہت سی خدمات لیں وہاں آخر عمر میں اسیر مالٹا بنا کر خلق اللہ کے ازدحام سے چھڑوا کر تخلیہ میں بٹھایا اور فرقانِ حمید کا بہترین ترجمہ کروایا۔ سورۃ البقرہ اور سورۃ النساء کے حواشی بھی لکھوائے۔۔۔۔ دعائے خیر کرتا ہوں کہ یہ خدمت ان حضرات کے لیے نجات آخرت کا ذریعہ ہو۔ اور سب مسلمانوں کے لیے ذریعہ ہدایت ہو جائے۔ آمین یاالہ العالمین۔

احقر الانام: احمد علی عفی عنہ

(امیر انجمن خدام الدین لاہور)

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ

سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو پالنے والا سارے جہان کا

الحمدُللہِ علیٰ اِحسانہٖ کہ اس کے فضل وکرم سے

# القرآن الکریم مترجم

مکمل ترجمہ حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسن رحمۃ اللہ علیہ

مشہود مفتی ابن نعیم بن مفتی محمد نعیم لدھیانوی نے طبع کیا

# سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ

اس میں (۲۵) کلمات ہیں

اس میں (۱۲۲) حروف ہیں

سورۂ فاتحہ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی
اور اس میں (۷) آیات اور (۱) رکوع ہے،
نازل ہونے کے اعتبار سے (۵) نمبر پر ہے
لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۱) نمبر پر ہے اور سورۂ مدّثّر کے بعد نازل ہوئی۔

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلْمَنْزِلُ الْاَوَّل (۱)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ﴿۱﴾ الرَّحْمٰنِ

سب تعریفیں اللہ کیلئے ہیں جو پالنے والا سارے جہان کا ① بے حد مہربان

الرَّحِيْمِ ۙ﴿۲﴾ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ؕ﴿۳﴾ اِيَّاكَ

نہایت رحم والا ② مالک روز جزا کا ③ تیری ہی

نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ؕ﴿۴﴾ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ

ہم بندگی کرتے ہیں اور تجھی سے مدد چاہتے ہیں ④ بتلا ہم کو راہ

الْمُسْتَقِيْمَ ۙ﴿۵﴾ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ﴿۶﴾

سیدھی ⑤ راہ ان لوگوں کی جن پر تو نے فضل فرمایا ⑥

غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ﴿۷﴾

جن پر نہ تیرا غصّہ ہوا اور نہ وہ گمراہ ہوئے ⑦

احتیاط ع ۱

# سُوْرَةُ الْبَقَرَة

اس میں (٦١٢١) کلمات ہیں

اس میں (٢٥٥٠٠) حروف ہیں

سورۂ بقرہ مدینہ منورہ میں نازل ہوئی
لیکن آیت (٢٨١) منیٰ میں حجۃ الوداع کے موقع پر نازل ہوئی،
اس میں (٢٨٦) آیتیں اور (٤٠) رکوع ہیں،
اور یہ پہلی سورت ہے جو مدینہ منورہ میں نازل ہوئی، نازل ہونے کے اعتبار سے (٨٧) نمبر پر ہے
لیکن تلاوت کے اعتبار سے (٢) نمبر پر ہے اور سورۂ مطففین کے بعد نازل ہوئی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

الٓمّٓ ۚ ﴿١﴾ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۚ

الٓمّٓ ① اس کتاب میں کچھ شک نہیں

هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۙ ﴿٢﴾ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ

راہ بتلاتی ہے ڈرنے والوں کو ② جو کہ یقین کرتے ہیں

بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ

بے دیکھی چیزوں کا اور قائم رکھتے ہیں نماز کو اور جو ہم نے روزی دی ہے انکو اس میں سے

يُنْفِقُوْنَ ۙ ﴿٣﴾ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ

خرچ کرتے ہیں ③ اور وہ لوگ جو ایمان لائے اس پر کہ جو کچھ

اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ

نازل ہوا تیری طرف اور اس پر کہ جو کچھ نازل ہوا تجھ سے پہلے

وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۭ ﴿٤﴾

اور آخرت کو وہ یقینی جانتے ہیں ④

اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ۗ وَاُولٰٓئِكَ

وہی لوگ ہیں ہدایت پر اپنے پروردگار کی طرف سے اور وہی

هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝٥ اِنَّ الَّذِيْنَ

ہیں مراد کو پہنچنے والے ۝٥ بے شک جو لوگ

كَفَرُوْا سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ

کافر ہوچکے برابر ہے ان کو تو ڈرائے یا

لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝٦ خَتَمَ

نہ ڈرائے وہ ایمان نہ لائیں گے ۝٦ مہر کردی

اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ ۭ وَعَلٰٓى

اللہ نے ان کے دلوں پر اور ان کے کانوں پر اور ان

اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ ۠ وَّلَهُمْ عَذَابٌ

کی آنکھوں پر پردہ ہے اور ان کے لیے بڑا

عَظِيْمٌ ۝٧ ع وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ ع ١ ٧

عذاب ہے ۝٧ اور لوگوں میں کچھ ایسے بھی ہیں جو کہتے ہیں

اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَمَا هُمْ

ہم ایمان لائے اللہ پر اور دن قیامت پر اور وہ

وقف لازم

بِمُؤْمِنِيْنَ ۘ ﴿٨﴾ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَالَّذِيْنَ

ہرگز مومن نہیں ﴿٨﴾ دغابازی کرتے ہیں اللہ سے اور

اٰمَنُوْا ۚ وَمَا يَخْدَعُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ

ایمان والوں سے اور دراصل کسی کو دغا نہیں دیتے مگر اپنے آپ کو

وَمَا يَشْعُرُوْنَ ؕ ﴿٩﴾ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ ۙ

اور نہیں سوچتے ﴿٩﴾ ان کے دلوں میں بیماری ہے

فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ

پھر بڑھا دی اللہ نے ان کی بیماری اور ان کے لیے عذاب

اَلِيْمٌ ۢ ۙ بِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ ﴿١٠﴾ وَاِذَا

دردناک ہے اس بات پر کہ جھوٹ کہتے تھے ﴿١٠﴾ اور جب

قِيْلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ ۙ قَالُوْٓا

کہا جاتا ہے ان کو فساد نہ ڈالو ملک میں تو کہتے ہیں

اِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ ﴿١١﴾ اَلَآ اِنَّهُمْ

ہم تو اصلاح کرنے والے ہیں ﴿١١﴾ جان لو وہی

هُمُ الْمُفْسِدُوْنَ وَلٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ﴿١٢﴾

ہیں خرابی کرنے والے لیکن نہیں سمجھتے ﴿١٢﴾

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا كَمَآ اٰمَنَ النَّاسُ

اور جب کہا جاتا ہے ان کو ایمان لاؤ جس طرح ایمان لائے سب لوگ

قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ كَمَآ اٰمَنَ السُّفَهَآءُ ؕ

تو کہتے ہیں کیا ہم ایمان لائیں جس طرح ایمان لائے بیوقوف

اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَآءُ وَلٰكِنْ

جان لو وہی ہیں بیوقوف لیکن

لَّا يَعْلَمُوْنَ ﴿١٣﴾ وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

نہیں جانتے ﴿١٣﴾ اور جب ملاقات کرتے ہیں مسلمانوں سے

قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚ وَاِذَا خَلَوْا اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ ۙ

تو کہتے ہیں ہم ایمان لے آئے ہیں اور جب تنہا ہوتے ہیں اپنے شیطان کے پاس

قَالُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ ۙ اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ ﴿١٤﴾

تو کہتے ہیں کہ بے شک ہم تمھارے ساتھ ہیں ہم تو ہنسی کرتے ہیں ﴿١٤﴾

اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ فِيْ

اللہ ہنسی کرتا ہے ان سے اور ترقی دیتا ہے ان کو

طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿١٥﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ

ان کی سرکشی میں (اور) حالت یہ ہے کہ وہ عقل کے اندھے ہیں ﴿١٥﴾ یہ وہی ہیں

اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى ۪ فَمَا رَبِحَتْ

جنہوں نے مول لی گمراہی ہدایت کے بدلے سو نافع نہ ہوئی

تِّجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ﴿١٦﴾

ان کی سوداگری اور نہ ہوئے راہ پانے والے ﴿١٦﴾

مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِي اسْتَوْقَدَ نَارًا ۚ

ان کی مثال اس شخص کی سی ہے جس نے آگ جلائی

فَلَمَّآ اَضَآءَتْ مَا حَوْلَهٗ ذَهَبَ اللّٰهُ بِنُوْرِهِمْ

پھر جب روشن کر دیا آگ نے اسکے آس پاس کو تو زائل کر دی اللہ نے انکی روشنی

وَتَرَكَهُمْ فِيْ ظُلُمٰتٍ لَّا يُبْصِرُوْنَ ﴿١٧﴾

اور چھوڑا ان کو اندھیروں میں کہ کچھ نہیں دیکھتے ﴿١٧﴾

صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿١٨﴾

بہرے ہیں گونگے ہیں اندھے ہیں سو وہ نہیں لوٹیں گے ﴿١٨﴾

اَوْ كَصَيِّبٍ مِّنَ السَّمَآءِ فِيْهِ ظُلُمٰتٌ

یا انکی مثال ایسی ہے جیسے زور سے مینہ پڑ رہا ہو آسمان سے ان میں اندھیرے

وَّرَعْدٌ وَّبَرْقٌ ۚ يَجْعَلُوْنَ اَصَابِعَهُمْ فِيْٓ

ہیں اور گرج اور بجلی دیتے ہیں انگلیاں اپنے

اٰذَانِهِمْ مِّنَ الصَّوَاعِقِ حَذَرَ الْمَوْتِ ؕ

کانوں میں مارے کڑک کے موت کے ڈر سے

وَاللّٰهُ مُحِيْطٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ﴿١٩﴾ يَكَادُ

اور اللہ احاطہ کرنے والا ہے کافروں کا ﴿١٩﴾ قریب ہے کہ

الْبَرْقُ يَخْطَفُ اَبْصَارَهُمْ ؕ كُلَّمَآ اَضَآءَ

بجلی اچک لے ان کی آنکھیں جب چمکتی ہے

لَهُمْ مَّشَوْا فِيْهِ ۙ وَاِذَآ اَظْلَمَ عَلَيْهِمْ

ان پر تو چلنے لگتے ہیں اس کی روشنی میں اور جب اندھیرا ہوتا ہے

قَامُوْا ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَذَهَبَ بِسَمْعِهِمْ

تو کھڑے رہ جاتے ہیں اور اگر چاہے اللہ تو لے جائے ان کے کان

وَاَبْصَارِهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ

اور آنکھیں بے شک اللہ ہر چیز پر

قَدِيْرٌ ۝٢٠ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ ع ٢ ٣ ٢

قادر ہے ۝٢٠ اے لوگو! بندگی کرو اپنے رب کی

الَّذِىْ خَلَقَكُمْ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ

جس نے پیدا کیا تم کو اور ان کو جو تم سے پہلے تھے

لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ۝٢١ ۙ الَّذِىْ جَعَلَ لَكُمُ

تاکہ تم پرہیزگار بن جاؤ ۝٢١ جس نے بنایا واسطے تمھارے

الْاَرْضَ فِرَاشًا وَّالسَّمَآءَ بِنَآءً ۖ وَّاَنْزَلَ

زمین کو بچھونا اور آسمان کو چھت اور اتارا

مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ

آسمان سے پانی پھر نکالے اس سے

الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ ۚ فَلَا تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ

میوے تمھارے کھانے کے واسطے سو نہ ٹھہراؤ کسی کو اللہ کے

اَنْدَادًا وَّاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٢٢﴾ وَاِنْ كُنْتُمْ

مقابل اور تم تو جانتے ہو ﴿٢٢﴾ اور اگر تم

فِيْ رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا فَاْتُوْا

شک میں ہو اس کلام سے جو اتارا ہم نے اپنے بندہ پر تو لے آؤ

بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ ۪ وَادْعُوْا شُهَدَآءَكُمْ

ایک سورت اس جیسی اور بلاؤ اس کو جو تمھارا مددگار ہو

مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٢٣﴾

اللہ کے سوا اگر تم سچے ہو ﴿٢٣﴾

فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا وَلَنْ تَفْعَلُوْا فَاتَّقُوا

پھر اگر ایسا نہ کرسکو اور ہرگز نہ کرسکو گے تو پھر بچو

النَّارَ الَّتِيْ وَقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ ۚ صلے

اس آگ سے جس کا ایندھن آدمی اور پتھر ہیں

اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ ﴿٢٤﴾ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ

تیار کی ہوئی ہے کافروں کے واسطے ﴿٢٤﴾ اور خوشخبری دے ان لوگوں کو

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ

جو ایمان لائے اور اچھے کام کیے کہ ان کے واسطے

جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ

باغ ہیں کہ بہتی ہیں ان کے نیچے نہریں

كُلَّمَا رُزِقُوْا مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ رِّزْقًا ۙ

جب ملے گا ان کو وہاں کا کوئی پھل کھانے کو

قَالُوْا هٰذَا الَّذِيْ رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ

تو کہیں گے یہ تو وہی ہے جو ملا تھا ہم کو اس سے پہلے

وَاُتُوْا بِهٖ مُتَشَابِهًا ؕ وَلَهُمْ فِيْهَآ اَزْوَاجٌ

اور دیے جائیں گے انکو پھل ایک صورت کے اور ان کیلئے وہاں عورتیں ہوں

مُّطَهَّرَةٌ وَّهُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٢٥﴾ اِنَّ

گی پاکیزہ اور وہ وہیں ہمیشہ رہیں گے ﴿٢٥﴾ بے شک

اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيٖٓ اَنْ يَّضْرِبَ مَثَلًا مَّا

اللہ شرماتا نہیں اس بات سے کہ بیان کرے کوئی مثال

بَعُوْضَةً فَمَا فَوْقَهَا ؕ فَاَمَّا الَّذِيْنَ

مچھر کی یا اس چیز کی جو اس سے بڑھ کر ہے سو جو لوگ مومن

اٰمَنُوْا فَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ

ہیں وہ یقیناً جانتے ہیں کہ یہ مثال ٹھیک ہے جو نازل ہوئی انکے رب کی طرف سے

وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَيَقُوْلُوْنَ مَاذَآ

اور جو کافر ہیں سو کہتے ہیں کیا مطلب

اَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا مَثَلًا ۘ يُضِلُّ بِهٖ كَثِيْرًا

تھا اللہ کا اس مثال سے گمراہ کرتا ہے خدائے تعالیٰ اس مثال سے بہتیروں کو

وَّيَهْدِيْ بِهٖ كَثِيْرًا ؕ وَمَا يُضِلُّ بِهٖٓ اِلَّا

اور ہدایت کرتا ہے اس سے بہتیروں کو اور گمراہ نہیں کرتا اس مثال سے مگر

وقف لازم

الْفٰسِقِيْنَ ﴿٢٦﴾ الَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ

بدکاروں کو ﴿٢٦﴾ جو توڑتے ہیں خدا کے

اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ ۠ وَيَقْطَعُوْنَ

معاہدہ کو مضبوط کرنے کے بعد اور قطع کرتے ہیں اس چیز کو جس کو

مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ

اللہ نے فرمایا ملانے کو اور فساد کرتے ہیں

فِى الْاَرْضِ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿٢٧﴾

ملک میں وہی ہیں ٹوٹے والے ﴿٢٧﴾

كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَكُنْتُمْ اَمْوَاتًا

کس طرح کافر ہوتے ہو خدائے تعالیٰ سے حالانکہ تم بے جان تھے

فَاَحْيَاكُمْ ۚ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ

پھر جلایا تم کو پھر مارے گا تم کو پھر جلائے گا تم کو

ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿٢٨﴾ هُوَ الَّذِىْ خَلَقَ

پھر اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے ﴿٢٨﴾ وہی ہے جس نے پیدا کیا

لَكُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ۚ ثُمَّ اسْتَوٰٓى

تمھارے واسطے جو کچھ زمین میں ہے سب پھر قصد کیا

اِلَى السَّمَآءِ فَسَوّٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ ؕ

آسمان کی طرف سو ٹھیک کردیا ان کو سات آسمان

وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿٢٩﴾ وَاِذْ قَالَ ع ع ٣ ٩ ٣

اور خدائے تعالیٰ ہر چیز سے خبردار ہے ﴿٢٩﴾ اور جب کہا

رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّيْ جَاعِلٌ فِي الْاَرْضِ

تیرے رب نے فرشتوں کو کہ میں بنانے والا ہوں زمین میں

خَلِيْفَةً ؕ قَالُوْٓا اَتَجْعَلُ فِيْهَا مَنْ يُّفْسِدُ

ایک نائب کہا فرشتوں نے کیا قائم کرتا ہے تو زمین میں اس کو جو فساد کرے

فِيْهَا وَيَسْفِكُ الدِّمَآءَ ۚ وَنَحْنُ نُسَبِّحُ

اس میں اور خون بہائے اور ہم پڑھتے رہتے ہیں

بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ ؕ قَالَ اِنِّيْٓ اَعْلَمُ

تیری خوبیاں اور یاد کرتے ہیں تیری پاک ذات کو فرمایا بیشک مجھ کو معلوم ہے

مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٣٠﴾ وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ

جو تم نہیں جانتے ﴿٣٠﴾ اور سکھلا دیے اللہ نے آدم کو نام

كُلَّهَا ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ فَقَالَ

سب چیزوں کے پھر سامنے کیا ان سب چیزوں کو فرشتوں کے پھر فرمایا

اَنْۢبِـُٔوْنِيْ بِاَسْمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ اِنْ كُنْتُمْ

بتاؤ مجھ کو نام ان کے اگر تم

صٰدِقِيْنَ ﴿٣١﴾ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ

سچے ہو ﴿٣١﴾ بولے پاک ہے تو ہم کو معلوم نہیں

اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ﴿٣٢﴾

مگر جتنا تو نے ہم کو سکھایا بیشک تو ہی ہے اصل جاننے والا حکمت والا ﴿٣٢﴾

قَالَ يٰٓاٰدَمُ اَنْۢبِئْهُمْ بِاَسْمَآئِهِمْ ۚ فَلَمَّآ

فرمایا اے آدم بتادے فرشتوں کو ان چیزوں سے نام پھر

اَنْۢبَاَهُمْ بِاَسْمَآئِهِمْ ۙ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ

جب بتا دیے اس نے ان کے نام فرمایا کیا نہ کہا تھا میں نے تم کو

اِنِّيْٓ اَعْلَمُ غَيْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۙ

کہ میں خوب جانتا ہوں چھپی ہوئی چیزیں آسمانوں کی اور زمین کی

وَاَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ﴿٣٣﴾

اور جانتا ہوں جو تم ظاہر کرتے ہو اور جو چھپاتے ہو ﴿٣٣﴾

وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ

اور جب ہم نے حکم دیا فرشتوں کو کہ سجدہ کرو آدم کو

فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ اَبٰى وَاسْتَكْبَرَ

تو سب سجدہ میں گر پڑے مگر شیطان اس نے نہ مانا اور تکبر کیا

وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٣٤﴾ وَقُلْنَا يٰٓاٰدَمُ

اور تھا وہ کافروں میں کا ﴿٣٤﴾ اور ہم نے کہا اے آدم

اسْكُنْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ وَكُلَا

رہا کر تو اور تیری عورت جنت میں اور کھاؤ

مِنْهَا رَغَدًا حَيْثُ شِئْتُمَا ۪ وَلَا تَقْرَبَا

اس میں جو چاہو جہاں کہیں سے چاہو اور پاس مت جانا

هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٣٥﴾

اس درخت کے پھر تم ہوجاؤ گے ظالم ﴿٣٥﴾

فَاَزَلَّهُمَا الشَّيْطٰنُ عَنْهَا فَاَخْرَجَهُمَا

پھر ہلا دیا ان کو شیطان نے اس جگہ سے پھر نکالا ان کو

مِمَّا كَانَا فِيْهِ ۠ وَقُلْنَا اهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ

اس عزت وراحت سے کہ جس میں تھے اور ہم نے کہا تم سب اترو تم ایک

لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ وَلَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ

دوسرے کے دشمن ہوگے اور تمھارے واسطے زمین میں ٹھکانا ہے

وَّمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ﴿٣٦﴾ فَتَلَقّٰٓى اٰدَمُ مِنْ

اور نفع اٹھانا ہے ایک وقت تک ﴿٣٦﴾ پھر سیکھ لیں آدم نے

رَّبِّهٖ كَلِمٰتٍ فَتَابَ عَلَيْهِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ

اپنے رب سے چند باتیں پھر متوجہ ہوگیا اللہ اس پر بیشک وہی ہے توبہ قبول کرنے والا

الرَّحِيْمُ ﴿٣٧﴾ قُلْنَا اهْبِطُوْا مِنْهَا جَمِيْعًا ۚ

مہربان ﴿٣٧﴾ ہم نے حکم دیا نیچے جاؤ یہاں سے تم سب

فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّيْ هُدًى فَمَنْ تَبِعَ

پھر اگر تم کو پہنچے میری طرف سے ہدایت تو جو چلا

هُدَايَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ

میری ہدایت پر نہ خوف ہوگا ان پر اور نہ وہ

يَحْزَنُوْنَ ﴿٣٨﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا

غمگین ہوں گے ﴿٣٨﴾ اور جو لوگ منکر ہوئے اور جھٹلایا

بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا

ہماری نشانیوں کو وہ ہیں دوزخ میں جانے والے وہ اس میں

خٰلِدُوْنَ ﴿٣٩﴾ ع يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا ع ٤

ہمیشہ رہیں گے ﴿٣٩﴾ اے بنی اسرائیل یاد کرو

نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَوْفُوْا

میرے وہ احسان جو میں نے تم پر کیے اور تم پورا کرو

بِعَهْدِيْٓ اُوْفِ بِعَهْدِكُمْ ۚ وَاِيَّايَ

میرا قرار تو میں پورا کروں تمھارا قرار اور مجھ ہی

فَارْهَبُوْنِ ﴿٤٠﴾ وَاٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلْتُ مُصَدِّقًا

سے ڈرو ﴿٤٠﴾ اور مان لو اس کتاب کو جو میں نے اتاری ہے سچ بتانے والی ہے

لِّمَا مَعَكُمْ وَلَا تَكُوْنُوْٓا اَوَّلَ كَافِرٍ بِهٖ ۪ وَلَا تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِيْ ثَمَنًا قَلِيْلًا ز

اس کتاب کو جو تمھارے پاس ہے اور مت ہو سب میں اول منکر اس کے اور نہ لو میری آیتوں پر مول تھوڑا

وَّاِيَّايَ فَاتَّقُوْنِ ﴿٤١﴾ وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ

اور مجھ ہی سے بچتے رہو ﴿٤١﴾ اور مت ملاؤ صحیح میں

بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ وَاَنْتُمْ

غلط اور مت چھپاؤ سچ کو

تَعْلَمُوْنَ ﴿٤٢﴾ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا

جان بوجھ کر ﴿٤٢﴾ اور قائم رکھو نماز اور دیا کرو

الزَّكٰوةَ وَارْكَعُوْا مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ﴿٤٣﴾

زکوٰۃ اور جھکو نماز میں جھکنے والوں کے ساتھ ﴿٤٣﴾

اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ

کیا حکم کرتے ہو لوگوں کو نیک کام کا اور بھولتے ہو

اَنْفُسَكُمْ وَاَنْتُمْ تَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ ؕ

اپنے آپ کو اور تم تو پڑھتے ہو کتاب

اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿٤٤﴾ وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ

پھر کیوں نہیں سوچتے ہو ﴿٤٤﴾ اور مدد چاہو صبر سے

وَالصَّلٰوةِ ؕ وَاِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ اِلَّا عَلَى

اور نماز سے اور البتہ وہ بھاری ہے مگر

الْخٰشِعِيْنَ ﴿٤٥﴾ الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ

انہی عاجزوں پر ﴿٤٥﴾ جن کو خیال ہے کہ وہ

مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ وَاَنَّهُمْ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ﴿٤٦﴾ ع ع ٥ ٧ ٥

روبرو ہونے والے ہیں اپنے رب کے اور یہ کہ انکو اسی کیطرف لوٹ کر جانا ہے ﴿٤٦﴾

يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ

اے بنی اسرائیل یاد کرو میرے احسان جو

اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَنِّيْ فَضَّلْتُكُمْ عَلَى

میں نے تم پر کیے اور اس کو کہ میں نے تم کو بڑائی دی

الْعٰلَمِيْنَ ﴿٤٧﴾ وَاتَّقُوْا يَوْمًا لَّا تَجْزِيْ نَفْسٌ

تمام عالم پر ﴿٤٧﴾ اور ڈرو اس دن سے کہ کام نہ آئے کوئی شخص

عَنْ نَّفْسٍ شَيْـًٔا وَّلَا يُقْبَلُ مِنْهَا

کسی کے کچھ بھی اور قبول نہ ہو اس کی طرف سے

شَفَاعَةٌ وَّلَا يُؤْخَذُ مِنْهَا عَدْلٌ

سفارش اور نہ لیا جائے اس کی طرف سے بدلہ

وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿٤٨﴾ وَاِذْ نَجَّيْنٰكُمْ

اور نہ انکو مدد پہنچے ﴿٤٨﴾ اور یاد کرو اس وقت کو جبکہ رہائی دی ہم نے تم کو

مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ

فرعون کے لوگوں سے جو کرتے تھے تم پر بڑا

سُوْٓءَ الْعَذَابِ يُذَبِّحُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ

عذاب ذبح کرتے تھے تمھارے بیٹوں کو

وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ ؕ وَفِيْ ذٰلِكُمْ

اور زندہ چھوڑتے تھے تمھاری عورتوں کو اور اس میں

بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ ﴿٤٩﴾ وَاِذْ فَرَقْنَا

آزمائش تھی تمھارے رب کی طرف سے بڑی ﴿٤٩﴾ اور جب پھاڑ دیا ہم نے

بِكُمُ الْبَحْرَ فَاَنْجَيْنٰكُمْ وَاَغْرَقْنَآ

تمھاری وجہ سے دریا کو پھر بچا دیا ہم نے تم کو اور ڈبا دیا

اٰلَ فِرْعَوْنَ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ﴿٥٠﴾ وَاِذْ

فرعون کے لوگوں کو اور تم کو دیکھ رہے تھے ﴿٥٠﴾ اور جب

وٰعَدْنَا مُوْسٰٓى اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً ثُمَّ

ہم نے وعدہ کیا موسیٰ سے چالیس رات کا پھر

اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَنْتُمْ

تم نے بنا لیا بچھڑا موسیٰ کے بعد اور تم

ظٰلِمُوْنَ ﴿٥١﴾ ثُمَّ عَفَوْنَا عَنْكُمْ مِّنْۢ

ظالم تھے ﴿٥١﴾ پھر معاف کیا ہم نے تم کو اس

بَعْدِ ذٰلِكَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿٥٢﴾

پر بھی تاکہ تم احسان مانو ﴿٥٢﴾

وَاِذْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَالْفُرْقَانَ

اور جب ہم نے دی موسیٰ کو کتاب اور حق کو ناحق سے جدا کرنے والے احکام

لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿٥٣﴾ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى

تاکہ تم سیدھی راہ پاؤ ﴿٥٣﴾ اور جب کہا موسیٰ نے

لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَكُمْ

اپنی قوم سے اے قوم تم نے نقصان کیا اپنا

بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ فَتُوْبُوْٓا اِلٰى

یہ بچھڑا بنا کر سو اب توبہ کرو

بَارِئِكُمْ فَاقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ؕ ذٰلِكُمْ

اپنے پیدا کرنے والے کی طرف اور مار ڈالو اپنی اپنی جان یہ

خَيْرٌ لَّكُمْ عِنْدَ بَارِئِكُمْ ؕ فَتَابَ عَلَيْكُمْ ؕ

بہتر ہے تمھارے لیے تمھارے خالق کے نزدیک پھر متوجہ ہوا تم پر

اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿٥٤﴾ وَاِذْ قُلْتُمْ

بیشک وہی ہے معاف کرنے والا نہایت مہربان ﴿٥٤﴾ اور جب تم نے کہا

يٰمُوْسٰى لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى نَرَى اللّٰهَ

اے موسیٰ ہم ہرگز یقین نہ کریں گے تیرا جب تک کہ نہ دیکھ لیں اللہ کو

جَهْرَةً فَاَخَذَتْكُمُ الصّٰعِقَةُ وَاَنْتُمْ

سامنے پھر آلیا تم کو بجلی نے اور تم

تَنْظُرُوْنَ ﴿٥٥﴾ ثُمَّ بَعَثْنٰكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ

دیکھ رہے تھے ﴿٥٥﴾ پھر اٹھا کھڑا کیا ہم نے تم کو

مَوْتِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿٥٦﴾ وَظَلَّلْنَا

مرگئے پیچھے تاکہ تم احسان مانو ﴿٥٦﴾ اور سایہ کیا ہم نے

عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ وَاَنْزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ

تم پر ابر کا اور اتارا تم پر من

وَالسَّلْوٰى ؕ كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ؕ

اور سلویٰ کھاؤ پاکیزہ چیزیں جو ہم نے تم کو دیں

وَمَا ظَلَمُوْنَا وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ

اور انہوں نے ہمارا کچھ نقصان نہ کیا بلکہ اپنا ہی

يَظْلِمُوْنَ ﴿٥٧﴾ وَاِذْ قُلْنَا ادْخُلُوْا هٰذِهِ

نقصان کرتے رہے ﴿٥٧﴾ اور جب ہم نے کہا داخل ہو اس

الْقَرْيَةَ فَكُلُوْا مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ رَغَدًا

شہر میں اور کھاتے پھرو اس میں جہاں چاہو فراغت سے

وَّادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا وَّقُوْلُوْا حِطَّةٌ نَّغْفِرْ

اور داخل ہو دروازے میں سجدہ کرتے ہوئے اور کہتے جاؤ بخشدے تو معاف کر دینگے

لَكُمْ خَطٰيٰكُمْ ؕ وَسَنَزِيْدُ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٥٨﴾

ہم تمھارے قصور اور زیادہ بھی دیں گے نیکی والوں کو ﴿٥٨﴾

فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا قَوْلًا غَيْرَ الَّذِيْ

پھر بدل ڈالا ظالموں نے بات کو خلاف اس کے جو

قِيْلَ لَهُمْ فَاَنْزَلْنَا عَلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا

کہہ دی گئی تھی ان سے پھر اتارا ہم نے ظالموں پر

ع ٢ ٣ ٢

رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿٥٩﴾ ع

عذاب آسمان سے ان کی عدول حکمی پر ﴿٥٩﴾

وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ

اور جب پانی مانگا موسیٰ نے اپنی قوم کے واسطے تو ہم نے کہا مار

بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ؕ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ

اپنے عصا کو پتھر پر سو بہ نکلے اس سے

اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ؕ قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ

بارہ چشمے پہچان لیا ہر قوم نے

مَّشْرَبَهُمْ ؕ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا مِنْ رِّزْقِ اللّٰهِ

اپنا گھاٹ کھاؤ اور پیو اللہ کی روزی

وَلَا تَعْثَوْا فِى الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿٦٠﴾

اور نہ پھرو ملک میں فساد مچاتے ﴿٦٠﴾

وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ نَّصْبِرَ عَلٰى

اور جب کہا تم نے اے موسیٰ ہم ہرگز صبر نہ کریں گے

طَعَامٍ وَّاحِدٍ فَادْعُ لَنَا رَبَّكَ

ایک ہی طرح کے کھانے پر سو دعا مانگ ہمارے واسطے اپنے پروردگار سے

يُخْرِجْ لَنَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ مِنْۢ

کہ نکال دے ہمارے واسطے جو اگتا ہے زمین سے

بَقْلِهَا وَقِثَّآئِهَا وَفُوْمِهَا وَعَدَسِهَا

ترکاری اور ککڑی اور گیہوں اور مسور

وَبَصَلِهَا ؕ قَالَ اَتَسْتَبْدِلُوْنَ الَّذِیْ

اور پیاز کہا موسیٰ نے کیا لینا چاہتے ہو وہ چیز جو

هُوَ اَدْنٰی بِالَّذِیْ هُوَ خَیْرٌ ؕ اِهْبِطُوْا

ادنیٰ ہے اس کے بدلہ میں جو بہتر ہے اترو

مِصْرًا فَاِنَّ لَكُمْ مَّا سَاَلْتُمْ ؕ وَضُرِبَتْ

کسی شہر میں تو تم کو ملے جو مانگتے ہو اور ڈالی گئی

عَلَیْهِمُ الذِّلَّةُ وَالْمَسْكَنَةُ وَبَآءُوْ

ان پر ذلت اور محتاجی اور پھرے

بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا

اللہ کا غصّہ لے کر یہ اس لیے ہوا کہ

يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ

نہیں مانتے تھے احکام خداوندی کو اور خون کرتے تھے پیغمبروں کا

بِغَيْرِ الْحَقِّ ؕ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا

ناحق یہ اس لیے کہ نافرمان تھے اور

يَعْتَدُوْنَ ﴿٦١﴾ ع اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ع ٧ ٢

حد پر نہ رہتے تھے ﴿٦١﴾ بےشک جو لوگ مسلمان ہوئے

وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالنَّصٰرٰى وَالصّٰبِـِٕيْنَ

اور جو لوگ یہودی ہوئے اور نصاریٰ اور صابئین

مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَعَمِلَ

جو ایمان لایا (ان میں سے) اللہ پر اور روز قیامت پر اور کام کیے

صَالِحًا فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ

نیک تو ان کے لیے ہے ان کا ثواب ان کے رب کے پاس

وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿٦٢﴾

اور نہیں ان پر کچھ خوف اور نہ وہ غمگین ہوں گے ﴿٦٢﴾

وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ

اور جب لیا ہم نے تم سے قرار اور بلند کیا تمھارے اوپر

الطُّوْرَ ؕ خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاذْكُرُوْا

کوہ طور کو کہ پکڑو جو کتاب ہے تم کو دی زور سے اور یاد رکھو

مَا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿٦٣﴾ ثُمَّ

جو کچھ اس میں ہے تاکہ تم ڈرو ﴿٦٣﴾ پھر

تَوَلَّيْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ۚ فَلَوْلَا فَضْلُ

تم پھر گئے اس کے بعد سو اگر نہ ہوتا اللہ کا فضل

اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ لَكُنْتُمْ

تم پر اور اس کی مہربانی تو ضرور تم

مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿٦٤﴾ وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ

تباہ ہوتے ﴿٦٤﴾ اور تم خوب جان چکے ہو

الَّذِيْنَ اعْتَدَوْا مِنْكُمْ فِي السَّبْتِ

جنہوں نے کہ تم میں سے زیادتی کی تھی ہفتہ کے دن میں

فَقُلْنَا لَهُمْ كُوْنُوْا قِرَدَةً خٰسِـِٕيْنَ ۚ ﴿٦٥﴾

تو ہم نے کہا ان سے ہوجاؤ بندر ذلیل ﴿٦٥﴾

فَجَعَلْنٰهَا نَكَالًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهَا وَمَا

پھر کیا ہم نے اس واقعہ کو عبرت ان لوگوں کیلئے جو وہاں تھے اور جو

خَلْفَهَا وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿٦٦﴾ وَاِذْ

پیچھے آنے والے تھے اور نصیحت ڈرنے والوں کے واسطے ﴿٦٦﴾ اور جب

قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖٓ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ

کہا موسیٰ نے اپنی قوم سے اللہ فرماتا ہے تم کو

اَنْ تَذْبَحُوْا بَقَرَةً ؕ قَالُوْٓا اَتَتَّخِذُنَا

ذبح کرو ایک گائے وہ بولے کیا تو ہم سے

هُزُوًا ؕ قَالَ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ

ہنسی کرتا ہے کہا پناہ خدا کی کہ ہوں میں

الْجٰهِلِيْنَ ﴿٦٧﴾ قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ

جاہلوں میں ﴿٦٧﴾ بولے کہ دعا کر ہمارے واسطے اپنے رب سے

يُبَيِّنْ لَّنَا مَا هِيَ ؕ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا

کہ بتادے ہم کو کہ وہ گائے کیسی ہے کہا وہ فرماتا ہے کہ وہ

بَقَرَةٌ لَّا فَارِضٌ وَّلَا بِكْرٌ ؕ عَوَانٌۢ بَيْنَ

گائے ہے نہ بوڑھی اور نہ بن بیاہی درمیان میں ہے

ذٰلِكَ ؕ فَافْعَلُوْا مَا تُؤْمَرُوْنَ ﴿٦٨﴾ قَالُوا

بڑھاپے اور جوانی کے اب کر ڈالو جو تم کو حکم ملا ہے ﴿٦٨﴾ بولے

ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا لَوْنُهَا ؕ

کہ دعا کر ہمارے واسطے اپنے رب سے کہ بتادے ہم کو کیسا ہے اس کا رنگ

قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ صَفْرَآءُ ۙ

کہا وہ فرماتا ہے کہ وہ ایک گائے ہے زرد

فَاقِعٌ لَّوْنُهَا تَسُرُّ النّٰظِرِيْنَ ﴿٦٩﴾ قَالُوا

خوب گہری ہے اس کی زردی خوش آتی ہے دیکھنے والوں کو ﴿٦٩﴾ بولے

ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا هِيَ ۙ اِنَّ

دعا کر ہمارے واسطے اپنے رب سے کہ بتادے ہم کو کس قسم میں ہے وہ کیونکہ

الْبَقَرَ تَشٰبَهَ عَلَيْنَا ؕ وَاِنَّآ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ

اس گائے میں شبہ پڑا ہے ہم کو، اور ہم اگر اللہ نے چاہا

لَمُهْتَدُوْنَ ﴿٧٠﴾ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا

تو ضرور راہ پالیں گے ﴿٧٠﴾ کہا وہ فرماتا ہے کہ وہ

بَقَرَةٌ لَّا ذَلُوْلٌ تُثِيْرُ الْاَرْضَ وَلَا تَسْقِى

ایک گائے ہے محنت کرنے والی نہیں کہ جوتتی ہو

الْحَرْثَ ۚ مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيْهَا ؕ

زمین کو یا پانی دیتی ہو کھیتی کو بے عیب ہے کوئی داغ اس میں نہیں

قَالُوا الْـٰٔنَ جِئْتَ بِالْحَقِّ ؕ فَذَبَحُوْهَا

بولے اب لایا تو ٹھیک بات پھر اس کو ذبح کیا

وَمَا كَادُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿٧١﴾ ع وَاِذْ قَتَلْتُمْ ع ٨ ١٠ ٨

اور وہ لگتے نہ تھے کہ ایسا کرلیں گے ﴿٧١﴾ اور جب مار ڈالا تھا تم نے

نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا ؕ وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ

ایک شخص کو پھر لگے ایک دوسرے پر دھرنے اور اللہ کو ظاہر کرنا تھا

مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ۚ ﴿٧٢﴾ فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ

جو تم چھپاتے تھے ﴿٧٢﴾ پھر ہم نے کہا مارو اس مردہ پر

بِبَعْضِهَا ؕ كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى

اس گائے کا ایک ٹکڑا اسی طرح زندہ کرے گا اللہ مردوں کو

وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿٧٣﴾

اور دکھاتا ہے تم کو اپنی قدرت کے نمونے تاکہ تم غور کرو ﴿٧٣﴾

ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ

پھر تمھارے دل سخت ہوگئے اس سب کے بعد

فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ اَوْ اَشَدُّ قَسْوَةً ؕ وَاِنَّ

سو وہ ہوگئے جیسے پتھر یا ان سے بھی سخت اور

مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُ ؕ

پتھروں میں تو ایسے بھی ہیں جن سے جاری ہوتی ہیں نہریں

وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ

اور ان میں ایسے بھی ہیں جو پھٹ جاتے ہیں اور نکلتا ہے ان سے

الْمَآءُ ؕ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ

پانی اور ان میں ایسے بھی ہیں جو گر پڑتے ہیں اللہ کے ڈر

اللّٰهِ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿٧٤﴾

سے اور اللہ بے خبر نہیں تمھارے کاموں سے ﴿٧٤﴾

اَفَتَطْمَعُوْنَ اَنْ يُّؤْمِنُوْا لَكُمْ وَقَدْ

اب کیا تم اے مسلمانو توقع رکھتے ہو کہ وہ مانیں تمھاری بات اور

كَانَ فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ يَسْمَعُوْنَ كَلٰمَ

ان میں ایک فرقہ تھا کہ سنتا تھا اللہ کا کلام

اللّٰهِ ثُمَّ يُحَرِّفُوْنَهٗ مِنْۢ بَعْدِ مَا

پھر بدل ڈالتے تھے اس کو جان بوجھ

عَقَلُوْهُ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿٧٥﴾ وَاِذَا لَقُوْا

کر اور وہ جانتے تھے ﴿٧٥﴾ اور جب ملتے ہیں

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚۖ وَاِذَا خَلَا

مسلمانوں سے کہتے ہیں ہم مسلمان ہوئے اور جب تنہا ہوتے ہیں

بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ قَالُوْٓا اَتُحَدِّثُوْنَهُمْ

ایک دوسرے کے پاس تو کہتے ہیں تم کیوں کہہ دیتے ہو ان سے

بِمَا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ لِيُحَآجُّوْكُمْ

جو ظاہر کیا ہے اللہ نے تم پر تاکہ جھٹلائیں تم کو

بِهٖ عِنْدَ رَبِّكُمْ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿٧٦﴾

اس سے تمھارے رب کے آگے کیا تم نہیں سمجھتے ﴿٧٦﴾

اَوَلَا يَعْلَمُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا

کیا اتنا بھی نہیں جانتے کہ اللہ کو معلوم ہے جو کچھ

يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿٧٧﴾ وَمِنْهُمْ

چھپاتے ہیں اور جو کچھ ظاہر کرتے ہیں ﴿٧٧﴾ اور بعض ان میں

اُمِّيُّوْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ الْكِتٰبَ اِلَّآ اَمَانِيَّ

بے پڑھے ہیں کہ خبر نہیں رکھتے کتاب کی سوائے جھوٹی آرزوؤں کے

النصف

وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَظُنُّوْنَ ﴿٧٨﴾ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ

اور ان کے پاس کچھ نہیں مگر خیالات ﴿٧٨﴾ سو خرابی ہے ان کو جو

يَكْتُبُوْنَ الْكِتٰبَ بِاَيْدِيْهِمْ ق ثُمَّ

لکھتے ہیں کتاب اپنے ہاتھ سے پھر

يَقُوْلُوْنَ هٰذَا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ لِيَشْتَرُوْا

کہہ دیتے ہیں یہ خدا کی طرف سے ہے تاکہ لیویں

بِهٖ ثَمَنًا قَلِيْلًا ط فَوَيْلٌ لَّهُمْ مِّمَّا كَتَبَتْ

اس پر تھوڑا سا مول سو خرابی ہے ان کو اپنے ہاتھوں کے

اَيْدِيْهِمْ وَوَيْلٌ لَّهُمْ مِّمَّا يَكْسِبُوْنَ ﴿٧٩﴾

لکھے سے اور خرابی ہے ان کو اپنی اس کمائی سے ﴿٧٩﴾

وَقَالُوْا لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّآ اَيَّامًا

اور کہتے ہیں ہم کو ہرگز آگ نہ لگے گی مگر چند روز

مَّعْدُوْدَةً ط قُلْ اَتَّخَذْتُمْ عِنْدَ اللّٰهِ عَهْدًا

گنے چنے کہہ دو کیا تم لے چکے ہو اللہ کے یہاں سے قرار

فَلَنْ يُّخْلِفَ اللّٰهُ عَهْدَهٗٓ اَمْ تَقُوْلُوْنَ

کہ اب ہرگز خلاف نہ کرے گا اللہ اپنے قرار کے یا جوڑتے ہو

عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٨٠﴾ بَلٰى مَنْ

اللہ پر جو تم نہیں جانتے ﴿٨٠﴾ کیوں نہیں جس نے

كَسَبَ سَيِّئَةً وَّاَحَاطَتْ بِهٖ خَطِيْٓـَٔتُهٗ

کمایا گناہ اور گھیر لیا اس کو اس کے گناہ نے

فَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا

سو وہی ہیں دوزخ کے رہنے والے وہ اسی میں

خٰلِدُوْنَ ﴿٨١﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

ہمیشہ رہیں گے ﴿٨١﴾ اور جو ایمان لائے اور عمل کیے

الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ

نیک وہی ہیں جنت کے رہنے والے

هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٨٢﴾ وَاِذْ اَخَذْنَا ع ٩ ١١ ٩

وہ اسی میں ہمیشہ رہیں گے ﴿٨٢﴾ اور جب ہم نے لیا

مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ لَا تَعْبُدُوْنَ

قرار بنی اسرائیل سے کہ عبادت نہ کرنا

اِلَّا اللّٰهَ ۟ قف وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّذِى

مگر اللہ کی اور ماں باپ سے سلوک نیک کرنا اور کنبہ

الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَقُوْلُوْا

والوں سے اور یتیموں اور محتاجوں سے اور کہیو

لِلنَّاسِ حُسْنًا وَّاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا

سب لوگوں سے نیک بات اور قائم رکھیو نماز اور دیتے رہیو

الزَّكٰوةَ ؕ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْكُمْ

زکوٰۃ پھر تم پھر گئے مگر تھوڑے سے تم میں

وَاَنْتُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿٨٣﴾ وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ

اور تم ہو ہی پھرنے والے ﴿٨٣﴾ اور جب لیا ہم نے وعدہ تمھارا

لَا تَسْفِكُوْنَ دِمَآءَكُمْ وَلَا تُخْرِجُوْنَ

کہ نہ کرو گے خون آپس میں اور نہ نکال دو گے

اَنْفُسَكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ ثُمَّ اَقْرَرْتُمْ

اپنوں کو اپنے وطن سے پھر تم نے اقرار کرلیا

وَاَنْتُمْ تَشْهَدُوْنَ ﴿٨٤﴾ ثُمَّ اَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ

اور تم مانتے ہو ﴿٨٤﴾ پھر تم وہ لوگ ہو کہ

تَقْتُلُوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَتُخْرِجُوْنَ فَرِيْقًا

ویسے ہی خون کرتے ہو آپس میں اور نکال دیتے ہو اپنے ایک فرقہ کو

مِّنْكُمْ مِّنْ دِيَارِهِمْ تَظٰهَرُوْنَ عَلَيْهِمْ

ان کے وطن سے چڑھائی کرتے ہو ان پر

بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ؕ وَاِنْ يَّاْتُوْكُمْ

گناہ اور ظلم سے اور اگر وہی آویں تمھارے پاس

اُسٰرٰى تُفٰدُوْهُمْ وَهُوَ مُحَرَّمٌ عَلَيْكُمْ

کسی کے قیدی ہو کر تو ان کا بدلہ دے کر چھڑاتے ہو حالانکہ حرام ہے تم پر

اِخْرَاجُهُمْ ؕ اَفَتُؤْمِنُوْنَ بِبَعْضِ الْكِتٰبِ

ان کا نکال دینا بھی، تو کیا مانتے ہو بعض کتاب کو

وَتَكْفُرُوْنَ بِبَعْضٍ ۚ فَمَا جَزَآءُ

اور نہیں مانتے بعض کو سو کوئی سزا نہیں

مَنْ يَّفْعَلُ ذٰلِكَ مِنْكُمْ اِلَّا خِزْيٌ

اس کی جو تم میں یہ کام کرتا ہے مگر رسوائی

فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ

دنیا کی زندگی میں اور قیامت کے دن

يُرَدُّوْنَ اِلٰٓى اَشَدِّ الْعَذَابِ ؕ وَمَا اللّٰهُ

پہنچائے جاویں سخت سے سخت عذاب میں اور اللہ

بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿٨٥﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ

بے خبر نہیں تمھارے کاموں سے ﴿٨٥﴾ یہ وہی ہیں جنہوں

اشْتَرَوُا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا بِالْاٰخِرَةِ ز

نے مول لی دنیا کی زندگی آخرت کے بدلے

فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ

سو نہ ہلکا ہوگا ان پر عذاب اور نہ ان کو

يُنْصَرُوْنَ ﴿٨٦﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى ع ١٠ ٤

مدد پہنچے گی ﴿٨٦﴾ اور بے شک دی ہم نے موسیٰ کو

الْكِتٰبَ وَقَفَّيْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ بِالرُّسُلِ ز

کتاب اور پے درپے بھیجے اس کے پیچھے رسول

وَاٰتَيْنَا عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنٰتِ

اور دیئے ہم نے عیسیٰ مریم کے بیٹے کو معجزے صریح

وَاَيَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ط اَفَكُلَّمَا

اور قوت دی اس کو روح پاک سے پھر بھلا کیا جب

جَآءَكُمْ رَسُوْلٌۢ بِمَا لَا تَهْوٰٓى اَنْفُسُكُمُ

تمھارے پاس لایا کوئی رسول وہ حکم جو نہ بھایا تمھارے جی کو

اسْتَكْبَرْتُمْ ج فَفَرِيْقًا كَذَّبْتُمْ ز وَفَرِيْقًا

تو تم تکبّر کرنے لگے پھر ایک جماعت کو جھٹلایا اور ایک جماعت کو

تَقْتُلُوْنَ ﴿٨٧﴾ وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا غُلْفٌ ط

تم نے قتل کردیا ﴿٨٧﴾ اور کہتے ہیں ہمارے دلوں پر غلاف ہے

بَلْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ فَقَلِيْلًا

بلکہ لعنت کی ہے اللہ نے ان کے کفر کے سبب سو بہت کم

مَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٨٨﴾ وَلَمَّا جَآءَهُمْ كِتٰبٌ

ایمان لاتے ہیں ﴿٨٨﴾ اور جب پہنچی ان کے پاس کتاب

مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ ۙ

اللہ کی طرف سے جو سچا بتاتی ہے اس کتاب کو جو ان کے پاس ہے

وَكَانُوْا مِنْ قَبْلُ يَسْتَفْتِحُوْنَ عَلَى

اور پہلے سے فتح مانگتے تھے

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۚ فَلَمَّا جَآءَهُمْ مَّا عَرَفُوْا

کافروں پر پھر جب پہنچا ان کو جس کو پہچان رکھا تھا

كَفَرُوْا بِهٖ ۚ فَلَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿٨٩﴾

تو اس سے منکر ہوگئے سو لعنت ہے اللہ کی منکروں پر ﴿٨٩﴾

بِئْسَمَا اشْتَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ اَنْ

بری چیز ہے وہ جس کے بدلے بیچا انہوں نے اپنے آپ کو کہ

يَّكْفُرُوْا بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بَغْيًا اَنْ

منکر ہوئے اس چیز کے جو اتاری اللہ نے اس ضد پر کہ

يُّنَزِّلَ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ

اتارے اللہ اپنے فضل سے جس پر چاہے

مِنْ عِبَادِهٖ ۚ فَبَآءُوْ بِغَضَبٍ عَلٰى

اپنے بندوں میں سے سو کما لائے غصّہ پر

غَضَبٍ ؕ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿٩٠﴾

غصّہ اور کافروں کے واسطے عذاب ہے ذلت کا ﴿٩٠﴾

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلَ

اور جب کہا جاتا ہے ان سے مانو اس کو جو اللہ نے بھیجا

اللّٰهُ قَالُوْا نُؤْمِنُ بِمَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا

ہے تو کہتے ہیں ہم مانتے ہیں جو اترا ہے ہم پر

وَيَكْفُرُوْنَ بِمَا وَرَآءَهٗ ۗ وَهُوَ الْحَقُّ

اور نہیں مانتے اس کو جو سوا اس کے ہے حالانکہ وہ کتاب سچی ہے

مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَهُمْ ؕ قُلْ فَلِمَ

تصدیق کرتی ہے اس کتاب کی جو ان کے پاس ہے کہہ دو پھر کیوں

تَقْتُلُوْنَ اَنْۢبِيَآءَ اللّٰهِ مِنْ قَبْلُ اِنْ

قتل کرتے رہے ہو اللہ کے پیغمبروں کو پہلے سے اگر

كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿٩١﴾ وَلَقَدْ جَآءَكُمْ

تم ایمان رکھتے تھے ﴿٩١﴾ اور آچکا تمھارے پاس

مُّوْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ

موسیٰ صریح معجزے لے کر پھر بنا لیا تم نے

الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿٩٢﴾

بچھڑا اس کے گئے پیچھے اور تم ظالم ہو ﴿٩٢﴾

وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا

اور جب ہم نے لیا قرار تمھارا اور بلند کیا

فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ؕ خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ

تمھارے اوپر کوہ طور کو پکڑو جو ہم نے تم کو دیا

بِقُوَّةٍ وَّاسْمَعُوْا ؕ قَالُوْا سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا ۚ

زور سے اور سنو بولے سنا ہم نے اور نہ مانا

وَاُشْرِبُوْا فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْعِجْلَ بِكُفْرِهِمْ ؕ

اور پلائی گئی ان کے دلوں میں محبت اسی بچھڑے کی بسبب ان کے کفر کے

قُلْ بِئْسَمَا يَاْمُرُكُمْ بِهٖۤ اِيْمَانُكُمْ

کہہ دے کہ بری باتیں سکھاتا ہے تم کو ایمان تمھارا

اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿٩٣﴾ قُلْ اِنْ كَانَتْ

اگر تم ایمان والے ہو ﴿٩٣﴾ کہہ دے کہ اگر ہے

لَكُمُ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ عِنْدَ اللّٰهِ خَالِصَةً

تمھارے واسطے آخرت کا گھر اللہ کے ہاں تنہا

مِّنْ دُوْنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ

سوا اور لوگوں کے تو تم مرنے کی آرزو کرو اگر

كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٩٤﴾ وَلَنْ يَّتَمَنَّوْهُ اَبَدًا ۢ

تم سچ کہتے ہو ﴿٩٤﴾ اور ہرگز آرزو نہ کریں گے موت کی کبھی

بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ

بسبب ان گناہوں کے کہ بھیج چکے ہیں انکے ہاتھ اور اللہ خوب جانتا ہے

بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿٩٥﴾ وَلَتَجِدَنَّهُمْ اَحْرَصَ

گناہ گاروں کو ﴿٩٥﴾ اور تو دیکھے گا ان کو سب لوگوں سے زیادہ

النَّاسِ عَلٰى حَيٰوةٍ ۚ وَمِنَ الَّذِيْنَ ع ٢

حریص زندگی پر اور زیادہ حریص

اَشْرَكُوْا ۚ يَوَدُّ اَحَدُهُمْ لَوْ يُعَمَّرُ

مشرکوں سے بھی چاہتا ہے ایک ایک ان میں کا کہ عمر پاوے

اَلْفَ سَنَةٍ ۚ وَمَا هُوَ بِمُزَحْزِحِهٖ مِنَ

ہزار برس اور نہیں اس کو بچانے والا

الْعَذَابِ اَنْ يُّعَمَّرَ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا

عذاب سے اس قدر جینا اور اللہ دیکھتا ہے جو کچھ

يَعْمَلُوْنَ ﴿٩٦﴾ ع ١١ قُلْ مَنْ كَانَ عَدُوًّا

وہ کرتے ہیں ﴿٩٦﴾ تو کہہ دے جو کوئی ہو وے دشمن

لِّجِبْرِيْلَ فَاِنَّهٗ نَزَّلَهٗ عَلٰى قَلْبِكَ

جبرائیل کا سو اس نے تو اتارا ہے یہ کلام تیرے دل پر

بِاِذْنِ اللّٰهِ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ

اللہ کے حکم سے کہ سچا بتانے والا ہے اس کلام کو جو اس کے پہلے ہے

وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٩٧﴾ مَنْ

اور راہ دکھاتا ہے اور خوش خبری سناتا ہے ایمان والوں کو ﴿٩٧﴾ جو کوئی

كَانَ عَدُوًّا لِّلّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَرُسُلِهٖ

ہووے دشمن اللہ کا اور اس کے فرشتوں کا اور اس کے پیغمبروں کا

وَجِبْرِيْلَ وَمِيْكٰلَ فَاِنَّ اللّٰهَ عَدُوٌّ

اور جبرائیل اور میکائیل کا تو اللہ دشمن ہے

لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿٩٨﴾ وَلَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ

ان کافروں کا ﴿٩٨﴾ اور ہم نے اتاریں تیری طرف

اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ ۚ وَمَا يَكْفُرُ بِهَآ اِلَّا

آیتیں روشن اور انکار نہ کریں گے ان کا مگر

الْفٰسِقُوْنَ ﴿٩٩﴾ اَوَكُلَّمَا عٰهَدُوْا عَهْدًا

وہی جو نافرمان ہیں ﴿٩٩﴾ کیا جب کبھی باندھیں گے کوئی قرار

نَّبَذَهٗ فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ

تو پھینک دے گی اس کو ایک جماعت ان میں سے بلکہ ان میں اکثر

لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿١٠٠﴾ وَلَمَّا جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ

یقین نہیں کرتے ﴿١٠٠﴾ اور جب پہنچا ان کے پاس رسول

مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ

اللہ کی طرف سے تصدیق کرنے والا اس کتاب کی جو ان کے پاس ہے

نَبَذَ فَرِيْقٌ مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ ۙ

تو پھینک دیا ایک جماعت نے اہل کتاب سے

كِتٰبَ اللّٰهِ وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ كَاَنَّهُمْ

کتاب اللہ کو اپنی پیٹھ کے پیچھے گویا کہ وہ

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿١٠١﴾ وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا

جانتے ہی نہیں ﴿١٠١﴾ اور پیچھے ہو لیے اس علم کے جو پڑھتے تھے

الشَّيٰطِيْنُ عَلٰى مُلْكِ سُلَيْمٰنَ ۚ

شیطان سلیمان کی بادشاہت کے وقت

وَمَا كَفَرَ سُلَيْمٰنُ وَلٰكِنَّ الشَّيٰطِيْنَ

اور کفر نہیں کیا سلیمان نے لیکن شیطانوں نے

كَفَرُوْا يُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ ۗ

کفر کیا کہ سکھلاتے تھے لوگوں کو جادو

وَمَآ اُنْزِلَ عَلَى الْمَلَكَيْنِ بِبَابِلَ

اور اس علم کے پیچھے ہو لیے جو اترا دو فرشتوں پر شہر بابل میں

هَارُوْتَ وَمَارُوْتَ ؕ وَمَا يُعَلِّمٰنِ

جن کا نام ہاروت اور ماروت ہے اور نہیں سکھاتے تھے وہ دونوں فرشتے

مِنْ اَحَدٍ حَتّٰى يَقُوْلَآ اِنَّمَا نَحْنُ

کسی کو جب تک یہ نہ کہ دیتے کہ ہم تو

فِتْنَةٌ فَلَا تَكْفُرْ ؕ فَيَتَعَلَّمُوْنَ مِنْهُمَا

آزمائش کے لیے ہیں سو تو کافر مت ہو پھر ان سے سیکھتے وہ

مَا يُفَرِّقُوْنَ بِهٖ بَيْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهٖ ؕ

جادو جس سے جدائی ڈالتے ہیں مرد میں اور اس کی عورت میں

وَمَا هُمْ بِضَآرِّيْنَ بِهٖ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا

اور وہ اس سے نقصان نہیں کرسکتے کسی کا بغیر

بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَيَتَعَلَّمُوْنَ مَا يَضُرُّهُمْ

حکم اللہ کے اور سیکھتے ہیں وہ چیز جو نقصان کرے ان کا

وَلَا يَنْفَعُهُمْ ؕ وَلَقَدْ عَلِمُوْا لَمَنِ

اور فائدہ نہ کرے اور وہ خوب جان چکے ہیں کہ جس نے

اشْتَرٰىهُ مَا لَهٗ فِى الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ؕ قف

اختیار کیا جادو کو نہیں اس کے لیے آخرت میں کچھ حصّہ

وَلَبِئْسَ مَا شَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ ؕ لَوْ

اور بہت ہی بری چیز ہے جس کے بدلے بیچا انہوں نے اپنے آپ کو اگر

كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿١٠٢﴾ وَلَوْ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا

ان کو سمجھ ہوتی ﴿١٠٢﴾ اور اگر وہ ایمان لاتے

وَاتَّقَوْا لَمَثُوْبَةٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ خَيْرٌ ؕ

اور تقویٰ کرتے تو بدلہ پاتے اللہ کے ہاں سے بہتر

لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿١٠٣﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ ع ١٢ ٧ ١٢

اگر ان کو سمجھ ہوتی ﴿١٠٣﴾ اے ایمان والو

اٰمَنُوْا لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا وَقُوْلُوا انْظُرْنَا

تم نہ کہو رَاعِنَا اور کہو اُنْظُرْنَا

وَاسْمَعُوْا ؕ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ

اور سنتے رہو اور کافروں کو عذاب ہے

اَلِيْمٌ ﴿١٠٤﴾ مَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

دردناک ﴿١٠٤﴾ دل نہیں چاہتا ان لوگوں کا جو کافر ہیں

مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَلَا الْمُشْرِكِيْنَ

اہل کتاب میں اور نہ مشرکوں میں

اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ خَيْرٍ مِّنْ

اس بات کو کہ اترے تم پر کوئی نیک بات

رَّبِّكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ

تمھارے رب کی طرف سے اور اللہ خاص کرلیتا ہے اپنی رحمت کے ساتھ جس کو

يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿١٠٥﴾

چاہے اور اللہ بڑے فضل والا ہے ﴿١٠٥﴾

مَا نَنْسَخْ مِنْ اٰيَةٍ اَوْ نُنْسِهَا نَاْتِ

جو منسوخ کرتے ہیں ہم کوئی آیت یا بھلا دیتے ہیں تو بھیج دیتے ہیں

بِخَيْرٍ مِّنْهَآ اَوْ مِثْلِهَا ؕ اَلَمْ تَعْلَمْ

اس سے بہتر یا اس کے برابر کیا تجھ کو معلوم نہیں

اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ﴿١٠٦﴾

کہ اللہ ہر چیز پر قادر ہے ﴿١٠٦﴾

اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ

کیا تجھ کو معلوم نہیں کہ اللہ ہی کے لیے ہے سلطنت آسمان

وَالْاَرْضِ ؕ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ

اور زمین کی اور نہیں تمھارے واسطے اللہ کے سوا

مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿١٠٧﴾ اَمْ تُرِيْدُوْنَ

کوئی حمایتی اور نہ مددگار ﴿١٠٧﴾ کیا تم مسلمان بھی چاہتے ہو

اَنْ تَسْـَٔلُوْا رَسُوْلَكُمْ كَمَا سُئِلَ مُوْسٰى

کہ سوال کرو اپنے رسول سے جیسے سوال ہوچکے ہیں موسیٰ سے

مِنْ قَبْلُ ؕ وَمَنْ يَّتَبَدَّلِ الْكُفْرَ

اس سے پہلے اور جو کوئی کفر لیوے

بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ﴿١٠٨﴾

بدلے ایمان کے تو وہ بہکا سیدھی راہ سے ﴿١٠٨﴾

وَدَّ كَثِيْرٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْ يَرُدُّوْنَكُمْ

دل چاہتا ہے بہت سے اہل کتاب کا کہ کسی طرح تم کو پھیر کر

مِّنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِكُمْ كُفَّارًا ۚ حَسَدًا

مسلمان ہوئے پیچھے کافر بنادیں بسبب اپنے

مِّنْ عِنْدِ اَنْفُسِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا

دلی حسد کے بعد اس کے کہ

تَبَيَّنَ لَهُمُ الْحَقُّ ۚ فَاعْفُوْا وَاصْفَحُوْا

ظاہر ہوچکا ان پر حق سو تم درگزر کرو اور خیال میں نہ لاؤ

حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰي

جب تک بھیجے اللہ اپنا حکم بےشک اللہ ہر

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿١٠٩﴾ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ع

چیز پر قادر ہے ﴿١٠٩﴾ اور قائم رکھو نماز

وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ۭ وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ

اور دیتے رہو زکوٰۃ اور جو کچھ آگے بھیج دو گے اپنے واسطے

مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ ۭ اِنَّ

بھلائی پاؤ گے اس کو اللہ کے پاس بےشک

اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿١١٠﴾ وَقَالُوْا

اللہ جو کچھ تم کرتے ہو سب دیکھتا ہے ﴿١١٠﴾ اور کہتے ہیں

لَنْ يَّدْخُلَ الْجَنَّةَ اِلَّا مَنْ كَانَ

کہ ہرگز نہ جاویں گے جنت میں مگر جو ہوں گے

هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى ؕ تِلْكَ اَمَانِيُّهُمْ ؕ

یہودی یا نصرانی یہ آرزوئیں باندھ لی ہیں انہوں نے

قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ

کہہ دے لے آؤ سند اپنی اگر تم

صٰدِقِيْنَ ﴿١١١﴾ بَلٰى ۚ مَنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ

سچّے ہو ﴿١١١﴾ کیوں نہیں جس نے تابع کردیا منہ اپنا

لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَلَهٗۤ اَجْرُهٗ عِنْدَ

اللہ کے اور وہ نیک کام کرنے والا ہے تو اسی کے لیے ہے ثواب اس کا

رَبِّهٖ ۪ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ

اپنے رب کے پاس اور نہ ڈر ہے ان پر اور نہ وہ

يَحْزَنُوْنَ ﴿١١٢﴾ ع وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ لَيْسَتِ ١٣ ع ٩ ١٣

غمگین ہوں گے ﴿١١٢﴾ اور یہود تو کہتے ہیں کہ

النَّصٰرٰى عَلٰى شَيْءٍ ۪ وَّقَالَتِ النَّصٰرٰى

نصاریٰ نہیں کسی راہ پر اور نصاریٰ کہتے ہیں کہ

لَيْسَتِ الْيَهُوْدُ عَلٰى شَيْءٍ ۙ وَّهُمْ

یہود نہیں کسی راہ پر باوجودیکہ وہ سب

يَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ ؕ كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ

پڑھتے ہیں کتاب اسی طرح کہا ان لوگوں نے جو

لَا يَعْلَمُوْنَ مِثْلَ قَوْلِهِمْ ۚ فَاللّٰهُ يَحْكُمُ

جاہل ہیں ان ہی کی سی بات اب اللہ حکم کرے گا

بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ

ان میں قیامت کے دن جس بات میں

يَخْتَلِفُوْنَ ﴿١١٣﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ

جھگڑتے تھے ﴿١١٣﴾ اور اس سے بڑا ظالم کون جس نے منع کیا

مَسٰجِدَ اللّٰهِ اَنْ يُّذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ

اللہ کی مسجدوں میں کہ لیا جاوے وہاں نام اس کا

وَسَعٰى فِيْ خَرَابِهَا ؕ اُولٰٓئِكَ مَا كَانَ

اور کوشش کی ان کے اجاڑنے میں ایسوں کو لائق

لَهُمْ اَنْ يَّدْخُلُوْهَآ اِلَّا خَآئِفِيْنَ ۘ ٥

نہیں کہ داخل ہوں ان میں مگر ڈرتے ہوئے

لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ

ان کے لیے دنیا میں ذلت ہے اور ان کے لیے آخرت میں

عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿١١٤﴾ وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ

بڑا عذاب ہے ﴿١١٤﴾ اور اللہ ہی کا ہے مشرق

وَالْمَغْرِبُ ۚ فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ

اور مغرب سو جس طرف تم منہ کرو وہاں ہی متوجہ ہے

اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿١١٥﴾ وَقَالُوا

اللہ، بیشک اللہ بے انتہا بخشش کرنے والا سب کچھ جاننے والا ہے ﴿١١٥﴾ اور کہتے ہیں

اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ۙ سُبْحٰنَهٗ ؕ بَلْ لَّهٗ

کہ اللہ رکھتا ہے اولاد، وہ تو سب باتوں سے پاک ہے بلکہ اسی کا ہے

مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ كُلٌّ لَّهٗ

جو کچھ ہے آسمان اور زمین میں سب اسی کے

قٰنِتُوْنَ ﴿١١٦﴾ بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

تابع دار ہیں ﴿١١٦﴾ نیا پیدا کرنے والا ہے آسمان اور زمین کا

وَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ

اور جب حکم کرتا ہے کسی کام کو تو یہی فرماتا ہے اس کو کہ ہوجا

فَيَكُوْنُ ﴿١١٧﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ

پس وہ ہوجاتا ہے ﴿١١٧﴾ اور کہتے ہیں وہ لوگ جو کچھ نہیں جانتے

لَوْلَا يُكَلِّمُنَا اللّٰهُ اَوْ تَاْتِيْنَآ اٰيَةٌ ؕ

کیوں نہیں بات کرتا ہم سے اللہ یا کیوں نہیں آتی ہمارے پاس کوئی آیت

رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿٩٩﴾ اِنَّمَا سُلْطٰنُهٗ

اپنے رب پر بھروسہ کرتے ہیں ﴿٩٩﴾ اس کا زور تو

عَلَى الَّذِيْنَ يَتَوَلَّوْنَهٗ وَالَّذِيْنَ

انہی پر ہے جو اس کو رفیق سمجھتے ہیں اور جو

هُمْ بِهٖ مُشْرِكُوْنَ ﴿١٠٠﴾ وَاِذَا بَدَّلْنَآ ع ١٣ ١١ ١٩

اس کو شریک مانتے ہیں ﴿١٠٠﴾ اور جب ہم بدلتے ہیں

اٰيَةً مَّكَانَ اٰيَةٍ ۙ وَّاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا

ایک آیت کی جگہ دوسری آیت اور اللہ خوب جانتا ہے جو

يُنَزِّلُ قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مُفْتَرٍ ؕ

اتارتا ہے تو کہتے ہیں تو تو بنا لاتا ہے

بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿١٠١﴾ قُلْ

یہ بات نہیں پر اکثروں کو ان میں خبر نہیں ﴿١٠١﴾ تو کہہ

نَزَّلَهٗ رُوْحُ الْقُدُسِ مِنْ رَّبِّكَ

اس کو اتارا ہے پاک فرشتے نے تیرے رب کی طرف سے

بِالْحَقِّ لِيُثَبِّتَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

بلاشبہ تاکہ ثابت کرے ایمان والوں کو

وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ﴿١٠٢﴾

اور ہدایت اور خوش خبری مسلمانوں کے واسطے ﴿١٠٢﴾

وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ اِنَّمَا

اور ہم کو خوب معلوم ہے کہ وہ کہتے ہیں اس کو تو

يُعَلِّمُهٗ بَشَرٌ ؕ لِسَانُ الَّذِىْ

سکھلاتا ہے ایک آدمی جس کی طرف

يُلْحِدُوْنَ اِلَيْهِ اَعْجَمِىٌّ وَّهٰذَا

تعریض کرتے ہیں اس کی زبان ہے عجمی اور یہ قرآن

لِسَانٌ عَرَبِىٌّ مُّبِيْنٌ ﴿١٠٣﴾ اِنَّ

زبان عربی ہے صاف ﴿١٠٣﴾ وہ

الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۙ

لوگ جن کو اللہ کی باتوں پر یقین نہیں

لَا يَهْدِيْهِمُ اللّٰهُ وَلَهُمْ عَذَابٌ

ان کو اللہ راہ نہیں دیتا اور ان کے لیے عذاب

اَلِيْمٌ ﴿١٠٤﴾ اِنَّمَا يَفْتَرِى الْكَذِبَ

دردناک ہے ﴿١٠٤﴾ جھوٹ تو وہ لوگ بناتے ہیں

الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۚ

جن کو یقین نہیں اللہ کی باتوں پر

وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ﴿١٠٥﴾ مَنْ

اور وہی لوگ جھوٹے ہیں ﴿١٠٥﴾ جو کوئی

كَفَرَ بِاللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِهٖٓ اِلَّا

منکر ہو اللہ سے یقین لانے کے پیچھے مگر

مَنْ اُكْرِهَ وَقَلْبُهٗ مُطْمَئِنٌّۢ بِالْاِيْمَانِ

وہ نہیں جس پر زبردستی کی گئی اور اس کا دل برقرار ہے ایمان پر

وَلٰكِنْ مَّنْ شَرَحَ بِالْكُفْرِ صَدْرًا

و لیکن جو کوئی دل کھول کر منکر ہوا

فَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ مِّنَ اللّٰهِ ۚ وَلَهُمْ

سو ان پر غضب ہے اللہ کا اور ان کو

عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿١٠٦﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ

بڑا عذاب ہے ﴿١٠٦﴾ یہ اس واسطے کہ

اسْتَحَبُّوا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى

انہوں نے عزیز رکھا دنیا کی زندگی کو

الْاٰخِرَةِ ۙ وَ اَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي

آخرت سے اور اللہ راستہ نہیں دیتا

الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿١٠٧﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ

منکر لوگوں کو ﴿١٠٧﴾ یہ وہی ہیں کہ

طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَسَمْعِهِمْ

مہر کردی اللہ نے ان کے دلوں پر اور کانوں پر

وَاَبْصَارِهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ ﴿١٠٨﴾

اور آنکھوں پر اور یہی ہیں بے ہوش ﴿١٠٨﴾

لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ هُمُ

خود ظاہر ہے کہ آخرت میں یہی لوگ

الْخٰسِرُوْنَ ﴿١٠٩﴾ ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ

خراب ہیں ﴿١٠٩﴾ پھر بات یہ ہے کہ تیرا رب

لِلَّذِيْنَ هَاجَرُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا فُتِنُوْا

ان لوگوں پر کہ انہوں نے وطن چھوڑا ہے بعد اس کے کہ مصیبت اٹھائی

ثُمَّ جٰهَدُوْا وَصَبَرُوْٓا ۙ اِنَّ رَبَّكَ

پھر جہاد کرتے رہے اور قائم رہے بے شک تیرا رب

ع ١٤ ع ١٠ ٢٠

مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١١٠﴾

ان باتوں کے بعد بخشنے والا مہربان ہے ﴿١١٠﴾

يَوْمَ تَاْتِيْ كُلُّ نَفْسٍ تُجَادِلُ

جس دن آئے گا ہر جی جواب سوال کرتا

عَنْ نَّفْسِهَا وَتُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ

اپنی طرف سے اور پورا ملے گا ہر کسی کو

مَّا عَمِلَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿١١١﴾

جو اس نے کمایا اور ان پر ظلم نہ ہوگا ﴿١١١﴾

وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا قَرْيَةً كَانَتْ

اور بتلائی اللہ نے ایک مثال ایک بستی تھی

اٰمِنَةً مُّطْمَئِنَّةً يَّاْتِيْهَا رِزْقُهَا

چین امن سے چلی آتی تھی اس کو روزی

رَغَدًا مِّنْ كُلِّ مَكَانٍ فَكَفَرَتْ

فراغت کی ہر جگہ سے پھر ناشکری کی

بِاَنْعُمِ اللّٰهِ فَاَذَاقَهَا اللّٰهُ لِبَاسَ

اللہ کے احسانوں کی پھر چکھایا اس کو اللہ نے مزہ کہ ان کے تن کے کپڑے

الْجُوْعِ وَالْخَوْفِ بِمَا كَانُوْا

ہوگئے بھوک اور ڈر بدلہ اس کا جو وہ

يَصْنَعُوْنَ ﴿١١٢﴾ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ

کرتے تھے ﴿١١٢﴾ اور ان کے پاس پہنچ چکا

رَسُوْلٌ مِّنْهُمْ فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَهُمُ

رسول انہی میں کا پھر اس کو جھٹلایا پھر آپکڑا ان کو

الْعَذَابُ وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿١١٣﴾ فَكُلُوْا

عذاب نے اور وہ گناہ گار تھے ﴿١١٣﴾ سو کھاؤ

مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا ص

جو روزی دی تم کو اللہ نے حلال اور پاک

وَّاشْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ

اور شکر کرو اللہ کے احسان کا اگر تم

اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ﴿١١٤﴾ اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ

اسی کو پوجتے ہو ﴿١١٤﴾ اللہ نے یہی حرام کیا ہے تم پر

الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ

مردار اور لہو اور سور کا گوشت

وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ

اور جس پر نام پکارا اللہ کے سوا کسی اور کا پھر جو کوئی ناچار ہو جائے

غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَاِنَّ اللّٰهَ

نہ زور کرتا ہو نہ زیادتی تو اللہ

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١١٥﴾ وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَا

بخشنے والا مہربان ہے ﴿١١٥﴾ اور مت کہو

تَصِفُ اَلْسِنَتُكُمُ الْكَذِبَ هٰذَا حَلٰلٌ

اپنی زبانوں کے جھوٹ بنا لینے سے کہ یہ حلال ہے

وَّهٰذَا حَرَامٌ لِّتَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ

اور یہ حرام ہے کہ اللہ پر بہتان

الْكَذِبَ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى

باندھو بے شک جو بہتان باندھتے ہیں

اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ ﴿١١٦﴾ ط

اللہ پر ان کا بھلا نہ ہوگا ﴿١١٦﴾

مَتَاعٌ قَلِيْلٌ ص وَّلَهُمْ عَذَابٌ

تھوڑا سا فائدہ اٹھالیں اور ان کے واسطے عذاب

اَلِيْمٌ ﴿١١٧﴾ وَعَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا

دردناک ہے ﴿١١٧﴾ اور جو لوگ یہودی ہیں ان پر ہم نے حرام کیا تھا

مَا قَصَصْنَا عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ ج

جو تجھ کو پہلے سنا چکے

وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا

اور ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا پر وہ

اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿١١٨﴾ ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ

اپنے اوپر آپ ظلم کرتے تھے ﴿١١٨﴾ پھر بات یہ ہے کہ تیرا رب

لِلَّذِيْنَ عَمِلُوا السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ

ان لوگوں پر جنہوں نے برائی کی نادانی سے

ثُمَّ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ

پھر توبہ کی اس کے پیچھے

وَاَصْلَحُوْٓا اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا

اور سنوارا اپنے کام کو سو تیرا رب ان باتوں کے پیچھے

لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١١٩﴾ ع اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ ع ١٥ ٩ ٢١

بخشنے والا مہربان ہے ﴿١١٩﴾ اصل میں تو ابراہیم

كَانَ اُمَّةً قَانِتًا لِّلّٰهِ حَنِيْفًا ؕ

تھا راہ ڈالنے والا فرمانبردار اللہ کا سب سے ایک طرف ہو کر

وَلَمْ يَكُ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿١٢٠﴾ لا

اور نہ تھا شرک والوں میں ﴿١٢٠﴾

شَاكِرًا لِّاَنْعُمِهٖ ؕ اِجْتَبٰىهُ وَهَدٰىهُ

حق ماننے والا اس کے احسانوں کا اس کو اللہ نے چن لیا اور چلایا

اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿١٢١﴾ وَاٰتَيْنٰهُ فِي

سیدھی راہ پر ﴿١٢١﴾ اور دی ہم نے

الدُّنْيَا حَسَنَةً ؕ وَاِنَّهٗ فِي الْاٰخِرَةِ

دنیا میں اس کو خوبی اور وہ آخرت میں

لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿١٢٢﴾ ؕ ثُمَّ اَوْحَيْنَآ

اچھے لوگوں میں ہے ﴿١٢٢﴾ پھر حکم بھیجا ہم نے

اِلَيْكَ اَنِ اتَّبِعْ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ

تجھ کو کہ چل دین ابراہیم پر

حَنِيْفًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿١٢٣﴾

جو ایک طرف کا تھا نہ تھا وہ شرک والوں میں ﴿١٢٣﴾

اِنَّمَا جُعِلَ السَّبْتُ عَلَى الَّذِيْنَ

ہفتہ کا دن جو مقرر کیا سو انہی پر جو

اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ؕ وَاِنَّ رَبَّكَ لَيَحْكُمُ

اس میں اختلاف کرتے تھے اور تیرا رب حکم کرے گا

بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ

ان میں قیامت کے دن جس بات میں

يَخْتَلِفُوْنَ ﴿١٢٤﴾ اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ

اختلاف کرتے تھے ﴿١٢٤﴾ بلا اپنے رب کی راہ پر

بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ

پکی باتیں سمجھا کر اور نصیحت سنا کر بھلی طرح

وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ

اور الزام دے ان کو جس طرح بہتر ہو تیرا رب

هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ وَهُوَ

ہی بہتر جانتا ہے ان کو جو بھول گیا اس کی راہ اور وہی

اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿١٢٥﴾ وَاِنْ عَاقَبْتُمْ

بہتر جانتا ہے ان کو جو راہ پر ہیں ﴿١٢٥﴾ اور اگر بدلہ لو

فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا عُوْقِبْتُمْ بِهٖ ؕ

تو بدلہ لو اس قدر جس قدر کہ تم کو تکلیف پہنچائی جائے

وَلَئِنْ صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ لِّلصّٰبِرِيْنَ ﴿١٢٦﴾

اور اگر صبر کرو تو یہ بہتر ہے صبر والوں کو ﴿١٢٦﴾

وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ

اور تو صبر کر اور تجھ سے صبر ہو سکے اللہ ہی کی مدد سے

وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِيْ ضَيْقٍ

اور ان پر غم نہ کھا اور تنگ مت ہو

مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ﴿١٢٧﴾ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ

ان کے فریب سے ﴿١٢٧﴾ اللہ ساتھ ہے ان کے جو

ع ١٦ ٩ ٢٢ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ﴿١٢٨﴾

پرہیزگار ہیں اور جو نیکی کرتے ہیں ﴿١٢٨﴾

(سورۂ بنی اسرائیل مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی مگر چند آیتیں (۲۶، ۳۲، ۳۳، ۵۷ اور ۷۳ سے ۸۰ تک) مدینہ منورہ میں نازل ہوئی ہیں۔ اس میں (۱۱۱) آیتیں اور (۱۲) رکوع ہیں۔ نازل ہونے کے اعتبار سے (۵۰) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۱۷) نمبر پر ہے اور سورۂ قصص کے بعد نازل ہوئی ہے)

| اس میں (۵۳۳) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۳۴۶۰) حروف ہیں |
|---|---|---|

سُبْحٰنَ الَّذِیْٓ اَسْرٰی بِعَبْدِهٖ لَیْلًا مِّنَ

پاک ذات ہے جو لے گیا اپنے بندہ کو راتوں رات

الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَی الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا

مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک

الَّذِیْ بٰرَكْنَا حَوْلَهٗ لِنُرِیَهٗ مِنْ

جس کو گھیر رکھا ہے ہماری برکت نے تاکہ دکھلائیں اس کو

اٰیٰتِنَا ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ ۝۱

کچھ اپنی قدرت کے نمونے وہی ہے سننے والا دیکھنے والا ①

وَاٰتَیْنَا مُوْسَی الْكِتٰبَ وَجَعَلْنٰهُ هُدًی

اور دی ہم نے موسیٰ کو کتاب اور کیا اس کو ہدایت

لِّبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ اَلَّا تَتَّخِذُوْا مِنْ

بنی اسرائیل کے واسطے کہ نہ ٹھہراؤ

دُوْنِیْ وَكِیْلًا ۝٢ ط ذُرِّیَّةَ مَنْ حَمَلْنَا مَعَ

میرے سوا کسی کو کارساز ۝٢ تم جو اولاد ہو ان لوگوں کی جن کو چڑھایا ہم نے

نُوْحٍ ط اِنَّهٗ كَانَ عَبْدًا شَكُوْرًا ۝٣

نوح کے ساتھ بے شک وہ تھا بندہ حق ماننے والا ۝٣

وَقَضَیْنَآ اِلٰی بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ فِی الْكِتٰبِ

اور صاف کہہ سنایا ہم نے بنی اسرائیل کو کتاب میں

لَتُفْسِدُنَّ فِی الْاَرْضِ مَرَّتَیْنِ وَلَتَعْلُنَّ

کہ تم خرابی کرو گے ملک میں دو بار اور سرکشی کرو گے

عُلُوًّا كَبِیْرًا ۝٤ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ اُوْلٰىهُمَا

بڑی سرکشی ۝٤ پھر جب آیا پہلا وعدہ

بَعَثْنَا عَلَیْكُمْ عِبَادًا لَّنَآ اُولِیْ بَاْسٍ

بھیجے ہم نے تم پر اپنے بندے سخت لڑائی والے

شَدِیْدٍ فَجَاسُوْا خِلٰلَ الدِّیَارِ ط وَكَانَ

پھر پھیل پڑے شہروں کے بیچ اور وہ

وَعْدًا مَّفْعُوْلًا ۝٥ ثُمَّ رَدَدْنَا لَكُمُ

وعدہ ہونا ہی تھا ۝٥ پھر ہم نے پھیر دی تمھاری

الْكَرَّةَ عَلَيْهِمْ وَاَمْدَدْنٰكُمْ بِاَمْوَالٍ

باری ان پر اور قوت دی تم کو مال سے

وَّبَنِيْنَ وَجَعَلْنٰكُمْ اَكْثَرَ نَفِيْرًا ۝٦ اِنْ

اور بیٹوں سے اور اس سے زیادہ کردیا تمھارا لشکر ۝٦ اگر

اَحْسَنْتُمْ اَحْسَنْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ ۫ وَاِنْ

بھلائی کی تم نے تو بھلا کیا اپنا اور اگر

اَسَاْتُمْ فَلَهَا ؕ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ الْاٰخِرَةِ

برائی کی تو اپنے لیے پھر جب پہنچا وعدہ دوسرا

لِيَسُوْٓءٗا وُجُوْهَكُمْ وَلِيَدْخُلُوا الْمَسْجِدَ

بھیجے اور بندے کہ اداس کردیں تمھارے منہ اور گھس جائیں مسجد میں

كَمَا دَخَلُوْهُ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّلِيُتَبِّرُوْا مَا عَلَوْا

جیسے گھس گئے تھے پہلی بار اور خراب کردیں جس جگہ غالب ہوں

تَتْبِیْرًا ﴿٧﴾ عَسٰی رَبُّكُمْ اَنْ یَّرْحَمَكُمْ ۚ

پوری خرابی ﴿٧﴾ بعید نہیں تمھارے رب سے کہ رحم کرے تم پر

وَقف لازم

وَاِنْ عُدْتُّمْ عُدْنَا ۘ وَجَعَلْنَا جَهَنَّمَ

اور اگر پھر وہی کرو گے تو ہم پھر وہی کریں گے اور کیا ہے ہم نے دوزخ کو

لِلْكٰفِرِیْنَ حَصِیْرًا ﴿٨﴾ اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ

کافروں کا قید خانہ ﴿٨﴾ یہ قرآن

یَهْدِیْ لِلَّتِیْ هِیَ اَقْوَمُ وَیُبَشِّرُ

بتلاتا ہے وہ راہ جو سب سے سیدھی ہے اور خوش خبری سناتا ہے

الْمُؤْمِنِیْنَ الَّذِیْنَ یَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ

ایمان والوں کو جو عمل کرتے ہیں اچھے

اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا كَبِیْرًا ﴿٩﴾ ۙ وَّاَنَّ الَّذِیْنَ

کہ ان کے لیے ہے ثواب بڑا ﴿٩﴾ اور یہ کہ جو

لَا یُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ اَعْتَدْنَا لَهُمْ

نہیں مانتے آخرت کو ان کے لیے تیار کیا ہے ہم نے

عَذَابًا اَلِیْمًا ﴿١٠﴾ وَیَدْعُ الْاِنْسَانُ ع ١٠ ١

عذاب دردناک ﴿١٠﴾ اور مانگتا ہے آدمی

بِالشَّرِّ دُعَآءَهٗ بِالْخَیْرِ ؕ وَكَانَ الْاِنْسَانُ

برائی جیسے مانگتا ہے بھلائی اور ہے انسان

عَجُوْلًا ﴿١١﴾ وَجَعَلْنَا الَّیْلَ وَالنَّهَارَ اٰیَتَیْنِ

جلد باز ﴿١١﴾ اور ہم نے بنائے رات اور دن دو نمونے

فَمَحَوْنَآ اٰیَةَ الَّیْلِ وَجَعَلْنَآ اٰیَةَ النَّهَارِ

پھر مٹا دیا رات کا نمونہ اور بنادیا دن کا نمونہ

مُبْصِرَةً لِّتَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ

دیکھنے کو تاکہ تلاش کرو فضل اپنے رب کا

وَلِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِیْنَ وَالْحِسَابَ ؕ

اور تاکہ معلوم کرو گنتی برسوں کی اور حساب

وَكُلَّ شَیْءٍ فَصَّلْنٰهُ تَفْصِیْلًا ﴿١٢﴾ وَكُلَّ

اور سب چیز سنائی ہم نے کھول کر ﴿١٢﴾ اور جو

اِنْسَانٍ اَلْزَمْنٰهُ طٰٓىِٕرَهٗ فِیْ عُنُقِهٖ ؕ

آدمی ہے لگا دی ہے ہم نے اس کی بری قسمت اس کی گردن سے

وَنُخْرِجُ لَهٗ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ كِتٰبًا

اور نکال دکھائیں گے اس کو قیامت کے دن ایک کتاب

یَّلْقٰىهُ مَنْشُوْرًا ﴿١٣﴾ اِقْرَاْ كِتٰبَكَ ؕ

کہ دیکھے گا اس کو کھلی ہوئی ﴿١٣﴾ پڑھ لے کتاب اپنی

كَفٰى بِنَفْسِكَ الْیَوْمَ عَلَیْكَ حَسِیْبًا ﴿١٤﴾ ؕ

تو ہی بس ہے آج کے دن اپنا حساب لینے والا ﴿١٤﴾

مَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا یَهْتَدِیْ لِنَفْسِهٖ ۚ

جو کوئی راہ پر آیا تو آیا اپنے ہی بھلے کو

وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا یَضِلُّ عَلَیْهَا ؕ

اور جو کوئی بہکا رہا تو بہکا رہا اپنے ہی برے کو

وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ؕ وَمَا كُنَّا

اور کسی پر نہیں پڑتا بوجھ دوسرے کا اور ہم نہیں

احتیاط

مُعَذِّبِيْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُوْلًا ﴿١٥﴾

ڈالتے بلا جب تک نہ بھیجیں کوئی رسول ﴿١٥﴾

وَاِذَآ اَرَدْنَآ اَنْ نُّهْلِكَ قَرْيَةً اَمَرْنَا

اور جب ہم نے چاہا کہ غارت کریں کسی بستی کو حکم بھیج دیا

مُتْرَفِيْهَا فَفَسَقُوْا فِيْهَا فَحَقَّ

اس کے عیش کرنے والوں کو پھر انہوں نے نافرمانی کی اس میں تب ثابت ہوگئی

عَلَيْهَا الْقَوْلُ فَدَمَّرْنٰهَا تَدْمِيْرًا ﴿١٦﴾

ان پر بات پھر اکھاڑ مارا ہم نے ان کو اٹھا کر ﴿١٦﴾

وَكَمْ اَهْلَكْنَا مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْۢ

اور بہت غارت کردیے ہم نے قرن

بَعْدِ نُوْحٍ ؕ وَكَفٰى بِرَبِّكَ بِذُنُوْبِ

نوح کے پیچھے اور کافی ہے تیرا رب

عِبَادِهٖ خَبِيْرًاۢ بَصِيْرًا ﴿١٧﴾ مَنْ كَانَ

اپنے بندوں کے گناہ جاننے والا دیکھنے والا ﴿١٧﴾ جو کوئی

يُرِيْدُ الْعَاجِلَةَ عَجَّلْنَا لَهٗ فِيْهَا مَا

چاہتا ہو پہلا گھر جلد دے دیں ہم اس کو اسی میں جتنا

نَشَآءُ لِمَنْ نُّرِيْدُ ثُمَّ جَعَلْنَا لَهٗ جَهَنَّمَ ۚ

چاہیں جس کو چاہیں پھر ٹھہرایا ہے ہم نے اس کے واسطے دوزخ

يَصْلٰىهَا مَذْمُوْمًا مَّدْحُوْرًا ﴿١٨﴾ وَمَنْ

داخل ہوگا اس میں اپنی برائی سن کر دھکیلا جا کر ﴿١٨﴾ اور جس نے

اَرَادَ الْاٰخِرَةَ وَسَعٰى لَهَا سَعْيَهَا وَهُوَ

چاہا پچھلا گھر اور دوڑ کی اس کے واسطے جو اس کی دوڑ ہے اور وہ

مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ كَانَ سَعْيُهُمْ

یقین پر ہے سو ایسوں کی دوڑ

مَّشْكُوْرًا ﴿١٩﴾ كُلًّا نُّمِدُّ هٰٓؤُلَآءِ وَهٰٓؤُلَآءِ

ٹھکانے لگی ہے ﴿١٩﴾ ہر ایک کو ہم پہنچائے جاتے ہیں ان کو

مِنْ عَطَآءِ رَبِّكَ ؕ وَمَا كَانَ عَطَآءُ

تیرے رب کی بخشش میں سے اور تیرے رب کی بخشش

رَبِّكَ مَحْظُوْرًا ﴿٢٠﴾ اُنْظُرْ كَيْفَ

کسی نے نہیں روک لی ﴿٢٠﴾ دیکھ کیسا

فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ؕ وَلَلْاٰخِرَةُ

بڑھا دیا ہم نے ایک کو ایک سے اور پچھلے گھر میں

اَكْبَرُ دَرَجٰتٍ وَّاَكْبَرُ تَفْضِيْلًا ﴿٢١﴾

تو اور بڑے درجے ہیں اور بڑی فضیلت ﴿٢١﴾

لَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتَقْعُدَ

مت ٹھہرا اللہ کے ساتھ دوسرا حاکم پھر بیٹھ رہے گا تو

مَذْمُوْمًا مَّخْذُوْلًا ﴿٢٢﴾ ع وَقَضٰى رَبُّكَ ع ١٢ ٢ ٢

الزام کھا کر بیکس ہو کر ﴿٢٢﴾ اور حکم کرچکا تیرا رب

اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ

کہ نہ پوجو اس کے سوائے اور ماں باپ کے ساتھ

اِحْسَانًا ؕ اِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ

بھلائی کرو اگر پہنچ جائے تیرے سامنے بڑھاپے کو

اَحَدُهُمَآ اَوْ كِلٰهُمَا فَلَا تَقُلْ لَّهُمَآ

ایک ان میں یا دونوں تو نہ کہہ ان کو

اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا

ہوں اور نہ جھڑک ان کو اور کہہ ان سے بات

كَرِيْمًا ﴿٢٣﴾ وَاخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ

ادب کی ﴿٢٣﴾ اور جھکا دے ان کے آگے کندھے

الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا

عاجزی کر نیاز مندی سے اور کہہ اے رب ان پر رحم کر

كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا ﴿٢٤﴾ ط رَبُّكُمْ اَعْلَمُ

جیسا پالا انہوں نے مجھ کو چھوٹا سا ﴿٢٤﴾ تمھارا رب خوب جانتا ہے

بِمَا فِيْ نُفُوْسِكُمْ ط اِنْ تَكُوْنُوْا صٰلِحِيْنَ

جو تمھارے جی میں ہے اگر تم نیک ہو گے

فَاِنَّهٗ كَانَ لِلْاَوَّابِيْنَ غَفُوْرًا ﴿٢٥﴾

تو وہ رجوع کرنے والوں کو بخشتا ہے ﴿٢٥﴾

وَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ

اور دے قرابت والے کو اس کا حق اور محتاج کو

وَابْنَ السَّبِيْلِ وَلَا تُبَذِّرْ تَبْذِيْرًا ﴿٢٦﴾ اِنَّ

اور مسافر کو اور مت اڑا بے جا ﴿٢٦﴾ بے شک

الْمُبَذِّرِيْنَ كَانُوْٓا اِخْوَانَ الشَّيٰطِيْنِ ؕ

اڑانے والے بھائی ہیں شیطانوں کے

وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِرَبِّهٖ كَفُوْرًا ﴿٢٧﴾

اور شیطان ہے اپنے رب کا ناشکرا ﴿٢٧﴾

وَاِمَّا تُعْرِضَنَّ عَنْهُمُ ابْتِغَآءَ رَحْمَةٍ

اور اگر کبھی تغافل کرے تو ان کی طرف سے انتظار میں اپنے رب کی مہربانی کے

مِّنْ رَّبِّكَ تَرْجُوْهَا فَقُلْ لَّهُمْ قَوْلًا

جس کی تجھ کو توقع ہے تو کہہ دے ان کو بات

مَّيْسُوْرًا ﴿٢٨﴾ وَلَا تَجْعَلْ يَدَكَ مَغْلُوْلَةً

نرمی کی ﴿٢٨﴾ اور نہ رکھ اپنا ہاتھ بندھا ہوا

اِلٰى عُنُقِكَ وَلَا تَبْسُطْهَا كُلَّ الْبَسْطِ

اپنی گردن کے ساتھ اور نہ کھول دے اس کو بالکل کھول دینا

فَتَقْعُدَ مَلُوْمًا مَّحْسُوْرًا ﴿٢٩﴾ اِنَّ رَبَّكَ

پھر تو بیٹھ رہے الزام کھایا ہارا ہوا ﴿٢٩﴾ تیرا رب

يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ؕ اِنَّهٗ

کھول دیتا ہے روزی جس کے واسطے چاہے اور تنگ بھی وہی کرتا ہے وہی

كَانَ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرًاۢ بَصِيْرًا ﴿٣٠﴾ ع وَلَا تَقْتُلُوْٓا ع ٣ ٨ ٣

ہے اپنے بندوں کو جاننے والا دیکھنے والا ﴿٣٠﴾ اور نہ مار ڈالو

اَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ اِمْلَاقٍ ؕ نَحْنُ

اپنی اولاد کو مفلسی کے خوف سے ہم

نَرْزُقُهُمْ وَاِيَّاكُمْ ؕ اِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ

روزی دیتے ہیں ان کو اور تم کو بے شک ان کا مارنا

خِطْاً كَبِيْرًا ﴿٣١﴾ وَلَا تَقْرَبُوا الزِّنٰٓى اِنَّهٗ كَانَ

بڑی خطا ہے ﴿٣١﴾ اور پاس نہ جاؤ زنا کے وہ ہے

فَاحِشَةً ؕ وَسَآءَ سَبِيْلًا ﴿٣٢﴾ وَلَا تَقْتُلُوا

بے حیائی اور بری راہ ہے ﴿٣٢﴾ اور نہ مارو

النَّفْسَ الَّتِیْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ؕ

اس جان کو جس کو منع کردیا ہے اللہ نے مگر حق پر

وَمَنْ قُتِلَ مَظْلُوْمًا فَقَدْ جَعَلْنَا لِوَلِيِّهٖ

اور جو مارا گیا ظلم سے تو دیا ہم نے اس کے وارث کو

سُلْطٰنًا فَلَا يُسْرِفْ فِّی الْقَتْلِ ؕ اِنَّهٗ

زور سو حد سے نہ نکل جائے

كَانَ مَنْصُوْرًا ﴿٣٣﴾ وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ

قتل کرنے میں اس کو مدد ملتی ہے ﴿٣٣﴾ اور پاس نہ جاؤ

الْيَتِيْمِ اِلَّا بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ حَتّٰی

یتیم کے مال کے مگر جس طرح کہ بہتر ہو جب تک کہ

يَبْلُغَ اَشُدَّهٗ ۪ وَاَوْفُوْا بِالْعَهْدِ ۚ

وہ پہنچے اپنی جوانی کو اور پورا کرو عہد کو

اِنَّ الْعَهْدَ كَانَ مَسْـُٔوْلًا ﴿٣٤﴾ وَاَوْفُوا

بے شک عہد کی پوچھ ہوگی ﴿٣٤﴾ اور پورا بھر دو

الْكَيْلَ اِذَا كِلْتُمْ وَزِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ

ناپ جب ناپ کر دینے لگو اور تولو سیدھی ترازو

الْمُسْتَقِيْمِ ؕ ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّاَحْسَنُ

سے یہ بہتر ہے اور اچھا ہے

تَاْوِيْلًا ﴿٣٥﴾ وَلَا تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ

اس کا انجام ﴿٣٥﴾ اور نہ پیچھے پڑ جس بات کی

بِهٖ عِلْمٌ ؕ اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ

خبر نہیں تجھ کو بے شک کان اور آنکھ

وَالْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰٓئِكَ كَانَ عَنْهُ

اور دل ان سب کی اس سے

مَسْـُٔوْلًا ﴿٣٦﴾ وَلَا تَمْشِ فِى الْاَرْضِ

پوچھ ہوگی ﴿٣٦﴾ اور مت چل زمین پر

مَرَحًا ۚ اِنَّكَ لَنْ تَخْرِقَ الْاَرْضَ

اتراتا ہوا تو پھاڑ نہ ڈالے گا زمین کو

وَلَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ طُوْلًا ﴿٣٧﴾ كُلُّ

اور نہ پہنچے گا پہاڑوں تک لمبا ہو کر ﴿٣٧﴾ یہ جتنی

ذٰلِكَ كَانَ سَيِّئُهٗ عِنْدَ رَبِّكَ

باتیں ہیں ان سب میں بری چیز ہے تیرے رب کی

مَكْرُوْهًا ﴿٣٨﴾ ذٰلِكَ مِمَّآ اَوْحٰٓى اِلَيْكَ

بیزاری ﴿٣٨﴾ یہ ہے ان باتوں میں سے جو وحی بھیجی

رَبُّكَ مِنَ الْحِكْمَةِ ؕ وَلَا تَجْعَلْ

تیرے رب نے تیری طرف عقل کے کاموں سے اور نہ ٹھہرا

مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتُلْقٰى فِىْ جَهَنَّمَ

اللہ کے سوا کسی اور کی بندگی پھر پڑے تو دوزخ میں

مَلُوْمًا مَّدْحُوْرًا ﴿٣٩﴾ اَفَاَصْفٰىكُمْ رَبُّكُمْ

الزام کھا کر دھکیلا جا کر ﴿٣٩﴾ کیا تم کو چن کر دے دیے تمھارے رب نے

بِالْبَنِيْنَ وَاتَّخَذَ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ اِنَاثًا ؕ

بیٹے اور اپنے لیے کرلیا فرشتوں کو بیٹیاں

ع ١٠ ٤ ٤ اِنَّكُمْ لَتَقُوْلُوْنَ قَوْلًا عَظِيْمًا ﴿٤٠﴾ ع وَلَقَدْ

تم کہتے ہو بھاری بات ﴿٤٠﴾ اور

صَرَّفْنَا فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِيَذَّكَّرُوْا ؕ

پھیر پھیر کر سمجھایا ہم نے اس قرآن میں تاکہ وہ سوچیں

وَمَا يَزِيْدُهُمْ اِلَّا نُفُوْرًا ﴿٤١﴾ قُلْ

اور ان کو زیادہ ہوتا ہے وہی بدکنا ﴿٤١﴾ کہہ

لَّوْ كَانَ مَعَهٗٓ اٰلِهَةٌ كَمَا يَقُوْلُوْنَ اِذًا

اگر ہوتے اس کے ساتھ اور حاکم جیسا یہ بتلاتے ہیں تو

لَّابْتَغَوْا اِلٰى ذِي الْعَرْشِ سَبِيْلًا ﴿٤٢﴾

نکالتے صاحب عرش کی طرف راہ ﴿٤٢﴾

سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يَقُوْلُوْنَ عُلُوًّا

وہ پاک ہے اور برتر ہے ان کی باتوں سے

كَبِيْرًا ﴿٤٣﴾ تُسَبِّحُ لَهُ السَّمٰوٰتُ

بے نہایت ﴿٤٣﴾ اس کی پاکی بیان کرتے ہیں

السَّبْعُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ ؕ

ساتوں آسمان اور زمین اور جو کوئی ان میں ہے

وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ

اور کوئی چیز نہیں جو نہیں پڑھتی خوبیاں اس کی

وَلٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِيْحَهُمْ ؕ

لیکن تم نہیں سمجھتے ان کا پڑھنا

اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ﴿٤٤﴾ وَاِذَا

بے شک وہ ہے تحمل والا بخشنے والا ﴿٤٤﴾ اور جب

قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَيْنَكَ وَبَيْنَ

تو پڑھتا ہے قرآن کردیتے ہیں ہم بیچ میں تیرے

الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ حِجَابًا

اور ان لوگوں کے جو نہیں مانتے آخرت کو ایک پردہ

مَّسْتُوْرًا ﴿٤٥﴾ وَّجَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ

چھپا ہوا ﴿٤٥﴾ اور ہم رکھتے ہیں ان کے دلوں پر

اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ

پردہ کہ اس کو نہ سمجھیں اور ان کے کانوں میں

وَقْرًا ؕ وَاِذَا ذَكَرْتَ رَبَّكَ فِي الْقُرْاٰنِ

بوجھ اور جب ذکر کرتا ہے تو قرآن میں اپنے رب کا

وَحْدَهٗ وَلَّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِهِمْ نُفُوْرًا ﴿٤٦﴾

اکیلا کر کے بھاگتے ہیں اپنی پیٹھ پر بدک کر ﴿٤٦﴾

نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَسْتَمِعُوْنَ بِهٖٓ اِذْ

ہم خوب جانتے ہیں جس واسطے وہ سنتے ہیں جس وقت

يَسْتَمِعُوْنَ اِلَيْكَ وَاِذْ هُمْ نَجْوٰٓى

کان رکھتے ہیں تیری طرف اور جب وہ مشاورت کرتے ہیں

اِذْ يَقُوْلُ الظّٰلِمُوْنَ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا

جب کہ کہتے ہیں یہ بے انصاف جس کے کہے پر تم چلتے ہو وہ نہیں ہے مگر

رَجُلًا مَّسْحُوْرًا ﴿٤٧﴾ اُنْظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوْا

ایک مرد جادو کا مارا ﴿٤٧﴾ دیکھ لے کیسے جماتے ہیں

لَكَ الْاَمْثَالَ فَضَلُّوْا فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ

تجھ پر مثلیں اور بہکتے پھرتے ہیں سو

سَبِيْلًا ﴿٤٨﴾ وَقَالُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا

راہ نہیں پاسکتے ﴿٤٨﴾ اور کہتے ہیں کیا جب ہم ہوجائیں ہڈیاں

وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا

اور چورا چورا پھر اٹھیں گے نئے

جَدِيْدًا ﴿٤٩﴾ قُلْ كُوْنُوْا حِجَارَةً اَوْ

بن کر ﴿٤٩﴾ تو کہہ تم ہوجاؤ پتھر یا

حَدِيْدًا ﴿٥٠﴾ اَوْ خَلْقًا مِّمَّا يَكْبُرُ فِيْ

لوہا ﴿٥٠﴾ یا کوئی خلقت جس کو مشکل سمجھو

صُدُوْرِكُمْ ۚ فَسَيَقُوْلُوْنَ مَنْ يُّعِيْدُنَا ؕ

اپنے جی میں پھر اب کہیں گے کون لوٹا کر لائے گا ہم کو

قُلِ الَّذِیْ فَطَرَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۚ

کہہ جس نے پیدا کیا تم کو پہلی بار

فَسَیُنْغِضُوْنَ اِلَیْكَ رُءُوْسَهُمْ

پھر اب ہلائیں گے تیری طرف اپنے سر

وَیَقُوْلُوْنَ مَتٰی هُوَ ؕ قُلْ عَسٰۤی اَنْ

اور کہیں گے کب ہوگا یہ تو کہہ شاید

یَّكُوْنَ قَرِیْبًا ﴿۵۱﴾ یَوْمَ یَدْعُوْكُمْ

نزدیک ہی ہوگا ﴿۵۱﴾ جس دن تم کو پکارے گا

فَتَسْتَجِیْبُوْنَ بِحَمْدِهٖ وَتَظُنُّوْنَ

پھر چلے آؤ گے اس کی تعریف کرتے ہوئے اور اٹکل کرو گے کہ

اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِیْلًا ﴿۵۲﴾ وَقُلْ لِّعِبَادِیْ ع ۵ ۱۲ ۵

دیر نہیں لگی تم کو مگر تھوڑی ﴿۵۲﴾ اور کہہ دے میرے بندوں کو

یَقُوْلُوا الَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ ؕ اِنَّ الشَّیْطٰنَ

کہ بات وہی کہیں جو بہتر ہو شیطان

يَنْزَغُ بَيْنَهُمْ ؕ اِنَّ الشَّيْطٰنَ كَانَ

جھڑپ کرواتا ہے ان میں شیطان ہے

لِلْاِنْسَانِ عَدُوًّا مُّبِيْنًا ﴿٥٣﴾ رَبُّكُمْ

انسان کا دشمن صریح ﴿٥٣﴾ تمھارا رب

اَعْلَمُ بِكُمْ ؕ اِنْ يَّشَاْ يَرْحَمْكُمْ اَوْ

خوب جانتا ہے تم کو اگر چاہے تم پر رحم کرے اور

اِنْ يَّشَاْ يُعَذِّبْكُمْ ؕ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ

اگر چاہے تم کو عذاب دے اور تجھ کو نہیں بھیجا ہم نے

عَلَيْهِمْ وَكِيْلًا ﴿٥٤﴾ وَرَبُّكَ اَعْلَمُ بِمَنْ

ان پر ذمہ لینے والا ﴿٥٤﴾ اور تیرا رب خوب جانتا ہے ان کو جو

فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَلَقَدْ فَضَّلْنَا

آسمانوں میں ہیں اور زمین میں اور ہم نے افضل کیا ہے

بَعْضَ النَّبِيّٖنَ عَلٰى بَعْضٍ وَّاٰتَيْنَا

بعضے پیغمبروں کو بعضوں سے اور دی ہم نے

دَاوٗدَ زَبُوْرًا ﴿٥٥﴾ قُلِ ادْعُوا الَّذِیْنَ

داؤد کو زبور ﴿٥٥﴾ کہہ پکارو جن کو

زَعَمْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ فَلَا یَمْلِكُوْنَ

تم سمجھتے ہو سوائے اس کے سو وہ اختیار نہیں رکھتے

كَشْفَ الضُّرِّ عَنْكُمْ وَلَا تَحْوِیْلًا ﴿٥٦﴾

کہ کھول دیں تکلیف کو تم سے اور نہ بدل دیں ﴿٥٦﴾

اُولٰٓىِٕكَ الَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ یَبْتَغُوْنَ

وہ لوگ جن کو یہ پکارتے ہیں وہ خود ڈھونڈھتے ہیں

اِلٰى رَبِّهِمُ الْوَسِیْلَةَ اَیُّهُمْ اَقْرَبُ

اپنے رب تک وسیلہ کہ کون سا بندہ بہت نزدیک ہے

وَیَرْجُوْنَ رَحْمَتَهٗ وَیَخَافُوْنَ عَذَابَهٗ ؕ

اور امید رکھتے ہیں اس کی مہربانی کی اور ڈرتے ہیں اس کے عذاب سے

اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ كَانَ مَحْذُوْرًا ﴿٥٧﴾

بے شک تیرے رب کا عذاب ڈرنے کی چیز ہے ﴿٥٧﴾

وَاِنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اِلَّا نَحْنُ مُهْلِكُوْهَا

اور کوئی بستی نہیں جس کو ہم خراب نہ کردیں گے

قَبْلَ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ اَوْ مُعَذِّبُوْهَا عَذَابًا

قیامت سے پہلے یا آفت ڈالیں گے اس پر

شَدِيْدًا ؕ كَانَ ذٰلِكَ فِي الْكِتٰبِ مَسْطُوْرًا ﴿٥٨﴾

سخت آفت یہ ہے کتاب میں لکھا گیا ﴿٥٨﴾

وَمَا مَنَعَنَآ اَنْ نُّرْسِلَ بِالْاٰيٰتِ اِلَّآ

اور ہم نے اس لیے موقوف کیں نشانیاں بھیجنی کہ

اَنْ كَذَّبَ بِهَا الْاَوَّلُوْنَ ؕ وَاٰتَيْنَا ثَمُوْدَ

اگلوں نے ان کو جھٹلایا اور ہم نے دی ثمود کو

النَّاقَةَ مُبْصِرَةً فَظَلَمُوْا بِهَا ؕ وَمَا

اونٹنی ان کے سمجھانے کو پھر ظلم کیا اس پر اور

نُرْسِلُ بِالْاٰيٰتِ اِلَّا تَخْوِيْفًا ﴿٥٩﴾

نشانیاں جو ہم بھیجتے ہیں سو ڈرانے کو ﴿٥٩﴾

وَاِذْ قُلْنَا لَكَ اِنَّ رَبَّكَ اَحَاطَ بِالنَّاسِ ؕ

اور جب کہہ دیا ہم نے تجھ سے کہ تیرے رب نے گھیر لیا ہے لوگوں کو

وَمَا جَعَلْنَا الرُّءْيَا الَّتِيْٓ اَرَيْنٰكَ اِلَّا

اور وہ دکھلاوا جو تجھ کو دکھلایا ہم نے

فِتْنَةً لِّلنَّاسِ وَالشَّجَرَةَ الْمَلْعُوْنَةَ

سو جانچنے کو لوگوں کے اور ایسے ہی وہ درخت جس پر پھٹکار ہے

فِي الْقُرْاٰنِ ؕ وَنُخَوِّفُهُمْ ۙ فَمَا يَزِيْدُهُمْ

قرآن میں اور ہم ان کو ڈراتے ہیں تو ان کو زیادہ ہوتی ہے

اِلَّا طُغْيَانًا كَبِيْرًا ﴿٦٠﴾ ع وَاِذْ قُلْنَا ع ٦ ٨ ٦

بڑی شرارت ﴿٦٠﴾ اور جب ہم نے کہا

لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا

فرشتوں کو سجدہ کرو آدم کو تو سجدہ میں گر پڑے

اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ قَالَ ءَاَسْجُدُ لِمَنْ

مگر ابلیس بولا کیا میں سجدہ کروں ایک شخص کو جس کو

خَلَقْتَ طِیْنًا ﴿٦١﴾ قَالَ اَرَءَیْتَكَ هٰذَا

تو نے بنایا مٹی کا ﴿٦١﴾ کہنے لگا بھلا دیکھ تو یہ شخص

الَّذِیْ كَرَّمْتَ عَلَیَّ ۫ لَىِٕنْ اَخَّرْتَنِ اِلٰی

جس کو تو نے مجھ سے بڑھا دیا اگر تو مجھ کو ڈھیل دیوے

یَوْمِ الْقِیٰمَةِ لَاَحْتَنِكَنَّ ذُرِّیَّتَهٗٓ

قیامت کے دن تک تو میں اس کی اولاد کو ڈھانٹی دے لوں

اِلَّا قَلِیْلًا ﴿٦٢﴾ قَالَ اذْهَبْ فَمَنْ تَبِعَكَ

مگر تھوڑے سے ﴿٦٢﴾ فرمایا جا پھر جو کوئی تیرے ساتھ ہوا

مِنْهُمْ فَاِنَّ جَهَنَّمَ جَزَآؤُكُمْ جَزَآءً

ان میں سے سو دوزخ ہے تم سب کی سزا بدلہ

مَّوْفُوْرًا ﴿٦٣﴾ وَاسْتَفْزِزْ مَنِ اسْتَطَعْتَ

پورا ﴿٦٣﴾ اور گھبرا لے ان میں جس کو تو گھبرا سکے

مِنْهُمْ بِصَوْتِكَ وَاَجْلِبْ عَلَیْهِمْ

اپنی آواز سے اور لے آ ان پر

بِخَيْلِكَ وَرَجِلِكَ وَشَارِكْهُمْ فِي الْاَمْوَالِ

اپنے سوار اور پیادے اور ساجھا کر ان سے مال

وَالْاَوْلَادِ وَعِدْهُمْ ؕ وَمَا يَعِدُهُمُ

اور اولاد میں اور وعدے دے ان کو اور کچھ نہیں وعدہ دیتا ان کو

الشَّيْطٰنُ اِلَّا غُرُوْرًا ﴿٦٤﴾ اِنَّ عِبَادِيْ

شیطان مگر دغا بازی ﴿٦٤﴾ وہ جو میرے بندے ہیں

لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنٌ ؕ وَكَفٰى

ان پر نہیں تیری حکومت اور

بِرَبِّكَ وَكِيْلًا ﴿٦٥﴾ رَبُّكُمُ الَّذِيْ

تیرا رب کافی ہے کام بنانے والا ﴿٦٥﴾ تمھارا رب وہ ہے جو

يُزْجِيْ لَكُمُ الْفُلْكَ فِي الْبَحْرِ لِتَبْتَغُوْا

چلاتا ہے تمھارے واسطے کشتی دریا میں تاکہ تلاش کرو

مِنْ فَضْلِهٖ ؕ اِنَّهٗ كَانَ بِكُمْ رَحِيْمًا ﴿٦٦﴾

اس کا فضل وہی ہے تم پر مہربان ﴿٦٦﴾

وَاِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فِي الْبَحْرِ ضَلَّ مَنْ

اور جب آتی ہے تم پر آفت دریا میں بھول جاتے ہو جن کو

تَدْعُوْنَ اِلَّآ اِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا نَجّٰىكُمْ

پکارا کرتے تھے اللہ کے سوائے پھر جب بچا لایا تم کو

اِلَى الْبَرِّ اَعْرَضْتُمْ ۭ وَكَانَ الْاِنْسَانُ

خشکی میں پھرجاتے ہو اور ہے انسان

كَفُوْرًا ﴿٦٧﴾ اَفَاَمِنْتُمْ اَنْ يَّخْسِفَ

بڑا ناشکرا ﴿٦٧﴾ سو کیا تم بےڈر ہوگئے اس سے کہ دھنسا دے

بِكُمْ جَانِبَ الْبَرِّ اَوْ يُرْسِلَ عَلَيْكُمْ

تم کو جنگل کے کنارے یا بھیج دے تم پر

حَاصِبًا ثُمَّ لَا تَجِدُوْا لَكُمْ وَكِيْلًا ﴿٦٨﴾

آندھی پتھر برسانے والی پھر نہ پاؤ اپنا کوئی نگہبان ﴿٦٨﴾

اَمْ اَمِنْتُمْ اَنْ يُّعِيْدَكُمْ فِيْهِ تَارَةً

یا بےڈر ہوگئے ہو اس سے کہ پھر لے جائے تم کو دریا میں

أُخْرٰى فَيُرْسِلَ عَلَيْكُمْ قَاصِفًا مِّنَ الرِّيْحِ

دوسری بار پھر بھیجے تم پر ایک سخت جھونکا ہوا کا

فَيُغْرِقَكُمْ بِمَا كَفَرْتُمْ ۙ ثُمَّ لَا تَجِدُوْا

پھر ڈبا دے تم کو بدلے میں اس ناشکری کے پھر نہ پاؤ

لَكُمْ عَلَيْنَا بِهٖ تَبِيْعًا ﴿٦٩﴾ وَلَقَدْ كَرَّمْنَا

اپنی طرف سے ہم پر اس کا کوئی باز پرس کرنے والا ﴿٦٩﴾ اور ہم نے عزت دی ہے

بَنِيْٓ اٰدَمَ وَحَمَلْنٰهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ

آدم کی اولاد کو اور سواری دی ان کو جنگل اور دریا میں

وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ

اور روزی دی ہم نے ان کو ستھری چیزوں سے اور بڑھا دیا ان کو

عَلٰى كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيْلًا ﴿٧٠﴾ ع ع ١٠

بہتوں سے جن کو پیدا کیا ہم نے بڑائی دے کر ﴿٧٠﴾

يَوْمَ نَدْعُوْا كُلَّ اُنَاسٍۢ بِاِمَامِهِمْ ۚ

جس دن ہم بلائیں گے ہر فرقہ کو ان کے سرداروں کے ساتھ

فَمَنْ اُوْتِیَ كِتٰبَهٗ بِیَمِیْنِهٖ فَاُولٰٓئِكَ

سو جس کو ملا اس کا اعمال نامہ اس کے داہنے ہاتھ میں سو وہ لوگ

یَقْرَءُوْنَ كِتٰبَهُمْ وَ لَا یُظْلَمُوْنَ

پڑھیں گے اپنا لکھا اور ظلم نہ ہوگا ان پر

فَتِیْلًا ﴿٧١﴾ وَمَنْ كَانَ فِیْ هٰذِهٖٓ اَعْمٰى

ایک تاگے کا ﴿٧١﴾ اور جو کوئی رہا اس جہان میں اندھا

فَهُوَ فِی الْاٰخِرَةِ اَعْمٰى وَ اَضَلُّ

سو وہ پچھلے جہان میں بھی اندھا ہے اور بہت دور پڑا ہوا

سَبِیْلًا ﴿٧٢﴾ وَاِنْ كَادُوْا لَیَفْتِنُوْنَكَ

راہ سے ﴿٧٢﴾ اور وہ لوگ چاہتے تھے کہ تجھ کو بچلادیں

عَنِ الَّذِیْٓ اَوْحَیْنَآ اِلَیْكَ لِتَفْتَرِیَ

اس چیز سے کہ جو وحی بھیجی ہم نے تیری طرف تاکہ جھوٹ بنالائے تو

عَلَیْنَا غَیْرَهٗ ۖ وَاِذًا لَّاتَّخَذُوْكَ

ہم پر وحی کے سوا اور تب تو بنا لیتے تجھ کو

خَلِيْلًا ﴿٧٣﴾ وَلَوْلَآ اَنْ ثَبَّتْنٰكَ لَقَدْ

دوست ﴿٧٣﴾ اور اگر یہ نہ ہوتا کہ ہم نے تجھ کو سنبھالے رکھا تو

كِدْتَّ تَرْكَنُ اِلَيْهِمْ شَيْـًٔا قَلِيْلًا ﴿٧٤﴾

تو لگ جاتا جھکنے ان کی طرف تھوڑا سا ﴿٧٤﴾

اِذًا لَّاَذَقْنٰكَ ضِعْفَ الْحَيٰوةِ وَضِعْفَ

تب تو ضرور چکھاتے ہم تجھ کو دونا مزہ زندگی میں اور دونا

الْمَمَاتِ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ عَلَيْنَا

مرنے میں پھر نہ پاتا تو اپنے واسطے ہم پر

نَصِيْرًا ﴿٧٥﴾ وَاِنْ كَادُوْا لَيَسْتَفِزُّوْنَكَ

مدد کرنے والا ﴿٧٥﴾ اور وہ تو چاہتے تھے کہ گھبرا دیں تجھ کو

مِنَ الْاَرْضِ لِيُخْرِجُوْكَ مِنْهَا

اس زمین سے تاکہ نکال دیں تجھ کو یہاں سے

وَاِذًا لَّا يَلْبَثُوْنَ خِلٰفَكَ اِلَّا

اور اس وقت نہ ٹھہریں گے وہ بھی تیرے پیچھے مگر

قَلِيْلًا ﴿٧٦﴾ سُنَّةَ مَنْ قَدْ اَرْسَلْنَا

تھوڑا ﴿٧٦﴾ دستور چلا آتا ہے ان رسولوں کا جو

قَبْلَكَ مِنْ رُّسُلِنَا وَلَا تَجِدُ لِسُنَّتِنَا

تجھ سے پہلے بھیجے ہم نے اپنے پیغمبر اور نہ پائے گا تو ہمارے دستور میں

تَحْوِيْلًا ﴿٧٧﴾ اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِدُلُوْكِ ع ٨ ٧ ع

تفاوت ﴿٧٧﴾ قائم رکھ نماز کو سورج

الشَّمْسِ اِلٰى غَسَقِ الَّيْلِ وَقُرْاٰنَ

ڈھلنے سے رات کے اندھیرے تک اور قرآن پڑھنا

الْفَجْرِ ؕ اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ كَانَ

فجر کا بے شک قرآن پڑھنا فجر کا ہوتا ہے

مَشْهُوْدًا ﴿٧٨﴾ وَمِنَ الَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ

روبرو ﴿٧٨﴾ اور کچھ رات جاگتا رہ قرآن کے ساتھ

نَافِلَةً لَّكَ ۖ صلے عَسٰٓى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ

یہ زیادتی ہے تیرے لیے قریب ہے کہ کھڑا کر دے تجھ کو تیرا رب

مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ﴿٧٩﴾ وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِیْ

مقام محمود میں ﴿٧٩﴾ اور کہہ اے رب داخل کر مجھ کو

مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ

سچا داخل کرنا اور نکال مجھ کو

صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْكَ

سچا نکالنا اور عطا کر دے مجھ کو اپنے پاس سے

سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا ﴿٨٠﴾ وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ

حکومت کی مدد ﴿٨٠﴾ اور کہہ آیا سچ

وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ؕ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ

اور نکل بھاگا جھوٹ بےشک جھوٹ ہے

زَهُوْقًا ﴿٨١﴾ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ

نکل بھاگنے والا ﴿٨١﴾ اور ہم اتارتے ہیں قرآن میں سے

مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ ۙ

جس سے روگ دفع ہوں اور رحمت ایمان والوں کے واسطے

وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ﴿٨٢﴾

اور گناہ گاروں کو تو اس سے نقصان ہی بڑھتا ہے ﴿٨٢﴾

وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَى الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ

اور جب ہم آرام بھیجیں انسان پر تو ٹال جائے

وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ كَانَ

اور بچائے اپنا پہلو اور جب پہنچے اس کو برائی تو رہ جائے

يَـُٔوْسًا ﴿٨٣﴾ قُلْ كُلٌّ يَّعْمَلُ عَلٰى

مایوس ہو کر ﴿٨٣﴾ تو کہہ ہر ایک کام کرتا ہے

شَاكِلَتِهٖ ؕ فَرَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَنْ هُوَ

اپنے ڈھنگ پر سو تیرا رب خوب جانتا ہے کس نے

اَهْدٰى سَبِيْلًا ﴿٨٤﴾ ع وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ ع ٩

خوب پا لیا ہے راستہ ﴿٨٤﴾ اور تجھ سے پوچھتے ہیں

الرُّوْحِ ؕ قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّيْ

روح کو کہہ دے روح ہے میرے رب کے حکم سے

وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿٨٥﴾

اور تم کو علم دیا ہے تھوڑا سا ﴿٨٥﴾

وَلَئِنْ شِئْنَا لَنَذْهَبَنَّ بِالَّذِيْٓ

اور اگر ہم چاہیں تو لے جائیں اس چیز کو جو

اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ بِهٖ

ہم نے تجھ کو وحی بھیجی پھر تو نہ پائے اپنے واسطے اس کے لا دینے کو

عَلَيْنَا وَكِيْلًا ﴿٨٦﴾ اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ

ہم پر کوئی ذمہ دار ﴿٨٦﴾ مگر مہربانی سے

رَّبِّكَ ؕ اِنَّ فَضْلَهٗ كَانَ عَلَيْكَ

تیرے رب کی اس کی بخشش تجھ پر

كَبِيْرًا ﴿٨٧﴾ قُلْ لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ

بڑی ہے ﴿٨٧﴾ کہہ اگر جمع ہوں

الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلٰٓى اَنْ يَّاْتُوْا

آدمی اور جن اس پر کہ لائیں

بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا یَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ

ایسا قرآن ہرگز نہ لائیں گے ایسا قرآن

وَلَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِیْرًا ﴿٨٨﴾

اور پڑے مدد کیا کریں ایک دوسرے کی ﴿٨٨﴾

وَلَقَدْ صَرَّفْنَا لِلنَّاسِ فِیْ هٰذَا

اور ہم نے پھیر پھیر کر سمجھائی لوگوں کو اس

الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ز فَاَبٰٓی

قرآن میں ہر مثل سو نہیں رہتے

اَكْثَرُ النَّاسِ اِلَّا كُفُوْرًا ﴿٨٩﴾ وَقَالُوْا

بہت لوگ بن ناشکری کیے ﴿٨٩﴾ اور بولے

لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰی تَفْجُرَ لَنَا مِنَ

ہم نہ مانیں گے تیرا کہا جب تک تو نہ جاری کر دے ہمارے واسطے

الْاَرْضِ یَنْۢبُوْعًا ﴿٩٠﴾ لا اَوْ تَكُوْنَ

زمین میں ایک چشمہ ﴿٩٠﴾ یا ہو جائے

لَكَ جَنَّةٌ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّعِنَبٍ

تیرے واسطے ایک باغ کھجور اور انگور کا

فَتُفَجِّرَ الْاَنْهٰرَ خِلٰلَهَا تَفْجِيْرًا ۙ ﴿٩١﴾

پھر بہائے تو اس کے بیچ نہریں چلا کر ﴿٩١﴾

اَوْ تُسْقِطَ السَّمَآءَ كَمَا زَعَمْتَ عَلَيْنَا

یا گرا دے آسمان ہم پر جیسا کہ تو کہا کرتا ہے

كِسَفًا اَوْ تَاْتِيَ بِاللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ

ٹکڑے ٹکڑے یا لے آ اللہ کو اور فرشتوں کو

قَبِيْلًا ﴿٩٢﴾ اَوْ يَكُوْنَ لَكَ بَيْتٌ

سامنے ﴿٩٢﴾ یا ہوجائے تیرے لیے ایک گھر

مِّنْ زُخْرُفٍ اَوْ تَرْقٰى فِي السَّمَآءِ ؕ

سنہرا یا چڑھ جائے تو آسمان میں

وَلَنْ نُّؤْمِنَ لِرُقِيِّكَ حَتّٰى تُنَزِّلَ

اور ہم نہ مانیں گے تیرے چڑھ جانے کو جب تک نہ اتار لائے

عَلَيْنَا كِتٰبًا نَّقْرَؤُهٗ ؕ قُلْ سُبْحَانَ

ہم پر ایک کتاب جس کو ہم پڑھ لیں تو کہہ

رَبِّيْ هَلْ كُنْتُ اِلَّا بَشَرًا رَّسُوْلًا ﴿٩٣﴾ ع ١٠ ع ٩

سبحان اللہ میں کون ہوں مگر ایک آدمی ہوں بھیجا ہوا ﴿٩٣﴾

وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا اِذْ

اور لوگوں کو روکا نہیں ایمان لانے سے جب

جَآءَهُمُ الْهُدٰٓى اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَبَعَثَ

پہنچی ان کو ہدایت مگر اسی بات نے کہ کہنے لگے کیا

اللّٰهُ بَشَرًا رَّسُوْلًا ﴿٩٤﴾ قُلْ لَّوْ كَانَ فِي

اللہ نے بھیجا آدمی کو پیغام دے کر ﴿٩٤﴾ کہہ اگر ہوتے

الْاَرْضِ مَلٰٓئِكَةٌ يَّمْشُوْنَ مُطْمَئِنِّيْنَ

زمین میں فرشتے پھرتے بستے

لَنَزَّلْنَا عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَلَكًا

تو ہم اتارتے ان پر آسمان سے کوئی فرشتہ

رَّسُوْلًا ﴿٩٥﴾ قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا

پیغام دے کر ﴿٩٥﴾ کہہ اللہ کافی ہے حق ثابت کرنے والا

بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ بِعِبَادِهٖ

میرے اور تمھارے بیچ میں وہ ہے اپنے بندوں سے

خَبِيْرًا بَصِيْرًا ﴿٩٦﴾ وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ

خبردار دیکھنے والا ﴿٩٦﴾ اور جس کو راہ دکھلائے اللہ

فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ

وہی ہے راہ پانے والا اور جس کو بھٹکائے پھر تو نہ پائے

لَهُمْ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِهٖ ؕ وَنَحْشُرُهُمْ

ان کے واسطے کوئی رفیق اللہ کے سوا اور اٹھائیں گے ہم ان کو

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ عُمْيًا

دن قیامت کے چلیں گے منہ کے بل اندھے

وَّبُكْمًا وَّصُمًّا ؕ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ كُلَّمَا

اور گونگے اور بہرے ٹھکانا ان کا دوزخ ہے جب

النصف

خَبَتْ زِدْنٰهُمْ سَعِيْرًا ﴿٩٧﴾ ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ

لگے گی بجھنے اور بھڑکا دیں گے ان پر ﴿٩٧﴾ یہ ان کی سزا ہے

بِاَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا وَقَالُوْٓا ءَاِذَا

اس واسطے کہ منکر ہوئے ہماری آیتوں سے اور بولے کیا

كُنَّا عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ

جب ہم ہوگئے ہڈیاں اور چورا چورا کیا ہم کو اٹھائیں گے

خَلْقًا جَدِيْدًا ﴿٩٨﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا

نئے بنا کر ﴿٩٨﴾ کیا نہیں دیکھ چکے

اَنَّ اللّٰهَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

کہ جس اللہ نے بنائے آسمان

وَالْاَرْضَ قَادِرٌ عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ

اور زمین وہ بنا سکتا ہے ایسوں کو

مِثْلَهُمْ وَجَعَلَ لَهُمْ اَجَلًا لَّا رَيْبَ

اور مقرر کیا ہے ان کے واسطے ایک وقت بے شبہ

فِیْهِ ؕ فَاَبَی الظّٰلِمُوْنَ اِلَّا كُفُوْرًا ﴿٩٩﴾ قُلْ

سو نہیں رہا جاتا بےانصافوں سے بن ناشکری کیے ﴿٩٩﴾ کہہ

لَّوْ اَنْتُمْ تَمْلِكُوْنَ خَزَآىِٕنَ رَحْمَةِ رَبِّیْٓ

اگر تمھارے ہاتھ میں ہوتے میرے رب کی رحمت کے خزانے

اِذًا لَّاَمْسَكْتُمْ خَشْیَةَ الْاِنْفَاقِ ؕ وَكَانَ

تو ضرور بند کر رکھتے اس ڈر سے کہ خرچ نہ ہوجائیں اور ہے

ع ١١ ١٧ ١١ الْاِنْسَانُ قَتُوْرًا ﴿١٠٠﴾ ع وَلَقَدْ اٰتَیْنَا مُوْسٰی

انسان دل کا تنگ ﴿١٠٠﴾ اور ہم نے دیں موسیٰ کو

تِسْعَ اٰیٰتٍۭ بَیِّنٰتٍ فَسْـَٔلْ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ

نو نشانیاں صاف پھر پوچھ بنی اسرائیل سے

اِذْ جَآءَهُمْ فَقَالَ لَهٗ فِرْعَوْنُ اِنِّیْ

جب آیا وہ ان کے پاس تو کہا اس کو فرعون نے

لَاَظُنُّكَ یٰمُوْسٰی مَسْحُوْرًا ﴿١٠١﴾ قَالَ

میری اٹکل میں تو موسیٰ تجھ پر جادو ہوا ﴿١٠١﴾ بولا تو

لَقَدْ عَلِمْتَ مَآ اَنْزَلَ هٰٓؤُلَآءِ اِلَّا

جان چکا ہے کہ یہ چیزیں کسی نے نہیں اتاریں مگر

رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ بَصَآىِٕرَ ۚ

آسمان اور زمین کے مالک نے سمجھانے کو

وَاِنِّیْ لَاَظُنُّكَ یٰفِرْعَوْنُ مَثْبُوْرًا ﴿١٠٢﴾

اور میری اٹکل میں فرعون تو غارت ہوا چاہتا ہے ﴿١٠٢﴾

فَاَرَادَ اَنْ یَّسْتَفِزَّهُمْ مِّنَ الْاَرْضِ

پھر چاہا کہ بنی اسرائیل کو چین نہ دے اس زمین میں

فَاَغْرَقْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ جَمِیْعًا ﴿١٠٣﴾ لا

پھر ڈبا دیا ہم نے اس کو اور اس کے ساتھ والوں کو سب کو ﴿١٠٣﴾

وَّقُلْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ لِبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ

اور کہا ہم نے اس کے پیچھے بنی اسرائیل کو

اسْكُنُوا الْاَرْضَ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ الْاٰخِرَةِ

آباد رہو تم زمین میں پھر جب آئے گا وعدہ آخرت کا

جِئْنَا بِكُمْ لَفِيْفًا ﴿١٠٤﴾ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ

لے آئیں گے ہم تم کو سمیٹ کر ﴿١٠٤﴾ اور سچ کے ساتھ اتارا ہم نے قرآن

وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ۭ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا

اور سچ کے ساتھ اترا اور تجھ کو جو بھیجا ہم نے سو خوشی

وَّنَذِيْرًا ﴿١٠٥﴾ وَقُرْاٰنًا فَرَقْنٰهُ لِتَقْرَاَهٗ

وقف لازم

اور ڈر سنانے کو ﴿١٠٥﴾ اور پڑھنے کا وظیفہ کیا ہم نے قرآن کو جدا جدا کر کے کہ پڑھے تو اس کو

عَلَي النَّاسِ عَلٰي مُكْثٍ وَّنَزَّلْنٰهُ تَنْزِيْلًا ﴿١٠٦﴾

لوگوں پر ٹھہر ٹھہر کر اور اس کو ہم نے اتارتے اتارتے اتارا ﴿١٠٦﴾

قُلْ اٰمِنُوْا بِهٖٓ اَوْ لَا تُؤْمِنُوْا ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ

کہہ تم اس کو مانو یا نہ مانو جن کو

اُوْتُوا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهٖٓ اِذَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ

علم ملا ہے اس کے پہلے سے جب ان کے پاس اس کو پڑھیے

يَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ سُجَّدًا ﴿١٠٧﴾ وَّيَقُوْلُوْنَ

گرتے ہیں ٹھوڑیوں پر سجدہ میں ﴿١٠٧﴾ اور کہتے ہیں

سُبْحٰنَ رَبِّنَآ اِنْ كَانَ وَعْدُ رَبِّنَا

پاک ہے ہمارا رب بےشک ہمارے رب کا وعدہ

لَمَفْعُوْلًا ﴿١٠٨﴾ وَيَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ يَبْكُوْنَ

ہو کر رہے گا ﴿١٠٨﴾ اور گرتے ہیں ٹھوڑیوں پر روتے ہوئے

وَيَزِيْدُهُمْ خُشُوْعًا ﴿١٠٩﴾ قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ

اور زیادہ ہوتی ہے ان کو عاجزی ﴿١٠٩﴾ کہہ اللہ کہہ کر پکارو

اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ؕ اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ

یا رحمان کہہ کر جو کہ کہہ کر پکارو گے سو اسی کے ہیں

الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۚ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ

سب نام خاصے اور پکار کر مت پڑھ اپنی نماز

وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ

اور نہ چپکے پڑھ اور ڈھونڈ لے اس کے بیچ میں

سَبِيْلًا ﴿١١٠﴾ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ

راہ ﴿١١٠﴾ اور کہہ سب تعریفیں اللہ کو جو

لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّ لَمْ يَكُنْ لَّهٗ

نہیں رکھتا اولاد اور نہ کوئی اس کا

شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَ لَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ

ساجھی سلطنت میں اور نہ کوئی اس کا مددگار

مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ﴿۱۱۱﴾ ع ۱۲ ۱۱ ۱۲

ذلت کے وقت پر اور اس کی بڑائی کر بڑا جان کر ﴿۱۱۱﴾

(سورۂ کہف مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی ہے مگر آیت (۲۸) اور آیت نمبر (۸۳) سے (۱۰۱) تک مدینہ منورہ میں نازل ہوئی ہیں، اس میں (۱۱۰) آیتیں اور (۱۲) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۶۹) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۱۸) نمبر پر ہے اور سورۂ غاشیہ کے بعد نازل ہوئی ہے)

| اس میں (۱۵۷۷) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۶۳۶۰) حروف ہیں |
|---|---|---|

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ عَلٰی عَبْدِهِ

سب تعریف اللہ کو جس نے اتاری اپنے بندہ پر

الْكِتٰبَ وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا ﴿۱﴾ ط ★سکتة

کتاب اور نہ رکھی اس میں کچھ کجی ﴿۱﴾

قَيِّمًا لِّيُنْذِرَ بَاْسًا شَدِيْدًا مِّنْ

ٹھیک اتاری تاکہ ڈر سناوے ایک سخت آفت کا

★یہاں پر سکتہ واجب ہے۔

لَّدُنْهُ وَيُبَشِّرَ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ

اللہ کی طرف سے اور خوش خبری دے ایمان لانے والوں کو جو

يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا

کرتے ہیں نیکیاں کہ ان کے لیے اچھا

حَسَنًا ۙ ﴿٢﴾ مَّاكِثِيْنَ فِيْهِ اَبَدًا ۙ ﴿٣﴾

بدلہ ہے ﴿٢﴾ جس میں رہا کریں ہمیشہ ﴿٣﴾

وَّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ﴿٤﴾ قٓ

اور ڈر سناوے ان کو جو کہتے ہیں اللہ رکھتا ہے اولاد ﴿٤﴾

مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ وَّلَا لِاٰبَآئِهِمْ ؕ

کچھ خبر نہیں ان کو اس بات کی اور نہ ان کے باپ دادوں کو

كَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ؕ

کیا بڑی بات نکلتی ہے ان کے منہ سے

اِنْ يَّقُوْلُوْنَ اِلَّا كَذِبًا ﴿٥﴾ فَلَعَلَّكَ

سب جھوٹ ہے جو کہتے ہیں ﴿٥﴾ سو کہیں تو

بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ

گھونٹ ڈالے گا اپنی جان کو ان کے پیچھے

اِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوْا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ

اگر وہ نہ مانیں گے اس بات کو

اَسَفًا ۝٦ اِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَى الْاَرْضِ

پچھتا پچھتا کر ۝٦ ہم نے بنایا ہے جو کچھ زمین پر ہے

زِيْنَةً لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ اَيُّهُمْ اَحْسَنُ

اس کی رونق تاکہ جانچیں لوگوں کو کون ان میں اچھا

عَمَلًا ۝٧ وَاِنَّا لَجٰعِلُوْنَ مَا عَلَيْهَا

کرتا ہے کام ۝٧ اور ہم کو کرنا ہے جو کچھ اس پر ہے

صَعِيْدًا جُرُزًا ۝٨ اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ

میدان چھانٹ کر ۝٨ کیا تو خیال کرتا ہے کہ

اَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ كَانُوْا مِنْ

غار اور کھوہ کے رہنے والے

اٰیٰتِنَا عَجَبًا ﴿٩﴾ اِذْ اَوَی الْفِتْیَةُ اِلَی

ہماری قدرتوں میں عجب اچنبھا تھے ﴿٩﴾ جب جا بیٹھے وہ جوان

الْكَهْفِ فَقَالُوْا رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ

پہاڑ کی کھوہ میں پھر بولے اے رب دے ہم کو اپنے پاس سے

رَحْمَةً وَّهَیِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ﴿١٠﴾

بخشش اور پوری کر دے ہمارے کام کی درستی ﴿١٠﴾

فَضَرَبْنَا عَلٰٓی اٰذَانِهِمْ فِی الْكَهْفِ سِنِیْنَ

پھر تھپک دیے ہم نے ان کے کان اس کھوہ میں چند برس

عَدَدًا ﴿١١﴾ ثُمَّ بَعَثْنٰهُمْ لِنَعْلَمَ اَیُّ

گنتی کے ﴿١١﴾ پھر ہم نے ان کو اٹھایا کہ معلوم کریں

الْحِزْبَیْنِ اَحْصٰی لِمَا لَبِثُوْٓا اَمَدًا ﴿١٢﴾ ع ١٢ ١٣

دو فرقوں میں کس نے یاد رکھی ہے جتنی مدت وہ رہے ﴿١٢﴾

نَحْنُ نَقُصُّ عَلَیْكَ نَبَاَهُمْ بِالْحَقِّ ؕ

ہم سنا دیں تجھ کو ان کا حال تحقیقی

اِنَّهُمْ فِتْيَةٌ اٰمَنُوْا بِرَبِّهِمْ وَزِدْنٰهُمْ

وہ کئی جوان ہیں کہ یقین لائے اپنے رب پر اور زیادہ دی ہم نے ان کو

هُدًى ق صلے ﴿١٣﴾ وَّرَبَطْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ

سوجھ ﴿١٣﴾ اور گرہ دی ان کے دل پر

اِذْ قَامُوْا فَقَالُوْا رَبُّنَا رَبُّ السَّمٰوٰتِ

جب کھڑے ہوئے پھر بولے ہمارا رب ہے رب آسمان

وَالْاَرْضِ لَنْ نَّدْعُوَا مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلٰهًا

اور زمین کا نہ پکاریں گے ہم اس کے سوا کسی کو معبود

لَّقَدْ قُلْنَآ اِذًا شَطَطًا ﴿١٤﴾ هٰٓؤُلَآءِ قَوْمُنَا

نہیں تو کہی ہم نے بات عقل سے دور ﴿١٤﴾ یہ ہماری قوم ہے

اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً ط لَوْلَا يَاْتُوْنَ

ٹھہرا لیے انہوں نے اللہ کے اور معبود کیوں نہیں لاتے

عَلَيْهِمْ بِسُلْطٰنٍۢ بَيِّنٍ ط فَمَنْ اَظْلَمُ

ان پر کوئی سند کھلی پھر اس سے بڑا گناہ گار کون

مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ؕ ﴿١٥﴾ وَاِذِ

جس نے باندھا اللہ پر جھوٹ ﴿١٥﴾ اور جب

اعْتَزَلْتُمُوْهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ

تم نے کنارہ کرلیا ان سے اور جن کو وہ پوجتے ہیں اللہ کے سوائے

فَاْوٗۤا اِلَى الْكَهْفِ يَنْشُرْ لَكُمْ رَبُّكُمْ

تو اب جا بیٹھو اس کھوہ میں پھیلا دے تم پر رب تمھارا

مِّنْ رَّحْمَتِهٖ وَيُهَيِّئْ لَكُمْ مِّنْ اَمْرِكُمْ

کچھ اپنی رحمت سے اور بنا دیوے تمھارے واسطے تمھارے کام میں

مِّرْفَقًا ﴿١٦﴾ وَتَرَى الشَّمْسَ اِذَا طَلَعَتْ

آرام ﴿١٦﴾ اور تو دیکھے دھوپ جب نکلتی ہے

تَّزٰوَرُ عَنْ كَهْفِهِمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَاِذَا

بچ کر جاتی ہے ان کی کھوہ سے داہنے کو اور جب

غَرَبَتْ تَّقْرِضُهُمْ ذَاتَ الشِّمَالِ

ڈوبتی ہے کترا جاتی ہے ان سے بائیں کو

وَهُمْ فِیْ فَجْوَةٍ مِّنْهُ ؕ ذٰلِكَ مِنْ اٰیٰتِ

اور وہ میدان میں ہیں اس کے یہ ہے

اللّٰهِ ؕ مَنْ یَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ وَمَنْ

اللہ کی قدرتوں سے جس کو راہ دیوے اللہ وہی آئے راہ پر اور جس کو

ع ٢ ٥ ١٤ یُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ وَلِیًّا مُّرْشِدًا ﴿١٧﴾ ع

وہ بچلائے پھر تو نہ پائے اس کا کوئی رفیق راہ پر لانے والا ﴿١٧﴾

وَتَحْسَبُهُمْ اَیْقَاظًا وَّهُمْ رُقُوْدٌ ۟ صلے ق

اور تو سمجھے وہ جاگتے ہیں اور وہ سو رہے ہیں

وَّنُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ الْیَمِیْنِ وَذَاتَ

اور کروٹیں دلاتے ہیں ہم ان کو داہنے اور

الشِّمَالِ ۟ صلے وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَیْهِ

بائیں اور کتا ان کا پسار رہا ہے اپنی باہیں

بِالْوَصِیْدِ ؕ لَوِ اطَّلَعْتَ عَلَیْهِمْ لَوَلَّیْتَ

چوکھٹ پر اگر تو جھانک کر دیکھے ان کو تو پیٹھ دے کر بھاگے

مِنْهُمْ فِرَارًا وَّلَمُلِئْتَ مِنْهُمْ رُعْبًا ﴿١٨﴾

ان سے اور بھر جائے تجھ میں ان کی دہشت ﴿١٨﴾

وَكَذٰلِكَ بَعَثْنٰهُمْ لِيَتَسَآءَلُوْا بَيْنَهُمْ ؕ

اور اسی طرح ان کو جگا دیا ہم نے کہ آپس میں پوچھنے لگے

قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ كَمْ لَبِثْتُمْ ؕ قَالُوْا

ایک بولا ان میں کتنی دیر ٹھہرے تم، بولے

لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ؕ قَالُوْا

ہم ٹھہرے ایک دن یا ایک دن سے کم، بولے

رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثْتُمْ ؕ فَابْعَثُوْٓا

تمھارا رب ہی خوب جانے جتنی دیر تم رہے ہو اب بھیجو

اَحَدَكُمْ بِوَرِقِكُمْ هٰذِهٖٓ اِلَى الْمَدِيْنَةِ

اپنے میں سے ایک کو یہ روپیہ دے کر اپنا اس شہر میں

فَلْيَنْظُرْ اَيُّهَآ اَزْكٰى طَعَامًا فَلْيَاْتِكُمْ

پھر دیکھے کون سا کھانا ستھرا ہے سو لائے تمھارے پاس

بِرِزْقٍ مِّنْهُ وَلْيَتَلَطَّفْ وَلَا يُشْعِرَنَّ

اس میں سے کھانا اور نرمی سے جائے اور جتا نہ دے

بِكُمْ اَحَدًا ﴿١٩﴾ اِنَّهُمْ اِنْ يَّظْهَرُوْا

تمھاری خبر کسی کو ﴿١٩﴾ وہ لوگ اگر خبر پالیں

عَلَيْكُمْ يَرْجُمُوْكُمْ اَوْ يُعِيْدُوْكُمْ

تمھاری پتھروں سے مار ڈالیں تم کو یا لوٹا لیں تم کو

فِيْ مِلَّتِهِمْ وَلَنْ تُفْلِحُوْٓا اِذًا اَبَدًا ﴿٢٠﴾

اپنے دین میں اور تب تو بھلا نہ ہوگا تمھارا کبھی ﴿٢٠﴾

وَكَذٰلِكَ اَعْثَرْنَا عَلَيْهِمْ لِيَعْلَمُوْٓا اَنَّ

اور اسی طرح خبر ظاہر کردی ہم نے ان کی تاکہ لوگ جان لیں کہ

وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّاَنَّ السَّاعَةَ لَا رَيْبَ

اللہ کا وعدہ ٹھیک ہے اور قیامت کے آنے میں دھوکہ نہیں

فِيْهَا ۚ اِذْ يَتَنَازَعُوْنَ بَيْنَهُمْ اَمْرَهُمْ

جب جھگڑ رہے تھے آپس میں اپنی بات پر

فَقَالُوا ابْنُوْا عَلَيْهِمْ بُنْيَانًا ؕ رَبُّهُمْ

پھر کہنے لگے بناؤ ان پر ایک عمارت ان کا رب

اَعْلَمُ بِهِمْ ؕ قَالَ الَّذِيْنَ غَلَبُوْا عَلٰٓى

خوب جانتا ہے ان کا حال بولے وہ لوگ جن کا کام غالب تھا

اَمْرِهِمْ لَنَتَّخِذَنَّ عَلَيْهِمْ مَّسْجِدًا ﴿٢١﴾

ہم بنائیں گے ان کی جگہ پر عبادت خانہ ﴿٢١﴾

سَيَقُوْلُوْنَ ثَلٰثَةٌ رَّابِعُهُمْ كَلْبُهُمْ ۚ

اب یہی کہیں گے وہ تین ہیں چوتھا ان کا کتا

وَيَقُوْلُوْنَ خَمْسَةٌ سَادِسُهُمْ كَلْبُهُمْ

اور یہ بھی کہیں گے وہ پانچ ہیں چھٹا ان کا کتا

رَجْمًا ۢ بِالْغَيْبِ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ سَبْعَةٌ

بدون نشانہ دیکھے پتھر چلانا اور یہ بھی کہیں گے وہ سات ہیں

وَّثَامِنُهُمْ كَلْبُهُمْ ؕ قُلْ رَّبِّيْٓ اَعْلَمُ

اور آٹھواں ان کا کتا تو کہہ میرا رب خوب جانتا ہے

بِعِدَّتِهِمْ مَّا يَعْلَمُهُمْ اِلَّا قَلِيْلٌ ۛ قف ٥

ان کی گنتی ان کی خبر نہیں رکھتے مگر تھوڑے لوگ

فَلَا تُمَارِ فِيْهِمْ اِلَّا مِرَآءً ظَاهِرًا ۪ ص

سو مت جھگڑ ان کی بات میں مگر سرسری جھگڑا

وَّلَا تَسْتَفْتِ فِيْهِمْ مِّنْهُمْ اَحَدًا ﴿٢٢﴾ ع ع ٣ ٥ ١٥

اور مت تحقیق کر ان کا حال ان میں کسی سے ﴿٢٢﴾

وَلَا تَقُوْلَنَّ لِشَاْیْءٍ اِنِّیْ فَاعِلٌ ذٰلِكَ

اور نہ کہنا کسی کام کو کہ میں یہ کروں گا

غَدًا ﴿٢٣﴾ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ز وَاذْكُرْ

کل کو ﴿٢٣﴾ مگر یہ کہ اللہ چاہے اور یاد کرلے

رَّبَّكَ اِذَا نَسِيْتَ وَقُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّهْدِيَنِ

اپنے رب کو جب بھول جائے اور کہہ امید ہے کہ میرا رب

رَبِّیْ لِاَقْرَبَ مِنْ هٰذَا رَشَدًا ﴿٢٤﴾ وَلَبِثُوْا

مجھ کو دکھلائے اس سے زیادہ نزدیک راہ نیکی کی ﴿٢٤﴾ اور مدت گزر چکی

فِیْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِیْنَ وَازْدَادُوْا

ان پر اپنی کھوہ میں تین سو برس اور ان کے اوپر

تِسْعًا ﴿٢٥﴾ قُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثُوْا ۚ

نو ﴿٢٥﴾ تو کہہ اللہ خوب جانتا ہے جتنی مدت ان پر گزری

لَهٗ غَیْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اَبْصِرْ

اسی کے پاس ہیں چھپے بھید آسمانوں اور زمین کے کیا عجیب دیکھتا

بِهٖ وَاَسْمِعْ ؕ مَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ

اور سنتا ہے کوئی نہیں بندوں پر اس کے سوائے

وَّلِیٍّ ز وَّلَا یُشْرِكُ فِیْ حُكْمِهٖٓ اَحَدًا ﴿٢٦﴾

مختار اور نہیں شریک کرتا اپنے حکم میں کسی کو ﴿٢٦﴾

وَاتْلُ مَآ اُوْحِیَ اِلَیْكَ مِنْ كِتَابِ

اور پڑھ جو وحی ہوئی تجھ کو تیرے رب

رَبِّكَ ؕ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَلَنْ تَجِدَ

کی کتاب سے کوئی بدلنے والا نہیں اس کی باتیں اور کہیں نہ پائے گا تو

مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ﴿٢٧﴾ وَاصْبِرْ

اس کے سوائے چھپنے کو جگہ ﴿٢٧﴾ اور روکے رکھ

نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ

اپنے آپ کو ان کے ساتھ جو پکارتے ہیں اپنے رب کو

بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ

صبح اور شام طالب ہیں اس کے منہ کے

وَلَا تَعْدُ عَيْنٰكَ عَنْهُمْ ۚ تُرِيْدُ زِيْنَةَ

اور نہ دوڑیں تیری آنکھیں ان کو چھوڑ کر تلاش میں رونق

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا

زندگانی دنیا کی اور نہ کہا مان اس کا جس کا دل غافل کیا ہم نے

قَلْبَهٗ عَنْ ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ

اپنی یاد سے اور پیچھے پڑا ہوا ہے اپنی خوشی کے

وَكَانَ اَمْرُهٗ فُرُطًا ﴿٢٨﴾ وَقُلِ الْحَقُّ ع

اور اس کا کام ہے حد پر نہ رہنا ﴿٢٨﴾ اور کہہ سچی بات ہے

مِنْ رَّبِّكُمْ ۟ قف فَمَنْ شَآءَ فَلْيُؤْمِنْ

تمھارے رب کی طرف سے پھر جو کوئی چاہے مانے

وَّمَنْ شَآءَ فَلْيَكْفُرْ ۚ اِنَّآ اَعْتَدْنَا

اور جو کوئی چاہے نہ مانے ہم نے تیار کر رکھی ہے

لِلظّٰلِمِيْنَ نَارًا اَحَاطَ بِهِمْ سُرَادِقُهَا ؕ

گناہ گاروں کے واسطے آگ کہ گھیر رہی ہیں ان کو اس کی قناتیں

وَاِنْ يَّسْتَغِيْثُوْا يُغَاثُوْا بِمَآءٍ كَالْمُهْلِ

اور اگر فریاد کریں گے تو ملے گا پانی جیسے پیپ

يَشْوِى الْوُجُوْهَ ؕ بِئْسَ الشَّرَابُ ؕ

بھون ڈالے منہ کو کیا برا پینا ہے

وَسَآءَتْ مُرْتَفَقًا ۲۹ اِنَّ الَّذِيْنَ

اور کیا برا آرام ۲۹ بے شک جو لوگ

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اِنَّا لَا نُضِيْعُ

یقین لائے اور کیں نیکیاں ہم نہیں کھوتے

اَجْرَ مَنْ اَحْسَنَ عَمَلًا ﴿٣٠﴾ اُولٰٓئِكَ

بدلہ اس کا جس نے بھلا کیا کام ﴿٣٠﴾ ایسوں

لَهُمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهِمُ

کے واسطے باغ ہیں بسنے کے بہتی ہیں ان کے نیچے

الْاَنْهٰرُ یُحَلَّوْنَ فِیْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ

نہریں پہنائے جائیں گے ان کو وہاں کنگن

ذَهَبٍ وَّیَلْبَسُوْنَ ثِیَابًا خُضْرًا مِّنْ

سونے کے اور پہنیں گے کپڑے سبز

سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ مُّتَّكِـِٕیْنَ فِیْهَا عَلَی

باریک اور گاڑھے ریشم کے تکیہ لگائے ہوئے ان میں

الْاَرَآئِكِ ؕ نِعْمَ الثَّوَابُ ؕ وَحَسُنَتْ

تختوں پر کیا خوب بدلہ ہے اور کیا خوب

ع ٤ ٩ ١٦ مُرْتَفَقًا ﴿٣١﴾ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا

آرام ﴿٣١﴾ اور بتلا ان کو مثل

رَّجُلَيْنِ جَعَلْنَا لِاَحَدِهِمَا جَنَّتَيْنِ

دو مردوں کی کر دیے ہم نے ان میں سے ایک کے لیے دو باغ

مِنْ اَعْنَابٍ وَّحَفَفْنٰهُمَا بِنَخْلٍ وَّجَعَلْنَا

انگور کے اور گرد ان کے کھجوریں اور رکھی

بَيْنَهُمَا زَرْعًا ؕ ٣٢ كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ اٰتَتْ

دونوں کے بیچ میں کھیتی ٣٢ دونوں باغ لاتے ہیں

اُكُلَهَا وَلَمْ تَظْلِمْ مِّنْهُ شَيْـًٔا ۙ وَّفَجَّرْنَا

اپنا میوہ اور نہیں گھٹاتے اس میں سے کچھ اور بہا دی ہم نے

خِلٰلَهُمَا نَهَرًا ۙ ٣٣ وَّكَانَ لَهٗ ثَمَرٌ ۚ فَقَالَ

ان دونوں کے بیچ نہر ٣٣ اور ملا اس کو پھل پھر بولا

لِصَاحِبِهٖ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗٓ اَنَا۠ اَكْثَرُ مِنْكَ

اپنے ساتھی سے جب باتیں کرنے لگا اس سے میرے پاس زیادہ ہے تجھ سے

مَالًا وَّاَعَزُّ نَفَرًا ٣٤ وَدَخَلَ جَنَّتَهٗ

مال اور آبرو کے لوگ ٣٤ اور گیا اپنے باغ میں

وَهُوَ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ۚ قَالَ مَآ اَظُنُّ

اور وہ برا کر رہا تھا اپنی جان پر بولا نہیں آتا مجھ کو خیال

اَنْ تَبِيْدَ هٰذِهٖٓ اَبَدًا ۙ﴿٣٥﴾ وَّمَآ اَظُنُّ

کہ خراب ہووے یہ باغ کبھی ﴿٣٥﴾ اور نہیں خیال کرتا ہوں میں

السَّاعَةَ قَآئِمَةً ۙ وَّلَئِنْ رُّدِدْتُّ اِلٰى

کہ قیامت ہونے والی ہے اور اگر کبھی پہنچا دیا گیا میں

رَبِّيْ لَاَجِدَنَّ خَيْرًا مِّنْهَا مُنْقَلَبًا ۚ﴿٣٦﴾

اپنے رب کے پاس پاؤں گا بہتر اس سے وہاں پہنچ کر ﴿٣٦﴾

قَالَ لَهٗ صَاحِبُهٗ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗٓ

کہا اس کو دوسرے نے جب بات کرنے لگا

اَكَفَرْتَ بِالَّذِيْ خَلَقَكَ مِنْ تُرَابٍ

کیا تو منکر ہوگیا اس سے جس نے پیدا کیا تجھ کو مٹی سے

ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ سَوّٰىكَ رَجُلًا ؕ﴿٣٧﴾

پھر قطرہ سے پھر پورا کردیا تجھ کو مرد ﴿٣٧﴾

لٰكِنَّا۠ هُوَ اللّٰهُ رَبِّیْ وَلَآ اُشْرِكُ بِرَبِّیْٓ

پھر میں تو یہی کہتا ہوں وہی اللہ ہے میرا رب اور نہیں مانتا شریک اپنے رب کا

اَحَدًا ﴿٣٨﴾ وَلَوْلَآ اِذْ دَخَلْتَ جَنَّتَكَ

کسی کو ﴿٣٨﴾ اور جب تو آیا تھا اپنے باغ میں کیوں نہ

قُلْتَ مَا شَآءَ اللّٰهُ ۙ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ۚ

کہا تو نے جو چاہے اللہ سو ہو طاقت نہیں مگر جو دے اللہ

اِنْ تَرَنِ اَنَا اَقَلَّ مِنْكَ مَالًا وَّوَلَدًا ﴿٣٩﴾ۚ

اگر تو دیکھتا ہے مجھ کو کہ میں کم ہوں تجھ سے مال اور اولاد میں ﴿٣٩﴾

فَعَسٰى رَبِّیْٓ اَنْ يُّؤْتِيَنِ خَيْرًا مِّنْ

تو امید ہے کہ میرا رب دیوے مجھ کو تیرے

جَنَّتِكَ وَيُرْسِلَ عَلَيْهَا حُسْبَانًا مِّنَ

باغ سے بہتر اور بھیج دے اس پر لو کا ایک جھونکا

السَّمَآءِ فَتُصْبِحَ صَعِيْدًا زَلَقًا ﴿٤٠﴾ۙ

آسمان سے پھر صبح کو رہ جائے میدان صاف ﴿٤٠﴾

اَوْ يُصْبِحَ مَآؤُهَا غَوْرًا فَلَنْ تَسْتَطِيْعَ

یا صبح کو ہو رہے اس کا پانی خشک پھر نہ لاسکے تو

لَهٗ طَلَبًا ﴿٤١﴾ وَاُحِيْطَ بِثَمَرِهٖ فَاَصْبَحَ

اس کو ڈھونڈ کر ﴿٤١﴾ اور سمیٹ لیا گیا اس کا سارا پھل پھر صبح کو رہ گیا

يُقَلِّبُ كَفَّيْهِ عَلٰى مَآ اَنْفَقَ فِيْهَا

ہاتھ نچاتا اس مال پر جو اس میں لگایا تھا

وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا وَيَقُوْلُ

اور وہ گرا پڑا تھا اپنی چھتریوں پر اور کہنے لگا

يٰلَيْتَنِيْ لَمْ اُشْرِكْ بِرَبِّيْٓ اَحَدًا ﴿٤٢﴾

کیا خوب ہوتا اگر میں شریک نہ بناتا اپنے رب کا کسی کو ﴿٤٢﴾

وَلَمْ تَكُنْ لَّهٗ فِئَةٌ يَّنْصُرُوْنَهٗ

اور نہ ہوئی اس کی جماعت کہ مدد کریں اس کی

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَمَا كَانَ مُنْتَصِرًا ﴿٤٣﴾ ط

اللہ کے سوائے اور نہ ہوا وہ کہ خود بدلہ لے سکے ﴿٤٣﴾

هُنَالِكَ الْوَلَايَةُ لِلّٰهِ الْحَقِّ ؕ هُوَ خَيْرٌ

یہاں سب اختیار ہے اللہ سچے کا اسی کا انعام بہتر ہے

ثَوَابًا وَّخَيْرٌ عُقْبًا ﴿٤٤﴾ وَاضْرِبْ لَهُمْ ع ١٧ ١٣ ٥

اور اچھا ہے اسی کا دیا ہوا بدلہ ﴿٤٤﴾ اور بتلادے ان کو

مَّثَلَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ

مثل دنیا کی زندگی کے جیسے پانی اتارا ہم نے

مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ

آسمان سے پھر رلا ملا نکلا اس کی وجہ سے

الْاَرْضِ فَاَصْبَحَ هَشِيْمًا تَذْرُوْهُ

زمین کا سبزہ پھر کل کو ہوگیا چورا چورا

الرِّيٰحُ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

ہوا میں اڑتا ہوا اور اللہ کو ہے ہر چیز پر

مُّقْتَدِرًا ﴿٤٥﴾ اَلْمَالُ وَالْبَنُوْنَ زِيْنَةُ

قدرت ﴿٤٥﴾ مال اور بیٹے رونق ہیں

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَالْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ

دنیا کی زندگی میں اور باقی رہنے والی نیکیوں کا

خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ اَمَلًا ﴿٤٦﴾

بہتر ہے تیرے رب کے یہاں بدلہ اور بہتر ہے توقع ﴿٤٦﴾

وَيَوْمَ نُسَيِّرُ الْجِبَالَ وَتَرَى الْاَرْضَ

اور جس دن ہم چلائیں پہاڑ اور تو دیکھے زمین کو

بَارِزَةً ۙ وَّحَشَرْنٰهُمْ فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْهُمْ

کھلی ہوئی اور گھیر بلائیں ہم ان کو پھر نہ چھوڑیں ان میں سے

اَحَدًا ۚ ﴿٤٧﴾ وَعُرِضُوْا عَلٰى رَبِّكَ صَفًّا ؕ لَقَدْ

ایک کو ﴿٤٧﴾ اور سامنے آئیں تیرے رب کے صف باندھ کر

جِئْتُمُوْنَا كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۭ بَلْ

آپہنچے تم ہمارے پاس جیسا ہم نے بنایا تھا تم کو پہلی بار، نہیں

زَعَمْتُمْ اَلَّنْ نَّجْعَلَ لَكُمْ مَّوْعِدًا ﴿٤٨﴾

تم تو کہتے تھے کہ نہ مقرر کریں گے ہم تمھارے لیے کوئی وعدہ ﴿٤٨﴾

وَ وُضِعَ الْكِتٰبُ فَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ

اور رکھا جائے گا حساب کا کاغذ پھر تو دیکھے گناہ گاروں کو

مُشْفِقِيْنَ مِمَّا فِيْهِ وَيَقُوْلُوْنَ

ڈرتے ہیں اس سے جو اس میں لکھا ہے اور کہتے ہیں

يٰوَيْلَتَنَا مَالِ هٰذَا الْكِتٰبِ لَا يُغَادِرُ

ہائے خرابی کیسا ہے یہ کاغذ نہیں چھوٹی اس سے

صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً اِلَّآ اَحْصٰىهَا ۚ

چھوٹی بات اور نہ بڑی بات جو اس میں نہیں آگئی

وَ وَجَدُوْا مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا ؕ

اور پائیں گے جو کچھ کیا ہے سامنے

وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ اَحَدًا ﴿٤٩﴾ وَاِذْ قُلْنَا ع ٦ ١٨ ع ٥

اور تیرا رب ظلم نہ کرے گا کسی پر ﴿٤٩﴾ اور جب کہا ہم نے

لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا

فرشتوں کو سجدہ کرو آدم کو تو سجدہ میں گر پڑے

اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ كَانَ مِنَ الْجِنِّ فَفَسَقَ

مگر ابلیس تھا جن کی قسم سے سو نکل بھاگا

عَنْ اَمْرِ رَبِّهٖ ؕ اَفَتَتَّخِذُوْنَهٗ

اپنے رب کے حکم سے سو کیا اب تم ٹھہراتے ہو اس کو

وَذُرِّيَّتَهٗٓ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِيْ وَهُمْ

اور اس کی اولاد کو رفیق میرے سوا اور وہ

لَكُمْ عَدُوٌّ ؕ بِئْسَ لِلظّٰلِمِيْنَ بَدَلًا ﴿٥٠﴾

تمھارے دشمن ہیں برا ہاتھ لگا بےانصافوں کے بدلہ ﴿٥٠﴾

مَآ اَشْهَدْتُّهُمْ خَلْقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

دکھلا نہیں لیا تھا میں نے ان کو بنانا آسمانوں اور زمین کا

وَلَا خَلْقَ اَنْفُسِهِمْ ۖ وَمَا كُنْتُ

اور نہ بنانا خود ان کا اور میں وہ نہیں

مُتَّخِذَ الْمُضِلِّيْنَ عَضُدًا ﴿٥١﴾ وَيَوْمَ

کہ بناؤں بہکانے والوں کو اپنا مددگار ﴿٥١﴾ اور جس دن

يَقُوْلُ نَادُوْا شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ

فرمائے گا پکارو میرے شریکوں کو جن کو تم مانتے تھے

فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ وَجَعَلْنَا

پھر پکاریں گے سو وہ جواب نہ دیں گے ان کو اور کردیں گے ہم

بَيْنَهُمْ مَّوْبِقًا ﴿٥٢﴾ وَرَاَ الْمُجْرِمُوْنَ النَّارَ

ان کے اور ان کے بیچ مرنے کی جگہ ﴿٥٢﴾ اور دیکھیں گے گناہ گار

فَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ مُّوَاقِعُوْهَا وَلَمْ يَجِدُوْا

آگ کو پھر سمجھ لیں گے کہ ان کو پڑنا ہے اس میں اور نہ

عَنْهَا مَصْرِفًا ﴿٥٣﴾ ع وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِيْ ع ٧ ١٩

بدل سکیں گے اس سے راستہ ﴿٥٣﴾ اور بے شک پھیر پھیر کر سمجھائی ہم نے

هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِلنَّاسِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ؕ

اس قرآن میں لوگوں کو ہر ایک مثل

وَكَانَ الْاِنْسَانُ اَكْثَرَ شَيْءٍ جَدَلًا ﴿٥٤﴾

اور ہے انسان سب چیز سے زیادہ جھگڑالو ﴿٥٤﴾

وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا اِذْ جَآءَهُمُ

اور لوگوں کو جو روکا اس بات سے کہ یقین لے آئیں جب پہنچی ان کو

الْهُدٰى وَيَسْتَغْفِرُوْا رَبَّهُمْ اِلَّآ اَنْ

ہدایت اور گناہ بخشوائیں اپنے رب سے سو اسی انتظار نے کہ

تَاْتِيَهُمْ سُنَّةُ الْاَوَّلِيْنَ اَوْ يَاْتِيَهُمُ

پہنچے ان پر رسم پہلوں کی یا آ کھڑا ہو ان پر

الْعَذَابُ قُبُلًا ﴿٥٥﴾ وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِيْنَ

عذاب سامنے کا ﴿٥٥﴾ اور ہم جو رسول بھیجتے ہیں

اِلَّا مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ۚ وَيُجَادِلُ

سو خوش خبری اور ڈر سنانے کو اور جھگڑا کرتے ہیں

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوْا

کافر جھوٹا جھگڑا کہ ٹلا دیں

بِهِ الْحَقَّ وَاتَّخَذُوْٓا اٰيٰتِيْ وَمَآ اُنْذِرُوْا

اس سے سچی بات کو اور ٹھہرا لیا انہوں نے میرے کلام کو اور جو ڈر سنائے گئے

هُزُوًا ﴿٥٦﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ

ٹھٹھا ﴿٥٦﴾ اور اس سے زیادہ ظالم کون جس کو سمجھایا اس کے

رَبِّهٖ فَاَعْرَضَ عَنْهَا وَنَسِيَ مَا قَدَّمَتْ

رب کے کلام سے پھر منہ پھیر لیا اس کی طرف سے اور بھول گیا جو کچھ

يَدٰهُ ؕ اِنَّا جَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً

آگے بھیج چکے ہیں اس کے ہاتھ ہم نے ڈال دیے ہیں ان کے دلوں پر پردے

اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ؕ وَاِنْ

کہ اس کو نہ سمجھیں اور ان کے کانوں میں ہے بوجھ اور اگر

تَدْعُهُمْ اِلَى الْهُدٰى فَلَنْ يَّهْتَدُوْٓا اِذًا

تو ان کو بلائے راہ پر تو ہرگز نہ آئیں راہ پر اس وقت

اَبَدًا ﴿٥٧﴾ وَرَبُّكَ الْغَفُوْرُ ذُو الرَّحْمَةِ ؕ لَوْ

کبھی ﴿٥٧﴾ اور تیرا رب بڑا بخشنے والا ہے رحمت والا اگر

يُؤَاخِذُهُمْ بِمَا كَسَبُوْا لَعَجَّلَ لَهُمُ

ان کو پکڑے ان کے کیے پر تو جلد ڈالے ان پر

الْعَذَابَ ؕ بَلْ لَّهُمْ مَّوْعِدٌ لَّنْ يَّجِدُوْا

عذاب، پر اُن کے لیے ایک وعدہ ہے کہیں نہ پائیں گے

مِنْ دُوْنِهٖ مَوْئِلًا ﴿٥٨﴾ وَتِلْكَ الْقُرٰٓى

اس سے ورے سرک جانے کو جگہ ﴿٥٨﴾ اور یہ سب بستیاں ہیں

اَهْلَكْنٰهُمْ لَمَّا ظَلَمُوْا وَجَعَلْنَا لِمَهْلِكِهِمْ

جن کو ہم نے غارت کیا جب وہ ظالم ہو گئے اور مقرر کیا تھا ہم نے ان کی ہلاکت کا

ع ٨ ٢٠ ٢ مَّوْعِدًا ﴿٥٩﴾ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِفَتٰىهُ

ایک وعدہ ﴿٥٩﴾ اور جب کہا موسیٰ نے اپنے جوان کو

لَآ اَبْرَحُ حَتّٰٓى اَبْلُغَ مَجْمَعَ الْبَحْرَيْنِ

میں نہ ہٹوں گا جب تک نہ پہنچ جاؤں جہاں ملتے ہیں دو دریا

اَوْ اَمْضِىَ حُقُبًا ﴿٦٠﴾ فَلَمَّا بَلَغَا مَجْمَعَ

یا چلا جاؤں قرنوں ﴿٦٠﴾ پھر جب پہنچے دونوں دریا کے ملاپ تک

بَيْنِهِمَا نَسِيَا حُوْتَهُمَا فَاتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ

بھول گئے اپنی مچھلی پھر اس نے اپنی راہ کر لی

فِي الْبَحْرِ سَرَبًا ﴿٦١﴾ فَلَمَّا جَاوَزَا قَالَ

دریا میں سرنگ بنا کر ﴿٦١﴾ پھر جب آگے چلے کہا موسیٰ نے

لِفَتٰىهُ اٰتِنَا غَدَآءَنَا ۫ لَقَدْ لَقِيْنَا مِنْ

اپنے جوان کو لا ہمارے پاس ہمارا کھانا ہم نے پائی

سَفَرِنَا هٰذَا نَصَبًا ﴿٦٢﴾ قَالَ اَرَءَيْتَ اِذْ

اپنے اس سفر میں تکلیف ﴿٦٢﴾ بولا وہ دیکھا تو نے جب

اَوَيْنَآ اِلَى الصَّخْرَةِ فَاِنِّيْ نَسِيْتُ

ہم نے جگہ پکڑی اس پتھر کے پاس سو میں بھول گیا

الْحُوْتَ ۫ وَمَآ اَنْسٰنِيْهُ اِلَّا الشَّيْطٰنُ

مچھلی اور یہ مجھ کو بھلا دیا شیطان ہی نے

اَنْ اَذْكُرَهٗ ۚ وَاتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ فِي الْبَحْرِ ۖ قف

کہ اس کا ذکر کروں اور اس نے کرلیا اپنا راستہ دریا میں

عَجَبًا ﴿٦٣﴾ قَالَ ذٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ ۖ قف

عجیب طرح ﴿٦٣﴾ کہا یہی ہے جو ہم چاہتے تھے

فَارْتَدَّا عَلٰٓى اٰثَارِهِمَا قَصَصًا ﴿٦٤﴾ فَوَجَدَا

پھر الٹے پھرے اپنے پیر پہچانتے ﴿٦٤﴾ پھر پایا

عَبْدًا مِّنْ عِبَادِنَآ اٰتَيْنٰهُ رَحْمَةً مِّنْ

ایک بندہ ہمارے بندوں میں کہ جس کو دی تھی ہم نے رحمت

عِنْدِنَا وَعَلَّمْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّا عِلْمًا ﴿٦٥﴾

اپنے پاس سے اور سکھلایا تھا اپنے پاس سے ایک علم ﴿٦٥﴾

قَالَ لَهٗ مُوْسٰى هَلْ اَتَّبِعُكَ عَلٰٓى اَنْ

کہا اس کو موسیٰ نے کہے تو تیرے ساتھ رہوں اس بات پر کہ

تُعَلِّمَنِ مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا ﴿٦٦﴾ قَالَ اِنَّكَ

مجھ کو سکھلادے کچھ جو تجھ کو سکھلائی ہے بھلی راہ ﴿٦٦﴾ بولا تو

لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا ﴿٦٧﴾ وَكَيْفَ

نہ ٹھہر سکے گا میرے ساتھ ﴿٦٧﴾ اور کیونکر

تَصْبِرُ عَلٰى مَا لَمْ تُحِطْ بِهٖ خُبْرًا ﴿٦٨﴾

ٹھہرے گا دیکھ کر ایسی چیز کو کہ تیرے قابو میں نہیں اس کا سمجھنا ﴿٦٨﴾

قَالَ سَتَجِدُنِیْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ صَابِرًا

کہا تو پائے گا اگر اللہ نے چاہا مجھ کو ٹھہرنے والا

وَّلَآ اَعْصِیْ لَكَ اَمْرًا ﴿٦٩﴾ قَالَ فَاِنِ

اور نہ ٹالوں گا تیرا کوئی حکم ﴿٦٩﴾ بولا پھر اگر

اتَّبَعْتَنِیْ فَلَا تَسْـَٔلْنِیْ عَنْ شَیْءٍ حَتّٰٓی

میرے ساتھ رہنا ہے تو مت پوچھیو مجھ سے کوئی چیز جب تک

اُحْدِثَ لَكَ مِنْهُ ذِكْرًا ﴿٧٠﴾ ع فَانْطَلَقَا قف ع ١١ ٩ ٢١

میں شروع نہ کروں تیرے آگے اس کا ذکر ﴿٧٠﴾ پھر دونوں چلے

حَتّٰٓی اِذَا رَكِبَا فِی السَّفِیْنَةِ خَرَقَهَا ط

یہاں تک کہ جب چڑھے کشتی میں اس کو پھاڑ ڈالا

قَالَ اَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ اَهْلَهَا ج لَقَدْ

موسیٰ بولا کیا تو نے اس کو پھاڑ ڈالا کہ ڈبادے اس کے لوگوں کو البتہ

جِئْتَ شَیْـًٔا اِمْرًا ﴿٧١﴾ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ

تو نے کی ایک چیز بھاری ﴿٧١﴾ بولا میں نے نہ کہا تھا

اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا ﴿٧٢﴾

تو نہ ٹھہر سکے گا میرے ساتھ ﴿٧٢﴾

قَالَ لَا تُؤَاخِذْنِيْ بِمَا نَسِيْتُ

کہا مجھ کو نہ پکڑ میری بھول پر

وَ لَا تُرْهِقْنِيْ مِنْ اَمْرِيْ عُسْرًا ﴿٧٣﴾

اور مت ڈال مجھ پر میرا کام مشکل ﴿٧٣﴾

فَانْطَلَقَا ق حَتّٰٓى اِذَا لَقِيَا غُلٰمًا

پھر دونوں چلے یہاں تک کہ جب ملے ایک لڑکے سے

فَقَتَلَهٗ لا قَالَ اَقَتَلْتَ نَفْسًا

تو اس کو مار ڈالا موسیٰ بولا کیا تو نے مار ڈالی ایک جان

زَكِيَّةًۢ بِغَيْرِ نَفْسٍ ط لَقَدْ جِئْتَ

ستھری بغیر عوض کسی جان کے بے شک تو نے کی

شَيْـًٔا نُّكْرًا ﴿٧٤﴾

ایک چیز نامعقول ﴿٧٤﴾

قَالَ اَلَمۡ اَقُلۡ لَّكَ اِنَّكَ لَنۡ تَسۡتَطِيۡعَ

بولا میں نے تجھ کو نہ کہا تھا کہ تو نہ ٹھہر سکے گا

مَعِيَ صَبۡرًا ﴿٧٥﴾ قَالَ اِنۡ سَاَلۡتُكَ عَنۡ

میرے ساتھ ﴿٧٥﴾ کہا اگر تجھ سے پوچھوں

شَيۡءٍ بَعۡدَهَا فَلَا تُصٰحِبۡنِيۡ ۚ قَدۡ

کوئی چیز اس کے بعد تو مجھ کو ساتھ نہ رکھیو

بَلَغۡتَ مِنۡ لَّدُنِّيۡ عُذۡرًا ﴿٧٦﴾ فَانۡطَلَقَا قف

تو اتار چکا میری طرف سے الزام ﴿٧٦﴾ پھر دونوں چلے

حَتّٰۤى اِذَاۤ اَتَيَاۤ اَهۡلَ قَرۡيَةِ ِۨ اسۡتَطۡعَمَاۤ

یہاں تک کہ جب پہنچے ایک گاؤں کے لوگوں تک کھانا چاہا

اَهۡلَهَا فَاَبَوۡا اَنۡ يُّضَيِّفُوۡهُمَا فَوَجَدَا

وہاں کے لوگوں سے انہوں نے نہ مانا کہ ان کو مہمان رکھیں پھر پائی

فِيۡهَا جِدَارًا يُّرِيۡدُ اَنۡ يَّنۡقَضَّ

وہاں ایک دیوار جو گرا چاہتی تھی

فَاَقَامَهٗ ؕ قَالَ لَوۡ شِئۡتَ لَتَّخَذۡتَ

اس کو سیدھا کردیا بولا موسیٰ اگر تو چاہتا تو لے لیتا

عَلَيۡهِ اَجۡرًا ﴿۷۷﴾ قَالَ هٰذَا فِرَاقُ

اس پر مزدوری ﴿۷۷﴾ کہا اب جدائی ہے

بَيۡنِىۡ وَبَيۡنِكَ ۚ سَاُنَبِّئُكَ بِتَاۡوِيۡلِ مَا

میرے اور تیرے بیچ اب جتائے دیتا ہوں تجھ کو پھیر ان باتوں کا

لَمۡ تَسۡتَطِعۡ عَّلَيۡهِ صَبۡرًا ﴿۷۸﴾ اَمَّا السَّفِيۡنَةُ

جس پر تو صبر نہ کرسکا ﴿۷۸﴾ وہ جو کشتی تھی

فَكَانَتۡ لِمَسٰكِيۡنَ يَعۡمَلُوۡنَ فِى الۡبَحۡرِ

سو چند محتاجوں کی جو محنت کرتے تھے دریا میں

فَاَرَدۡتُّ اَنۡ اَعِيۡبَهَا وَكَانَ وَرَآءَهُمۡ

سو میں نے چاہا کہ اس میں عیب ڈال دوں اور ان کے پرے تھا

مَّلِكٌ يَّاۡخُذُ كُلَّ سَفِيۡنَةٍ غَصۡبًا ﴿۷۹﴾

ایک بادشاہ جو لے لیتا تھا ہر کشتی کو چھین کر ﴿۷۹﴾

وَاَمَّا الۡغُلٰمُ فَكَانَ اَبَوٰهُ مُؤۡمِنَيۡنِ

اور جو لڑکا تھا سو اس کے ماں باپ تھے ایمان والے

فَخَشِيۡنَاۤ اَنۡ يُّرۡهِقَهُمَا طُغۡيَانًا

پھر ہم کو اندیشہ ہوا کہ ان کو عاجز کر دے زبردستی

وَّكُفۡرًا ۚ﴿۸۰﴾ فَاَرَدۡنَاۤ اَنۡ يُّبۡدِلَهُمَا رَبُّهُمَا

اور کفر کر کر ﴿۸۰﴾ پھر ہم نے چاہا کہ بدلہ دے ان کو ان کا رب

خَيۡرًا مِّنۡهُ زَكٰوةً وَّاَقۡرَبَ رُحۡمًا ﴿۸۱﴾

بہتر اس سے پاکیزگی میں اور نزدیک تر شفقت میں ﴿۸۱﴾

وَاَمَّا الۡجِدَارُ فَكَانَ لِغُلٰمَيۡنِ يَتِيۡمَيۡنِ

اور وہ جو دیوار تھی سو دو یتیم لڑکوں کی تھی

فِى الۡمَدِيۡنَةِ وَكَانَ تَحۡتَهٗ كَنۡزٌ لَّهُمَا

اس شہر میں اور اس کے نیچے مال گڑا تھا ان کا

وَكَانَ اَبُوۡهُمَا صَالِحًا ۚ فَاَرَادَ رَبُّكَ

اور ان کا باپ تھا نیک پھر چاہا تیرے رب نے

اَنۡ يَّبۡلُغَاۤ اَشُدَّهُمَا وَيَسۡتَخۡرِجَا

کہ وہ پہنچ جائیں اپنی جوانی کو اور نکالیں

كَنۡزَهُمَا ۖ رَحۡمَةً مِّنۡ رَّبِّكَ ۚ وَمَا

اپنا مال گڑا ہوا مہربانی سے تیرے رب کی

فَعَلۡتُهٗ عَنۡ اَمۡرِىۡ ؕ ذٰلِكَ تَاۡوِيۡلُ مَا لَمۡ

اور میں نے یہ نہیں کیا اپنے حکم سے یہ ہے پھیر ان چیزوں کا

ع ١٢ ١ تَسۡطِعۡ عَّلَيۡهِ صَبۡرًا ﴿٨٢﴾ وَيَسۡـَٔلُوۡنَكَ عَنۡ

جن پر تو صبر نہ کرسکا ﴿٨٢﴾ اور تجھ سے پوچھتے ہیں

ذِى الۡقَرۡنَيۡنِ ؕ قُلۡ سَاَتۡلُوۡا عَلَيۡكُمۡ مِّنۡهُ

ذوالقرنین کو کہہ اب پڑھتا ہوں تمھارے آگے اس کا

ذِكۡرًا ﴿٨٣﴾ اِنَّا مَكَّنَّا لَهٗ فِى الۡاَرۡضِ

کچھ احوال ﴿٨٣﴾ ہم نے اس کو جمایا تھا ملک میں

وَاٰتَيۡنٰهُ مِنۡ كُلِّ شَىۡءٍ سَبَبًا ﴿٨٤﴾ فَاَتۡبَعَ

اور دیا تھا ہم نے اس کو ہر چیز کا سامان ﴿٨٤﴾ پھر پیچھے پڑا

سَبَبًا ﴿٨٥﴾ حَتّٰۤى اِذَا بَلَغَ مَغۡرِبَ الشَّمۡسِ

ایک سامان کے ﴿٨٥﴾ یہاں تک کہ جب پہنچا سورج ڈوبنے کی جگہ

وَجَدَهَا تَغۡرُبُ فِىۡ عَيۡنٍ حَمِئَةٍ وَّوَجَدَ

پایا کہ وہ ڈوبتا ہے ایک دلدل کی ندی میں اور پایا

عِنۡدَهَا قَوۡمًا ؕ قُلۡنَا يٰذَا الۡقَرۡنَيۡنِ

اس کے پاس لوگوں کو ہم نے کہا اے ذوالقرنین

اِمَّاۤ اَنۡ تُعَذِّبَ وَاِمَّاۤ اَنۡ تَتَّخِذَ

یا تو تُو لوگوں کو تکلیف دے اور یا رکھ

فِيۡهِمۡ حُسۡنًا ﴿٨٦﴾ قَالَ اَمَّا مَنۡ ظَلَمَ

ان میں خوبی ﴿٨٦﴾ بولا جو کوئی ہوگا بےانصاف

فَسَوۡفَ نُعَذِّبُهٗ ثُمَّ يُرَدُّ اِلٰى رَبِّهٖ

سو ہم اس کو سزا دیں گے پھر لوٹ جائے گا اپنے رب کے پاس

فَيُعَذِّبُهٗ عَذَابًا نُّكۡرًا ﴿٨٧﴾ وَاَمَّا مَنۡ

وہ عذاب دے گا اس کا برا عذاب ﴿٨٧﴾ اور جو کوئی

اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهٗ جَزَآءَ ۨ الۡحُسۡنٰى ۚ

یقین لایا اور کیا اس نے بھلا کام سو اس کا بدلہ بھلائی ہے

وَسَنَقُوۡلُ لَهٗ مِنۡ اَمۡرِنَا يُسۡرًا ؕ ﴿٨٨﴾ ثُمَّ

اور ہم حکم دیں گے اس کو اپنے کام میں آسانی ﴿٨٨﴾ پھر

اَتۡبَعَ سَبَبًا ﴿٨٩﴾ حَتّٰۤى اِذَا بَلَغَ مَطۡلِعَ

لگا ایک سامان کے پیچھے ﴿٨٩﴾ یہاں تک کہ جب پہنچا

الشَّمۡسِ وَجَدَهَا تَطۡلُعُ عَلٰى قَوۡمٍ

سورج نکلنے کی جگہ پایا اس کو کہ نکلتا ہے ایک قوم پر

لَّمۡ نَجۡعَلۡ لَّهُمۡ مِّنۡ دُوۡنِهَا سِتۡرًا ۙ ﴿٩٠﴾

کہ نہیں بنادیا ہم نے ان کے لیے آفتاب سے ورے کوئی حجاب ﴿٩٠﴾

كَذٰلِكَ ؕ وَقَدۡ اَحَطۡنَا بِمَا لَدَيۡهِ

یونہی ہے اور ہمارے قابو میں آچکی ہے اس کے پاس کی

خُبۡرًا ﴿٩١﴾ ثُمَّ اَتۡبَعَ سَبَبًا ﴿٩٢﴾ حَتّٰۤى اِذَا

خبر ﴿٩١﴾ پھر لگا ایک سامان کے پیچھے ﴿٩٢﴾ یہاں تک کہ جب

بَلَغَ بَيۡنَ السَّدَّيۡنِ وَجَدَ مِنۡ دُوۡنِهِمَا

پہنچا دو پہاڑوں کے بیچ پائے ان سے ورے

قَوۡمًا ۙ لَّا يَكَادُوۡنَ يَفۡقَهُوۡنَ قَوۡلًا ﴿٩٣﴾

ایسے لوگ جو لگتے نہیں کہ سمجھیں ایک بات ﴿٩٣﴾

قَالُوۡا يٰذَا الۡقَرۡنَيۡنِ اِنَّ يَاۡجُوۡجَ وَمَاۡجُوۡجَ

بولے اے ذوالقرنین! یہ یاجوج و ماجوج

مُفۡسِدُوۡنَ فِى الۡاَرۡضِ فَهَلۡ نَجۡعَلُ

دھوم اٹھاتے ہیں ملک میں سو تو کہے تو ہم مقرر کردیں

لَكَ خَرۡجًا عَلٰٓى اَنۡ تَجۡعَلَ بَيۡنَنَا

تیرے واسطے کچھ محصول اس شرط پر کہ بنا دے تو ہم میں

وَبَيۡنَهُمۡ سَدًّا ﴿٩٤﴾ قَالَ مَا مَكَّنِّىۡ فِيۡهِ

ان میں ایک آڑ ﴿٩٤﴾ بولا جو مقدور دیا مجھ کو

رَبِّىۡ خَيۡرٌ فَاَعِيۡنُوۡنِىۡ بِقُوَّةٍ اَجۡعَلۡ

میرے رب نے وہ بہتر ہے سو مدد کرو میری محنت میں بنادوں

بَيۡنَكُمۡ وَبَيۡنَهُمۡ رَدۡمًا ﴿٩٥﴾ اٰتُوۡنِىۡ زُبَرَ

تمھارے ان کے بیچ ایک دیوار موٹی ﴿٩٥﴾ لادو مجھ کو تختے

الۡحَدِيۡدِ ؕ حَتّٰٓى اِذَا سَاوٰى بَيۡنَ

لوہے کے یہاں تک کہ جب برابر کردیا

الصَّدَفَيۡنِ قَالَ انۡفُخُوۡا ؕ حَتّٰٓى اِذَا

دونوں پھانکوں تک پہاڑ کی کہا دھونکو یہاں تک کہ جب

جَعَلَهٗ نَارًا ۙ قَالَ اٰتُوۡنِىۡٓ اُفۡرِغۡ عَلَيۡهِ

کردیا اس کو آگ کہا لاؤ میرے پاس کہ ڈالوں اس پر

قِطۡرًا ﴿٩٦﴾ ؕ فَمَا اسۡطَاعُوۡۤا اَنۡ يَّظۡهَرُوۡهُ

پگھلا ہوا تانبا ﴿٩٦﴾ پھر نہ چڑھ سکیں اس پر

وَمَا اسۡتَطَاعُوۡا لَهٗ نَقۡبًا ﴿٩٧﴾ قَالَ هٰذَا

اور نہ کرسکیں اس میں سوراخ ﴿٩٧﴾ بولا یہ

رَحۡمَةٌ مِّنۡ رَّبِّىۡ ۚ فَاِذَا جَآءَ وَعۡدُ رَبِّىۡ

ایک مہربانی ہے میرے رب کی پھر جب آئے وعدہ میرے رب کا

جَعَلَهٗ دَكَّآءَ ۚ وَكَانَ وَعۡدُ رَبِّيۡ حَقًّا ۖ ﴿٩٨﴾

گرادے اس کو ڈھا کر اور ہے وعدہ میرے رب کا سچا ﴿٩٨﴾

وَتَرَكۡنَا بَعۡضَهُمۡ يَوۡمَئِذٍ يَّمُوۡجُ فِيۡ

اور چھوڑ دیں گے ہم خلق کو اس دن ایک دوسرے میں

بَعۡضٍ وَّنُفِخَ فِي الصُّوۡرِ فَجَمَعۡنٰهُمۡ

گھستے اور پھونک ماریں گے صور میں پھر جمع کر لائیں گے ہم ان

جَمۡعًا ۙ ﴿٩٩﴾ وَّعَرَضۡنَا جَهَنَّمَ يَوۡمَئِذٍ

سب کو ﴿٩٩﴾ اور دکھلادیں ہم دوزخ اس دن

لِّلۡكٰفِرِيۡنَ عَرۡضًا ۙ ﴿١٠٠﴾ الَّذِيۡنَ كَانَتۡ

کافروں کو سامنے ﴿١٠٠﴾ جن کی

اَعۡيُنُهُمۡ فِيۡ غِطَآءٍ عَنۡ ذِكۡرِيۡ وَكَانُوۡا

آنکھوں پر پردہ پڑا تھا میری یاد سے اور

لَا يَسۡتَطِيۡعُوۡنَ سَمۡعًا ﴿١٠١﴾ اَفَحَسِبَ ع ١١ ١٩ ٢

نہ سن سکتے تھے ﴿١٠١﴾ اب کیا سمجھتے ہیں

الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡۤا اَنۡ يَّتَّخِذُوۡا عِبَادِىۡ

منکر کہ ٹھہرائیں میرے بندوں کو

مِنۡ دُوۡنِىۡۤ اَوۡلِيَآءَ ؕ اِنَّاۤ اَعۡتَدۡنَا جَهَنَّمَ

میرے سوا حمایتی ہم نے تیار کیا ہے دوزخ کو

لِلۡكٰفِرِيۡنَ نُزُلًا ﴿۱۰۲﴾ قُلۡ هَلۡ نُنَبِّئُكُمۡ

کافروں کی مہمانی ﴿۱۰۲﴾ تو کہہ ہم بتائیں تم کو

بِالۡاَخۡسَرِيۡنَ اَعۡمَالًا ﴿۱۰۳﴾ ؕ اَلَّذِيۡنَ

کن کا کیا ہوا گیا بہت اکارت ﴿۱۰۳﴾ وہ لوگ

ضَلَّ سَعۡيُهُمۡ فِى الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا وَهُمۡ

جن کی کوشش بھٹکتی رہی دنیا کی زندگی میں اور وہ

يَحۡسَبُوۡنَ اَنَّهُمۡ يُحۡسِنُوۡنَ صُنۡعًا ﴿۱۰۴﴾

سمجھتے رہے کہ خوب بناتے ہیں کام ﴿۱۰۴﴾

اُولٰٓئِكَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمۡ

وہی ہیں جو منکر ہوئے اپنے رب کی نشانیوں سے

وَلِقَآئِهٖ فَحَبِطَتۡ اَعۡمَالُهُمۡ فَلَا نُقِيۡمُ

اور اس کے ملنے سے سو برباد گیا ان کا کیا ہوا پھر نہ کھڑی کریں گے ہم

لَهُمۡ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ وَزۡنًا ﴿١٠٥﴾ ذٰلِكَ

ان کے واسطے قیامت کے دن تول ﴿١٠٥﴾ یہ

جَزَآؤُهُمۡ جَهَنَّمُ بِمَا كَفَرُوۡا وَاتَّخَذُوۡۤا

بدلہ ان کا ہے دوزخ اس پر کہ منکر ہوئے اور ٹھہرایا

اٰيٰتِىۡ وَرُسُلِىۡ هُزُوًا ﴿١٠٦﴾ اِنَّ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا

میری باتوں اور میرے رسولوں کو ٹھٹھا ﴿١٠٦﴾ جو لوگ ایمان لائے ہیں

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتۡ لَهُمۡ جَنّٰتُ

اور کیے ہیں بھلے کام ان کے واسطے ہے

الۡفِرۡدَوۡسِ نُزُلًا ﴿١٠٧﴾ خٰلِدِيۡنَ فِيۡهَا

ٹھنڈی چھاؤں کے باغ مہمانی ﴿١٠٧﴾ رہا کریں ان میں

لَا يَبۡغُوۡنَ عَنۡهَا حِوَلًا ﴿١٠٨﴾ قُلۡ لَّوۡ كَانَ

نہ چاہیں وہاں سے جگہ بدلنی ﴿١٠٨﴾ تو کہہ اگر

الۡبَحۡرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّیۡ لَنَفِدَ

دریا سیاہی ہو کر لکھے میرے رب کی باتیں بے شک دریا خرچ

الۡبَحۡرُ قَبۡلَ اَنۡ تَنۡفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّیۡ وَلَوۡ

ہو چکے ابھی نہ پوری ہوں میرے رب کی باتیں اور اگرچہ

جِئۡنَا بِمِثۡلِهٖ مَدَدًا ﴿١٠٩﴾ قُلۡ اِنَّمَاۤ اَنَا

دوسرا بھی لائیں ہم ویسا ہی اس کی مدد کو ﴿١٠٩﴾ تو کہہ میں بھی

بَشَرٌ مِّثۡلُكُمۡ يُوۡحٰۤى اِلَىَّ اَنَّمَاۤ اِلٰهُكُمۡ

ایک آدمی ہوں جیسے تم، حکم آتا ہے مجھ کو کہ معبود تمھارا

اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَمَنۡ كَانَ يَرۡجُوۡا لِقَآءَ

ایک معبود ہے سو پھر جس کو امید ہو ملنے کی

رَبِّهٖ فَلۡيَعۡمَلۡ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشۡرِكۡ

اپنے رب سے سو وہ کرے کچھ کام نیک اور شریک نہ کرے

بِعِبَادَةِ رَبِّهٖۤ اَحَدًا ﴿١١٠﴾ ع ١٢ ع ٩ ٣

اپنے رب کی بندگی میں کسی کو ﴿١١٠﴾

(سورۂ مریم مکّہ مکرمہ میں نازل ہوئی مگر آیت (۵۸) اور (۷۱) مدینہ منوّرہ میں نازل ہوئی، اِس میں (۹۸) آیتیں اور (۶) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۴۴) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۱۹) نمبر پر ہے اور سورۂ فاطر کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (۷۸۰) کلمات ہیں | بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ | اس میں (۳۷۸۰) حروف ہیں

كٓهٰيٰعٓصٓ ۚ ﴿١﴾ ذِكۡرُ رَحۡمَتِ رَبِّكَ

كٓهٰيٰعٓصٓ ① یہ مذکور ہے تیرے رب کی رحمت کا

عَبۡدَهٗ زَكَرِيَّا ؕ ﴿٢﴾ اِذۡ نَادٰى رَبَّهٗ

اپنے بندہ زکریا پر ② جب پکارا اس نے اپنے رب کو

نِدَآءً خَفِيًّا ﴿٣﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّىۡ وَهَنَ

چھپی آواز سے ③ بولا اے میرے رب بوڑھی ہوگئیں

الۡعَظۡمُ مِنِّىۡ وَاشۡتَعَلَ الرَّاۡسُ شَيۡبًا

میری ہڈیاں اور شعلہ نکلا سر سے بڑھاپے کا

وَّلَمۡ اَكُنۡ بِدُعَآئِكَ رَبِّ شَقِيًّا ﴿٤﴾

اور تجھ سے مانگ کر اے رب میں کبھی محروم نہیں رہا ④

وَاِنِّىۡ خِفۡتُ الۡمَوَالِىَ مِنۡ وَّرَآءِىۡ

اور میں ڈرتا ہوں بھائی بندوں سے اپنے پیچھے

وَكَانَتِ امۡرَاَتِيۡ عَاقِرًا فَهَبۡ لِيۡ مِنۡ

اور عورت میری بانجھ ہے سو بخش تو مجھ کو

لَّدُنۡكَ وَلِيًّا ۙ﴿۵﴾ يَّرِثُنِيۡ وَيَرِثُ مِنۡ

اپنے پاس سے ایک کام اٹھانے والا ﴿۵﴾ جو میری جگہ بیٹھے اور

اٰلِ يَعۡقُوۡبَ ۗ وَاجۡعَلۡهُ رَبِّ رَضِيًّا ﴿۶﴾

یعقوب کی اولاد کی اور کر اس کو اے رب من مانتا ﴿۶﴾

يٰزَكَرِيَّاۤ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمِ ِۨاسۡمُهٗ يَحۡيٰى ۙ

اے زکریا ہم تجھ کو خوش خبری سناتے ہیں ایک لڑکے کی جس کا نام ہے یحییٰ

لَمۡ نَجۡعَلۡ لَّهٗ مِنۡ قَبۡلُ سَمِيًّا ﴿۷﴾ قَالَ

نہیں کیا ہم نے پہلے اس نام کا کوئی ﴿۷﴾ بولا

رَبِّ اَنّٰى يَكُوۡنُ لِيۡ غُلٰمٌ وَّكَانَتِ امۡرَاَتِيۡ

اے رب کہاں سے ہوگا مجھ کو لڑکا اور میری عورت

عَاقِرًا وَّقَدۡ بَلَغۡتُ مِنَ الۡكِبَرِ عِتِيًّا ﴿۸﴾

بانجھ ہے اور میں بوڑھا ہوگیا یہاں تک کہ اکڑ گیا ﴿۸﴾

قَالَ كَذٰلِكَ ۚ قَالَ رَبُّكَ هُوَ عَلَيَّ هَيِّنٌ

کہا یونہی ہوگا فرما دیا تیرے رب نے وہ مجھ پر آسان ہے

وَّقَدۡ خَلَقۡتُكَ مِنۡ قَبۡلُ وَلَمۡ تَكُ

اور تجھ کو پیدا کیا میں نے پہلے سے اور نہ تھا تو

شَيۡـًٔا ۝٩ قَالَ رَبِّ اجۡعَلۡ لِّيۡۤ اٰيَةً ؕ

کوئی چیز ۝٩ بولا اے رب ٹھہرا دے میرے لیے کوئی نشانی

قَالَ اٰيَتُكَ اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَ

فرمایا تیری نشانی یہ کہ بات نہ کرے تو لوگوں سے تین

لَيَالٍ سَوِيًّا ۝١٠ فَخَرَجَ عَلٰى قَوۡمِهٖ

رات تک صحیح تندرست ۝١٠ پھر نکلا اپنے لوگوں کے پاس

مِنَ الۡمِحۡرَابِ فَاَوۡحٰۤى اِلَيۡهِمۡ اَنۡ

حجرہ سے تو اشارہ سے کہا ان کو کہ

سَبِّحُوۡا بُكۡرَةً وَّعَشِيًّا ۝١١ يٰيَحۡيٰى

یاد کرو صبح اور شام ۝١١ اے یحییٰ

خُذِ الۡكِتٰبَ بِقُوَّةٍ ؕ وَاٰتَيۡنٰهُ الۡحُكۡمَ

اٹھا لے کتاب زور سے اور دیا ہم نے اس کو حکم کرنا

صَبِيًّا ۙ﴿۱۲﴾ وَّحَنَانًا مِّنۡ لَّدُنَّا وَزَكٰوةً ؕ

لڑکپن میں ﴿۱۲﴾ اور شوق دیا اپنی طرف سے اور ستھرائی

وَكَانَ تَقِيًّا ۙ﴿۱۳﴾ وَّبَرًّا بِوَالِدَيۡهِ وَلَمۡ يَكُنۡ

اور تھا پرہیزگار ﴿۱۳﴾ اور نیکی کرنے والا اپنے ماں باپ سے اور نہ تھا

جَبَّارًا عَصِيًّا ﴿۱۴﴾ وَسَلٰمٌ عَلَيۡهِ يَوۡمَ وُلِدَ

زبردست خود سر ﴿۱۴﴾ اور سلام ہے اس پر جس دن پیدا ہوا

وَيَوۡمَ يَمُوۡتُ وَيَوۡمَ يُبۡعَثُ حَيًّا ﴿۱۵﴾ ع ۱۵ ۴

اور جس دن مرے اور جس دن اٹھ کھڑا ہو زندہ ہو کر ﴿۱۵﴾

وَاذۡكُرۡ فِى الۡكِتٰبِ مَرۡيَمَ ۘ اِذِ انۡتَبَذَتۡ وقف لازم

اور مذکور کر کتاب میں مریم کا جب جدا ہوئی

مِنۡ اَهۡلِهَا مَكَانًا شَرۡقِيًّا ۙ﴿۱۶﴾ فَاتَّخَذَتۡ

اپنے لوگوں سے ایک شرقی مکان میں ﴿۱۶﴾ پھر پکڑ لیا

مِنۡ دُوۡنِهِمۡ حِجَابًا ۖ فَاَرۡسَلۡنَاۤ اِلَيۡهَا

ان سے ورے ایک پردہ پھر بھیجا ہم نے اس کے پاس

رُوۡحَنَا فَتَمَثَّلَ لَهَا بَشَرًا سَوِيًّا ﴿١٧﴾

اپنا فرشتہ پھر بن کر آیا اس کے آگے آدمی پورا ﴿١٧﴾

قَالَتۡ اِنِّىۡۤ اَعُوۡذُ بِالرَّحۡمٰنِ مِنۡكَ اِنۡ

بولی مجھ کو رحمان کی پناہ تجھ سے اگر

كُنۡتَ تَقِيًّا ﴿١٨﴾ قَالَ اِنَّمَاۤ اَنَا رَسُوۡلُ

ہے تو ڈر رکھنے والا ﴿١٨﴾ بولا میں تو بھیجا ہوا ہوں

رَبِّكِ ۖ لِاَهَبَ لَكِ غُلٰمًا زَكِيًّا ﴿١٩﴾ قَالَتۡ

تیرے رب کا کہ دے جاؤں تجھ کو ایک لڑکا ستھرا ﴿١٩﴾ بولی

اَنّٰى يَكُوۡنُ لِىۡ غُلٰمٌ وَّلَمۡ يَمۡسَسۡنِىۡ بَشَرٌ

کہاں سے ہوگا میرے لڑکا اور چھوا نہیں مجھ کو آدمی نے

وَّلَمۡ اَكُ بَغِيًّا ﴿٢٠﴾ قَالَ كَذٰلِكِ ۚ قَالَ

اور میں بدکار کبھی نہیں تھی ﴿٢٠﴾ بولا یونہی ہے فرما دیا

الٓمٓ

رَبُّكِ هُوَ عَلَيَّ هَيِّنٌ ۚ وَلِنَجۡعَلَهٗۤ اٰيَةً

تیرے رب نے وہ مجھ پر آسان ہے اور اس کو ہم کیا چاہتے ہیں

لِّلنَّاسِ وَرَحۡمَةً مِّنَّا ۚ وَكَانَ اَمۡرًا

لوگوں کے لیے نشانی اور مہربانی اپنی طرف سے اور ہے یہ کام

مَّقۡضِيًّا ﴿٢١﴾ فَحَمَلَتۡهُ فَانۡتَبَذَتۡ بِهٖ

مقرر ہوچکا ﴿٢١﴾ پھر پیٹ میں لیا اس کو پھر یکسو ہوئی اس کو لے کر

مَكَانًا قَصِيًّا ﴿٢٢﴾ فَاَجَآءَهَا الۡمَخَاضُ اِلٰى

ایک بعید مکان میں ﴿٢٢﴾ پھر لے آیا اس کو درد زہ

جِذۡعِ النَّخۡلَةِ ۚ قَالَتۡ يٰلَيۡتَنِىۡ مِتُّ

ایک کھجور کی جڑ میں بولی کسی طرح میں مرچکتی

قَبۡلَ هٰذَا وَكُنۡتُ نَسۡيًا مَّنۡسِيًّا ﴿٢٣﴾

اس سے پہلے اور ہوجاتی بھولی بسری ﴿٢٣﴾

فَنَادٰٮهَا مِنۡ تَحۡتِهَاۤ اَلَّا تَحۡزَنِىۡ قَدۡ

پس آواز دی اس کو اس کے نیچے سے کہ غمگین مت ہو

جَعَلَ رَبُّكِ تَحۡتَكِ سَرِيًّا ﴿٢٤﴾ وَهُزِّيۡٓ

کردیا تیرے رب نے تیرے نیچے ایک چشمہ ﴿٢٤﴾ اور ہلا

اِلَيۡكِ بِجِذۡعِ النَّخۡلَةِ تُسٰقِطۡ عَلَيۡكِ

اپنی طرف کھجور کی جڑ اس سے گریں گی تجھ پر

رُطَبًا جَنِيًّا ﴿٢٥﴾ فَكُلِىۡ وَاشۡرَبِىۡ وَقَرِّىۡ

پکی کھجوریں ﴿٢٥﴾ اب کھا اور پی اور آنکھ

عَيۡنًا ۚ فَاِمَّا تَرَيِنَّ مِنَ الۡبَشَرِ اَحَدًا ۙ

ٹھنڈی رکھ پھر اگر تو دیکھے کوئی آدمی

فَقُوۡلِىۡٓ اِنِّىۡ نَذَرۡتُ لِلرَّحۡمٰنِ صَوۡمًا

تو کہیو میں نے مانا ہے رحمان کا روزہ

فَلَنۡ اُكَلِّمَ الۡيَوۡمَ اِنۡسِيًّا ۚ ﴿٢٦﴾ فَاَتَتۡ بِهٖ

سو بات نہ کروں گی آج کسی آدمی سے ﴿٢٦﴾ پھر لائی اس کو

قَوۡمَهَا تَحۡمِلُهٗ ؕ قَالُوۡا يٰمَرۡيَمُ لَقَدۡ

اپنے لوگوں کے پاس گود میں وہ اس کو کہنے لگے اے مریم

جِئۡتِ شَيۡـًٔا فَرِيًّا ﴿٢٧﴾ يٰۤاُخۡتَ هٰرُوۡنَ

تو نے کی یہ چیز طوفان کی ﴿٢٧﴾ اے بہن ہارون کی

مَا كَانَ اَبُوۡكِ امۡرَاَ سَوۡءٍ وَّمَا كَانَتۡ اُمُّكِ

نہ تھا تیرا باپ برا آدمی اور نہ تھی تیری ماں

بَغِيًّا ﴿٢٨﴾ فَاَشَارَتۡ اِلَيۡهِ ؕ قَالُوۡا كَيۡفَ

بدکار ﴿٢٨﴾ پھر ہاتھ سے بتلایا اس لڑکے کو بولے ہم کیونکر

نُكَلِّمُ مَنۡ كَانَ فِى الۡمَهۡدِ صَبِيًّا ﴿٢٩﴾

بات کریں اس شخص سے کہ وہ ہے گود میں لڑکا ﴿٢٩﴾

قَالَ اِنِّىۡ عَبۡدُ اللّٰهِ ؕ اٰتٰنِىَ الۡكِتٰبَ

وہ بولا میں بندہ ہوں اللہ کا مجھ کو اس نے کتاب دی ہے

وَجَعَلَنِىۡ نَبِيًّا ﴿٣٠﴾ وَّجَعَلَنِىۡ مُبٰرَكًا

اور مجھ کو اس نے نبی کیا ﴿٣٠﴾ اور بنایا مجھ کو برکت والا

اَيۡنَ مَا كُنۡتُ ۖ وَاَوۡصٰنِىۡ بِالصَّلٰوةِ

جس جگہ میں ہوں اور تاکید کی مجھ کو نماز کی

وَالزَّكٰوةِ مَادُمۡتُ حَيًّا ۙ ﴿٣١﴾ وَّبَرًّا

اور زکوٰۃ کی جب تک میں رہوں زندہ ﴿٣١﴾ اور سلوک کرنے والا

بِوَالِدَتِیۡ ۫ وَلَمۡ يَجۡعَلۡنِیۡ جَبَّارًا

اپنی ماں سے اور نہیں بنایا مجھ کو زبردست

شَقِيًّا ﴿٣٢﴾ وَالسَّلٰمُ عَلَیَّ يَوۡمَ وُلِدۡتُّ

بدبخت ﴿٣٢﴾ اور سلام ہے مجھ پر جس دن میں پیدا ہوا

وَيَوۡمَ اَمُوۡتُ وَيَوۡمَ اُبۡعَثُ حَيًّا ﴿٣٣﴾ ذٰلِكَ

اور جس دن مروں اور جس دن اٹھ کھڑا ہوں زندہ ہو کر ﴿٣٣﴾ یہ ہے

عِيۡسَى ابۡنُ مَرۡيَمَ ۚ قَوۡلَ الۡحَقِّ الَّذِیۡ

عیسیٰ مریم کا بیٹا، سچی بات جس

فِيۡهِ يَمۡتَرُوۡنَ ﴿٣٤﴾ مَا كَانَ لِلّٰهِ اَنۡ

میں لوگ جھگڑتے ہیں ﴿٣٤﴾ اللہ ایسا نہیں کہ

يَّتَّخِذَ مِنۡ وَّلَدٍ ۙ سُبۡحٰنَهٗ ؕ اِذَا قَضٰۤى

رکھے اولاد وہ پاک ذات ہے جب ٹھہرا لیتا ہے

اَمۡرًا فَاِنَّمَا يَقُوۡلُ لَهٗ كُنۡ فَيَكُوۡنُ ﴿٣٥﴾ ط

کسی کام کا کرنا سو یہی کہتا ہے اس کو کہ ہو وہ ہوجاتا ہے ﴿٣٥﴾

وَاِنَّ اللّٰهَ رَبِّىۡ وَرَبُّكُمۡ فَاعۡبُدُوۡهُ ؕ ط

اور کہا بے شک اللہ ہے رب میرا اور رب تمھارا سو اس کی بندگی کرو

هٰذَا صِرَاطٌ مُّسۡتَقِيۡمٌ ﴿٣٦﴾ فَاخۡتَلَفَ

یہ ہے راہ سیدھی ﴿٣٦﴾ پھر جدی جُدی راہ اختیار کی

الۡاَحۡزَابُ مِنۡۢ بَيۡنِهِمۡ ۚ فَوَيۡلٌ لِّلَّذِيۡنَ

فرقوں نے ان میں سے سو خرابی ہے منکروں کو

كَفَرُوۡا مِنۡ مَّشۡهَدِ يَوۡمٍ عَظِيۡمٍ ﴿٣٧﴾

جس وقت دیکھیں گے ایک دن بڑا ﴿٣٧﴾

اَسۡمِعۡ بِهِمۡ وَاَبۡصِرۡ ۙ يَوۡمَ يَاۡتُوۡنَنَا

کیا خوب سنتے اور دیکھتے ہوں گے جس دن آئیں گے ہمارے پاس

لٰكِنِ الظّٰلِمُوۡنَ الۡيَوۡمَ فِىۡ ضَلٰلٍ

پر بے انصاف آج کے دن صریح

مُّبِيۡنٍ ﴿٣٨﴾ وَاَنۡذِرۡهُمۡ يَوۡمَ الۡحَسۡرَةِ

بہک رہے ہیں ﴿٣٨﴾ اور ڈر سنا دے ان کو اس پچتاوے کے دن کا

وقف لازم

اِذۡ قُضِىَ الۡاَمۡرُ ۘ وَهُمۡ فِىۡ غَفۡلَةٍ وَّهُمۡ

جب فیصل ہوچکے گا کام اور وہ بھول رہے ہیں اور وہ

لَا يُؤۡمِنُوۡنَ ﴿٣٩﴾ اِنَّا نَحۡنُ نَرِثُ الۡاَرۡضَ

یقین نہیں لاتے ﴿٣٩﴾ ہم وارث ہوں گے زمین کے

ع ٢ ٢٥ ٥

وَمَنۡ عَلَيۡهَا وَاِلَيۡنَا يُرۡجَعُوۡنَ ﴿٤٠﴾

اور جو کوئی ہے زمین پر اور وہ ہماری طرف پھر آئیں گے ﴿٤٠﴾

وَاذۡكُرۡ فِى الۡكِتٰبِ اِبۡرٰهِيۡمَ ۘ اِنَّهٗ

اور مذکور کر کتاب میں ابراہیم کا بے شک

كَانَ صِدِّيۡقًا نَّبِيًّا ﴿٤١﴾ اِذۡ قَالَ لِاَبِيۡهِ

تھا وہ سچا نبی ﴿٤١﴾ جب کہا اپنے باپ کو

يٰۤاَبَتِ لِمَ تَعۡبُدُ مَا لَا يَسۡمَعُ

اے باپ میرے کیوں پوجتا ہے اس کو جو نہ سنے

وَلَا يُبۡصِرُ وَلَا يُغۡنِىۡ عَنۡكَ شَيۡـًٔا ﴿۴۲﴾

اور نہ دیکھے اور نہ کام آئے تیرے کچھ ﴿۴۲﴾

يٰۤاَبَتِ اِنِّىۡ قَدۡ جَآءَنِىۡ مِنَ الۡعِلۡمِ

اے باپ میرے مجھ کو آئی ہے خبر

مَا لَمۡ يَاۡتِكَ فَاتَّبِعۡنِىۡۤ اَهۡدِكَ صِرَاطًا

ایک چیز کی جو تجھ کو نہیں آئی سو میری راہ چل دکھلادوں تجھ کو راہ

سَوِيًّا ﴿۴۳﴾ يٰۤاَبَتِ لَا تَعۡبُدِ الشَّيۡطٰنَ ؕ

سیدھی ﴿۴۳﴾ اے باپ میرے مت پوج شیطان کو

اِنَّ الشَّيۡطٰنَ كَانَ لِلرَّحۡمٰنِ عَصِيًّا ﴿۴۴﴾

بے شک شیطان ہے رحمان کا نافرمان ﴿۴۴﴾

يٰۤاَبَتِ اِنِّىۡۤ اَخَافُ اَنۡ يَّمَسَّكَ عَذَابٌ

اے باپ میرے ڈرتا ہوں کہیں آلگے تجھ کو ایک آفت

مِّنَ الرَّحۡمٰنِ فَتَكُوۡنَ لِلشَّيۡطٰنِ

رحمان سے پھر تو ہوجائے شیطان کا

وَلِيًّا ﴿٤٥﴾ قَالَ اَرَاغِبٌ اَنۡتَ عَنۡ اٰلِهَتِيۡ

ساتھی ﴿٤٥﴾ وہ بولا کیا تو پھرا ہوا ہے میرے ٹھاکروں سے

يٰۤاِبۡرٰهِيۡمُ ۚ لَئِنۡ لَّمۡ تَنۡتَهِ لَاَرۡجُمَنَّكَ

اے ابراہیم اگر تو باز نہ آئے گا تو تجھ کو سنگسار کروں گا

وَاهۡجُرۡنِيۡ مَلِيًّا ﴿٤٦﴾ قَالَ سَلٰمٌ عَلَيۡكَ ۚ

اور دور ہوجا میرے پاس سے ایک مدت ﴿٤٦﴾ کہا تیری سلامتی رہے

سَاَسۡتَغۡفِرُ لَكَ رَبِّيۡ ؕ اِنَّهٗ كَانَ بِيۡ

میں گناہ بخشواؤں گا تیرے اپنے رب سے بے شک وہ ہے مجھ پر

حَفِيًّا ﴿٤٧﴾ وَاَعۡتَزِلُكُمۡ وَمَا تَدۡعُوۡنَ

مہربان ﴿٤٧﴾ اور چھوڑتا ہوں تم کو اور جن کو تم پوجتے ہو

مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ وَاَدۡعُوۡا رَبِّيۡ ۖ عَسٰۤى

اللہ کے سوا اور میں بندگی کروں گا اپنے رب کی امید ہے

اَلَّاۤ اَكُوۡنَ بِدُعَآءِ رَبِّيۡ شَقِيًّا ﴿٤٨﴾ فَلَمَّا

کہ نہ رہوں گا اپنے رب کی بندگی کر کے محروم ﴿٤٨﴾ پھر جب

اعۡتَزِلُهُمۡ وَمَا يَعۡبُدُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِ

جدا ہوا ان سے اور جن کو وہ پوجتے تھے اللہ کے سوا

اللّٰهِ ۙ وَهَبۡنَا لَهٗۤ اِسۡحٰقَ وَيَعۡقُوۡبَ ؕ وَكُلًّا

بخشا ہم نے اس کو اسحاق اور یعقوب اور دونوں کو

جَعَلۡنَا نَبِيًّا ﴿۴۹﴾ وَّوَهَبۡنَا لَهُمۡ مِّنۡ

نبی کیا ﴿۴۹﴾ اور دیا ہم نے ان کو

رَّحۡمَتِنَا وَجَعَلۡنَا لَهُمۡ لِسَانَ صِدۡقٍ

اپنی رحمت سے اور کیا ان کے واسطے سچا بول

ع ۳ ۱۰ ۶ عَلِيًّا ﴿۵۰﴾ وَاذۡكُرۡ فِى الۡكِتٰبِ مُوۡسٰۤى ۚ اِنَّهٗ

اونچا ﴿۵۰﴾ اور مذکور کر کتاب میں موسیٰ کا بے شک

كَانَ مُخۡلَصًا وَّكَانَ رَسُوۡلًا نَّبِيًّا ﴿۵۱﴾

وہ تھا چنا ہوا اور تھا رسول نبی ﴿۵۱﴾

وَنَادَيۡنٰهُ مِنۡ جَانِبِ الطُّوۡرِ الۡاَيۡمَنِ

اور پکارا ہم نے اس کو داہنی طرف سے طور پہاڑ کی

وَقَرَّبۡنٰهُ نَجِيًّا ﴿٥٢﴾ وَوَهَبۡنَا لَهٗ مِنۡ

اور نزدیک بلایا اس کو بھید کہنے کو ﴿٥٢﴾ اور بخشا ہم نے اس کو

رَّحۡمَتِنَاۤ اَخَاهُ هٰرُوۡنَ نَبِيًّا ﴿٥٣﴾ وَاذۡكُرۡ

اپنی مہربانی سے بھائی اس کا ہارون نبی ﴿٥٣﴾ اور مذکور کر

فِى الۡكِتٰبِ اِسۡمٰعِيۡلَ ۚ اِنَّهٗ كَانَ صَادِقَ

کتاب میں اسمٰعیل کا وہ تھا وعدہ کا

الۡوَعۡدِ وَكَانَ رَسُوۡلًا نَّبِيًّا ﴿٥٤﴾ ۚ وَكَانَ

سچا اور تھا رسول نبی ﴿٥٤﴾ اور

يَاۡمُرُ اَهۡلَهٗ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ ۖ وَكَانَ

حکم کرتا تھا اپنے گھر والوں کو نماز کا اور زکوٰۃ کا اور تھا

عِنۡدَ رَبِّهٖ مَرۡضِيًّا ﴿٥٥﴾ وَاذۡكُرۡ فِى الۡكِتٰبِ

اپنے رب کے یہاں پسندیدہ ﴿٥٥﴾ اور مذکور کر کتاب میں

اِدۡرِيۡسَ ۚ اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيۡقًا نَّبِيًّا ﴿٥٦﴾ ۙ

ادریس کا وہ تھا سچا نبی ﴿٥٦﴾

وَّرَفَعۡنٰهُ مَكَانًا عَلِيًّا ﴿٥٧﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيۡنَ

اور اٹھا لیا ہم نے اس کو ایک اونچے مکان پر ﴿٥٧﴾ یہ وہ لوگ ہیں

اَنۡعَمَ اللّٰهُ عَلَيۡهِمۡ مِّنَ النَّبِيّٖنَ مِنۡ

جن پر انعام کیا اللہ نے پیغمبروں میں

ذُرِّيَّةِ اٰدَمَ ۗ وَمِمَّنۡ حَمَلۡنَا مَعَ نُوۡحٍ ۫

آدم کی اولاد میں اور ان میں جن کو سوار کر لیا ہم نے نوح کے ساتھ

وَّمِنۡ ذُرِّيَّةِ اِبۡرٰهِيۡمَ وَاِسۡرَآءِيۡلَ ۫

اور ابراہیم کی اولاد میں اور اسرائیل کی

وَمِمَّنۡ هَدَيۡنَا وَاجۡتَبَيۡنَا ؕ اِذَا تُتۡلٰى

اور ان میں جن کو ہم نے ہدایت کی اور پسند کیا جب ان کو سنائے

عَلَيۡهِمۡ اٰيٰتُ الرَّحۡمٰنِ خَرُّوۡا سُجَّدًا

آیتیں رحمان کی گرتے سجدہ میں

وَّبُكِيًّا ﴿٥٨﴾ سجدة ۵ فَخَلَفَ مِنۡۢ بَعۡدِهِمۡ

اور روتے ہوئے ﴿٥٨﴾ پھر ان کی جگہ آئے

سجدة ۵

خَلۡفٌ اَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوٰتِ

ناخلف کھو بیٹھے نماز اور پیچھے پڑگئے مزوں کے

فَسَوۡفَ يَلۡقَوۡنَ غَيًّا ۙ﴿٥٩﴾ اِلَّا مَنۡ

سو آگے دیکھ لیں گے گمراہی کو ﴿٥٩﴾ مگر جس نے

تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ

توبہ کی اور یقین لایا اور کی نیکی سو وہ لوگ

يَدۡخُلُوۡنَ الۡجَنَّةَ وَلَا يُظۡلَمُوۡنَ شَيۡـًٔا ۙ﴿٦٠﴾

جائیں گے بہشت میں اور ان کا حق ضائع نہ ہوگا کچھ ﴿٦٠﴾

جَنّٰتِ عَدۡنِ ِۨالَّتِىۡ وَعَدَ الرَّحۡمٰنُ عِبَادَهٗ

باغوں میں بسنے کے جن کا وعدہ کیا ہے رحمان نے اپنی بندوں سے

بِالۡغَيۡبِ ؕ اِنَّهٗ كَانَ وَعۡدُهٗ مَاۡتِيًّا ﴿٦١﴾

ان کے بن دیکھے بےشک ہے اس کے وعدہ پر پہنچنا ﴿٦١﴾

لَا يَسۡمَعُوۡنَ فِيۡهَا لَغۡوًا اِلَّا سَلٰمًا ؕ

نہ سنیں گے وہاں بک بک سوائے سلام

وَلَهُمۡ رِزۡقُهُمۡ فِيۡهَا بُكۡرَةً وَّعَشِيًّا ﴿٦٢﴾

اور ان کے لیے ہے ان کی روزی وہاں صبح اور شام ﴿٦٢﴾

تِلۡكَ الۡجَنَّةُ الَّتِىۡ نُوۡرِثُ مِنۡ عِبَادِنَا

یہ وہ بہشت ہے جو میراث دیں گے ہم اپنے بندوں میں

مَنۡ كَانَ تَقِيًّا ﴿٦٣﴾ وَمَا نَتَنَزَّلُ اِلَّا بِاَمۡرِ

جو کوئی ہوگا پرہیزگار ﴿٦٣﴾ اور ہم نہیں اترتے مگر حکم سے

رَبِّكَ ۚ لَهٗ مَا بَيۡنَ اَيۡدِيۡنَا وَمَا خَلۡفَنَا

تیرے رب کے اسی کا ہے جو ہمارے آگے ہے اور جو ہمارے پیچھے

وَمَا بَيۡنَ ذٰلِكَ ۚ وَمَا كَانَ رَبُّكَ نَسِيًّا ۚ ﴿٦٤﴾

اور جو اس کے بیچ میں ہے اور تیرا رب نہیں ہے بھولنے والا ﴿٦٤﴾

رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَمَا بَيۡنَهُمَا

رب آسمانوں کا اور زمین کا اور جو ان کے بیچ ہے

فَاعۡبُدۡهُ وَاصۡطَبِرۡ لِعِبَادَتِهٖ ؕ هَلۡ

سو اسی کی بندگی کر اور قائم رہ اس کی بندگی پر

تَعۡلَمُ لَهٗ سَمِيًّا ﴿٦٥﴾ وَيَقُوۡلُ الۡاِنۡسَانُ ع ١٥ ٤

کسی کو پہچانتا ہے تو اس کے نام کا ﴿٦٥﴾ اور کہتا ہے آدمی

ءَاِذَا مَا مِتُّ لَسَوۡفَ اُخۡرَجُ حَيًّا ﴿٦٦﴾

کیا جب میں مرجاؤں تو پھر نکلوں گا زندہ ہو کر ﴿٦٦﴾

اَوَلَا يَذۡكُرُ الۡاِنۡسَانُ اَنَّا خَلَقۡنٰهُ مِنۡ

کیا یاد نہیں رکھتا آدمی کہ ہم نے اس کو بنایا ہے

قَبۡلُ وَلَمۡ يَكُ شَيۡـًٔا ﴿٦٧﴾ فَوَرَبِّكَ

پہلے سے اور وہ کچھ چیز نہ تھا ﴿٦٧﴾ سو قسم ہے تیرے رب کی

لَنَحۡشُرَنَّهُمۡ وَالشَّيٰطِيۡنَ ثُمَّ لَنُحۡضِرَنَّهُمۡ

ہم گھیر بلائیں گے ان کو اور شیطانوں کو پھر سامنے لائیں گے

حَوۡلَ جَهَنَّمَ جِثِيًّا ﴿٦٨﴾ ج ثُمَّ لَنَنۡزِعَنَّ مِنۡ

گرد دوزخ کے گھٹنوں پر گرے ہوئے ﴿٦٨﴾ پھر جدا کرلیں گے ہم

كُلِّ شِيۡعَةٍ اَيُّهُمۡ اَشَدُّ عَلَى الرَّحۡمٰنِ عِتِيًّا ﴿٦٩﴾ ج

ہر ایک فرقہ میں سے جو نسا ان میں سے سخت رکھتا تھا رحمان سے اکڑ ﴿٦٩﴾

ثُمَّ لَنَحۡنُ اَعۡلَمُ بِالَّذِيۡنَ هُمۡ اَوۡلٰى بِهَا

پھر ہم کو خوب معلوم ہے جو بہت قابل ہیں اس میں

صِلِيًّا ﴿٧٠﴾ وَاِنۡ مِّنۡكُمۡ اِلَّا وَارِدُهَا ۚ كَانَ

داخل ہونے کے ﴿٧٠﴾ اور کوئی نہیں تم میں جو نہ پہنچے گا اس پر، ہو چکا

عَلٰى رَبِّكَ حَتۡمًا مَّقۡضِيًّا ﴿٧١﴾ ثُمَّ نُنَجِّى

یہ وعدہ تیرے رب پر لازم مقرر ﴿٧١﴾ پھر بچائیں گے ہم

الَّذِيۡنَ اتَّقَوۡا وَّنَذَرُ الظّٰلِمِيۡنَ فِيۡهَا

ان کو جو ڈرتے رہے اور چھوڑ دیں گے گناہ گاروں کو اس میں

جِثِيًّا ﴿٧٢﴾ وَاِذَا تُتۡلٰى عَلَيۡهِمۡ اٰيٰتُنَا

اوندھے گرے ہوئے ﴿٧٢﴾ اور جب سنائے ان کو ہماری آیتیں

بَيِّنٰتٍ قَالَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا لِلَّذِيۡنَ

کھلی ہوئی کہتے ہیں جو لوگ کہ منکر ہیں

اٰمَنُوۡۤا ۙ اَىُّ الۡفَرِيۡقَيۡنِ خَيۡرٌ مَّقَامًا

ایمان والوں کو دونوں فرقوں میں کس کا مکان بہتر ہے

وَّاَحۡسَنُ نَدِيًّا ﴿٧٣﴾ وَكَمۡ اَهۡلَكۡنَا قَبۡلَهُمۡ

اور کس کی اچھی لگتی ہے مجلس ﴿٧٣﴾ اور کتنی ہلاک کر چکے ہم پہلے ان سے

مِّنۡ قَرۡنٍ هُمۡ اَحۡسَنُ اَثَاثًا وَّرِءۡيًا ﴿٧٤﴾

جماعتیں وہ ان سے بہتر تھے سامان میں اور نمود میں ﴿٧٤﴾

قُلۡ مَنۡ كَانَ فِى الضَّلٰلَةِ فَلۡيَمۡدُدۡ لَهُ

تو کہہ جو رہا بھٹکتا سو چاہیے اس کو کھینچ لے جائے

الرَّحۡمٰنُ مَدًّا ۚ حَتّٰٓى اِذَا رَاَوۡا مَا

رحمان لمبا یہاں تک کہ جب دیکھیں گے جو

يُوۡعَدُوۡنَ اِمَّا الۡعَذَابَ وَاِمَّا السَّاعَةَ ؕ

وعدہ ہوا تھا ان سے یا آفت اور یا قیامت

فَسَيَعۡلَمُوۡنَ مَنۡ هُوَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضۡعَفُ

سو تب معلوم کرلیں گے کس کا برا ہے مکان اور کس کی فوج کمزور

جُنۡدًا ﴿٧٥﴾ وَيَزِيۡدُ اللّٰهُ الَّذِيۡنَ اهۡتَدَوۡا

ہے ﴿٧٥﴾ اور بڑھاتا جاتا ہے اللہ سوجھنے والوں کو (سوجھے ہوؤں کو، سجھائے ہوؤں کو)

هُدًى ؕ وَالۡبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيۡرٌ عِنۡدَ

سوجھ اور باقی رہنے والی نیکیاں بہتر رکھتی ہیں

رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَيۡرٌ مَّرَدًّا ﴿٧٦﴾ اَفَرَءَيۡتَ

تیرے رب کے یہاں بدلہ اور بہتر پھر جانے کو جگہ ﴿٧٦﴾ بھلا تو نے دیکھا

الَّذِىۡ كَفَرَ بِاٰيٰتِنَا وَقَالَ لَاُوۡتَيَنَّ

اس کو جو منکر ہوا ہماری آیتوں سے اور کہا مجھ کو مل کر رہے گا

مَالًا وَّوَلَدًا ﴿٧٧﴾ ؕ اَطَّلَعَ الۡغَيۡبَ اَمِ

مال اور اولاد ﴿٧٧﴾ کیا جھانک آیا ہے غیب کو یا

اتَّخَذَ عِنۡدَ الرَّحۡمٰنِ عَهۡدًا ﴿٧٨﴾ ۙ كَلَّا ؕ

لے رکھا ہے رحمان سے عہد ﴿٧٨﴾ یہ نہیں

سَنَكۡتُبُ مَا يَقُوۡلُ وَنَمُدُّ لَهٗ مِنَ

ہم لکھ رکھیں گے جو وہ کہتا ہے اور بڑھاتے جائیں گے اس کو

الۡعَذَابِ مَدًّا ﴿٧٩﴾ ۙ وَّنَرِثُهٗ مَا يَقُوۡلُ

عذاب میں لمبا ﴿٧٩﴾ اور ہم لے لیں گے اس کے مرنے پر جو کچھ وہ بتلا رہا ہے

وَيَاۡتِيۡنَا فَرۡدًا ﴿٨٠﴾ وَاتَّخَذُوۡا مِنۡ دُوۡنِ

اور آئے گا ہمارے پاس اکیلا ﴿٨٠﴾ اور پکڑ رکھا ہے لوگوں نے

اللّٰهِ اٰلِهَةً لِّيَكُوۡنُوۡا لَهُمۡ عِزًّا ﴿٨١﴾ كَلَّا ؕ

اللہ کے سوا اوروں کو معبود تاکہ وہ ہوں ان کے لیے مدد ﴿٨١﴾ ہرگز نہیں

سَيَكۡفُرُوۡنَ بِعِبَادَتِهِمۡ وَيَكُوۡنُوۡنَ

وہ منکر ہوں گے ان کی بندگی سے اور ہوجائیں گے

عَلَيۡهِمۡ ضِدًّا ﴿٨٢﴾ اَلَمۡ تَرَ اَنَّاۤ اَرۡسَلۡنَا ع ١٧ ٥ ٨

ان کے مخالف ﴿٨٢﴾ تو نے نہیں دیکھا کہ ہم نے چھوڑ رکھے ہیں

الشَّيٰطِيۡنَ عَلَى الۡكٰفِرِيۡنَ تَؤُزُّهُمۡ

شیطان منکروں پر اچھالتے ہیں ان کو

اَزًّا ﴿٨٣﴾ فَلَا تَعۡجَلۡ عَلَيۡهِمۡ ؕ اِنَّمَا نَعُدُّ

ابھار کر ﴿٨٣﴾ سو تو جلدی نہ کر ان پر ہم تو پوری کرتے ہیں

لَهُمۡ عَدًّا ﴿٨٤﴾ يَوۡمَ نَحۡشُرُ الۡمُتَّقِيۡنَ اِلَى ج

ان کی گنتی ﴿٨٤﴾ جس دن ہم اکٹھا کر لائیں گے پرہیزگاروں کو

الرَّحۡمٰنِ وَفۡدًا ﴿٨٥﴾ وَّنَسُوۡقُ الۡمُجۡرِمِيۡنَ

رحمان کے پاس مہمان بلائے ہوئے ﴿۸۵﴾ اور ہانک لے جائیں گے گناہ گاروں کو

وقف لازم

اِلٰى جَهَنَّمَ وِرۡدًا ﴿٨٦﴾ لَا يَمۡلِكُوۡنَ الشَّفَاعَةَ

دوزخ کی طرف پیاسے ﴿۸۶﴾ نہیں اختیار رکھتے لوگ سفارش کا

وقف لازم

اِلَّا مَنِ اتَّخَذَ عِنۡدَ الرَّحۡمٰنِ عَهۡدًا ﴿٨٧﴾

مگر جس نے لے لیا رحمان سے وعدہ ﴿۸۷﴾

وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحۡمٰنُ وَلَدًا ﴿٨٨﴾ لَقَدۡ

اور لوگ کہتے ہیں رحمان رکھتا ہے اولاد ﴿۸۸﴾ بے شک

جِئۡتُمۡ شَيۡـًٔا اِدًّا ﴿٨٩﴾ تَكَادُ السَّمٰوٰتُ

تم آپھنسے ہو بھاری چیز میں ﴿۸۹﴾ ابھی آسمان

يَتَفَطَّرۡنَ مِنۡهُ وَتَنۡشَقُّ الۡاَرۡضُ وَتَخِرُّ

پھٹ پڑیں اس بات سے اور ٹکڑے ہو زمین اور گر پڑیں

الۡجِبَالُ هَدًّا ﴿٩٠﴾ اَنۡ دَعَوۡا لِلرَّحۡمٰنِ وَلَدًا ﴿٩١﴾

پہاڑ ڈھے کر ﴿۹۰﴾ اس پر کہ پکارتے ہیں رحمان کے نام پر اولاد ﴿۹۱﴾

وَمَا يَنۡۢبَغِىۡ لِلرَّحۡمٰنِ اَنۡ يَّتَّخِذَ وَلَدًا ۖ ﴿٩٢﴾

اور نہیں پھبتا رحمان کو کہ رکھے اولاد ﴿٩٢﴾

اِنۡ كُلُّ مَنۡ فِى السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ اِلَّاۤ اٰتِى

کوئی نہیں آسمانوں اور زمین میں جو نہ آئے

الرَّحۡمٰنِ عَبۡدًا ۖ ﴿٩٣﴾ لَقَدۡ اَحۡصٰىهُمۡ وَعَدَّهُمۡ

رحمان کا بندہ ہوکر ﴿٩٣﴾ اس کے پاس ان کی شمار ہے اور گن رکھی ہے ان کی

عَدًّا ۖ ﴿٩٤﴾ وَكُلُّهُمۡ اٰتِيۡهِ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ

گنتی ﴿٩٤﴾ اور ہر ایک ان میں آئے گا اس کے سامنے قیامت کے دن

فَرۡدًا ﴿٩٥﴾ اِنَّ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا

اکیلا ﴿٩٥﴾ البتہ جو یقین لائے ہیں اور کی ہیں انہوں نے

الصّٰلِحٰتِ سَيَجۡعَلُ لَهُمُ الرَّحۡمٰنُ وُدًّا ﴿٩٦﴾

نیکیاں ان کو دے گا رحمان محبت ﴿٩٦﴾

فَاِنَّمَا يَسَّرۡنٰهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ

سو ہم نے آسان کر دیا یہ قرآن تیری زبان میں اسی واسطے کہ خوشخبری سنادے تو

الۡمُتَّقِيۡنَ وَتُنۡذِرَ بِهٖ قَوۡمًا لُّدًّا ﴿٩٧﴾ وَكَمۡ

ڈرنے والوں کو اور ڈرادے جھگڑالو لوگوں کو ﴿٩٧﴾ اور بہت

اَهۡلَكۡنَا قَبۡلَهُمۡ مِّنۡ قَرۡنٍ ؕ هَلۡ تُحِسُّ

ہلاک کرچکے ہم ان سے پہلے جماعتیں آہٹ پاتا ہے تو

مِنۡهُمۡ مِّنۡ اَحَدٍ اَوۡ تَسۡمَعُ لَهُمۡ رِكۡزًا ﴿٩٨﴾ ع

ان میں کسی کی یا سنتا ہے ان کی بھنک ﴿٩٨﴾

ع ١٦ ٦ ٩

(سورۂ طٰہٰ مکّہ مکرمہ میں نازل ہوئی مگر آیت (١٣٠ اور ١٣١) مدینہ منورہ میں نازل ہوئی۔ اس میں (١٣٥) آیتیں اور (٨) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (٤٥) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (٢٠) نمبر پر ہے اور سورۂ مریم کے بعد نازل ہوئی ہے۔)

| اس میں (١٦٤١) کلمات ہیں | بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ | اس میں (٥٢٤٢) حروف ہیں |
|---|---|---|

طٰهٰ ﴿١﴾ مَاۤ اَنۡزَلۡنَا عَلَيۡكَ الۡقُرۡاٰنَ

طٰہٰ ① اس واسطے نہیں اتارا ہم نے تجھ پر قرآن

لِتَشۡقٰۤى ﴿٢﴾ لا اِلَّا تَذۡكِرَةً لِّمَنۡ

کہ تو محنت میں پڑے ② مگر نصیحت کے واسطے اس کی جو

يَّخۡشٰى ﴿٣﴾ لا تَنۡزِيۡلًا مِّمَّنۡ خَلَقَ الۡاَرۡضَ

ڈرتا ہے ③ اتارا ہوا ہے اس کا جس نے بنائی زمین

وَالسَّمٰوٰتِ الۡعُلٰی ؕ ﴿۴﴾ اَلرَّحۡمٰنُ عَلَی

اور آسمان اونچے ﴿۴﴾ وہ بڑا مہربان

الۡعَرۡشِ اسۡتَوٰی ﴿۵﴾ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ

عرش پر قائم ہوا ﴿۵﴾ اسی کا ہے جو کچھ ہے آسمانوں

وَمَا فِی الۡاَرۡضِ وَمَا بَیۡنَهُمَا وَمَا

اور زمین میں اور ان دونوں کے درمیان اور

تَحۡتَ الثَّرٰی ﴿۶﴾ وَاِنۡ تَجۡهَرۡ بِالۡقَوۡلِ

نیچے گیلی زمین کے ﴿۶﴾ اور اگر تو بات کہے پکار کر

فَاِنَّهٗ یَعۡلَمُ السِّرَّ وَاَخۡفَی ﴿۷﴾ اَللّٰهُ

تو اس کو تو خبر ہے چھپی ہوئی بات کی اور اس سے بھی چھپی ہوئی کی ﴿۷﴾ اللہ ہے

لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ لَهُ الۡاَسۡمَآءُ الۡحُسۡنٰی ﴿۸﴾

جس کے سوا بندگی نہیں کسی کی اسی کے ہیں سب نام خاصے ﴿۸﴾

وَهَلۡ اَتٰىكَ حَدِیۡثُ مُوۡسٰی ﴿۹﴾

وقف لازم

اور پہنچی ہے تجھ کو بات موسیٰ کی ﴿۹﴾

اِذۡ رَاٰ نَارًا فَقَالَ لِاَهۡلِهِ امۡكُثُوۡۤا اِنِّیۡۤ

جب اس نے دیکھی ایک آگ تو کہا اپنے گھر والوں کو ٹھہرو میں نے

اٰنَسۡتُ نَارًا لَّعَلِّیۡۤ اٰتِیۡكُمۡ مِّنۡهَا

دیکھی ہے ایک آگ شاید لے آؤں تمھارے پاس اس میں سے

بِقَبَسٍ اَوۡ اَجِدُ عَلَی النَّارِ هُدًی ﴿١٠﴾

سلگا کر یا پاؤں آگ پر پہنچ کر راستہ کا پتہ ﴿١٠﴾

فَلَمَّاۤ اَتٰىهَا نُوۡدِیَ یٰمُوۡسٰۤی ﴿١١﴾ اِنِّیۡۤ اَنَا

پھر جب پہنچا آگ کے پاس آواز آئی اے موسیٰ ﴿١١﴾ میں ہوں

رَبُّكَ فَاخۡلَعۡ نَعۡلَیۡكَ ۚ اِنَّكَ بِالۡوَادِ

تیرا رب سو اتار ڈال اپنی جوتیاں تو ہے

الۡمُقَدَّسِ طُوًی ﴿١٢﴾ وَاَنَا اخۡتَرۡتُكَ

پاک میدان طویٰ میں ﴿١٢﴾ اور میں نے تجھ کو پسند کیا ہے

فَاسۡتَمِعۡ لِمَا یُوۡحٰی ﴿١٣﴾ اِنَّنِیۡۤ اَنَا اللّٰهُ

سو تو سنتا رہ جو حکم ہو ﴿١٣﴾ میں جو ہوں اللہ ہوں

لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنَا فَاعۡبُدۡنِیۡ ۙ وَاَقِمِ

کسی کی بندگی نہیں سوا میرے سو میری بندگی کر اور

الصَّلٰوةَ لِذِكۡرِیۡ ﴿۱۴﴾ اِنَّ السَّاعَةَ

نماز قائم رکھ میری یادگاری کو ﴿۱۴﴾ قیامت بے شک

اٰتِیَةٌ اَكَادُ اُخۡفِیۡهَا لِتُجۡزٰی كُلُّ

آنے والی ہے میں مخفی رکھنا چاہتا ہوں اس کو تاکہ بدلہ ملے ہر

نَفۡسٍۢ بِمَا تَسۡعٰی ﴿۱۵﴾ فَلَا یَصُدَّنَّكَ

شخص کو جو اس نے کمایا ہے ﴿۱۵﴾ سو کہیں تجھ کو نہ روک دے

عَنۡهَا مَنۡ لَّا یُؤۡمِنُ بِهَا وَاتَّبَعَ

اس سے وہ شخص جو یقین نہیں رکھتا اس کا اور پیچھے پڑ رہا ہے

هَوٰىهُ فَتَرۡدٰی ﴿۱۶﴾ وَمَا تِلۡكَ بِیَمِیۡنِكَ

اپنے مزوں کے پھر تو بھی ٹپکا جائے ﴿۱۶﴾ اور یہ کیا ہے تیرے داہنے ہاتھ میں

یٰمُوۡسٰی ﴿۱۷﴾ قَالَ هِیَ عَصَایَ ۚ اَتَوَكَّؤُا

اے موسیٰ ﴿۱۷﴾ بولا یہ میری لاٹھی ہے اس پر ٹیک لگاتا ہوں

عَلَيۡهَا وَاَهُشُّ بِهَا عَلٰى غَنَمِىۡ وَلِىَ

اور پتے جھاڑتا ہوں اس سے اپنی بکریوں پر اور میرے

فِيۡهَا مَاٰرِبُ اُخۡرٰى ﴿١٨﴾ قَالَ اَلۡقِهَا

اس میں چند کام ہیں اور بھی ﴿١٨﴾ فرمایا ڈال دے اس کو

يٰمُوۡسٰى ﴿١٩﴾ فَاَلۡقٰىهَا فَاِذَا هِىَ حَيَّةٌ

اے موسیٰ ﴿١٩﴾ تو اس کو ڈال دیا پھر اسی وقت وہ تو سانپ ہوگیا

تَسۡعٰى ﴿٢٠﴾ قَالَ خُذۡهَا وَلَا تَخَفۡ قف

دوڑتا ہوا ﴿٢٠﴾ فرمایا پکڑلے اس کو اور مت ڈر

سَنُعِيۡدُهَا سِيۡرَتَهَا الۡاُوۡلٰى ﴿٢١﴾ وَاضۡمُمۡ

ہم ابھی پھیر دیں گے اس کو پہلی حالت پر ﴿٢١﴾ اور ملا لے

يَدَكَ اِلٰى جَنَاحِكَ تَخۡرُجۡ بَيۡضَآءَ مِنۡ

اپنا ہاتھ اپنی بغل سے کہ نکلے سفید ہو کر

غَيۡرِ سُوۡٓءٍ اٰيَةً اُخۡرٰى ﴿٢٢﴾ لا لِنُرِيَكَ مِنۡ

بلا عیب یہ نشانی دوسری ﴿٢٢﴾ تاکہ دکھاتے جائیں ہم تجھ کو

اٰيٰتِنَا الۡكُبۡرٰى ﴿٢٣﴾ ج اِذۡهَبۡ اِلٰى فِرۡعَوۡنَ

اپنی نشانیاں بڑی ﴿٢٣﴾ جا طرف فرعون کے

اِنَّهٗ طَغٰى ﴿٢٤﴾ ع قَالَ رَبِّ اشۡرَحۡ لِىۡ ع ١٠ ٢٤

کہ اس نے بہت سر اٹھایا ﴿٢٤﴾ بولا اے رب کشادہ کر

صَدۡرِىۡ ﴿٢٥﴾ لا وَيَسِّرۡ لِىۡۤ اَمۡرِىۡ ﴿٢٦﴾ لا وَاحۡلُلۡ

میرا سینہ ﴿٢٥﴾ اور آسان کر میرا کام ﴿٢٦﴾ اور کھول دے

عُقۡدَةً مِّنۡ لِّسَانِىۡ ﴿٢٧﴾ لا يَفۡقَهُوۡا قَوۡلِىۡ ﴿٢٨﴾ ص

گرہ میری زبان سے ﴿٢٧﴾ کہ سمجھیں میری بات ﴿٢٨﴾

وَاجۡعَلۡ لِّىۡ وَزِيۡرًا مِّنۡ اَهۡلِىۡ ﴿٢٩﴾ لا

اور دے مجھ کو ایک کام بٹانے والا میرے گھر کا ﴿٢٩﴾

هٰرُوۡنَ اَخِى ﴿٣٠﴾ لا اشۡدُدۡ بِهٖۤ اَزۡرِىۡ ﴿٣١﴾ لا

ہارون میرا بھائی ﴿٣٠﴾ اس سے مضبوط کر میری کمر ﴿٣١﴾

وَاَشۡرِكۡهُ فِىۡۤ اَمۡرِىۡ ﴿٣٢﴾ لا كَىۡ نُسَبِّحَكَ

اور شریک کر اس کو میرے کام میں ﴿٣٢﴾ کہ تیری پاک ذات کا بیان کریں ہم

كَثِيۡرًا ﴿٣٣﴾ وَّنَذۡكُرَكَ كَثِيۡرًا ﴿٣٤﴾ اِنَّكَ

بہت سا ﴿٣٣﴾ اور یاد کریں ہم تجھ کو بہت سا ﴿٣٤﴾ تُو تو ہے

كُنۡتَ بِنَا بَصِيۡرًا ﴿٣٥﴾ قَالَ قَدۡ اُوۡتِيۡتَ

ہم کو خوب دیکھتا ﴿٣٥﴾ فرمایا ملا تجھ کو

سُؤۡلَكَ يٰمُوۡسٰى ﴿٣٦﴾ وَلَقَدۡ مَنَنَّا

تیرا سوال اے موسیٰ ﴿٣٦﴾ اور احسان کیا تھا ہم نے

عَلَيۡكَ مَرَّةً اُخۡرٰٓى ﴿٣٧﴾ اِذۡ اَوۡحَيۡنَآ

تجھ پر ایک بار اور بھی ﴿٣٧﴾ جب حکم بھیجا ہم نے

اِلٰٓى اُمِّكَ مَا يُوۡحٰٓى ﴿٣٨﴾ اَنِ اقۡذِفِيۡهِ

تیری ماں کو جو آگے سناتے ہیں ﴿٣٨﴾ کہ ڈال اس کو

فِى التَّابُوۡتِ فَاقۡذِفِيۡهِ فِى الۡيَمِّ

صندوق میں پھر اس کو ڈال دے دریا میں

فَلۡيُلۡقِهِ الۡيَمُّ بِالسَّاحِلِ يَاۡخُذۡهُ

پھر دریا اس کو لے ڈالے کنارے پر اٹھالے اس کو

عَدُوٌّ لِّیۡ وَعَدُوٌّ لَّهٗ ؕ وَاَلۡقَیۡتُ عَلَیۡكَ

ایک دشمن میرا اور اس کا اور ڈال دی میں نے تجھ پر

وقف لازم

مَحَبَّةً مِّنِّیۡ ۚ۬ وَلِتُصۡنَعَ عَلٰی عَیۡنِیۡ ﴿۳۹﴾

محبت اپنی طرف سے اور تاکہ پرورش پائے تو میری آنکھ کے سامنے ﴿۳۹﴾

اِذۡ تَمۡشِیۡۤ اُخۡتُكَ فَتَقُوۡلُ هَلۡ اَدُلُّكُمۡ

جب چلنے لگی تیری بہن اور کہنے لگی میں بتاؤں تم کو

عَلٰی مَنۡ یَّكۡفُلُهٗ ؕ فَرَجَعۡنٰكَ اِلٰۤی

ایسا شخص جو اس کو پالے پھر پہنچا دیا ہم نے تجھ کو

اُمِّكَ كَیۡ تَقَرَّ عَیۡنُهَا وَلَا تَحۡزَنَ ؕ

تیری ماں کے پاس کہ ٹھنڈی رہے اس کی آنکھ اور غم نہ کھائے

وَقَتَلۡتَ نَفۡسًا فَنَجَّیۡنٰكَ مِنَ الۡغَمِّ

اور تو نے مار ڈالا ایک شخص کو پھر بچا دیا ہم نے تجھ کو اس غم سے

وَفَتَنّٰكَ فُتُوۡنًا ۟ فَلَبِثۡتَ سِنِیۡنَ

اور جانچا ہم نے تجھ کو ایک ذرا جانچنا پھر ٹھہرا رہا تو کئی برس

فِیۡۤ اَهۡلِ مَدۡیَنَ ۙ ثُمَّ جِئۡتَ عَلٰی

مدین والوں میں پھر آیا تو

قَدَرٍ یّٰمُوۡسٰی ﴿۴۰﴾ وَاصۡطَنَعۡتُكَ

تقدیر سے اے موسیٰ ﴿۴۰﴾ اور بنایا میں نے تجھ کو خاص

لِنَفۡسِیۡ ﴿۴۱﴾ۚ اِذۡهَبۡ اَنۡتَ وَاَخُوۡكَ

اپنے واسطے ﴿۴۱﴾ جا تو اور تیرا بھائی

بِاٰیٰتِیۡ وَلَا تَنِیَا فِیۡ ذِكۡرِیۡ ﴿۴۲﴾ۚ اِذۡهَبَاۤ

میری نشانیاں لے کر اور سستی نہ کریو میری یاد میں ﴿۴۲﴾ جاؤ

اِلٰی فِرۡعَوۡنَ اِنَّهٗ طَغٰی ﴿۴۳﴾ۖ فَقُوۡلَا لَهٗ

طرف فرعون کے اس نے بہت سر اٹھایا ﴿۴۳﴾ سو کہو اس سے

قَوۡلًا لَّیِّنًا لَّعَلَّهٗ یَتَذَكَّرُ اَوۡ یَخۡشٰی ﴿۴۴﴾

بات نرم شاید وہ سوچے یا ڈرے ﴿۴۴﴾

قَالَا رَبَّنَاۤ اِنَّنَا نَخَافُ اَنۡ یَّفۡرُطَ

بولے اے رب ہمارے ہم ڈرتے ہیں کہ بھبک پڑے

عَلَيۡنَاۤ اَوۡ اَنۡ يَّطۡغٰى ﴿٤٥﴾ قَالَ لَا تَخَافَاۤ

ہم پر یا جوش میں آجائے ﴿٤٥﴾ فرمایا نہ ڈرو

اِنَّنِىۡ مَعَكُمَاۤ اَسۡمَعُ وَاَرٰى ﴿٤٦﴾ فَاۡتِيٰهُ

میں ساتھ ہوں تمھارے سنتا ہوں اور دیکھتا ہوں ﴿٤٦﴾ سو جاؤ اس کے پاس

فَقُوۡلَاۤ اِنَّا رَسُوۡلَا رَبِّكَ فَاَرۡسِلۡ مَعَنَا

اور کہو ہم دونوں بھیجے ہوئے ہیں تیرے رب کے سو بھیج دے ہمارے ساتھ

بَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ ۙ وَلَا تُعَذِّبۡهُمۡ ؕ

بنی اسرائیل کو اور مت ستا ان کو

قَدۡ جِئۡنٰكَ بِاٰيَةٍ مِّنۡ رَّبِّكَ ؕ وَالسَّلٰمُ

ہم آئے ہیں تیرے پاس نشانی لے کر تیرے رب کی اور سلامتی ہو

عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الۡهُدٰى ﴿٤٧﴾ اِنَّا قَدۡ

اس کی جو مان لے راہ کی بات ﴿٤٧﴾ ہم کو

اُوۡحِىَ اِلَيۡنَاۤ اَنَّ الۡعَذَابَ عَلٰى مَنۡ

حکم ملا ہے کہ عذاب اس پر جو

كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ﴿٤٨﴾ قَالَ فَمَنۡ رَّبُّكُمَا

جھٹلائے اور منہ پھیر لے ﴿٤٨﴾ بولا پھر کون ہے رب تم دونوں کا

يٰمُوۡسٰى ﴿٤٩﴾ قَالَ رَبُّنَا الَّذِىۡۤ اَعۡطٰى

اے موسیٰ ﴿٤٩﴾ کہا رب ہمارا وہ ہے جس نے دی

كُلَّ شَىۡءٍ خَلۡقَهٗ ثُمَّ هَدٰى ﴿٥٠﴾ قَالَ

ہر چیز کو اس کی صورت پھر راہ سجھائی ﴿٥٠﴾ بولا

فَمَا بَالُ الۡقُرُوۡنِ الۡاُوۡلٰى ﴿٥١﴾ قَالَ عِلۡمُهَا

پھر کیا حقیقت ہے ان پہلی جماعتوں کی ﴿٥١﴾ کہا ان کی خبر

عِنۡدَ رَبِّىۡ فِىۡ كِتٰبٍ ۚ لَا يَضِلُّ رَبِّىۡ

میرے رب کے پاس لکھی ہوئی ہے نہ بہکتا ہے میرا رب

وَلَا يَنۡسَى ﴿٥٢﴾ ۙ الَّذِىۡ جَعَلَ لَـكُمُ

اور نہ بھولتا ہے ﴿٥٢﴾ وہ ہے جس نے بنادیا تمھارے واسطے

الۡاَرۡضَ مَهۡدًا وَّسَلَكَ لَـكُمۡ فِيۡهَا سُبُلًا

زمین کو بچھونا اور چلائیں تمھارے لیے اس میں راہیں

وَّاَنۡزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ؕ فَاَخۡرَجۡنَا

اور اتارا آسمان سے پانی پھر نکالی ہم نے

بِهٖۤ اَزۡوَاجًا مِّنۡ نَّبَاتٍ شَتّٰى ﴿۵۳﴾ كُلُوۡا

اس سے طرح طرح کی سبزی ﴿۵۳﴾ کھاؤ

وَارۡعَوۡا اَنۡعَامَكُمۡ ؕ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ

اور چراؤ اپنے چوپایوں کو البتہ اس میں نشانیاں ہیں

لِّاُولِى النُّهٰى ﴿۵۴﴾ ع مِنۡهَا خَلَقۡنٰكُمۡ وَفِيۡهَا ع ۲ ۳۰ ۱۱

عقل رکھنے والوں کو ﴿۵۴﴾ اسی زمین سے ہم نے تم کو بنایا اور اسی میں

نُعِيۡدُكُمۡ وَمِنۡهَا نُخۡرِجُكُمۡ تَارَةً

تم کو پھر پہنچا دیتے ہیں اور اسی سے نکالیں گے تم کو

اُخۡرٰى ﴿۵۵﴾ وَلَقَدۡ اَرَيۡنٰهُ اٰيٰتِنَا كُلَّهَا

دوسری بار ﴿۵۵﴾ اور ہم نے فرعون کو دکھلا دیں اپنی سب نشانیاں

فَكَذَّبَ وَاَبٰى ﴿۵۶﴾ قَالَ اَجِئۡتَنَا لِتُخۡرِجَنَا

پھر اس نے جھٹلایا اور نہ مانا ﴿۵۶﴾ بولا کیا تو آیا ہے ہم کو نکالنے

مِنۡ اَرۡضِنَا بِسِحۡرِكَ يٰمُوۡسٰى ﴿٥٧﴾

ہمارے ملک سے اپنے جادو کے زور سے اے موسیٰ ﴿٥٧﴾

فَلَنَاۡتِيَنَّكَ بِسِحۡرٍ مِّثۡلِهٖ فَاجۡعَلۡ

سو ہم بھی لائیں گے تیرے مقابلہ میں ایک ایسا ہی جادو سو ٹھہرا لے

بَيۡنَنَا وَبَيۡنَكَ مَوۡعِدًا لَّا نُخۡلِفُهٗ

ہمارے اور اپنے بیچ میں ایک وعدہ نہ ہم خلاف کریں اس کا

نَحۡنُ وَلَاۤ اَنۡتَ مَكَانًا سُوًى ﴿٥٨﴾ قَالَ

اور نہ تو ایک میدان صاف میں ﴿٥٨﴾ کہا

مَوۡعِدُكُمۡ يَوۡمُ الزِّيۡنَةِ وَاَنۡ يُّحۡشَرَ

وعدہ تمھارا ہے جشن کا دن اور یہ کہ جمع ہوں

النَّاسُ ضُحًى ﴿٥٩﴾ فَتَوَلّٰى فِرۡعَوۡنُ فَجَمَعَ

لوگ دن چڑھے ﴿٥٩﴾ پھر الٹا پھرا فرعون پھر جمع کیے

كَيۡدَهٗ ثُمَّ اَتٰى ﴿٦٠﴾ قَالَ لَهُمۡ مُّوۡسٰى

اپنے سارے داؤ پھر آیا ﴿٦٠﴾ کہا ان کو موسیٰ نے

وَيۡلَكُمۡ لَا تَفۡتَرُوۡا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا

کم بختی تمھاری جھوٹ نہ بولو اللہ پر

فَيُسۡحِتَكُمۡ بِعَذَابٍ ۚ وَقَدۡ خَابَ

پھر غارت کر دے تم کو کسی آفت سے اور مراد کو نہیں پہنچا

مَنِ افۡتَرٰى ﴿٦١﴾ فَتَنَازَعُوۡۤا اَمۡرَهُمۡ

جس نے جھوٹ باندھا ﴿٦١﴾ پھر جھگڑے اپنے کام پر

بَيۡنَهُمۡ وَاَسَرُّوا النَّجۡوٰى ﴿٦٢﴾ قَالُوۡۤا

آپس میں اور چھپ کر کیا مشورہ ﴿٦٢﴾ بولے

اِنۡ هٰذٰنِ لَسٰحِرٰنِ يُرِيۡدٰنِ اَنۡ

مقرر یہ دونوں جادوگر ہیں چاہتے ہیں کہ

يُّخۡرِجٰكُمۡ مِّنۡ اَرۡضِكُمۡ بِسِحۡرِهِمَا

نکال دیں تم کو تمھارے ملک سے اپنے جادو کے زور سے

وَيَذۡهَبَا بِطَرِيۡقَتِكُمُ الۡمُثۡلٰى ﴿٦٣﴾

اور موقوف کرادیں تمھارے اچھے خاصے چلن کو ﴿٦٣﴾

فَاَجۡمِعُوۡا كَيۡدَكُمۡ ثُمَّ ائۡتُوۡا صَفًّا ۚ

سو مقرر کرلو اپنی تدبیر پھر آؤ قطار باندھ کر

وَقَدۡ اَفۡلَحَ الۡيَوۡمَ مَنِ اسۡتَعۡلٰى ﴿٦٤﴾

اور جیت گیا آج جو غالب رہا ﴿٦٤﴾

قَالُوۡا يٰمُوۡسٰۤى اِمَّاۤ اَنۡ تُلۡقِىَ وَاِمَّاۤ اَنۡ

بولے اے موسیٰ یا تو تو ڈال اور یا

نَّكُوۡنَ اَوَّلَ مَنۡ اَلۡقٰى ﴿٦٥﴾ قَالَ بَلۡ

ہم ہوں پہلے ڈالنے والے ﴿٦٥﴾ کہا نہیں

اَلۡقُوۡا ۚ فَاِذَا حِبَالُهُمۡ وَعِصِيُّهُمۡ يُخَيَّلُ

تم ڈالو پھر تب ہی ان کی رسیاں اور لاٹھیاں اس کے خیال میں آئیں

اِلَيۡهِ مِنۡ سِحۡرِهِمۡ اَنَّهَا تَسۡعٰى ﴿٦٦﴾

ان کے جادو سے کہ دوڑ رہی ہیں ﴿٦٦﴾

فَاَوۡجَسَ فِىۡ نَفۡسِهٖ خِيۡفَةً مُّوۡسٰى ﴿٦٧﴾

پھر پانے لگا اپنے جی میں ڈر موسیٰ ﴿٦٧﴾

قُلۡنَا لَا تَخَفۡ اِنَّكَ اَنۡتَ الۡاَعۡلٰى ﴿٦٨﴾

ہم نے کہا تو مت ڈر مقرر تو ہی رہے گا غالب ﴿٦٨﴾

وَاَلۡقِ مَا فِىۡ يَمِيۡنِكَ تَلۡقَفۡ مَا صَنَعُوۡا ؕ

اور ڈال جو تیرے داہنے ہاتھ میں ہے کہ نگل جائے جو کچھ انہوں نے بنایا

اِنَّمَا صَنَعُوۡا كَيۡدُ سٰحِرٍ ؕ وَلَا يُفۡلِحُ

ان کا بنایا ہوا تو فریب ہے جادوگر کا اور بھلا نہیں ہوتا

السّٰحِرُ حَيۡثُ اَتٰى ﴿٦٩﴾ فَاُلۡقِىَ السَّحَرَةُ

جادوگر کا جہاں ہو ﴿٦٩﴾ پھر گر پڑے جادوگر

سُجَّدًا قَالُوۡۤا اٰمَنَّا بِرَبِّ هٰرُوۡنَ

سجدہ میں بولے ہم یقین لائے رب پر ہارون

وَمُوۡسٰى ﴿٧٠﴾ قَالَ اٰمَنۡتُمۡ لَهٗ قَبۡلَ

اور موسیٰ کے ﴿٧٠﴾ بولا فرعون تم نے اس کو مان لیا

اَنۡ اٰذَنَ لَـكُمۡ ؕ اِنَّهٗ لَكَبِيۡرُكُمُ الَّذِىۡ

میں نے ابھی حکم نہ دیا تھا وہ ہی تمھارا بڑا ہے جس نے

عَلَّمَكُمُ السِّحۡرَ ۚ فَلَاُقَطِّعَنَّ اَيۡدِيَكُمۡ

تم کو سکھایا جادو سو اب میں کٹواؤں گا تمھارے ہاتھ

وَاَرۡجُلَكُمۡ مِّنۡ خِلَافٍ وَّلَاُصَلِّبَنَّكُمۡ

اور دوسری طرف کے پاؤں اور سولی دوں گا تم کو

فِيۡ جُذُوۡعِ النَّخۡلِ ۫ وَلَتَعۡلَمُنَّ اَيُّنَاۤ

کھجور کے تنہ پر اور جان لو گے ہم میں کس کا

اَشَدُّ عَذَابًا وَّاَبۡقٰى ﴿٧١﴾ قَالُوۡا لَنۡ نُّؤۡثِرَكَ

عذاب سخت ہے اور دیر تک رہنے والا ﴿٧١﴾ وہ بولے ہم تجھ کو زیادہ نہ سمجھیں گے

عَلٰى مَا جَآءَنَا مِنَ الۡبَيِّنٰتِ وَالَّذِىۡ

اس چیز سے جو پہنچی ہم کو صاف دلیل اور اس سے جس نے

فَطَرَنَا فَاقۡضِ مَاۤ اَنۡتَ قَاضٍ ؕ

ہم کو پیدا کیا سو تو کر گزر جو تجھ کو کرنا ہے

اِنَّمَا تَقۡضِىۡ هٰذِهِ الۡحَيٰوةَ الدُّنۡيَا ﴿٧٢﴾ ؕ

تو یہی کرے گا اس دنیا کی زندگی میں ﴿٧٢﴾

اِنَّاۤ اٰمَنَّا بِرَبِّنَا لِيَغۡفِرَ لَنَا خَطٰيٰنَا

ہم یقین لائے ہیں اپنے رب پر تاکہ بخشے ہم کو ہمارے گناہ

وَمَاۤ اَكۡرَهۡتَنَا عَلَيۡهِ مِنَ السِّحۡرِ ؕ

اور جو تو نے زبردستی کروایا ہم سے یہ جادو

وَاللّٰهُ خَيۡرٌ وَّاَبۡقٰى ﴿٧٣﴾ اِنَّهٗ مَنۡ يَّاۡتِ رَبَّهٗ

الثلثة

اور اللہ بہتر ہے اور سدا باقی رہنے والا ﴿٧٣﴾ بات یہی ہے کہ جو کوئی آیا اپنے رب کے پاس

مُجۡرِمًا فَاِنَّ لَهٗ جَهَنَّمَ ؕ لَا يَمُوۡتُ

گناہ لے کر سو اس کے واسطے دوزخ ہے مرے

فِيۡهَا وَلَا يَحۡيٰى ﴿٧٤﴾ وَمَنۡ يَّاۡتِهٖ مُؤۡمِنًا

اس میں نہ جیے ﴿٧٤﴾ اور جو آیا اس کے پاس ایمان لے کر

قَدۡ عَمِلَ الصّٰلِحٰتِ فَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ

نیکیاں کر کے سو ان لوگوں کے لیے ہیں

الدَّرَجٰتُ الۡعُلٰى ﴿٧٥﴾ جَنّٰتُ عَدۡنٍ تَجۡرِىۡ

درجے بلند ﴿٧٥﴾ باغ ہیں بسنے کے بہتی ہیں

مِنۡ تَحۡتِهَا الۡاَنۡهٰرُ خٰلِدِيۡنَ فِيۡهَا ؕ

ان کے نیچے نہریں ہمیشہ رہا کریں گے ان میں

ع ٣ ٢٢ ١٢ وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا مَنۡ تَزَكّٰى ۝٧٦ ع وَلَقَدۡ

اور یہ بدلہ ہے اس کا جو پاک ہوا ۝٧٦ اور

اَوۡحَيۡنَاۤ اِلٰى مُوۡسٰٓى ۙ اَنۡ اَسۡرِ بِعِبَادِىۡ

ہم نے حکم بھیجا موسیٰ کو کہ لے نکل میرے بندوں کو رات سے

فَاضۡرِبۡ لَهُمۡ طَرِيۡقًا فِى الۡبَحۡرِ

پھر ڈال دے ان کے لیے سمندر میں راستہ

يَبَسًا ۙ لَّا تَخٰفُ دَرَكًا وَّلَا تَخۡشٰى ۝٧٧

سوکھا نہ خطرہ کر آپکڑنے کا اور نہ ڈر ڈوبنے سے ۝٧٧

فَاَتۡبَعَهُمۡ فِرۡعَوۡنُ بِجُنُوۡدِهٖ فَغَشِيَهُمۡ

پھر پیچھا کیا ان کا فرعون نے اپنے لشکروں کو لے کر پھر ڈھانپ لیا انکو

مِّنَ الۡيَمِّ مَا غَشِيَهُمۡ ؕ ۝٧٨ وَاَضَلَّ

پانی نے جیسا کہ ڈھانپ لیا ۝٧٨ اور بہکایا

فِرۡعَوۡنُ قَوۡمَهٗ وَمَا هَدٰى ﴿٧٩﴾ يٰبَنِيۡۤ

فرعون نے اپنی قوم کو اور نہ سمجھایا ﴿٧٩﴾ اے اولاد

اِسۡرَآءِيۡلَ قَدۡ اَنۡجَيۡنٰكُمۡ مِّنۡ عَدُوِّكُمۡ

اسرائیل چھڑالیا ہم نے تم کو تمھارے دشمن سے

وَوٰعَدۡنٰكُمۡ جَانِبَ الطُّوۡرِ الۡاَيۡمَنَ

اور وعدہ ٹھہرایا تم سے داہنی طرف پہاڑ کی

وَنَزَّلۡنَا عَلَيۡكُمُ الۡمَنَّ وَالسَّلۡوٰى ﴿٨٠﴾

اور اتارا تم پر من اور سلویٰ ﴿٨٠﴾

كُلُوۡا مِنۡ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقۡنٰكُمۡ وَلَا تَطۡغَوۡا

کھاؤ ستھری چیزیں جو روزی دی ہم نے تم کو اور نہ کرو اس میں زیادتی

فِيۡهِ فَيَحِلَّ عَلَيۡكُمۡ غَضَبِىۡ ۚ وَمَنۡ

پھر تو اترے گا تم پر میرا غصہ اور جس پر

يَّحۡلِلۡ عَلَيۡهِ غَضَبِىۡ فَقَدۡ هَوٰى ﴿٨١﴾

اترا میرا غصہ سو وہ پٹکا گیا ﴿٨١﴾

وَاِنِّیۡ لَغَفَّارٌ لِّمَنۡ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ

اور میری بڑی بخشش ہے اس پر جو توبہ کرے اور یقین لائے اور کرے

صَالِحًا ثُمَّ اهۡتَدٰی ﴿۸۲﴾ وَمَاۤ اَعۡجَلَكَ

بھلا کام پھر راہ پر رہے ﴿۸۲﴾ اور کیوں جلدی کی تو نے

عَنۡ قَوۡمِكَ یٰمُوۡسٰی ﴿۸۳﴾ قَالَ هُمۡ اُولَآءِ

اپنی قوم سے اے موسیٰ ﴿۸۳﴾ بولا وہ یہ آرہے ہیں

عَلٰۤی اَثَرِیۡ وَعَجِلۡتُ اِلَیۡكَ رَبِّ لِتَرۡضٰی ﴿۸۴﴾

میرے پیچھے اور میں جلدی آیا تیری طرف اے میرے رب تاکہ تو راضی ہو ﴿۸۴﴾

قَالَ فَاِنَّا قَدۡ فَتَنَّا قَوۡمَكَ مِنۡۢ

فرمایا ہم نے تو بچلا دیا تیری قوم کو

بَعۡدِكَ وَاَضَلَّهُمُ السَّامِرِیُّ ﴿۸۵﴾

تیرے پیچھے اور بہکایا ان کو سامری نے ﴿۸۵﴾

فَرَجَعَ مُوۡسٰۤی اِلٰی قَوۡمِهٖ غَضۡبَانَ

پھر الٹا پھرا موسیٰ اپنی قوم کے پاس غصہ میں بھرا

اَسِفًا ۚ قَالَ يٰقَوۡمِ اَلَمۡ يَعِدۡكُمۡ

پچھتاتا ہوا کہا اے قوم کیا تم سے وعدہ نہ کیا تھا

رَبُّكُمۡ وَعۡدًا حَسَنًا ۙ اَفَطَالَ عَلَيۡكُمُ

تمھارے رب نے اچھا وعدہ کیا طویل ہوگئی تم پر

الۡعَهۡدُ اَمۡ اَرَدۡتُّمۡ اَنۡ يَّحِلَّ عَلَيۡكُمۡ

مدت یا چاہا تم نے کہ اترے تم پر

غَضَبٌ مِّنۡ رَّبِّكُمۡ فَاَخۡلَفۡتُمۡ

غضب تمھارے رب کا اس لیے خلاف کیا تم نے

مَّوۡعِدِىۡ ﴿٨٦﴾ قَالُوۡا مَاۤ اَخۡلَفۡنَا مَوۡعِدَكَ

میرا وعدہ ﴿٨٦﴾ بولے ہم نے خلاف نہیں کیا تیرا وعدہ

بِمَلۡكِنَا وَلٰكِنَّا حُمِّلۡنَاۤ اَوۡزَارًا مِّنۡ

اپنے اختیار سے لیکن اٹھوایا ہم نے بھاری بوجھ

زِيۡنَةِ الۡقَوۡمِ فَقَذَفۡنٰهَا فَكَذٰلِكَ اَلۡقَى

قوم فرعون کے زیور کا سو ہم نے اس کو پھینک دیا پھر اس طرح ڈھالا

السَّامِرِيُّ ﴿٨٧﴾ فَاَخۡرَجَ لَهُمۡ عِجۡلًا

سامری نے ﴿٨٧﴾ پھر بنا نکالا ان کے واسطے ایک بچھڑا

جَسَدًا لَّهٗ خُوَارٌ فَقَالُوۡا هٰذَاۤ اِلٰهُكُمۡ

ایک دھڑ جس میں آواز گائے کی پھر کہنے لگے یہ معبود ہے تمھارا

وَاِلٰهُ مُوۡسٰى ۙ فَنَسِىَ ﴿٨٨﴾ اَفَلَا يَرَوۡنَ

اور معبود ہے موسیٰ کا سو وہ بھول گیا ﴿٨٨﴾ بھلا یہ لوگ نہیں دیکھتے

اَلَّا يَرۡجِعُ اِلَيۡهِمۡ قَوۡلًا ۙ وَّلَا يَمۡلِكُ

کہ وہ جواب تک نہیں دیتا ان کو کسی بات کا اور اختیار نہیں رکھتا

لَهُمۡ ضَرًّا وَّلَا نَفۡعًا ﴿٨٩﴾ وَلَقَدۡ قَالَ ع ١٣/١٣

ان کے برے کا اور بھلے کا ﴿٨٩﴾ اور کہا تھا

لَهُمۡ هٰرُوۡنُ مِنۡ قَبۡلُ يٰقَوۡمِ اِنَّمَا

ان کو ہارون نے پہلے سے اے قوم بات یہی ہے کہ

فُتِنۡتُمۡ بِهٖ ۚ وَاِنَّ رَبَّكُمُ الرَّحۡمٰنُ

تم بہک گئے اس بچھڑے سے اور تمھارا رب تو رحمان ہے

فَاتَّبِعُوۡنِیۡ وَاَطِیۡعُوۡۤا اَمۡرِیۡ ﴿۹۰﴾ قَالُوۡا

سو میری راہ چلو اور مانو بات میری ﴿۹۰﴾ بولے

لَنۡ نَّبۡرَحَ عَلَیۡهِ عٰكِفِیۡنَ حَتّٰی یَرۡجِعَ

ہم برابر اسی پر لگے بیٹھے رہیں گے جب تک لوٹ کر آئے

اِلَیۡنَا مُوۡسٰی ﴿۹۱﴾ قَالَ یٰهٰرُوۡنُ مَا مَنَعَكَ

ہمارے پاس موسیٰ ﴿۹۱﴾ کہا موسیٰ نے اے ہارون کس چیز نے روکا تجھ کو

اِذۡ رَاَیۡتَهُمۡ ضَلُّوۡۤا ﴿۹۲﴾ لَا اَلَّا تَتَّبِعَنِ ؕ

جب دیکھا تھا تو نے کہ وہ بہک گئے ﴿۹۲﴾ کہ تو میرے پیچھے نہ آیا

اَفَعَصَیۡتَ اَمۡرِیۡ ﴿۹۳﴾ قَالَ یَبۡنَؤُمَّ

کیا تو نے رد کیا میرا حکم ﴿۹۳﴾ وہ بولا اے میری ماں کے جنے

لَا تَاۡخُذۡ بِلِحۡیَتِیۡ وَلَا بِرَاۡسِیۡ ۚ اِنِّیۡ

نہ پکڑ میری داڑھی اور نہ سر، میں

خَشِیۡتُ اَنۡ تَقُوۡلَ فَرَّقۡتَ بَیۡنَ بَنِیۡۤ

ڈرا کہ تو کہے گا پھوٹ ڈال دی تو نے بنی

اِسۡرَآءِيۡلَ وَلَمۡ تَرۡقُبۡ قَوۡلِىۡ ﴿٩٤﴾ قَالَ

اسرائیل میں اور یاد نہ رکھی میری بات ﴿٩٤﴾ کہا موسیٰ نے

فَمَا خَطۡبُكَ يٰسَامِرِىُّ ﴿٩٥﴾ قَالَ بَصُرۡتُ

اب تیری کیا حقیقت ہے اے سامری ﴿٩٥﴾ بولا میں نے دیکھ لیا

بِمَا لَمۡ يَبۡصُرُوۡا بِهٖ فَقَبَضۡتُ قَبۡضَةً

جو اوروں نے نہ دیکھا پھر بھر لی میں نے ایک مٹھی

مِّنۡ اَثَرِ الرَّسُوۡلِ فَنَبَذۡتُهَا وَكَذٰلِكَ

پاؤں کے نیچے سے اس بھیجے ہوئے کے پھر میں نے وہی ڈال دی اور یہی

سَوَّلَتۡ لِىۡ نَفۡسِىۡ ﴿٩٦﴾ قَالَ فَاذۡهَبۡ فَاِنَّ

صلاح دی مجھ کو میرے جی نے ﴿٩٦﴾ کہا موسیٰ نے دور ہو

لَكَ فِى الۡحَيٰوةِ اَنۡ تَقُوۡلَ لَا مِسَاسَ ۖ

تیرے لیے زندگی بھر تو اتنی سزا ہے کہ کہا کرے مت چھیڑو

وَاِنَّ لَكَ مَوۡعِدًا لَّنۡ تُخۡلَفَهٗ ۚ وَانۡظُرۡ

اور تیرے واسطے ایک وعدہ ہے وہ ہرگز تجھ سے خلاف نہ ہوگا اور دیکھ

اِلٰٓى اِلٰهِكَ الَّذِىۡ ظَلۡتَ عَلَيۡهِ عَاكِفًا ؕ

اپنے معبود کو جس پر تمام دن تو معتکف رہتا تھا

لَنُحَرِّقَنَّهٗ ثُمَّ لَنَنۡسِفَنَّهٗ فِى الۡيَمِّ

ہم اس کو جلا دیں گے پھر بکھیر دیں گے دریا میں

نَسۡفًا ﴿٩٧﴾ اِنَّمَاۤ اِلٰهُكُمُ اللّٰهُ الَّذِىۡ

اڑا کر ﴿٩٧﴾ تمھارا معبود تو وہی اللہ ہے جس

لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ وَسِعَ كُلَّ شَىۡءٍ

کے سوا کسی کی بندگی نہیں سب چیز سما گئی ہے اس کے

عِلۡمًا ﴿٩٨﴾ كَذٰلِكَ نَقُصُّ عَلَيۡكَ مِنۡ

علم میں ﴿٩٨﴾ یوں سناتے ہیں ہم تجھ کو

اَنۡۢبَآءِ مَا قَدۡ سَبَقَ ۚ وَقَدۡ اٰتَيۡنٰكَ

ان کے احوال جو پہلے گزر چکے اور ہم نے دی تجھ کو

مِنۡ لَّدُنَّا ذِكۡرًا ﴿٩٩﴾ ۖ مَّنۡ اَعۡرَضَ عَنۡهُ

اپنے پاس سے پڑھنے کی کتاب ﴿٩٩﴾ جو کوئی منہ پھیر لے اس سے

فَاِنَّهٗ يَحۡمِلُ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ وِزۡرًا ۙ ﴿١٠٠﴾

سو وہ اٹھائے گا دن قیامت کے ایک بوجھ ﴿١٠٠﴾

خٰلِدِيۡنَ فِيۡهِ ؕ وَسَآءَ لَهُمۡ يَوۡمَ

سدا رہیں گے اس میں اور برا ہے ان پر

الۡقِيٰمَةِ حِمۡلًا ۙ ﴿١٠١﴾ يَّوۡمَ يُنۡفَخُ

قیامت میں وہ بوجھ اٹھانے کا ﴿١٠١﴾ جس دن پھونکیں گے

فِى الصُّوۡرِ وَنَحۡشُرُ الۡمُجۡرِمِيۡنَ

صور میں اور گھیر لائیں گے ہم گناہ گاروں کو

يَوۡمَئِذٍ زُرۡقًا ۙ ﴿١٠٢﴾ يَّتَخَافَتُوۡنَ بَيۡنَهُمۡ

اس دن نیلی آنکھیں ﴿١٠٢﴾ چپکے چپکے کہتے ہوں گے آپس میں

اِنۡ لَّبِثۡتُمۡ اِلَّا عَشۡرًا ﴿١٠٣﴾ نَحۡنُ اَعۡلَمُ

تم نہیں رہے مگر دس دن ﴿١٠٣﴾ ہم کو خوب معلوم ہے

بِمَا يَقُوۡلُوۡنَ اِذۡ يَقُوۡلُ اَمۡثَلُهُمۡ

جو کچھ کہتے ہیں جب بولے گا ان میں اچھی

ع ٥ ١٥ ١٤

طَرِيۡقَةً اِنۡ لَّبِثۡتُمۡ اِلَّا يَوۡمًا ﴿١٠٤﴾

راہ روش والا تم نہیں رہے مگر ایک دن ﴿١٠٤﴾

وَيَسۡـَٔلُوۡنَكَ عَنِ الۡجِبَالِ فَقُلۡ

اور تجھ سے پوچھتے ہیں پہاڑوں کا حال سو تو کہہ

يَنۡسِفُهَا رَبِّىۡ نَسۡفًا ۙ﴿١٠٥﴾ فَيَذَرُهَا قَاعًا

ان کو بکھیر دے گا میرا رب اڑا کر ﴿١٠٥﴾ پھر کر چھوڑے گا زمین کو صاف

صَفۡصَفًا ۙ﴿١٠٦﴾ لَّا تَرٰى فِيۡهَا عِوَجًا

میدان ﴿١٠٦﴾ نہ دیکھے گا تو اس میں موڑ

وَّلَاۤ اَمۡتًا ؕ﴿١٠٧﴾ يَوۡمَئِذٍ يَّتَّبِعُوۡنَ الدَّاعِىَ

اور نہ ٹیلا ﴿١٠٧﴾ اس دن پیچھے دوڑیں گے پکارنے والے کے

لَا عِوَجَ لَهٗ ۚ وَخَشَعَتِ الۡاَصۡوَاتُ

ٹیڑھی نہیں جس کی بات اور دب جائیں گی آوازیں

لِلرَّحۡمٰنِ فَلَا تَسۡمَعُ اِلَّا هَمۡسًا ﴿١٠٨﴾

رحمان کے ڈر سے پھر تو نہ سنے گا مگر کھس کھسی آواز ﴿١٠٨﴾

يَوۡمَئِذٍ لَّا تَنۡفَعُ الشَّفَاعَةُ اِلَّا مَنۡ

اس دن کام نہ آئے گی سفارش مگر جس کو

اَذِنَ لَهُ الرَّحۡمٰنُ وَرَضِيَ لَهٗ قَوۡلًا ﴿١٠٩﴾

اجازت دی رحمان نے اور پسند کی اس کی بات ﴿١٠٩﴾

يَعۡلَمُ مَا بَيۡنَ اَيۡدِيۡهِمۡ وَمَا خَلۡفَهُمۡ

وہ جانتا ہے جو کچھ ہے ان کے آگے اور پیچھے

وَلَا يُحِيۡطُوۡنَ بِهٖ عِلۡمًا ﴿١١٠﴾ وَعَنَتِ

اور یہ قابو میں نہیں لاسکتے اس کو دریافت کرکے ﴿١١٠﴾ اور رگڑتے ہیں

الۡوُجُوۡهُ لِلۡحَيِّ الۡقَيُّوۡمِ ؕ وَقَدۡ خَابَ

منہ آگے اس جیسے ہمیشہ رہنے والے کے اور خراب ہوا

مَنۡ حَمَلَ ظُلۡمًا ﴿١١١﴾ وَمَنۡ يَّعۡمَلۡ مِنَ

جس نے بوجھ اٹھایا ظلم کا ﴿١١١﴾ اور جو کوئی کرے کچھ

الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ مُؤۡمِنٌ فَلَا يَخٰفُ

بھلائیاں اور وہ ایمان بھی رکھتا ہو سو اس کو ڈر نہیں

ظُلۡمًا وَّلَا هَضۡمًا ﴿١١٢﴾ وَكَذٰلِكَ

بے انصافی کا اور نہ نقصان پہنچنے کا ﴿١١٢﴾ اور اسی طرح

اَنۡزَلۡنٰهُ قُرۡاٰنًا عَرَبِيًّا وَّصَرَّفۡنَا

اتارا ہم نے قرآن عربی زبان کا اور پھیر پھیر کر سنائی ہم نے

فِيۡهِ مِنَ الۡوَعِيۡدِ لَعَلَّهُمۡ يَتَّقُوۡنَ

اس میں ڈرانے کی باتیں تاکہ وہ پرہیز کریں

اَوۡ يُحۡدِثُ لَهُمۡ ذِكۡرًا ﴿١١٣﴾ فَتَعٰلَى اللّٰهُ

یا ڈالے ان کے دل میں سوچ ﴿١١٣﴾ سو بلند درجہ اللہ کا

الۡمَلِكُ الۡحَقُّ ۚ وَلَا تَعۡجَلۡ بِالۡقُرۡاٰنِ

اس سچے بادشاہ کا اور تو جلدی نہ کر قرآن کے لینے میں

مِنۡ قَبۡلِ اَنۡ يُّقۡضٰۤى اِلَيۡكَ وَحۡيُهٗ ۫

جب تک پورا نہ ہوچکے اس کا اترنا

وَقُلۡ رَّبِّ زِدۡنِىۡ عِلۡمًا ﴿١١٤﴾ وَلَقَدۡ عَهِدۡنَاۤ

اور کہہ اے رب زیادہ کر میری سمجھ ﴿١١٤﴾ اور ہم نے تاکید کردی تھی

اِلٰۤى اٰدَمَ مِنۡ قَبۡلُ فَنَسِىَ وَلَمۡ نَجِدۡ

آدم کو اس سے پہلے پھر بھول گیا اور نہ پائی ہم نے

ع ٦ ١١ ١٥ لَهٗ عَزۡمًا ﴿۱۱۵﴾ وَاِذۡ قُلۡنَا لِلۡمَلٰٓئِكَةِ

اس میں کچھ ہمت ﴿۱۱۵﴾ اور جب کہا ہم نے فرشتوں کو

اسۡجُدُوۡا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوۡۤا اِلَّاۤ

سجدہ کرو آدم کو تو سجدہ میں گر پڑے مگر

اِبۡلِيۡسَ ؕ اَبٰى ﴿۱۱۶﴾ فَقُلۡنَا يٰۤاٰدَمُ اِنَّ هٰذَا

نہ مانا ابلیس نے ﴿۱۱۶﴾ پھر کہہ دیا ہم نے اے آدم یہ

عَدُوٌّ لَّكَ وَلِزَوۡجِكَ فَلَا يُخۡرِجَنَّكُمَا

دشمن تیرا ہے اور تیرے جوڑے کا سو نکلوا نہ دے تم کو

مِنَ الۡجَنَّةِ فَتَشۡقٰى ﴿۱۱۷﴾ اِنَّ لَكَ

بہشت سے پھر تو پڑجائے تکلیف میں ﴿۱۱۷﴾ تجھ کو یہ ملا ہے

لا اَلَّا تَجُوۡعَ فِيۡهَا وَلَا تَعۡرٰى ﴿۱۱۸﴾

کہ نہ بھوکا ہو تو اس میں اور نہ ننگا ﴿۱۱۸﴾

وَاَنَّكَ لَا تَظۡمَؤُا فِيۡهَا وَلَا تَضۡحٰى ﴿١١٩﴾

اور یہ کہ نہ پیاس کھینچے تو اس میں اور نہ دھوپ ﴿١١٩﴾

فَوَسۡوَسَ اِلَيۡهِ الشَّيۡطٰنُ قَالَ يٰۤاٰدَمُ

پھر جی میں ڈالا اس کے شیطان نے کہا اے آدم

هَلۡ اَدُلُّكَ عَلٰى شَجَرَةِ الۡخُلۡدِ وَمُلۡكٍ

میں بتاؤں تجھ کو درخت سدا زندہ رہنے کا اور بادشاہی

لَّا يَبۡلٰى ﴿١٢٠﴾ فَاَكَلَا مِنۡهَا فَبَدَتۡ لَهُمَا

جو پرانی نہ ہو ﴿١٢٠﴾ پھر دونوں نے کھالیا اس میں سے پھر کھل گئیں

سَوۡاٰتُهُمَا وَطَفِقَا يَخۡصِفٰنِ عَلَيۡهِمَا

ان پر ان کی بری چیزیں اور لگے گانٹھنے اپنے اوپر

احتیاط

مِنۡ وَّرَقِ الۡجَنَّةِ ۛ وَعَصٰۤى اٰدَمُ رَبَّهٗ

پتے بہشت کے اور حکم ٹالا آدم نے اپنے رب کا

فَغَوٰى ﴿١٢١﴾ صلے ثُمَّ اجۡتَبٰهُ رَبُّهٗ فَتَابَ

پھر راہ سے بہکا ﴿١٢١﴾ پھر نواز دیا اس کے رب نے پھر متوجہ ہوا

عَلَيۡهِ وَهَدٰى ﴿١٢٢﴾ قَالَ اهۡبِطَا مِنۡهَا

اس پر اور راہ پر لایا ﴿١٢٢﴾ فرمایا اترو یہاں سے

جَمِيۡعًا ۢ بَعۡضُكُمۡ لِبَعۡضٍ عَدُوٌّ ۚ فَاِمَّا

دونوں اکھٹے رہو ایک دوسرے کے دشمن پھر اگر

يَاۡتِيَنَّكُمۡ مِّنِّىۡ هُدًى ۙ فَمَنِ اتَّبَعَ

پہنچے تم کو میری طرف سے ہدایت پھر جو چلا

هُدَاىَ فَلَا يَضِلُّ وَلَا يَشۡقٰى ﴿١٢٣﴾

میری بتلائی راہ پر سو نہ وہ بہکے گا اور نہ وہ تکلیف میں پڑے گا ﴿١٢٣﴾

وَمَنۡ اَعۡرَضَ عَنۡ ذِكۡرِىۡ فَاِنَّ لَهٗ

اور جس نے منہ پھیرا میری یاد سے تو اس کو ملنی ہے

مَعِيۡشَةً ضَنۡكًا وَّنَحۡشُرُهٗ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ

گزران تنگی کی اور لائیں گے ہم اس کو دن قیامت کے

اَعۡمٰى ﴿١٢٤﴾ قَالَ رَبِّ لِمَ حَشَرۡتَنِىۡۤ

اندھا ﴿١٢٤﴾ وہ کہے گا اے رب کیوں اٹھا لایا تو مجھ کو

اَعۡمٰى وَقَدۡ كُنۡتُ بَصِيۡرًا ﴿١٢٥﴾ قَالَ

اندھا اور میں تو تھا دیکھنے والا ﴿١٢٥﴾ فرمایا

كَذٰلِكَ اَتَتۡكَ اٰيٰتُنَا فَنَسِيۡتَهَا ۚ

نہیں پہنچی تھیں تجھ کو ہماری آیتیں پھر تو نے ان کو بھلا دیا

وَكَذٰلِكَ الۡيَوۡمَ تُنۡسٰى ﴿١٢٦﴾ وَكَذٰلِكَ

اور اسی طرح آج تجھ کو بھلا دیں گے ﴿١٢٦﴾ اور اسی طرح

نَجۡزِىۡ مَنۡ اَسۡرَفَ وَلَمۡ يُؤۡمِنۡ

بدلہ دیں گے ہم اس کو جو حد سے نکلا اور یقین نہ لایا

بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ؕ وَلَعَذَابُ الۡاٰخِرَةِ اَشَدُّ

اپنے رب کی باتوں پر اور آخرت کا عذاب سخت ہے

وَاَبۡقٰى ﴿١٢٧﴾ اَفَلَمۡ يَهۡدِ لَهُمۡ كَمۡ اَهۡلَكۡنَا

اور بہت باقی رہنے والا ﴿١٢٧﴾ سو کیا ان کو سمجھ نہ آئی اس بات سے کہ کتنی غارت کر دیں ہم نے

قَبۡلَهُمۡ مِّنَ الۡقُرُوۡنِ يَمۡشُوۡنَ فِىۡ

ان سے پہلی جماعتیں یہ لوگ پھرتے ہیں

مَسٰكِنِهِمۡ ؕ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِى

ان کی جگہوں میں اس میں خوب نشانیاں ہیں عقل

النُّهٰى ﴿١٢٨﴾ وَلَوۡلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتۡ مِنۡ ع ع ١٣ ١٦

رکھنے والوں کو ﴿۱۲۸﴾ اور اگر نہ ہوتی ایک بات کہ نکل چکی تیرے رب کی

رَّبِّكَ لَكَانَ لِزَامًا وَّاَجَلٌ مُّسَمًّى ﴿١٢٩﴾ ط

طرف سے تو ضرور ہو جاتی مٹھ بھیڑ (گھمسان) اور اگر نہ ہوتا وعدہ مقرر کیا گیا ﴿۱۲۹﴾

فَاصۡبِرۡ عَلٰى مَا يَقُوۡلُوۡنَ وَسَبِّحۡ بِحَمۡدِ

سو تو سہتا رہ جو وہ کہیں اور پڑھتا رہ خوبیاں

رَبِّكَ قَبۡلَ طُلُوۡعِ الشَّمۡسِ وَقَبۡلَ

اپنے رب کی سورج نکلنے سے پہلے اور غروب

غُرُوۡبِهَا ۚ وَمِنۡ اٰنَآئِ الَّيۡلِ فَسَبِّحۡ

ہونے سے پہلے اور کچھ گھڑیوں میں رات کی پڑھا کر

وَاَطۡرَافَ النَّهَارِ لَعَلَّكَ تَرۡضٰى ﴿١٣٠﴾

اور دن کی حدوں پر شاید (تاکہ) تو راضی ہو ﴿۱۳۰﴾

وَلَا تَمُدَّنَّ عَيۡنَيۡكَ اِلٰى مَا مَتَّعۡنَا بِهٖۤ

اور مت پسار اپنی آنکھیں اس چیز پر جو فائدہ اٹھانے کو دی ہم نے

اَزۡوَاجًا مِّنۡهُمۡ زَهۡرَةَ الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا ۙ

ان طرح طرح کے لوگوں کو رونق دنیا کی زندگی کی

لِنَفۡتِنَهُمۡ فِيۡهِ ؕ وَرِزۡقُ رَبِّكَ خَيۡرٌ

ان کے جانچنے کو اور تیرے رب کی دی ہوئی روزی بہتر ہے

وَّاَبۡقٰى ﴿۱۳۱﴾ وَاۡمُرۡ اَهۡلَكَ بِالصَّلٰوةِ

اور بہت باقی رہنے والی ﴿۱۳۱﴾ اور حکم کر اپنے گھر والوں کو نماز کا

وَاصۡطَبِرۡ عَلَيۡهَا ؕ لَا نَسۡـَٔـلُكَ رِزۡقًا ؕ

اور خود بھی قائم رہ اس پر ہم نہیں مانگتے تجھ سے روزی

نَحۡنُ نَرۡزُقُكَ ؕ وَالۡعَاقِبَةُ لِلتَّقۡوٰى ﴿۱۳۲﴾

ہم روزی دیتے ہیں تجھ کو انجام بھلا ہے پرہیزگاری کا ﴿۱۳۲﴾

وَقَالُوۡا لَوۡلَا يَاۡتِيۡنَا بِاٰيَةٍ مِّنۡ رَّبِّهٖ ؕ

اور لوگ کہتے ہیں یہ کیوں نہیں لے آتا ہمارے پاس کوئی نشانی اپنے رب سے

اَوَلَمۡ تَاۡتِهِمۡ بَيِّنَةُ مَا فِى الصُّحُفِ

کیا پہنچ نہیں چکی ان کو نشانی اگلی کتابوں

الۡاُوۡلٰى ﴿١٣٣﴾ وَلَوۡ اَنَّاۤ اَهۡلَكۡنٰهُمۡ بِعَذَابٍ

میں کی ﴿١٣٣﴾ اور اگر ہم ہلاک کردیتے ان کو کسی آفت میں

مِّنۡ قَبۡلِهٖ لَقَالُوۡا رَبَّنَا لَوۡ لَاۤ اَرۡسَلۡتَ

اس سے پہلے تو کہتے اے رب کیوں نہ بھیجا

اِلَيۡنَا رَسُوۡلًا فَنَتَّبِعَ اٰيٰتِكَ مِنۡ قَبۡلِ

ہم تک کسی کو پیغام دے کر کہ ہم چلتے تیری کتاب پر

اَنۡ نَّذِلَّ وَنَخۡزٰى ﴿١٣٤﴾ قُلۡ كُلٌّ مُّتَرَبِّصٌ

ذلیل اور رسوا ہونے سے پہلے ﴿١٣٤﴾ تو کہہ ہر کوئی راہ دیکھتا ہے

فَتَرَبَّصُوۡا ۚ فَسَتَعۡلَمُوۡنَ مَنۡ اَصۡحٰبُ

سو تم بھی راہ دیکھو آئندہ جان لو گے کون ہیں

الصِّرَاطِ السَّوِىِّ وَمَنِ اهۡتَدٰى ﴿١٣٥﴾ ع ٨ ١٧

سیدھی راہ والے اور کس نے راہ پائی ﴿١٣٥﴾

(سورۂ انبیاء مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی ہے۔ اس میں (۱۱۲) آیتیں اور (۷) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۷۳) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۲۱) نمبر پر ہے اور سورۂ ابراہیم کے بعد نازل ہوئی ہے۔)

| اس میں (۱۱۸۶) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۴۸۹۰) حروف ہیں |
|---|---|---|

اِقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ وَهُمْ فِيْ

نزدیک آگیا لوگوں کے ان کے حساب کا وقت اور وہ

غَفْلَةٍ مُّعْرِضُوْنَ ۙ﴿۱﴾ مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ

بے خبر ٹلا رہے ہیں ① کوئی نصیحت نہیں پہنچتی ان کو

ذِكْرٍ مِّنْ رَّبِّهِمْ مُّحْدَثٍ اِلَّا اسْتَمَعُوْهُ

ان کے رب سے نئی مگر اس کو سنتے ہیں

وَهُمْ يَلْعَبُوْنَ ۙ﴿۲﴾ لَاهِيَةً قُلُوْبُهُمْ ؕ

کھیل میں لگے ہوئے ② کھیل میں پڑے ہیں دل ان کے

وَاَسَرُّوا النَّجْوَى ۖ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۖ

اور چھپا کر مصلحت کی بے انصافوں نے

هَلْ هٰذَاۤ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۚ اَفَتَاْتُوْنَ

یہ شخص کون ہے ایک آدمی ہے تم ہی جیسا پھر کیوں پھنستے ہو

السِّحْرَ وَاَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ ﴿٣﴾ قٰلَ رَبِّيْ

اس کے جادو میں آنکھوں دیکھتے ﴿٣﴾ اس نے کہا میرے رب

يَعْلَمُ الْقَوْلَ فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ز

کو خبر ہے بات کی آسمان میں ہو یا زمین میں

وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿٤﴾ بَلْ قَالُوْٓا

اور وہ ہے سننے والا جاننے والا ﴿٤﴾ اس کو چھوڑ کر کہتے ہیں

اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ م بَلِ افْتَرٰىهُ بَلْ هُوَ

بیہودہ خواب ہیں، نہیں جھوٹ باندھ لیا ہے، نہیں

شَاعِرٌ ج فَلْيَاْتِنَا بِاٰيَةٍ كَمَآ اُرْسِلَ

شعر کہتا ہے پھر چاہیے لے آئے ہمارے پاس کوئی نشانی، جیسے پیغام لے کر

الْاَوَّلُوْنَ ﴿٥﴾ مَآ اٰمَنَتْ قَبْلَهُمْ مِّنْ

آئے ہیں پہلے ﴿٥﴾ نہیں مانا ان سے پہلے

قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا ج اَفَهُمْ يُؤْمِنُوْنَ ﴿٦﴾

کسی بستی نے جن کو غارت کر دیا ہم نے کیا اب یہ مان لیں گے ﴿٦﴾

وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ

اور پیغام نہیں بھیجا ہم نے تجھ سے پہلے مگر یہی مردوں کے ہاتھ وحی بھیجتے تھے ہم

اِلَيْهِمْ فَسْـَٔلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ

ان کو سو پوچھ لو یاد رکھنے والوں سے اگر تم

لَا تَعْلَمُوْنَ ۷ وَمَا جَعَلْنٰهُمْ جَسَدًا

نہیں جانتے ۷ اور نہیں بنائے تھے ہم نے ان کے ایسے بدن

لَّا يَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَمَا كَانُوْا خٰلِدِيْنَ ۸

کہ وہ کھانا نہ کھائیں اور نہ تھے وہ ہمیشہ رہ جانے والے ۸

ثُمَّ صَدَقْنٰهُمُ الْوَعْدَ فَاَنْجَيْنٰهُمْ

پھر سچا کردیا ہم نے ان سے وعدہ سو بچا دیا ان کو

وَمَنْ نَّشَآءُ وَاَهْلَكْنَا الْمُسْرِفِيْنَ ۹

اور جس کو ہم نے چاہا اور غارت کر دیا حد سے نکلنے والوں کو ۹

لَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ كِتٰبًا فِيْهِ ذِكْرُكُمْ ؕ

ہم نے اتاری ہے تمھاری طرف کتاب کہ اس میں تمھارا ذکر ہے

ع ١٠ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿١٠﴾ وَكَمْ قَصَمْنَا مِنْ

کیا تم سمجھتے نہیں ﴿١٠﴾ اور کتنی پیس ڈالیں ہم نے

قَرْيَةٍ كَانَتْ ظَالِمَةً وَّاَنْشَاْنَا بَعْدَهَا

بستیاں جو تھیں گنہ گار اور اٹھا کھڑے کیے ان کے پیچھے

قَوْمًا اٰخَرِيْنَ ﴿١١﴾ فَلَمَّآ اَحَسُّوْا بَاْسَنَآ

اور لوگ ﴿١١﴾ پھر جب آہٹ پائی انہوں نے ہماری آفت کی

اِذَا هُمْ مِّنْهَا يَرْكُضُوْنَ ﴿١٢﴾ لَا تَرْكُضُوْا

تب لگے وہاں سے ایڑ کرنے ﴿١٢﴾ ایڑ مت کرو

وَارْجِعُوْٓا اِلٰى مَآ اُتْرِفْتُمْ فِيْهِ

اور لوٹ جاؤ جہاں تم نے عیش کیا تھا

وَمَسٰكِنِكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْـَٔلُوْنَ ﴿١٣﴾ قَالُوْا

اور اپنے گھروں میں شاید کوئی تم کو پوچھے ﴿١٣﴾ کہنے لگے

يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿١٤﴾ فَمَا زَالَتْ

ہائے خرابی ہماری ہم تھے بے شک گنہگار ﴿١٤﴾ پھر برابر یہی رہی

تِّلْكَ دَعْوٰىهُمْ حَتّٰى جَعَلْنٰهُمْ حَصِيْدًا

ان کی فریاد یہاں تک کہ ڈھیر کردیے گئے کاٹ کر

خٰمِدِيْنَ ﴿١٥﴾ وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ

بجھے پڑے ہوئے ﴿١٥﴾ اور ہم نے نہیں بنایا آسمان

وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ﴿١٦﴾ لَوْ

اور زمین کو اور جو کچھ ان کے بیچ میں ہے کھیلتے ہوئے ﴿١٦﴾ اگر

اَرَدْنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ لَهْوًا لَّاتَّخَذْنٰهُ

ہم چاہتے کہ بنالیں کچھ کھلونا تو بنا لیتے ہم

مِنْ لَّدُنَّآ ۖ اِنْ كُنَّا فٰعِلِيْنَ ﴿١٧﴾ بَلْ

اپنے پاس سے اگر ہم کو کرنا ہوتا ﴿١٧﴾ یوں نہیں، پر

نَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَى الْبَاطِلِ فَيَدْمَغُهٗ

ہم پھینک مارتے ہیں سچ کو جھوٹ پر پھر وہ اس کا سر پھوڑ ڈالتا ہے

فَاِذَا هُوَ زَاهِقٌ ۭ وَلَكُمُ الْوَيْلُ مِمَّا

پھر وہ جاتا رہتا ہے اور تمھارے لیے خرابی ہے ان باتوں سے جو

تَصِفُوْنَ ﴿١٨﴾ وَلَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ

تم بتلاتے ہو ﴿١٨﴾ اور اسی کا ہے جو کوئی ہے آسمان

وَالْاَرْضِ ؕ وَمَنْ عِنْدَهٗ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ

اور زمین میں اور جو اس کے نزدیک رہتے ہیں سرکشی نہیں کرتے

عَنْ عِبَادَتِهٖ وَلَا يَسْتَحْسِرُوْنَ ﴿١٩﴾ ۚ

اس کی عبادت سے اور نہیں کرتے کاہلی ﴿١٩﴾

يُسَبِّحُوْنَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ لَا يَفْتُرُوْنَ ﴿٢٠﴾

یاد کرتے ہیں رات اور دن نہیں تھکتے ﴿٢٠﴾

اَمِ اتَّخَذُوْٓا اٰلِهَةً مِّنَ الْاَرْضِ هُمْ

کیا ٹھہرائے ہیں انہوں نے اور معبود زمین میں کے، کہ وہ

يُنْشِرُوْنَ ﴿٢١﴾ لَوْ كَانَ فِيْهِمَآ اٰلِهَةٌ اِلَّا

جلا اٹھائیں گے ان کو ﴿٢١﴾ اگر ہوتے ان دونوں میں اور معبود سوائے

اللّٰهُ لَفَسَدَتَا ۚ فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ

اللہ کے تو دونوں خراب ہوجاتے سو پاک ہے اللہ عرش کا

الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۲۲﴾ لَا يُسْـَٔلُ

مالک ان باتوں سے جو یہ بتلاتے ہیں ﴿۲۲﴾ اس سے پوچھا نہ جائے گا

عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْـَٔلُوْنَ ﴿۲۳﴾ اَمِ

جو وہ کرے اور ان سے پوچھا جائے ﴿۲۳﴾ کیا

اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً ؕ قُلْ هَاتُوْا

ٹھہرائے ہیں انہوں نے اس سے ورے اور معبود تو کہہ لاؤ

بُرْهَانَكُمْ ۚ هٰذَا ذِكْرُ مَنْ مَّعِيَ وَذِكْرُ

اپنی سند یہی بات ہے میرے ساتھ والوں کی اور یہی بات ہے

مَنْ قَبْلِيْ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۙ

مجھ سے پہلوں کی، کوئی نہیں، پر وہ بہت لوگ نہیں سمجھتے

الْحَقَّ فَهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا

سچی بات سو ٹلا رہے ہیں ﴿۲۴﴾ اور نہیں بھیجا ہم نے

مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا نُوْحِيْٓ اِلَيْهِ

تجھ سے پہلے کوئی رسول مگر اس کو یہی حکم بھیجا

اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا۠ فَاعْبُدُوْنِ ﴿۲۵﴾

کہ بات یوں ہے کہ کسی کی بندگی نہیں سوائے میرے سو میری بندگی کرو ﴿۲۵﴾

وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ؕ

اور کہتے ہیں رحمان نے کرلیا کسی کو بیٹا وہ ہرگز اس لائق نہیں

بَلْ عِبَادٌ مُّكْرَمُوْنَ ﴿۲۶﴾ لَا يَسْبِقُوْنَهٗ

لیکن وہ بندے ہیں جن کو عزت دی ہے ﴿۲۶﴾ اس سے بڑھ کر نہیں

بِالْقَوْلِ وَهُمْ بِاَمْرِهٖ يَعْمَلُوْنَ ﴿۲۷﴾

بول سکتے اور وہ اسی کے حکم پر کام کرتے ہیں ﴿۲۷﴾

يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ

اس کو معلوم ہے جو ان کے آگے ہے اور پیچھے

وَلَا يَشْفَعُوْنَ ۙ اِلَّا لِمَنِ ارْتَضٰى وَهُمْ

اور وہ سفارش نہیں کرتے مگر اس کی جس سے اللہ راضی ہو اور وہ

مِّنْ خَشْيَتِهٖ مُشْفِقُوْنَ ﴿۲۸﴾ وَمَنْ

اس کی ہیبت سے ڈرتے ہیں ﴿۲۸﴾ اور جو کوئی

يَّقُلْ مِنْهُمْ اِنِّيْٓ اِلٰهٌ مِّنْ دُوْنِهٖ فَذٰلِكَ

ان میں کہے کہ میری بندگی ہے اس سے ورے، سو اس کو

نَجْزِيْهِ جَهَنَّمَ ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِي

ہم بدلہ دیں گے دوزخ یونہی ہم بدلہ دیتے ہیں

الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۹﴾ اَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا ع ۲ ۱۹ ع ۲

بےانصافوں کو ﴿۲۹﴾ اور کیا نہیں دیکھا ان منکروں نے

اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا

کہ آسمان اور زمین منہ بند تھے

فَفَتَقْنٰهُمَا ؕ وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ كُلَّ

پھر ہم نے ان کو کھول دیا اور بنائی ہم نے پانی سے ہر ایک

شَيْءٍ حَيٍّ ؕ اَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۳۰﴾ وَجَعَلْنَا

چیز جس میں جان ہے پھر کیا یقین نہیں کرتے ﴿۳۰﴾ اور رکھ دیے ہم نے

فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِهِمْ

زمین میں بھاری بوجھ کبھی ان کو لے کر جھک پڑے

وَجَعَلْنَا فِيْهَا فِجَاجًا سُبُلًا لَّعَلَّهُمْ

اور رکھیں اس میں کشادہ راہیں تاکہ وہ

يَهْتَدُوْنَ ﴿٣١﴾ وَجَعَلْنَا السَّمَآءَ سَقْفًا

راہ پائیں ﴿٣١﴾ اور بنایا ہم نے آسمان کو چھت

مَّحْفُوْظًا ۚ وَّهُمْ عَنْ اٰيٰتِهَا

محفوظ اور وہ آسمان کی نشانیوں کو

مُعْرِضُوْنَ ﴿٣٢﴾ وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ الَّيْلَ

دھیان میں نہیں لاتے ﴿٣٢﴾ اور وہ ہی ہے جس نے بنائے رات

وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ كُلٌّ فِيْ

اور دن اور سورج اور چاند، سب

فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ﴿٣٣﴾ وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ

اپنے اپنے گھر میں پھرتے ہیں ﴿٣٣﴾ اور نہیں دیا ہم نے

مِّنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ ؕ اَفَاْئِنْ مِّتَّ فَهُمُ

تجھ سے پہلے کسی آدمی کو ہمیشہ کے لیے زندہ رہنا پھر کیا اگر تو مر گیا تو وہ

الْخٰلِدُوْنَ ﴿۳۴﴾ كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ؕ

رہ جائیں گے ﴿۳۴﴾ ہر جی کو چکھنی ہے موت

وَنَبْلُوْكُمْ بِالشَّرِّ وَالْخَيْرِ فِتْنَةً ؕ

اور ہم تم کو جانچتے ہیں برائی سے اور بھلائی سے آزمانے کو

وَاِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۳۵﴾ وَاِذَا رَاٰكَ الَّذِيْنَ

اور ہماری طرف پھر کر آجاؤ گے ﴿۳۵﴾ اور جہاں تجھ کو دیکھا

كَفَرُوْٓا اِنْ يَّتَّخِذُوْنَكَ اِلَّا هُزُوًا ؕ

منکروں نے تو کوئی کام نہیں ان کو تجھ سے مگر ٹھٹھا کرنا

اَهٰذَا الَّذِيْ يَذْكُرُ اٰلِهَتَكُمْ ۚ وَهُمْ

کیا یہی شخص ہے جو نام لیتا ہے تمھارے معبودوں کا اور وہ

بِذِكْرِ الرَّحْمٰنِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۳۶﴾ خُلِقَ

رحمان کے نام سے منکر ہیں ﴿۳۶﴾ بنا ہے

الْاِنْسَانُ مِنْ عَجَلٍ ؕ سَاُورِيْكُمْ اٰيٰتِيْ

آدمی جلدی کا اب دکھلاتا ہے تم کو اپنی نشانیاں

فَلَا تَسْتَعْجِلُوْنِ ﴿٣٧﴾ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى

سو مجھ سے جلدی مت کرو ﴿٣٧﴾ اور کہتے ہیں کب

هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٣٨﴾

ہوگا یہ وعدہ اگر تم سچے ہو ﴿٣٨﴾

لَوْ يَعْلَمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا حِيْنَ

اگر جان لیں یہ منکر اس وقت کو کہ

لَا يَكُفُّوْنَ عَنْ وُّجُوْهِهِمُ النَّارَ

نہ روک سکیں گے اپنے منہ سے آگ

وَلَا عَنْ ظُهُوْرِهِمْ وَلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿٣٩﴾

اور نہ اپنی پیٹھ سے اور نہ ان کو مدد پہنچے گی ﴿٣٩﴾

بَلْ تَاْتِيْهِمْ بَغْتَةً فَتَبْهَتُهُمْ

کچھ نہیں وہ آئے گی ان پر ناگہاں پھر ان کے ہوش کھو دے گی

فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ رَدَّهَا وَلَا هُمْ

پھر نہ پھیر سکیں گے اس کو اور نہ ان کو

يُنْظَرُوْنَ ﴿۴۰﴾ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ

فرصت ملے گی ﴿۴۰﴾ اور ٹھٹھے ہو چکے ہیں رسولوں سے

مِّنْ قَبْلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِيْنَ سَخِرُوْا

تجھ سے پہلے پھر الٹ پڑی ٹھٹھا کرنے والوں پر

ع ۳ ۱۲ ۳ مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۴۱﴾

ان میں سے وہ چیز جس کا ٹھٹھا کرتے تھے ﴿۴۱﴾

قُلْ مَنْ يَّكْلَؤُكُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ

تو کہہ کون نگہبانی کرتا ہے تمھاری رات میں اور دن میں

مِنَ الرَّحْمٰنِ ؕ بَلْ هُمْ عَنْ ذِكْرِ رَبِّهِمْ

رحمان سے کوئی نہیں وہ اپنے رب کے ذکر سے

مُّعْرِضُوْنَ ﴿۴۲﴾ اَمْ لَهُمْ اٰلِهَةٌ تَمْنَعُهُمْ

منہ پھیرتے ہیں ﴿۴۲﴾ یا ان کے واسطے کوئی معبود ہیں کہ ان کو بچاتے ہیں

مِّنْ دُوْنِنَا ؕ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَ

ہمارے سوا وہ اپنی بھی مدد

اَنْفُسِهِمْ وَلَا هُمْ مِّنَّا يُصْحَبُوْنَ ﴿۴۳﴾

نہیں کرسکتے اور نہ ان کی ہماری طرف سے رفاقت ہو ﴿۴۳﴾

بَلْ مَتَّعْنَا هٰٓؤُلَآءِ وَاٰبَآءَهُمْ حَتّٰى

کوئی نہیں پر ہم نے عیش دیا ان کو اور ان کے باپ دادوں کو یہاں تک کہ

طَالَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ ؕ اَفَلَا يَرَوْنَ اَنَّا

بڑھ گئی ان پر زندگی پھر کیا نہیں دیکھتے کہ ہم

نَاْتِي الْاَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا ؕ

چلے آتے ہیں زمین کو گھٹاتے اس کے کناروں سے

اَفَهُمُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿۴۴﴾ قُلْ اِنَّمَآ اُنْذِرُكُمْ

اب کیا وہ جیتنے والے ہیں ﴿۴۴﴾ تو کہہ میں جو تم کو ڈراتا ہوں

بِالْوَحْيِ ۫ وَلَا يَسْمَعُ الصُّمُّ الدُّعَآءَ

سو حکم کے موافق اور سنتے نہیں بہرے پکارنے کو

اِذَا مَا يُنْذَرُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَلَئِنْ مَّسَّتْهُمْ

جب کوئی ان کو ڈر کی بات سنائے ﴿۴۵﴾ اور کہیں پہنچ جائے ان تک

نَفْحَةٌ مِّنْ عَذَابِ رَبِّكَ لَيَقُوْلُنَّ

ایک بھاپ تیرے رب کے عذاب کی تو ضرور کہنے لگیں

يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿۴۶﴾ وَنَضَعُ

ہائے کم بختی ہماری بے شک ہم تھے گنہ گار ﴿۴۶﴾ اور رکھیں گے ہم

الْمَوَازِيْنَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ

ترازوئیں انصاف کی قیامت کے دن

فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْـًٔا ؕ وَاِنْ كَانَ

پھر ظلم نہ ہوگا کسی جی پر ایک ذرہ اور اگر ہوگا

مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ اَتَيْنَا بِهَا ؕ

برابر رائی کے دانہ کے تو ہم لے آئیں گے اس کو

وَكَفٰى بِنَا حٰسِبِيْنَ ﴿۴۷﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا

اور ہم کافی ہیں حساب کرنے کو ﴿۴۷﴾ اور ہم نے دی تھی

مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ الْفُرْقَانَ وَضِيَآءً وَّذِكْرًا

موسیٰ اور ہارون (علیہما السلام) کو قضیے چکانے والی کتاب اور روشنی اور نصیحت

لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۴۸﴾ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ

ڈرنے والوں کو ﴿۴۸﴾ جو ڈرتے ہیں اپنے رب سے

بِالْغَيْبِ وَهُمْ مِّنَ السَّاعَةِ مُشْفِقُوْنَ ﴿۴۹﴾

بن دیکھے اور وہ قیامت کا خطرہ رکھتے ہیں ﴿۴۹﴾

وَهٰذَا ذِكْرٌ مُّبٰرَكٌ اَنْزَلْنٰهُ ؕ اَفَاَنْتُمْ لَهٗ

اور یہ ایک نصیحت ہے برکت کی جو ہم نے اتاری سو کیا تم اس کو

مُنْكِرُوْنَ ﴿۵۰﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَآ اِبْرٰهِيْمَ ع ع ۴ ۹ ۴

نہیں مانتے ﴿۵۰﴾ اور آگے دی تھی ہم نے ابراہیم کو

رُشْدَهٗ مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا بِهٖ عٰلِمِيْنَ ﴿۵۱﴾ ج

اس کی نیک راہ اور ہم رکھتے ہیں اس کی خبر ﴿۵۱﴾

اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ مَا هٰذِهِ

جب کہا اس نے اپنے باپ کو اور اپنی قوم کو یہ

التَّمَاثِيْلُ الَّتِيْٓ اَنْتُمْ لَهَا عٰكِفُوْنَ ﴿۵۲﴾

کیسی مورتیں ہیں جن پر تم مجاور بنے بیٹھے ہو ﴿۵۲﴾

قَالُوْا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا لَهَا عٰبِدِيْنَ ﴿۵۳﴾

بولے ہم نے پایا اپنے باپ دادوں کو انہی کی پوجا کرتے ﴿۵۳﴾

قَالَ لَقَدْ كُنْتُمْ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ فِيْ

بولا مقرر رہے تم اور تمھارے باپ دادے

ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۵۴﴾ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا بِالْحَقِّ

صریح گمراہی میں ﴿۵۴﴾ بولے تو ہمارے پاس لایا ہے سچی بات

اَمْ اَنْتَ مِنَ اللّٰعِبِيْنَ ﴿۵۵﴾ قَالَ بَلْ

یا تو کھلاڑیاں کرتا ہے ﴿۵۵﴾ بولا نہیں

رَّبُّكُمْ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الَّذِيْ

رب تمھارا وہی ہے رب آسمان اور زمین کا جس نے

فَطَرَهُنَّ ۫ وَاَنَا عَلٰى ذٰلِكُمْ مِّنَ

ان کو بنایا اور میں اسی بات کا

الشّٰهِدِيْنَ ﴿۵۶﴾ وَتَاللّٰهِ لَاَكِيْدَنَّ

قائل ہوں ﴿۵۶﴾ اور قسم اللہ کی میں علاج کروں گا

اَصْنَامَكُمْ بَعْدَ اَنْ تُوَلُّوْا مُدْبِرِيْنَ ﴿۵۷﴾

تمھارے بتوں کا جب تم جا چکو گے پیٹھ پھیر کر ﴿۵۷﴾

فَجَعَلَهُمْ جُذٰذًا اِلَّا كَبِيْرًا لَّهُمْ

پھر کر ڈالا ان کو ٹکڑے ٹکڑے مگر ایک بڑا ان کا

لَعَلَّهُمْ اِلَيْهِ يَرْجِعُوْنَ ﴿۵۸﴾ قَالُوْا مَنْ

کہ شاید اس کی طرف رجوع کریں ﴿۵۸﴾ کہنے لگے کس نے

فَعَلَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَآ اِنَّهٗ لَمِنَ

کیا یہ کام ہمارے معبودوں کے ساتھ وہ تو کوئی

الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۹﴾ قَالُوْا سَمِعْنَا فَتًى

بے انصاف ہے ﴿۵۹﴾ وہ بولے ہم نے سنا ہے ایک جوان

يَّذْكُرُهُمْ يُقَالُ لَهٗٓ اِبْرٰهِيْمُ ﴿۶۰﴾

بتوں کو کچھ کہا کرتا ہے، اس کو کہتے ہیں ابراہیم ﴿۶۰﴾

قَالُوْا فَاْتُوْا بِهٖ عَلٰٓى اَعْيُنِ النَّاسِ

وہ بولے اس کو لے آؤ لوگوں کے سامنے

لَعَلَّهُمْ يَشْهَدُوْنَ ﴿٦١﴾ قَالُوْٓا ءَاَنْتَ

شاید وہ دیکھیں ﴿٦١﴾ بولے کیا تو نے

فَعَلْتَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَا يٰٓاِبْرٰهِيْمُ ﴿٦٢﴾ ط

کیا ہے یہ ہمارے معبودوں کے ساتھ اے ابراہیم ﴿٦٢﴾

قَالَ بَلْ فَعَلَهٗ ق صلے كَبِيْرُهُمْ هٰذَا

بولا نہیں پر یہ کیا ہے ان کے اس بڑے نے

فَسْـَٔلُوْهُمْ اِنْ كَانُوْا يَنْطِقُوْنَ ﴿٦٣﴾

سو ان سے پوچھ لو اگر وہ بولتے ہیں ﴿٦٣﴾

فَرَجَعُوْٓا اِلٰٓى اَنْفُسِهِمْ فَقَالُوْٓا اِنَّكُمْ

پھر سوچے اپنے جی میں پھر بولے لوگو!

اَنْتُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿٦٤﴾ لا ثُمَّ نُكِسُوْا عَلٰى

تم ہی بےانصاف ہو ﴿٦٤﴾ پھر اوندھے ہوگئے

رُءُوْسِهِمْ ج لَقَدْ عَلِمْتَ مَا هٰٓؤُلَآءِ

سر جھکا کر تو تو جانتا ہے جیسا یہ

يَنْطِقُوْنَ ﴿٦٥﴾ قَالَ اَفَتَعْبُدُوْنَ مِنْ

بولتے ہیں ﴿٦٥﴾ بولا کیا پھر تم پوجتے ہو

دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُكُمْ شَيْـًٔا

اللہ سے ورے ایسے کو جو تمھارا کچھ بھلا کرے

وَّلَا يَضُرُّكُمْ ﴿٦٦﴾ اُفٍّ لَّكُمْ وَلِمَا

نہ برا ﴿٦٦﴾ بیزار ہوں میں تم سے اور جن کو

تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿٦٧﴾

تم پوجتے ہو اللہ کے سوائے کیا تم کو سمجھ نہیں ﴿٦٧﴾

قَالُوْا حَرِّقُوْهُ وَانْصُرُوْٓا اٰلِهَتَكُمْ اِنْ

بولے اس کو جلاؤ اور مدد کرو اپنے معبودوں کی اگر

كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ﴿٦٨﴾ قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا

کچھ کرتے ہو ﴿٦٨﴾ ہم نے کہا اے آگ ٹھنڈک ہوجا

وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ﴿٦٩﴾ وَاَرَادُوْا

اور آرام ابراہیم پر ﴿٦٩﴾ اور چاہنے لگے

بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَخْسَرِيْنَ ۚ ﴿۷۰﴾

اس کا برا پھر انہی کو ہم نے ڈالا نقصان میں ﴿۷۰﴾

وَنَجَّيْنٰهُ وَلُوْطًا اِلَى الْاَرْضِ الَّتِيْ

اور بچا نکالا ہم نے اس کو اور لوط (علیہ السلام) کو اس زمین کی طرف

بٰرَكْنَا فِيْهَا لِلْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۱﴾ وَوَهَبْنَا لَهٗٓ

جس میں برکت رکھی ہے ہم نے جہاں کے واسطے ﴿۷۱﴾ اور بخشا ہم نے اس کو

اِسْحٰقَ ؕ وَيَعْقُوْبَ نَافِلَةً ؕ وَكُلًّا

اسحاق اور یعقوب دیا انعام میں اور سب کو

جَعَلْنَا صٰلِحِيْنَ ﴿۷۲﴾ وَجَعَلْنٰهُمْ اَئِمَّةً

نیک بخت کیا ﴿۷۲﴾ اور ان کو کیا ہم نے پیشوا

يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا وَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِمْ

راہ بتلاتے تھے ہمارے حکم سے اور کہلا بھیجا ہم نے ان کو

فِعْلَ الْخَيْرٰتِ وَاِقَامَ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءَ

کرنا نیکیوں کا اور قائم رکھنی نماز اور دینی

الزَّكٰوةِ ۚ وَكَانُوْا لَنَا عٰبِدِيْنَ ۙ﴿٧٣﴾ وَلُوْطًا

زکوٰۃ اور وہ تھے ہماری بندگی میں لگے ہوئے ﴿٧٣﴾ اور لوط کو

اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا وَّنَجَّيْنٰهُ مِنَ

دیا ہم نے حکم اور سمجھ اور بچا نکالا اس کو

الْقَرْيَةِ الَّتِيْ كَانَتْ تَّعْمَلُ الْخَبٰٓئِثَ ؕ

اس بستی سے جو کرتے تھے گندے کام

اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمَ سَوْءٍ فٰسِقِيْنَ ۙ﴿٧٤﴾

وہ تھے لوگ بڑے نافرمان ﴿٧٤﴾

وَاَدْخَلْنٰهُ فِيْ رَحْمَتِنَا ؕ اِنَّهٗ مِنَ

اور اس کو لے لیا ہم نے اپنی رحمت میں وہ ہے

الصّٰلِحِيْنَ ۚ﴿٧٥﴾ وَنُوْحًا اِذْ نَادٰى مِنْ ع ٥ ٢٥

نیک بختوں میں ﴿٧٥﴾ اور نوح کو جب اس نے پکارا

قَبْلُ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ

اس سے پہلے پھر قبول کرلی ہم نے اسکی دعا سو بچا دیا اس کو اور اسکے گھر والوں کو

مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ۚ ﴿۷۶﴾ وَنَصَرْنٰهُ مِنَ

بڑی گھبراہٹ سے ﴿۷۶﴾ اور مدد کی اس کی

الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا

ان لوگوں پر جو جھٹلاتے تھے ہماری آیتیں، وہ تھے

قَوْمَ سَوْءٍ فَاَغْرَقْنٰهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۷۷﴾

برے لوگ پھر ڈبا دیا ہم نے ان سب کو ﴿۷۷﴾

وَدَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ اِذْ يَحْكُمٰنِ فِي

اور داؤد (علیہ السلام) اور سلیمان (علیہ السلام) کو جب لگے فیصل کرنے

الْحَرْثِ اِذْ نَفَشَتْ فِيْهِ غَنَمُ

کھیتی کا جھگڑا جب روند گئیں اس کو رات میں

الْقَوْمِ ۚ وَكُنَّا لِحُكْمِهِمْ شٰهِدِيْنَ ۙ﴿۷۸﴾

ایک قوم کی بکریاں، اور سامنے تھا ہمارے ان کا فیصلہ ﴿۷۸﴾

فَفَهَّمْنٰهَا سُلَيْمٰنَ ۚ وَكُلًّا اٰتَيْنَا حُكْمًا

پھر سمجھا دیا ہم نے وہ فیصلہ سلیمان کو اور دونوں کو دیا تھا ہم نے حکم

وَّعِلْمًا ز وَّسَخَّرْنَا مَعَ دَاوٗدَ الْجِبَالَ

اور سمجھ اور تابع کیے ہم نے داؤد کے ساتھ پہاڑ

يُسَبِّحْنَ وَالطَّيْرَ ط وَكُنَّا فٰعِلِيْنَ ﴿۷۹﴾

تسبیح پڑھا کرتے اور اڑتے جانور اور یہ سب کچھ ہم نے کیا ﴿۷۹﴾

وَعَلَّمْنٰهُ صَنْعَةَ لَبُوْسٍ لَّكُمْ لِتُحْصِنَكُمْ

اور اس کو سکھلایا ہم نے بنانا ایک تمھارا لباس کہ بچاؤ ہو تم کو

مِّنْۢ بَاْسِكُمْ ج فَهَلْ اَنْتُمْ شٰكِرُوْنَ ﴿۸۰﴾

تمھاری لڑائی میں سو کچھ تم شکر کرتے ہو ﴿۸۰﴾

وَلِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ عَاصِفَةً تَجْرِيْ

اور سلیمان کے تابع کی ہوا زور سے چلنے والی کہ چلتی

بِاَمْرِهٖٓ اِلَى الْاَرْضِ الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا ط

اس کے حکم سے اس زمین کی طرف جہاں برکت دی ہے ہم نے

وَكُنَّا بِكُلِّ شَيْءٍ عٰلِمِيْنَ ﴿۸۱﴾ وَمِنَ

اور ہم کو سب چیز کی خبر ہے ﴿۸۱﴾ اور

الشَّيٰطِيْنِ مَنْ يَّغُوْصُوْنَ لَهٗ وَيَعْمَلُوْنَ

تابع کیے کتنے شیطان جو غوطہ لگاتے اس کے واسطے اور بہت سے

عَمَلًا دُوْنَ ذٰلِكَ ۚ وَكُنَّا لَهُمْ حٰفِظِيْنَ ۙ۸۲

کام بناتے اس کے سوا اور ہم نے ان کو تھام رکھا تھا ۸۲

وَاَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَسَّنِيَ

اور ایوب کو جس وقت پکارا اس نے اپنے رب کو کہ مجھ پر پڑی ہے

الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۚ۸۳ ج صلے

تکلیف اور تو ہے سب رحم والوں سے رحم والا ۸۳

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَكَشَفْنَا مَا بِهٖ مِنْ

پھر ہم نے سن لی اس کی فریاد سو دور کردی جو اس پر تھی

ضُرٍّ ۪ وَّاٰتَيْنٰهُ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ

تکلیف اور عطا کیے اس کو اس کے گھر والے اور اتنے ہی اور ان کے ساتھ

رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَذِكْرٰى لِلْعٰبِدِيْنَ ۸۴

رحمت اپنی طرف سے اور نصیحت بندگی کرنے والوں کو ۸۴

وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِدْرِيْسَ وَذَا الْكِفْلِ ؕ

اور اسمٰعیل اور ادریس اور ذوالکفل کو

كُلٌّ مِّنَ الصّٰبِرِيْنَ ۙ لا ﴿۸۵﴾ وَاَدْخَلْنٰهُمْ

یہ سب ہیں صبر والے ﴿۸۵﴾ اور لے لیا ہم نے ان کو

فِيْ رَحْمَتِنَا ؕ اِنَّهُمْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۸۶﴾

اپنی رحمت میں وہ ہیں نیک بختوں میں ﴿۸۶﴾

وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ

اور مچھلی والے کو جب چلا گیا غصہ ہو کر پھر سمجھا

اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى فِي الظُّلُمٰتِ

کہ ہم نہ پکڑ سکیں گے اس کو پھر پکارا ان اندھیروں میں

اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ ق صلے

کہ کوئی حاکم نہیں سوائے تیرے تو بے عیب ہے

اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۸۷﴾ ج صلے

میں تھا گنہگاروں سے ﴿۸۷﴾

احتیاط

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۙ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ

پھر سن لی ہم نے اس کی فریاد، اور بچا دیا اس کو

الْغَمِّ ؕ وَكَذٰلِكَ نُـْۨجِي الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۸۸﴾

اس گھٹنے سے، اور یونہی ہم بچا دیتے ہیں ایمان والوں کو ﴿۸۸﴾

وَزَكَرِيَّآ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ

اور زکریا (علیہ السلام) کو جب پکارا اس نے اپنے رب کو، اے رب نہ چھوڑ مجھ کو

فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿۸۹﴾ صلے ج

اکیلا اور تو ہے سب سے بہتر وارث ﴿۸۹﴾

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۙ وَوَهَبْنَا لَهٗ يَحْيٰى

پھر ہم نے سن لی اس کی دعا اور بخشا اس کو یحییٰ

وَاَصْلَحْنَا لَهٗ زَوْجَهٗ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا

اور اچھا کردیا اس کی عورت کو وہ لوگ

يُسٰرِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ وَيَدْعُوْنَنَا

دوڑتے تھے بھلائیوں پر اور پکارتے تھے ہم کو

رَغَبًا وَّرَهَبًا ؕ وَكَانُوْا لَنَا خٰشِعِيْنَ ﴿٩٠﴾

توقع سے اور ڈر سے اور تھے ہمارے آگے عاجز ﴿٩٠﴾

وَالَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا

اور وہ عورت جس نے قابو میں رکھی اپنی شہوت پھر پھونک دی ہم نے

فِيْهَا مِنْ رُّوْحِنَا وَجَعَلْنٰهَا وَابْنَهَآ

اس عورت میں اپنی روح اور کیا اس کو اس کے بیٹے کو

اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿٩١﴾ اِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ

نشانی جہان والوں کے واسطے ﴿٩١﴾ یہ لوگ ہیں تمھارے دین کے

اُمَّةً وَّاحِدَةً ۖ وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْنِ ﴿٩٢﴾

سب ایک دین پر اور میں ہوں رب تمھارا سو میری بندگی کرو ﴿٩٢﴾

وَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ ؕ كُلٌّ اِلَيْنَا

اور ٹکڑے ٹکڑے بانٹ لیا لوگوں نے آپس میں اپنا کام سب ہمارے پاس

رٰجِعُوْنَ ﴿٩٣﴾ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ ع ع ١٨ ٦

پھر آئیں گے ﴿٩٣﴾ سو جو کوئی کرے کچھ

الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا كُفْرَانَ

نیک کام اور وہ رکھتا ہو ایمان سواکارت نہ کریں گے

لِسَعْيِهٖ ۚ وَاِنَّا لَهٗ كٰتِبُوْنَ ﴿۹۴﴾

اس کی سعی کو اور ہم اس کو لکھ لیتے ہیں ﴿۹۴﴾

وَحَرٰمٌ عَلٰى قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَآ اَنَّهُمْ

اور مقرر ہو چکا ہر بستی پر جس کو غارت کردیا ہم نے کہ وہ

لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿۹۵﴾ حَتّٰٓى اِذَا فُتِحَتْ

پھر کر نہیں آئیں گے ﴿۹۵﴾ یہاں تک کہ جب کھول دیے جائیں

يَاْجُوْجُ وَمَاْجُوْجُ وَهُمْ مِّنْ كُلِّ

یاجوج وماجوج اور وہ ہر

حَدَبٍ يَّنْسِلُوْنَ ﴿۹۶﴾ وَاقْتَرَبَ الْوَعْدُ

اوچان سے پھسلتے چلے آئیں ﴿۹۶﴾ اور نزدیک آلگے سچا

الْحَقُّ فَاِذَا هِيَ شَاخِصَةٌ اَبْصَارُ

وعدہ پھر اس دم اوپر لگی رہ جائیں

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ يٰوَيْلَنَا قَدْ كُنَّا فِيْ

منکروں کی آنکھیں ہائے کم بختی ہماری ہم

غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا بَلْ كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿٩٧﴾

بے خبر رہے اس سے، نہیں پَر ہم تھے گناہ گار ﴿٩٧﴾

اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

تم اور جو کچھ تم پوجتے ہو اللہ کے سوا

حَصَبُ جَهَنَّمَ ؕ اَنْتُمْ لَهَا وٰرِدُوْنَ ﴿٩٨﴾

ایندھن ہے دوزخ کا تم کو اس پر پہنچنا ہے ﴿٩٨﴾

لَوْ كَانَ هٰٓؤُلَآءِ اٰلِهَةً مَّا وَرَدُوْهَا ؕ وَكُلٌّ

اگر ہوتے یہ بت معبود تو نہ پہنچتے اس پر اور سارے

فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٩٩﴾ لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ

اس میں سدا پڑے رہیں گے ﴿٩٩﴾ ان کو وہاں چلّانا ہے

وَّهُمْ فِيْهَا لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿١٠٠﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

اور وہ اس میں کچھ نہ سنیں گے ﴿١٠٠﴾ جن کے لیے

سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنٰٓى ۙ اُولٰٓئِكَ عَنْهَا

پہلے سے ٹھہر چکی ہماری طرف سے نیکی وہ اس سے

مُبْعَدُوْنَ ﴿١٠١﴾ لَا يَسْمَعُوْنَ حَسِيْسَهَا ۚ

دور رہیں گے ﴿١٠١﴾ نہیں سنیں گے اس کی آہٹ

وَهُمْ فِيْ مَا اشْتَهَتْ اَنْفُسُهُمْ

اور وہ اپنے جی کے مزوں میں

خٰلِدُوْنَ ﴿١٠٢﴾ ۚ لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ

سدا رہیں گے ﴿١٠٢﴾ نہ غم ہوگا ان کو

الْاَكْبَرُ وَتَتَلَقّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ؕ هٰذَا

اس بڑی گھبراہٹ میں اور لینے آئیں گے ان کو فرشتے، آج

يَوْمُكُمُ الَّذِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿١٠٣﴾

دن تمھارا ہے جس کا تم سے وعدہ کیا گیا تھا ﴿١٠٣﴾

يَوْمَ نَطْوِي السَّمَآءَ كَطَيِّ السِّجِلِّ

جس دن ہم لپیٹ لیویں آسمان کو جیسے لپیٹتے ہیں طومار میں

لِلْكُتُبِ ؕ كَمَا بَدَاْنَاۤ اَوَّلَ خَلْقٍ

کاغذ، جیسا سرے سے بنایا تھا ہم نے پہلی بار

نُّعِيْدُهٗ ؕ وَعْدًا عَلَيْنَا ؕ اِنَّا كُنَّا

پھر اس کو دوہرائیں گے، وعدہ ضرور ہوچکا ہے ہم پر، ہم کو

فٰعِلِيْنَ ﴿١٠٤﴾ وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِي الزَّبُوْرِ

پورا کرنا ہے ﴿١٠٤﴾ اور ہم نے لکھ دیا ہے زبور میں

مِنْۢ بَعْدِ الذِّكْرِ اَنَّ الْاَرْضَ يَرِثُهَا

نصیحت کے پیچھے کہ آخر زمین پر مالک ہوں گے

عِبَادِيَ الصّٰلِحُوْنَ ﴿١٠٥﴾ اِنَّ فِيْ هٰذَا

میرے نیک بندے ﴿١٠٥﴾ اس میں

لَبَلٰغًا لِّقَوْمٍ عٰبِدِيْنَ ﴿١٠٦﴾ ؕ وَمَاۤ اَرْسَلْنٰكَ

مطلب کو پہنچتے ہیں لوگ بندگی والے ﴿١٠٦﴾ اور تجھ کو جو ہم نے بھیجا

اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿١٠٧﴾ قُلْ اِنَّمَا

سو مہربانی کر جہان کے لوگوں پر ﴿١٠٧﴾ تو کہہ

يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ

مجھ کو تو حکم یہی آیا ہے کہ معبود تمھارا ایک معبود ہے

فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۰۸﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا

پھر کیا ہو تم حکم برداری کرنے والے ﴿۱۰۸﴾ پھر اگر وہ منہ موڑیں

فَقُلْ اٰذَنْتُكُمْ عَلٰى سَوَآءٍ ؕ وَاِنْ اَدْرِيْٓ

تو تُو کہہ دے میں نے خبر دی تم کو دونوں طرف برابر اور میں نہیں جانتا

اَقَرِيْبٌ اَمْ بَعِيْدٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ ﴿۱۰۹﴾

نزدیک ہے یا دور ہے جو تم سے وعدہ ہوا ﴿۱۰۹﴾

اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ مِنَ الْقَوْلِ وَيَعْلَمُ

وہ رب جانتا ہے جو بات پکار کر کرو اور جانتا ہے

مَا تَكْتُمُوْنَ ﴿۱۱۰﴾ وَاِنْ اَدْرِيْ لَعَلَّهٗ

جو تم چھپاتے ہو ﴿۱۱۰﴾ اور میں نہیں جانتا شاید تاخیر میں

فِتْنَةٌ لَّكُمْ وَمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ﴿۱۱۱﴾ قٰلَ

تم کو جانچنا ہے اور فائدہ دینا ہے ایک وقت تک ﴿۱۱۱﴾ رسول نے کہا

رَبِّ احْكُمْ بِالْحَقِّ ؕ وَرَبُّنَا الرَّحْمٰنُ

اے رب فیصلہ کر انصاف کا اور رب ہمارا رحمان ہے

الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ﴿۱۱۲﴾ ع

اسی سے مدد مانگتے ہیں ان باتوں پر جو تم بتلاتے ہو ﴿۱۱۲﴾

(سورۂ حج مدینہ منورہ میں نازل ہوئی مگر آیت (۵۲) سے (۵۵) تک مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے بیچ میں نازل ہوئی ہیں۔ اس میں (۷۸) آیتیں اور (۱۰) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۱۰۳) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۲۲) نمبر پر ہے اور سورۂ نور کے بعد نازل ہوئی ہے۔)

| اس میں (۱۲۹۱) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۵۰۷۵) حروف ہیں |
|---|---|---|

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ۚ اِنَّ زَلْزَلَةَ

لوگو! ڈرو اپنے رب سے بے شک بھونچال

السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيْمٌ ﴿۱﴾ يَوْمَ تَرَوْنَهَا

قیامت کا ایک بڑی چیز ہے ﴿۱﴾ جس دن اس کو دیکھو گے

تَذْهَلُ كُلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّاۤ اَرْضَعَتْ

بھول جائے گی ہر دودھ پلانے والی اپنے دودھ پلائے کو

وَتَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا وَتَرَى

اور ڈال دے گی ہر پیٹ والی اپنا پیٹ اور تو دیکھے

النَّاسَ سُكٰرٰى وَمَا هُمْ بِسُكٰرٰى

لوگوں پر نشہ اور ان پر نشہ نہیں

وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ ﴿۲﴾ وَمِنَ

پر آفت اللہ کی سخت ہے ﴿۲﴾ اور بعضے

النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ

لوگ وہ ہیں جو جھگڑتے ہیں اللہ کی بات میں

عِلْمٍ وَّيَتَّبِعُ كُلَّ شَيْطٰنٍ مَّرِيْدٍ ﴿۳﴾ لا

بے خبر ی سے اور پیروی کرتا ہے ہر شیطان سرکش کی ﴿۳﴾

كُتِبَ عَلَيْهِ اَنَّهٗ مَنْ تَوَلَّاهُ فَاَنَّهٗ

جس کے حق میں لکھ دیا گیا ہے کہ جو کوئی اس کا رفیق ہو سو وہ

يُضِلُّهٗ وَيَهْدِيْهِ اِلٰى عَذَابِ السَّعِيْرِ ﴿۴﴾

اس کو بہکائے اور لے جائے عذاب میں دوزخ کے ﴿۴﴾

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّنَ

اے لوگو! اگر تم کو دھوکا ہے

الْبَعْثِ فَاِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ

جی اٹھنے میں تو ہم نے تم کو بنایا مٹی سے پھر

مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ مِنْ

قطرہ سے پھر جمے ہوئے خون سے پھر

مُّضْغَةٍ مُّخَلَّقَةٍ وَّغَيْرِ مُخَلَّقَةٍ

گوشت کی بوٹی نقشہ بنی ہوئی سے اور بدون نقشہ بنی ہوئی سے

لِّنُبَيِّنَ لَكُمْ ؕ وَنُقِرُّ فِي الْاَرْحَامِ

اس واسطے کہ تم کو کھول کر سنا دیں اور ٹھہرا رکھتے ہیں ہم پیٹ میں

مَا نَشَآءُ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ

جو کچھ چاہیں ایک وقت معین تک پھر

نُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ ۚ

تم کو نکالتے ہیں لڑکا پھر جب تک کہ پہنچو اپنی جوانی کے زور کو

وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى وَمِنْكُمْ مَّنْ

اور کوئی تم میں سے قبضہ کرلیا جاتا ہے اور کوئی تم میں سے

يُّرَدُّ اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْلَا يَعْلَمَ

پھر چلایا جاتا ہے نکمی عمر تک تاکہ سمجھنے کے پیچھے

مِنْۢ بَعْدِ عِلْمٍ شَيْـًٔا ؕ وَتَرَى

کچھ نہ سمجھنے لگے اور تو دیکھتا ہے

الْاَرْضَ هَامِدَةً فَاِذَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْهَا

زمین خراب پڑی ہوئی، پھر جہاں ہم نے اتارا اس پر

الْمَآءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ وَاَنْۢبَتَتْ مِنْ

پانی تازی ہوگئی اور ابھری اور اگائیں

كُلِّ زَوْجٍۭ بَهِيْجٍ ۝٥ ذٰلِكَ بِاَنَّ

ہر قسم قسم رونق کی چیزیں ۝٥ یہ سب کچھ اس واسطے کہ

اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّهٗ يُحْىِ الْمَوْتٰى

اللہ وہی ہے محقق اور وہ جلاتا ہے مردوں کو

وَاَنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ۙ ۝٦ وَّاَنَّ

اور وہ ہر چیز کرسکتا ہے ۝٦ اور یہ کہ

السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا ۙ وَاَنَّ

قیامت آنی ہے اس میں دھوکا نہیں اور یہ کہ

اللّٰهَ يَبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُوْرِ ﴿۷﴾ وَمِنَ

اللہ اٹھائے گا قبروں میں پڑے ہوؤں کو ﴿۷﴾ اور بعضا

النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ

شخص وہ ہے جو جھگڑتا ہے اللہ کی بات میں بغیر

عِلْمٍ وَّلَا هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ مُّنِيْرٍ ۙ﴿۸﴾

جانے اور بغیر دلیل اور بدون روشن کتاب کے ﴿۸﴾

ثَانِيَ عِطْفِهٖ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ

اپنی کروٹ موڑ کر تاکہ بہکائے اللہ کی راہ سے

لَهٗ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّنُذِيْقُهٗ يَوْمَ

اس کے لیے دنیا میں رسوائی ہے اور چکھائیں گے ہم اس کو

الْقِيٰمَةِ عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿۹﴾ ذٰلِكَ بِمَا

قیامت کے دن جلن کی مار ﴿۹﴾ یہ اس کی وجہ سے جو

قَدَّمَتْ يَدٰكَ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ

آگے بھیج چکے تیرے دو ہاتھ اور اس وجہ سے کہ اللہ نہیں

بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿۱۰﴾ وَمِنَ النَّاسِ ع ۱ ۸

ظلم کرتا بندوں پر ﴿۱۰﴾ اور بعضا شخص وہ ہے

مَنْ يَّعْبُدُ اللّٰهَ عَلٰى حَرْفٍ ۚ فَاِنْ

کہ بندگی کرتا ہے اللہ کی کنارے پر پھر اگر

اَصَابَهٗ خَيْرُ ِۨ اطْمَاَنَّ بِهٖ ۚ وَاِنْ

پہنچی اس کو بھلائی تو قائم ہوگیا اس عبادت پر، اور اگر

اَصَابَتْهُ فِتْنَةُ ِۨ انْقَلَبَ عَلٰى وَجْهِهٖ ۚ قف

پہنچ گئی اس کو جانچ پھر گیا الٹا اپنے منہ پر

خَسِرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةَ ؕ ذٰلِكَ هُوَ

گنوائی دنیا اور آخرت یہی ہے

الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ ﴿۱۱﴾ يَدْعُوْا مِنْ

ٹوٹا صریح ﴿۱۱﴾ پکارتا ہے اللہ کے سوا

دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهٗ وَمَا لَا يَنْفَعُهٗ ؕ

ایسی چیز کو کہ نہ اس کا نقصان کرے اور نہ اس کا فائدہ کرے

ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِيْدُ ﴿١٢﴾ ۚ يَدْعُوْا

یہی ہے دور جا پڑنا گمراہ ہو کر ﴿١٢﴾ پکارے جاتا ہے اس کو

لَمَنْ ضَرُّهٗۤ اَقْرَبُ مِنْ نَّفْعِهٖ ؕ لَبِئْسَ

جس کا ضرر پہلے پہنچے نفع سے بے شک برا

الْمَوْلٰى وَلَبِئْسَ الْعَشِيْرُ ﴿١٣﴾ اِنَّ

دوست ہے اور برا رفیق ﴿١٣﴾

اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

اللہ داخل کرے گا ان کو جو ایمان لائے اور کیں

الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

بھلائیاں باغوں میں بہتی ہیں نیچے ان کے

الْاَنْهٰرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ ﴿١٤﴾

نہریں اللہ کرتا ہے جو چاہے ﴿١٤﴾

مَنْ كَانَ يَظُنُّ اَنْ لَّنْ يَّنْصُرَهُ اللّٰهُ فِي

جس کو یہ خیال ہو کہ ہرگز نہ مدد کرے گا اس کی اللہ

الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ فَلْيَمْدُدْ بِسَبَبٍ

دنیا میں اور آخرت میں تو تان لے ایک رسی

اِلَى السَّمَآءِ ثُمَّ لْيَقْطَعْ فَلْيَنْظُرْ

آسمان کو پھر کاٹ ڈالے اب دیکھے

هَلْ يُذْهِبَنَّ كَيْدُهٗ مَا يَغِيْظُ ﴿١٥﴾

کچھ جاتا رہا اس کی اس تدبیر سے اس کا غصہ ﴿١٥﴾

وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ ۙ

اور یوں اتارا ہم نے یہ قرآن کھلی باتیں

وَّاَنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يُّرِيْدُ ﴿١٦﴾

اور یہ ہے کہ اللہ سجھا دیتا ہے جس کو چاہے ﴿١٦﴾

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا

جو لوگ مسلمان ہیں اور جو یہود ہیں

وَالصّٰبِـِٕيْنَ وَالنَّصٰرٰى وَالْمَجُوْسَ

اور صابئین اور نصاریٰ اور مجوس

وَالَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا ۖ۬ قف اِنَّ اللّٰهَ يَفْصِلُ

اور شرک کرتے ہیں مقرر اللہ فیصلہ کرے گا

بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى

ان میں قیامت کے دن اللہ کے

كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ﴿۱۷﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ

سامنے ہے ہر چیز ﴿۱۷﴾ تو نے نہیں دیکھا کہ اللہ کو

يَسْجُدُ لَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي

سجدہ کرتا ہے جو کوئی آسمان میں ہے اور جو کوئی

الْاَرْضِ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ وَالنُّجُوْمُ

زمین میں ہے اور سورج اور چاند اور تارے

وَالْجِبَالُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَآبُّ وَكَثِيْرٌ

اور پہاڑ اور درخت اور جانور اور بہت

مِّنَ النَّاسِ ؕ وَكَثِيْرٌ حَقَّ عَلَيْهِ الْعَذَابُ ؕ

آدمی اور بہت ہیں کہ ان پر ٹھہر چکا عذاب

وَمَنْ يُّهِنِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّكْرِمٍ ؕ

اور جس کو اللہ ذلیل کرے اسے کوئی نہیں عزت دینے والا

اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يَشَآءُ ۩ ۱۸ هٰذٰنِ

اللہ کرتا ہے جو چاہے ۱۸ یہ دو

خَصْمٰنِ اخْتَصَمُوْا فِيْ رَبِّهِمْ ۚ فَالَّذِيْنَ

مدعی ہیں جھگڑے ہیں اپنے رب پر سو جو

كَفَرُوْا قُطِّعَتْ لَهُمْ ثِيَابٌ مِّنْ نَّارٍ ؕ

منکر ہوئے ان کے واسطے بیونتے ہیں کپڑے آگ کے

يُصَبُّ مِنْ فَوْقِ رُءُوْسِهِمُ الْحَمِيْمُ ۱۹ ج

ڈالتے ہیں ان کے سر پر جلتا پانی ۱۹

يُصْهَرُ بِهٖ مَا فِيْ بُطُوْنِهِمْ وَالْجُلُوْدُ ۲۰ ؕ

گل کر نکل جاتا ہے اس سے جو کچھ ان کے پیٹ میں ہے اور کھال بھی ۲۰

وَلَهُمْ مَّقَامِعُ مِنْ حَدِيْدٍ ﴿۲۱﴾ كُلَّمَآ

اور ان کے واسطے ہتھوڑے ہیں لوہے کے ﴿۲۱﴾ جب

اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا مِنْ

چاہیں کہ نکل پڑیں دوزخ سے

غَمٍّ اُعِيْدُوْا فِيْهَا ۗ وَذُوْقُوْا عَذَابَ

گھٹنے کے مارے پھر ڈال دیے جائیں اس کے اندر اور چکھتے رہو

ع ۲ ۱۲ ۹ الْحَرِيْقِ ﴿۲۲﴾ اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ

جلنے کا عذاب ﴿۲۲﴾ بے شک اللہ داخل کرے گا ان کو جو

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ

یقین لائے اور کیں بھلائیاں باغوں میں بہتی ہیں

مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا

ان کے نیچے نہریں گہنا پہنائیں گے ان کو وہاں

مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّلُؤْلُؤًا ؕ

کنگن سونے کے اور موتی

وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا حَرِيْرٌ ﴿۲۳﴾ وَهُدُوْٓا اِلَى

اور ان کی پوشاک ہے وہاں ریشم کی ﴿۲۳﴾ اور راہ پائی انہوں نے

الطَّيِّبِ مِنَ الْقَوْلِ ۚ وَهُدُوْٓا اِلٰى

ستھری بات کی اور پائی اس

صِرَاطِ الْحَمِيْدِ ﴿۲۴﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

تعریفوں والے کی راہ ﴿۲۴﴾ جو لوگ منکر ہوئے

وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالْمَسْجِدِ

اور روکتے ہیں اللہ کی راہ سے اور مسجد

الْحَرَامِ الَّذِيْ جَعَلْنٰهُ لِلنَّاسِ سَوَآءَ ۨ

حرام سے جو ہم نے بنائی سب لوگوں کے واسطے برابر ہے

الْعَاكِفُ فِيْهِ وَالْبَادِ ؕ وَمَنْ يُّرِدْ فِيْهِ

اس میں رہنے والا اور باہر سے آنے والا اور جو اس میں چاہے

بِاِلْحَادٍ ۢ بِظُلْمٍ نُّذِقْهُ مِنْ عَذَابٍ

ٹیڑھی راہ شرارت سے اسے ہم چکھائیں گے ایک عذاب

ع ٣ ١٠

اَلِيْمٍ ﴿٢٥﴾ وَاِذْ بَوَّاْنَا لِاِبْرٰهِيْمَ مَكَانَ

دردناک ﴿٢٥﴾ اور جب ٹھیک کردی ہم نے ابراہیم کو جگہ

الْبَيْتِ اَنْ لَّا تُشْرِكْ بِيْ شَيْـًٔا وَّطَهِّرْ

اس گھر کی کہ شریک نہ کرنا میرے ساتھ کسی کو اور پاک رکھ

بَيْتِيَ لِلطَّآئِفِيْنَ وَالْقَآئِمِيْنَ وَالرُّكَّعِ

میرا گھر طواف کرنے والوں کے واسطے اور کھڑے رہنے والوں کے اور رکوع

السُّجُوْدِ ﴿٢٦﴾ وَاَذِّنْ فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ

وسجدہ والوں کے ﴿٢٦﴾ اور پکار دے لوگوں میں حج کے واسطے

يَاْتُوْكَ رِجَالًا وَّعَلٰى كُلِّ ضَامِرٍ يَّاْتِيْنَ

کہ آئیں تیری طرف پیروں چل کر اور سوار ہو کر دبلے دبلے اونٹوں پر چلے آئیں

مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيْقٍ ﴿٢٧﴾ لِّيَشْهَدُوْا

راہوں دور سے ﴿٢٧﴾ تاکہ پہنچیں

مَنَافِعَ لَهُمْ وَيَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ فِيْٓ

اپنے فائدے کی جگہوں پر اور پڑھیں اللہ کا نام

اَيَّامٍ مَّعْلُوْمٰتٍ عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ

کئی دن جو معلوم ہیں ذبح پر

مِّنْۢ بَهِيْمَةِ الْاَنْعَامِ ۚ فَكُلُوْا مِنْهَا

چوپایوں مواشی کے جو اللہ نے دیے ہیں ان کو سو کھاؤ اس میں سے

وَاَطْعِمُوا الْبَآئِسَ الْفَقِيْرَ ۝۲۸ ز ثُمَّ

اور کھلاؤ برے حال کے محتاج کو ۲۸ پھر

لْيَقْضُوْا تَفَثَهُمْ وَلْيُوْفُوْا نُذُوْرَهُمْ

چاہیے کہ ختم کردیں اپنا میل کچیل اور پوری کریں اپنی منتیں

وَلْيَطَّوَّفُوْا بِالْبَيْتِ الْعَتِيْقِ ۝۲۹

اور طواف کریں اس قدیم گھر کا ۲۹

ذٰلِكَ ۚ وَمَنْ يُّعَظِّمْ حُرُمٰتِ اللّٰهِ فَهُوَ

یہ سن چکے اور جو کوئی بڑائی رکھے اللہ کی حرمتوں کی سو وہ

خَيْرٌ لَّهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ؕ وَاُحِلَّتْ لَكُمُ

بہتر ہے اس کے لیے اپنے رب کے پاس اور حلال ہیں تم کو

اَلْاَنْعَامُ اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَاجْتَنِبُوا

چوپائے مگر جو تم کو سناتے ہیں سو بچتے رہو

الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ

بتوں کی گندگی سے اور بچتے رہو جھوٹی

الزُّوْرِ ﴿٣٠﴾ لا حُنَفَآءَ لِلّٰهِ غَيْرَ مُشْرِكِيْنَ

بات سے ﴿٣٠﴾ ایک اللہ کی طرف کے ہو کر نہ کہ اس کے ساتھ شریک بنا کر

بِهٖ ؕ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَكَاَنَّمَا خَرَّ

اور جس نے شریک بنایا اللہ کا، سو جیسے گر پڑا

مِنَ السَّمَآءِ فَتَخْطَفُهُ الطَّيْرُ اَوْ

آسمان سے پھر اُچکتے ہیں اس کو اڑنے والے مردار خوار، یا

تَهْوِيْ بِهِ الرِّيْحُ فِيْ مَكَانٍ سَحِيْقٍ ﴿٣١﴾

جا ڈالا اس کو ہوا نے کسی دوسرے مکان میں ﴿٣١﴾

ذٰلِكَ ۚ وَمَنْ يُّعَظِّمْ شَعَآئِرَ اللّٰهِ

یہ سن چکے اور جو کوئی ادب رکھے اللہ کے نام لگی چیزوں کا

فَاِنَّهَا مِنْ تَقْوَى الْقُلُوْبِ ﴿٣٢﴾ لَكُمْ

سو وہ دل کی پرہیزگاری کی بات ہے ﴿٣٢﴾ تمھارے واسطے

فِيْهَا مَنَافِعُ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ

چوپایوں میں فائدے ہیں ایک مقرر وعدہ تک پھر

مَحِلُّهَآ اِلَى الْبَيْتِ الْعَتِيْقِ ﴿٣٣﴾ ع وَلِكُلِّ ع ٨ ١١

ان کو پہنچنا اس قدیم گھر تک ﴿٣٣﴾ اور ہر

اُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا لِّيَذْكُرُوا اسْمَ

امت کے واسطے ہم نے مقرر کردی ہے قربانی کہ یاد کریں

اللّٰهِ عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ مِّنْۢ بَهِيْمَةِ

اللہ کے نام ذبح پر چوپایوں کے جو ان کو

الْاَنْعَامِ ؕ فَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ

(اللہ نے دیے) سو اللہ تمھارا ایک اللہ ہے

فَلَهٗٓ اَسْلِمُوْا ؕ وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِيْنَ ﴿٣٤﴾ لا

سو اسی کے حکم میں رہو اور بشارت سنادے عاجزی کرنے والوں کو ﴿٣٤﴾

الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ

وہ کہ جب نام لیجیے اللہ کا ڈر جائیں ان کے دل

وَالصّٰبِرِيْنَ عَلٰى مَآ اَصَابَهُمْ وَالْمُقِيْمِى

اور سہنے والے اس کو جو ان پر پڑے اور قائم رکھنے والے

الصَّلٰوةِ ۙ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿٣٥﴾

نماز کے اور ہمارا دیا ہوا کچھ خرچ کرتے رہتے ہیں ﴿٣٥﴾

وَالْبُدْنَ جَعَلْنٰهَا لَكُمْ مِّنْ شَعَآئِرِ

اور کعبہ کے چڑھانے کے اونٹ ٹھہرائے ہیں ہم نے تمھارے واسطے نشانی

اللّٰهِ لَكُمْ فِيْهَا خَيْرٌ ۖ فَاذْكُرُوا اسْمَ

اللہ کے نام کی تمھارے واسطے اس میں بھلائی سو پڑھو ان پر نام

اللّٰهِ عَلَيْهَا صَوَآفَّ ۚ فَاِذَا وَجَبَتْ

اللہ کا قطار باندھ کر پھر جب گر پڑے

جُنُوْبُهَا فَكُلُوْا مِنْهَا وَاَطْعِمُوا الْقَانِعَ

ان کی کروٹ، تو کھاؤ اس میں سے اور کھلاؤ صبر سے بیٹھے کو

وَالْمُعْتَرَّ ؕ كَذٰلِكَ سَخَّرْنٰهَا لَكُمْ

اور بے قراری کرتے کو اسی طرح تمھارے بس میں کر دیا ہم نے ان جانوروں کو

لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿٣٦﴾ لَنْ يَّنَالَ اللّٰهَ

تاکہ تم احسان مانو ﴿٣٦﴾ اللہ کو نہیں پہنچتا

لُحُوْمُهَا وَلَا دِمَآؤُهَا وَلٰكِنْ يَّنَالُهُ

ان کا گوشت اور نہ ان کا لہو لیکن اس کو پہنچتا ہے

التَّقْوٰى مِنْكُمْ ؕ كَذٰلِكَ سَخَّرَهَا

تمھارے دل کا ادب اسی طرح ان کو بس میں کر دیا

لَكُمْ لِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ ؕ

تمھارے کہ اللہ کی بڑائی پڑھو اس بات پر کہ تم کو راہ سجھائی

وَبَشِّرِ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٣٧﴾ اِنَّ اللّٰهَ يُدٰفِعُ

اور بشارت سنا دے نیکی والوں کو ﴿٣٧﴾ اللہ دشمنوں کو ہٹا دے گا

عَنِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ

ایمان والوں سے اللہ کو خوش نہیں آتا

الثلثة ع ۵ ۵ ۱۲

كُلَّ خَوَّانٍ كَفُوْرٍ ﴿۳۸﴾ ع اُذِنَ لِلَّذِيْنَ

کوئی دغا باز ناشکر ﴿۳۸﴾ حکم ہوا ان لوگوں کو

يُقٰتَلُوْنَ بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْا ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ عَلٰى

جن سے کافر لڑتے ہیں اس واسطے کہ ان پر ظلم ہوا اور اللہ

نَصْرِهِمْ لَقَدِيْرُ ۨ ﴿۳۹﴾ لا الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا

ان کی مدد کرنے پر قادر ہے ﴿۳۹﴾ وہ لوگ جن کو نکالا

مِنْ دِيَارِهِمْ بِغَيْرِ حَقٍّ اِلَّآ اَنْ يَّقُوْلُوْا

ان کے گھروں سے اور دعویٰ کچھ نہیں سوائے اس کے کہ وہ کہتے ہیں

رَبُّنَا اللّٰهُ ؕ وَلَوْ لَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ

ہمارا رب اللہ ہے اور اگر نہ ہٹایا کرتا اللہ لوگوں کو

بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ

ایک کو دوسرے سے تو ڈھائے جاتے تکیے

وَبِيَعٌ وَّصَلَوٰتٌ وَّمَسٰجِدُ يُذْكَرُ

اور مدرسے اور عبادت خانے اور مسجدیں جن میں

فِيْهَا اسْمُ اللّٰهِ كَثِيْرًا ؕ وَلَيَنْصُرَنَّ

نام پڑھا جاتا ہے اللہ کا بہت اور اللہ مقرر مدد کرے گا

اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ

اس کی جو مدد کرے گا اس کی بے شک اللہ زبردست ہے

عَزِيْزٌ ﴿۴۰﴾ اَلَّذِيْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِي

زور والا ﴿۴۰﴾ وہ لوگ کہ اگر ہم ان کو قدرت دیں

الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ

ملک میں تو وہ قائم رکھیں نماز اور دیں زکوٰۃ

وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ ؕ

اور حکم کریں بھلے کام کا اور منع کریں برائی سے

وَلِلّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ ﴿۴۱﴾ وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ

اور اللہ کے اختیار میں ہے آخر ہر کام کا ﴿۴۱﴾ اور اگر تجھ کو جھٹلائیں

فَقَدْ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّعَادٌ

تو ان سے پہلے جھٹلا چکی ہے نوح کی قوم اور عاد

وَّثَمُوْدُ ﴿٤٢﴾ وَقَوْمُ اِبْرٰهِيْمَ وَقَوْمُ

اور ثمود ﴿٤٢﴾ اور ابراہیم کی قوم اور

لُوْطٍ ﴿٤٣﴾ وَّاَصْحٰبُ مَدْيَنَ ۚ وَكُذِّبَ

لوط کی قوم ﴿٤٣﴾ اور مدین کے لوگ اور

مُوْسٰى فَاَمْلَيْتُ لِلْكٰفِرِيْنَ ثُمَّ

موسیٰ کو جھٹلایا پھر میں نے ڈھیل دی منکروں کو پھر

اَخَذْتُهُمْ ۚ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿٤٤﴾

پکڑ لیا ان کو تو کیسا ہوا میرا انکار ﴿٤٤﴾

فَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا وَهِيَ

سو کتنی بستیاں ہم نے غارت کر ڈالیں اور وہ

ظَالِمَةٌ فَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا ز

گناہ گار تھیں اب وہ گری پڑتی ہیں اپنی چھتوں پر

وَبِئْرٍ مُّعَطَّلَةٍ وَّقَصْرٍ مَّشِيْدٍ ﴿٤٥﴾

اور کتنے کنوئیں نکمے پڑے اور کتنے محل گچکاری کے ﴿٤٥﴾

اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَتَكُوْنَ

کیا سیر نہیں کی ملک کی جو ان کے دل ہوتے

لَهُمْ قُلُوْبٌ يَّعْقِلُوْنَ بِهَآ اَوْ اٰذَانٌ

جن سے سمجھتے یا کان ہوتے

يَّسْمَعُوْنَ بِهَا ۚ فَاِنَّهَا لَا تَعْمَى

جن سے سنتے سو کچھ آنکھیں اندھی

الْاَبْصَارُ وَلٰكِنْ تَعْمَى الْقُلُوْبُ الَّتِيْ

نہیں ہوتیں پر اندھے ہوجاتے ہیں دل جو

فِي الصُّدُوْرِ ﴿٤٦﴾ وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ

سینوں میں ہیں ﴿٤٦﴾ اور تجھ سے جلدی مانگتے ہیں

بِالْعَذَابِ وَلَنْ يُّخْلِفَ اللّٰهُ وَعْدَهٗ ؕ

عذاب اور اللہ ہرگز نہ ٹالے گا اپنا وعدہ

وَاِنَّ يَوْمًا عِنْدَ رَبِّكَ كَاَلْفِ سَنَةٍ

اور ایک دن تیرے رب کے یہاں ہزار برس کے برابر ہوتا ہے

مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ﴿٤٧﴾ وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ

جو تم گنتے ہو ﴿٤٧﴾ اور کتنی بستیاں ہیں

اَمْلَيْتُ لَهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ ثُمَّ اَخَذْتُهَا ۚ

کہ میں نے ان کو ڈھیل دی اور وہ گناہ گار تھیں پھر میں نے ان کو پکڑا

ع ١٣ ٦ وَاِلَيَّ الْمَصِيْرُ ﴿٤٨﴾ ع قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ

اور میری طرف پھر کر آنا ہے ﴿٤٨﴾ تو کہہ اے لوگو!

اِنَّمَآ اَنَا لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۚ ﴿٤٩﴾

میں تو ڈر سنا دینے والا ہوں تم کو کھول کر ﴿٤٩﴾

فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ

سو جو لوگ یقین لائے اور کیں بھلائیاں ان کے گناہ

مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿٥٠﴾ وَالَّذِيْنَ

بخش دیتے ہیں اور ان کو روزی ہے عزت کی ﴿٥٠﴾ اور جو

سَعَوْا فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰٓئِكَ

دوڑے ہماری آیتوں کے ہرانے کو وہی ہیں

اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿۵۱﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا

دوزخ کے رہنے والے ﴿۵۱﴾ اور جو

مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ وَّلَا نَبِيٍّ

رسول بھیجا ہم نے تجھ سے پہلے یا نبی

اِلَّآ اِذَا تَمَنّٰٓى اَلْقَى الشَّيْطٰنُ فِيْٓ

سو جب لگا خیال باندھنے شیطان نے ملا دیا

اُمْنِيَّتِهٖ ۚ فَيَنْسَخُ اللّٰهُ مَا يُلْقِي

اس کے خیال میں پھر اللہ مٹا دیتا ہے

الشَّيْطٰنُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ ؕ

شیطان کا ملایا ہوا پھر پکی کردیتا ہے اپنی باتیں

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۵۲﴾ لِّيَجْعَلَ مَا

اور اللہ سب خبر رکھتا ہے حکمتوں والا ﴿۵۲﴾ اس واسطے کہ جو کچھ

يُلْقِي الشَّيْطٰنُ فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ

شیطان نے ملایا اس سے جانچے ان کو کہ جن کے

فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْقَاسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ ؕ

دل میں روگ ہیں اور جن کے دل سخت ہیں

وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَفِيْ شِقَاقٍۭ بَعِيْدٍ ۙ (۵۳)

اور گنہ گار تو ہیں مخالفت میں دور جا پڑے (۵۳)

وَّلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ اَنَّهُ

اور اس واسطے کہ معلوم کرلیں وہ لوگ جن کو سمجھ ملی ہے کہ یہ

الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَيُؤْمِنُوْا بِهٖ فَتُخْبِتَ

تحقیق ہے تیرے رب کی طرف سے پھر اس پر یقین لائیں نرم ہوجائیں

لَهٗ قُلُوْبُهُمْ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهَادِ الَّذِيْنَ

اس کے آگے ان کے دل اور اللہ سمجھانے والا ہے

اٰمَنُوْٓا اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ (۵۴)

یقین لانے والوں کو راہ سیدھی (۵۴)

وَلَا يَزَالُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ مِرْيَةٍ

اور منکروں کو ہمیشہ رہے گا اس میں دھوکا

مِّنْهُ حَتّٰٓى تَاْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً

جب تک کہ آپہنچے ان پر قیامت بے خبری میں

اَوْ يَاْتِيَهُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَقِيْمٍ ﴿۵۵﴾

یا آپہنچے ان پر آفت ایسے دن کی جس میں راہ نہیں خلاصی کی ﴿۵۵﴾

اَلْمُلْكُ يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ ؕ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ ؕ

راج اس دن اللہ کا ہے ان میں فیصلہ کرے گا

فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِيْ

سو جو یقین لائے اور کہیں بھلائیاں

جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿۵۶﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا

نعمت کے باغوں میں ہیں ﴿۵۶﴾ اور جو منکر ہوئے

وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ

اور جھٹلائیں ہماری باتیں سو ان کے لیے ہے

مُّهِيْنٌ ﴿۵۷﴾ ع وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِيْ سَبِيْلِ ع ۹ ۱۴

ذلت کا عذاب ﴿۵۷﴾ اور جو لوگ گھر چھوڑ آئے اللہ کی راہ میں

اللّٰهِ ثُمَّ قُتِلُوْٓا اَوْ مَاتُوْا لَيَرْزُقَنَّهُمُ

پھر مارے گئے یا مرگئے البتہ ان کو دے گا

اللّٰهُ رِزْقًا حَسَنًا ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ خَيْرُ

اللہ روزی خاصی اور اللہ ہے سب سے بہتر

الرّٰزِقِيْنَ ﴿۵۸﴾ لَيُدْخِلَنَّهُمْ مُّدْخَلًا

روزی دینے والا ﴿۵۸﴾ البتہ پہنچائے گا ان کو ایک جگہ

يَّرْضَوْنَهٗ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ﴿۵۹﴾

جس کو پسند کریں گے اور اللہ سب کچھ جانتا ہے تحمل والا ﴿۵۹﴾

ذٰلِكَ ۚ وَمَنْ عَاقَبَ بِمِثْلِ مَا عُوْقِبَ

یہ سن چکے اور جس نے بدلہ لیا جیسا کہ اس کو دکھ دیا تھا

بِهٖ ثُمَّ بُغِيَ عَلَيْهِ لَيَنْصُرَنَّهُ اللّٰهُ ؕ اِنَّ

پھر اس پر کوئی زیادتی کرے تو البتہ اس کی مدد کرے گا اللہ بے شک

اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ﴿۶۰﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ

اللہ درگزر کرنے والا بخشنے والا ہے ﴿۶۰﴾ یہ اس واسطے کہ اللہ لے لیتا ہے

الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ

رات کو دن میں اور دن کو رات میں

وَاَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ﴿٦١﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ

اور اللہ سنتا دیکھتا ہے ﴿٦١﴾ یہ اس واسطے کہ اللہ

هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ

وہی ہے صحیح اور جس کو پکارتے ہیں اس کے سوا

هُوَ الْبَاطِلُ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ﴿٦٢﴾

وہی ہے غلط اور اللہ وہی ہے سب سے اوپر بڑا ﴿٦٢﴾

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ

تو نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے اتارا آسمان سے

مَآءً ز فَتُصْبِحُ الْاَرْضُ مُخْضَرَّةً ط

پانی پھر زمین ہوجاتی ہے سرسبز

اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ ﴿٦٣﴾ ج لَهٗ

بے شک اللہ جانتا ہے چھپی تدبیریں خبردار ہے ﴿٦٣﴾ اسی کا ہے

مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ

جو کچھ ہے آسمان اور زمین میں اور اللہ

لَهُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿٦٤﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ ع ٨ ٧ ١٥

وہی ہے بے پروا تعریفوں والا ﴿٦٤﴾ تو نے نہ دیکھا کہ اللہ نے

سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ وَالْفُلْكَ

بس میں کردیا تمھارے جو کچھ ہے زمین میں اور کشتی کو

تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ ؕ وَيُمْسِكُ

جو چلتی ہے دریا میں اس کے حکم سے اور تھام رکھتا ہے

السَّمَآءَ اَنْ تَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ

آسمان کو اس سے کہ گر پڑے زمین پر مگر اس کے حکم سے

اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿٦٥﴾

بے شک اللہ لوگوں پر نرمی کرنے والا مہربان ہے ﴿٦٥﴾

وَهُوَ الَّذِيْٓ اَحْيَاكُمْ ۫ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ

اور اسی نے تم کو جلایا پھر مارتا ہے پھر

يُحْيِيكُمْ ۚ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَكَفُوْرٌ ﴿٦٦﴾

زندہ کرے گا بے شک انسان ناشکرا ہے ﴿٦٦﴾

لِكُلِّ اُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا هُمْ

ہر امّت کے لیے ہم نے مقرر کردی ایک راہ بندگی کی کہ وہ

نَاسِكُوْهُ فَلَا يُنَازِعُنَّكَ فِي الْاَمْرِ

اسی طرح کرتے ہیں بندگی، سوچاہیے تجھ سے جھگڑا نہ کریں اس کام میں

وَادْعُ اِلٰى رَبِّكَ ۚ اِنَّكَ لَعَلٰى هُدًى

اور تو بلائے جا اپنے رب کی طرف بےشک تو ہے

مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٦٧﴾ وَاِنْ جٰدَلُوْكَ فَقُلِ

سیدھی راہ پر سوجھ والا ﴿٦٧﴾ اور اگر تجھ سے جھگڑنے لگیں تو تُو کہہ

اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿٦٨﴾ اَللّٰهُ

اللہ بہتر جانتا ہے جو تم کرتے ہو ﴿٦٨﴾ اللہ

يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا

فیصلہ کرے گا تم میں قیامت کے دن جس چیز میں

كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿٦٩﴾ اَلَمْ تَعْلَمْ

تمھاری راہ جدا جدا تھی ﴿٦٩﴾ کیا تجھ کو معلوم نہیں

اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ؕ

کہ اللہ جانتا ہے جو کچھ ہے آسمان اور زمین میں

اِنَّ ذٰلِكَ فِيْ كِتٰبٍ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ

یہ سب لکھا ہوا ہے کتاب میں یہ اللہ پر

يَسِيْرٌ ﴿٧٠﴾ وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

آسان ہے ﴿٧٠﴾ اور پوجتے ہیں اللہ کے سوا

مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا وَّمَا لَيْسَ

اس چیز کو جس کی سند نہیں اتاری اس نے اور جس کی

لَهُمْ بِهٖ عِلْمٌ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ

ان کو خبر نہیں اور بےانصافوں کا کوئی نہیں

نَّصِيْرٍ ﴿٧١﴾ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا

مددگار ﴿٧١﴾ اور جب سنائے ان کو ہماری آیتیں

بَيِّنٰتٍ تَعْرِفُ فِيْ وُجُوْهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا

صاف تو پہچانے تو منکروں کے منہ کی

الْمُنْكَرَ ؕ يَكَادُوْنَ يَسْطُوْنَ بِالَّذِيْنَ

بری شکل نزدیک ہوتے ہیں کہ حملہ کر پڑیں ان پر جو

يَتْلُوْنَ عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ؕ قُلْ اَفَاُنَبِّئُكُمْ

پڑھتے ہیں ان کے پاس ہماری آیتیں تو کہہ میں تم کو بتلاؤں

بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِكُمْ ؕ اَلنَّارُ ؕ وَعَدَهَا اللّٰهُ

ایک چیز اس سے بدتر، وہ آگ ہے اس کا وعدہ کردیا ہے اللہ نے

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۷۲﴾ ع ۹ ۸ ۱۶

منکروں کو اور وہ بہت بری ہے پھرجانے کی جگہ ﴿۷۲﴾

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ ضُرِبَ مَثَلٌ فَاسْتَمِعُوْا

اے لوگو ایک مثل کہی ہے سو اس پر کان رکھو

لَهٗ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ

جن کو تم پوجتے ہو اللہ کے سوائے

اللّٰهِ لَنْ يَّخْلُقُوْا ذُبَابًا وَّلَوِ اجْتَمَعُوْا

ہرگز نہ بنا سکیں گے ایک مکھی اگرچہ سارے جمع ہوجائیں

لَهٗ ؕ وَاِنْ يَّسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ شَيْـًٔا

اور اگر کچھ چھین لے ان سے مکھی

لَّا يَسْتَنْقِذُوْهُ مِنْهُ ؕ ضَعُفَ الطَّالِبُ

چھڑا نہ سکیں وہ اس سے بودا ہے چاہنے والا

وَالْمَطْلُوْبُ ﴿۷۳﴾ مَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ

اور جن کو چاہتا ہے ﴿۷۳﴾ اللہ کی قدر نہیں سمجھے جیسی

قَدْرِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿۷۴﴾

اس کی قدر ہے بےشک اللہ زور آور ہے زبردست ﴿۷۴﴾

اَللّٰهُ يَصْطَفِيْ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا

اللہ چھانٹ لیتا ہے فرشتوں میں پیغام پہنچانے والے

وَّمِنَ النَّاسِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ

اور آدمیوں میں اللہ سنتا

بَصِيْرٌ ﴿۷۵﴾ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ

دیکھتا ہے ﴿۷۵﴾ جانتا ہے جو کچھ ان کے آگے ہے

وَمَا خَلْفَهُمْ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ

اور جو کچھ ان کے پیچھے اور اللہ تک پہنچ ہے

الْاُمُوْرُ ﴿۷۶﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا

ہر کام کی ﴿۷۶﴾ اے ایمان والو!

ارْكَعُوْا وَاسْجُدُوْا وَاعْبُدُوْا رَبَّكُمْ

رکوع کرو اور سجدہ کرو اور بندگی کرو اپنے رب کی

وَافْعَلُوا الْخَيْرَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۷۷﴾ سجدة

اور بھلائی کرو تاکہ تمھارا بھلا ہو ﴿۷۷﴾

وَجَاهِدُوْا فِى اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ ؕ هُوَ

اور محنت کرو اللہ کے واسطے جیسی کہ چاہیے اس کے واسطے محنت اس نے

اجْتَبٰىكُمْ وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِى

تم کو پسند کیا اور نہیں رکھی تم پر

سجدة

یہاں امام شافعیؒ کے نزدیک سجدہ ہے۔

الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ ؕ مِلَّةَ اَبِيْكُمْ

دین میں کچھ مشکل دین تمھارے باپ

اِبْرٰهِيْمَ ؕ هُوَ سَمّٰىكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ ۙ۬

ابراہیم کا اسی نے نام رکھا تمھارا مسلمان

مِنْ قَبْلُ وَفِيْ هٰذَا لِيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ

پہلے سے اور اس قرآن میں تاکہ رسول ہو

شَهِيْدًا عَلَيْكُمْ وَتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ

بتانے والا تم پر اور تم ہو بتانے والے

عَلَى النَّاسِ ۚۖ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا

لوگوں پر سو قائم رکھو نماز اور دیتے رہو

الزَّكٰوةَ وَاعْتَصِمُوْا بِاللّٰهِ ؕ هُوَ مَوْلٰىكُمْ ۚ

زکوٰۃ اور مضبوط پکڑو اللہ کو وہ تمھارا مالک ہے

ع ١٠ ٦ ١٧ فَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ﴿٧٨﴾ ع

سو خوب مالک ہے اور خوب مددگار ﴿٧٨﴾

(سورۂ مؤمنون مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی ، اس میں (۱۱۸) آیتیں اور (۶) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۷۴) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۲۳) نمبر پر ہے اور سورۂ انبیاء کے بعد نازل ہوئی ہے۔)

| اس میں (۱۸۴۰) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۴۸۰۲) حروف ہیں |
|---|---|---|

قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۙ﴿۱﴾ الَّذِيْنَ هُمْ

کام نکال لے گئے ایمان والے ① جو

فِيْ صَلَاتِهِمْ خٰشِعُوْنَ ۙ﴿۲﴾ وَالَّذِيْنَ

اپنی نماز میں جھکنے والے ہیں ② اور جو

هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ ۙ﴿۳﴾ وَالَّذِيْنَ

نکمی بات پر دھیان نہیں کرتے ③ اور جو

هُمْ لِلزَّكٰوةِ فٰعِلُوْنَ ۙ﴿۴﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ

زکوٰۃ دیا کرتے ہیں ④ اور جو

لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ۙ﴿۵﴾ اِلَّا عَلٰٓى

اپنی شہوت کی جگہ کو تھامتے ہیں ⑤ مگر

اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ

اپنی عورتوں پر یا اپنے ہاتھ کے مال باندیوں پر

فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ۚ ٦ فَمَنِ ابْتَغٰى

سو ان پر نہیں کچھ الزام ٦ پھر جو کوئی ڈھونڈے

وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ ۚ ٧

اس کے سوا سو وہی ہیں حد سے بڑھنے والے ٧

وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ

اور جو اپنی امانتوں سے اور اپنے قرار سے

رٰعُوْنَ ۙ ٨ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ

خبردار ہیں ٨ اور جو اپنی نمازوں کی

يُحَافِظُوْنَ ۘ ٩ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوٰرِثُوْنَ ۙ ١٠

خبر رکھتے ہیں ٩ وہ ہی ہیں میراث لینے والے ١٠

الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ ؕ هُمْ فِيْهَا

جو میراث پائیں گے باغ ٹھنڈی چھاؤں کے وہ اسی میں

خٰلِدُوْنَ ١١ وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ

ہمیشہ رہیں گے ١١ اور ہم نے بنایا آدمی کو

وقف لازم

مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ ﴿١٢﴾ ثُمَّ جَعَلْنٰهُ

چنی ہوئی مٹی سے ﴿١٢﴾ پھر ہم نے رکھا اس کو

نُطْفَةً فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ﴿١٣﴾ ثُمَّ خَلَقْنَا

پانی کی بوند کر کے ایک جمے ہوئے ٹھکانہ میں ﴿١٣﴾ پھر بنایا

النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً

اس بوند سے لہو جما ہوا پھر بنائی اس لہو جمے ہوئے سے گوشت کی بوٹی

فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ

پھر بنائیں اس بوٹی سے ہڈیاں پھر پہنایا ان ہڈیوں پر

لَحْمًا ۗ ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ ؕ

گوشت پھر اٹھا کھڑا کیا اس کو ایک نئی صورت میں

فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ﴿١٤﴾

سو بڑی برکت اللہ کی جو سب سے بہتر بنانے والا ہے ﴿١٤﴾

ثُمَّ اِنَّكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ لَمَيِّتُوْنَ ﴿١٥﴾

پھر تم اس کے بعد مرو گے ﴿١٥﴾

ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ تُبْعَثُوْنَ ﴿١٦﴾ وَلَقَدْ

پھر تم قیامت کے دن کھڑے کیے جاؤ گے ﴿١٦﴾ اور

خَلَقْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعَ طَرَآئِقَ ۖ وَمَا كُنَّا

ہم نے بنائے ہیں تمھارے اوپر سات راستے اور ہم نہیں ہیں

عَنِ الْخَلْقِ غٰفِلِيْنَ ﴿١٧﴾ وَاَنْزَلْنَا مِنَ

خلق سے بےخبر ﴿١٧﴾ اور اتارا ہم نے

السَّمَآءِ مَآءًۢ بِقَدَرٍ فَاَسْكَنّٰهُ فِى

آسمان سے پانی ناپ کر پھر اس کو ٹھہرا دیا

الْاَرْضِ ۖ وَاِنَّا عَلٰى ذَهَابٍۭ بِهٖ

زمین میں اور ہم اس کو لے جائیں

لَقٰدِرُوْنَ ﴿١٨﴾ فَاَنْشَاْنَا لَكُمْ بِهٖ

تو لے جاسکتے ہیں ﴿١٨﴾ پھر اگا دیے تمھارے واسطے اس سے

جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ ۖ لَكُمْ

باغ کھجور اور انگور کے، تمھارے واسطے

وقف لازم

فِيْهَا فَوَاكِهُ كَثِيْرَةٌ وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ۙ ١٩

ان میں میوے ہیں بہت اور انہی میں سے کھاتے ہو ١٩

وَشَجَرَةً تَخْرُجُ مِنْ طُوْرِ سَيْنَآءَ

اور وہ درخت جو نکلتا ہے سینا پہاڑ سے

تَنْۢبُتُ بِالدُّهْنِ وَصِبْغٍ لِّلْاٰكِلِيْنَ ٢٠

لے اگتا ہے تیل اور روٹی ڈبونا کھانے والوں کے واسطے ٢٠

وَاِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ؕ

اور تمھارے لیے چوپایوں میں دھیان کرنے کی بات ہے

نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهَا وَلَكُمْ

پلاتے ہیں ہم تم کو ان کے پیٹ کی چیز سے اور تمھارے لیے

فِيْهَا مَنَافِعُ كَثِيْرَةٌ وَّمِنْهَا

ان میں بہت فائدے ہیں اور بعضوں کو

تَاْكُلُوْنَ ۙ ٢١ وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ

کھاتے ہو ٢١ اور ان پر اور کشتیوں پر

ع ١ ٢٢ تُحْمَلُوْنَ ﴿٢٢﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى

لدے پھرتے ہو ﴿٢٢﴾ اور ہم نے بھیجا نوح کو

قَوْمِهٖ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ

اس کی قوم کے پاس تو اس نے کہا اے قوم بندگی کرو اللہ کی تمھارا کوئی

مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿٢٣﴾

حاکم نہیں اس کے سوا کیا تم ڈرتے نہیں ﴿٢٣﴾

فَقَالَ الْمَلَؤُا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ

تب بولے سردار جو کافر تھے اس کی قوم میں

مَا هٰذَاۤ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ يُرِيْدُ

یہ کیا ہے آدمی ہے جیسے تم، چاہتا ہے

اَنْ يَّتَفَضَّلَ عَلَيْكُمْ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ

کہ بڑائی کرے تم پر اور اگر اللہ چاہتا

لَاَنْزَلَ مَلٰٓئِكَةً ۚۖ مَّا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِيْۤ

تو اتارتا فرشتے ہم نے یہ نہیں سنا

اٰبَآءِنَا الْاَوَّلِيْنَ ج صلے ﴿٢٤﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا رَجُلٌۢ

اپنے اگلے باپ دادوں میں ﴿٢٤﴾ اور کچھ نہیں یہ ایک مرد ہے

بِهٖ جِنَّةٌ فَتَرَبَّصُوْا بِهٖ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿٢٥﴾

کہ اس کو سودا ہے سو راہ دیکھو اس کی ایک وقت تک ﴿٢٥﴾

قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ بِمَا كَذَّبُوْنِ ﴿٢٦﴾

بولا اے رب تو مدد کر میری کہ انہوں نے مجھ کو جھٹلایا ﴿٢٦﴾

فَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ اَنِ اصْنَعِ الْفُلْكَ

پھر ہم نے حکم بھیجا اس کو کہ بنا کشتی

بِاَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا فَاِذَا جَآءَ اَمْرُنَا

ہماری آنکھوں کے سامنے اور ہمارے حکم سے پھر جب پہنچے ہمارا حکم

وَفَارَ التَّنُّوْرُ ۙ فَاسْلُكْ فِيْهَا مِنْ

اور ابلے تنور تو تو ڈال لے کشتی میں

كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَاَهْلَكَ اِلَّا

ہر چیز کا جوڑا دو دو (نر اور مادہ) اور اپنے گھر کے لوگ مگر

مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ مِنْهُمْ ج

جس کی قسمت میں پہلے سے ٹھہر چکی ہے بات

وَلَا تُخَاطِبْنِيْ فِي الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ج اِنَّهُمْ

اور مجھ سے بات نہ کر (نہ کہہ مجھ سے) ان ظالموں کے واسطے بیشک

مُّغْرَقُوْنَ ﴿٢٧﴾ فَاِذَا اسْتَوَيْتَ اَنْتَ وَمَنْ

ان کو ڈوبنا ہے ﴿٢٧﴾ پھر جب چڑھ چکے تو اور جو

مَّعَكَ عَلَى الْفُلْكِ فَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ

تیرے ساتھ ہے کشتی پر تو کہہ شکر اللہ کا

الَّذِيْ نَجّٰىنَا مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٢٨﴾

جس نے چھڑایا ہم کو گناہ گار لوگوں سے ﴿٢٨﴾

وَقُلْ رَّبِّ اَنْزِلْنِيْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا

اور کہہ اے رب اتار مجھ کو برکت کا اتارنا

وَّاَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ﴿٢٩﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ

اور تو ہے بہتر اتارنے والا ﴿٢٩﴾ اس میں

لَاٰيٰتٍ وَّاِنْ كُنَّا لَمُبْتَلِيْنَ ﴿٣٠﴾ ثُمَّ

نشانیاں ہیں اور ہم ہیں جانچنے والے ﴿٣٠﴾ پھر

اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قَرْنًا اٰخَرِيْنَ ﴿٣١﴾ ج

پیدا کی ہم نے ان سے پیچھے ایک جماعت اور ﴿٣١﴾

فَاَرْسَلْنَا فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ اَنِ

پھر بھیجا ہم نے ان میں ایک رسول ان میں کا کہ

اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ط

بندگی کرو اللہ کی کوئی نہیں تمھارا حاکم اس کے سوا

اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿٣٢﴾ ع وَقَالَ الْمَلَاُ مِنْ ع ١٠/٢

پھر کیا تم ڈرتے نہیں ﴿٣٢﴾ اور بولے سردار

قَوْمِهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِلِقَآءِ

اس کی قوم کے جو کافر تھے اور جھٹلاتے تھے

الْاٰخِرَةِ وَاَتْرَفْنٰهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا لا

آخرت کی ملاقات کو اور آرام دیا تھا ان کو ہم نے دنیا کی زندگی میں

مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ يَاْكُلُ

اور کچھ نہیں یہ ایک آدمی ہے جیسے تم، کھاتا ہے

مِمَّا تَاْكُلُوْنَ مِنْهُ وَيَشْرَبُ مِمَّا

جس قسم سے تم کھاتے ہو اور پیتا ہے جس قسم سے

تَشْرَبُوْنَ ۙ﴿٣٣﴾ وَلَئِنْ اَطَعْتُمْ بَشَرًا

تم پیتے ہو ﴿٣٣﴾ اور کہیں تم چلنے لگے کہنے پر ایک آدمی کے

مِّثْلَكُمْ ۙ اِنَّكُمْ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ۙ﴿٣٤﴾

اپنے برابر کے تو تم بے شک خراب ہوئے ﴿٣٤﴾

اَيَعِدُكُمْ اَنَّكُمْ اِذَا مِتُّمْ وَكُنْتُمْ تُرَابًا

کیا تم کو وعدہ دیتا ہے کہ جب تم مرجاؤ اور ہوجاؤ مٹی

وَّعِظَامًا اَنَّكُمْ مُّخْرَجُوْنَ ﴿٣٥﴾ صلا هَيْهَاتَ

اور ہڈیاں تو تم کو نکلنا ہے ﴿٣٥﴾ کہاں ہوتا ہے

هَيْهَاتَ لِمَا تُوْعَدُوْنَ ﴿٣٦﴾ صلا اِنْ هِيَ

جو تم سے وعدہ ہوتا ہے ﴿٣٦﴾ اور کچھ نہیں

اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوْتُ وَنَحْيَا

یہی جینا ہے ہمارا دنیا کا مرتے ہیں اور جیتے ہیں

وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِيْنَ ﴿٣٧﴾ صلا اِنْ هُوَ اِلَّا

اور ہم کو پھر اٹھنا نہیں ﴿٣٧﴾ اور کچھ نہیں یہ

رَجُلٌ ۢ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا وَّمَا نَحْنُ

ایک مرد ہے باندھ لایا ہے اللہ پر جھوٹ اور

لَهٗ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿٣٨﴾ قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ بِمَا

اس کو ہم نہیں ماننے والے ﴿٣٨﴾ بولا اے رب میری مدد کر

كَذَّبُوْنِ ﴿٣٩﴾ قَالَ عَمَّا قَلِيْلٍ لَّيُصْبِحُنَّ

کہ انہوں نے مجھ کو جھٹلایا ﴿٣٩﴾ اب تھوڑے دنوں میں صبح کو رہ جائیں گے

نٰدِمِيْنَ ﴿٤٠﴾ ج فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ

پچھتانے ﴿٤٠﴾ پھر پکڑا ان کو چنگھاڑ نے

بِالْحَقِّ فَجَعَلْنٰهُمْ غُثَآءً ج فَبُعْدًا

تحقیق پھر کردیا ہم نے ان کو کوڑا سو دور ہوجائیں

لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٤١﴾ ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْۢ

گناہ گار لوگ ﴿٤١﴾ پھر پیدا کیں ہم نے

بَعْدِهِمْ قُرُوْنًا اٰخَرِيْنَ ﴿٤٢﴾ مَا تَسْبِقُ

ان سے پیچھے جماعتیں ﴿٤٢﴾ اور نہ آگے جائے

مِنْ اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَمَا يَسْتَاْخِرُوْنَ ﴿٤٣﴾

کوئی قوم اپنے وعدہ سے اور نہ پیچھے رہے ﴿٤٣﴾

ثُمَّ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا تَتْرَا ؕ كُلَّمَا جَآءَ

پھر بھیجتے رہے ہم اپنے رسول لگاتار جہاں پہنچا

اُمَّةً رَّسُوْلُهَا كَذَّبُوْهُ فَاَتْبَعْنَا

کسی امت کے پاس ان کا رسول اس کو جھٹلا دیا پھر چلاتے گئے ہم

بَعْضَهُمْ بَعْضًا وَّجَعَلْنٰهُمْ اَحَادِيْثَ ۚ

ایک کے پیچھے دوسرے اور کر ڈالا ان کو کہانیاں

فَبُعْدًا لِّقَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٤٤﴾ ثُمَّ

سو دور ہوجائیں جو لوگ نہیں مانتے ﴿٤٤﴾ پھر

اَرْسَلْنَا مُوْسٰى وَاَخَاهُ هٰرُوْنَ ۙ بِاٰيٰتِنَا

بھیجا ہم نے موسیٰ اور اس کے بھائی ہارون کو اپنی نشانیاں دے کر

وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۙ﴿٤٥﴾ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ

اور کھلی سند ﴿٤٥﴾ فرعون اور اس کے سرداروں کے پاس

فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا عَالِيْنَ ۚ﴿٤٦﴾

پھر لگے بڑائی کرنے اور وہ لوگ زور پر چڑھ رہے تھے ﴿٤٦﴾

فَقَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ لِبَشَرَيْنِ مِثْلِنَا

سو بولے کیا ہم مانیں گے اپنے برابر کے دو آدمیوں کو

وَقَوْمُهُمَا لَنَا عٰبِدُوْنَ ۚ﴿٤٧﴾ فَكَذَّبُوْهُمَا

اور ان کی قوم ہمارے تابع دار ہیں ﴿٤٧﴾ پھر جھٹلایا ان دونوں کو

فَكَانُوْا مِنَ الْمُهْلَكِيْنَ ﴿٤٨﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا

پھر ہوگئے غارت ہونے والوں میں ﴿٤٨﴾ اور ہم نے دی

مُوْسَى الْكِتٰبَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿٤٩﴾

موسیٰ کو کتاب تاکہ وہ راہ پائیں ﴿٤٩﴾

وَجَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗٓ اٰيَةً

اور بنایا ہم نے مریم کے بیٹے اور اس کی ماں کو ایک نشانی

وَّاٰوَيْنٰهُمَآ اِلٰى رَبْوَةٍ ذَاتِ قَرَارٍ

اور ان کو ٹھکانا دیا ایک ٹیلہ پر جہاں ٹھہرنے کا موقع تھا

وَّمَعِيْنٍ ﴿٥٠﴾ يٰٓاَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ ع ٣ ١٨

اور پانی نتھرا ﴿٥٠﴾ اے رسولو! کھاؤ

الطَّيِّبٰتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا ؕ اِنِّيْ بِمَا

ستھری چیزیں اور کام کرو بھلا

تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ﴿٥١﴾ ؕ وَاِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ

جو تم کرتے ہو میں جانتا ہوں ﴿٥١﴾ اور یہ لوگ ہیں تمھارے دین کے

اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاتَّقُوْنِ ﴿٥٢﴾

سب ایک دین پر اور میں ہوں تمھارا رب سو مجھ سے ڈرتے رہو ﴿٥٢﴾

فَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ زُبُرًا ؕ كُلُّ

پھر پھوٹ ڈال کر کرلیا اپنا کام آپس میں ٹکڑے ٹکڑے ہر

حِزْبٍۭ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ﴿٥٣﴾ فَذَرْهُمْ

فرقہ جو ان کے پاس ہے اس پر ریجھ رہے ہیں ﴿٥٣﴾ سو چھوڑ دے ان کو

فِيْ غَمْرَتِهِمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿٥٤﴾ اَيَحْسَبُوْنَ

ان کی بیہوشی میں ڈوبے ایک وقت تک ﴿٥٤﴾ کیا وہ خیال کرتے ہیں

اَنَّمَا نُمِدُّهُمْ بِهٖ مِنْ مَّالٍ وَّبَنِيْنَ ﴿٥٥﴾ لا

کہ یہ جو ہم ان کو دیے جاتے ہیں مال اور اولاد ﴿٥٥﴾

نُسَارِعُ لَهُمْ فِي الْخَيْرٰتِ ؕ بَلْ

سو دوڑ دوڑ کر پہنچا رہے ہیں ہم ان کو بھلائیاں یہ بات نہیں

لَّا يَشْعُرُوْنَ ﴿٥٦﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ هُمْ مِّنْ

وہ سمجھتے نہیں ﴿٥٦﴾ البتہ جو لوگ

خَشْيَةِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ﴿٥٧﴾ لا وَالَّذِيْنَ

اپنے رب کے خوف سے اندیشہ رکھتے ہیں ﴿٥٧﴾ اور جو لوگ

هُمْ بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُوْنَ ﴿٥٨﴾ لا وَالَّذِيْنَ

اپنے رب کی باتوں پر یقین کرتے ہیں ﴿٥٨﴾ اور جو لوگ

هُمْ بِرَبِّهِمْ لَا يُشْرِكُوْنَ ۙ﴿٥٩﴾ وَالَّذِيْنَ

اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہیں مانتے ﴿٥٩﴾ اور جو لوگ

يُؤْتُوْنَ مَآ اٰتَوْا وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ

کہ دیتے ہیں جو کچھ دیتے ہیں اور ان کے دل ڈر رہے ہیں اس لیے کہ ان کو

اِلٰى رَبِّهِمْ رٰجِعُوْنَ ۙ﴿٦٠﴾ اُولٰٓئِكَ

اپنے رب کی طرف لوٹ کر جانا ہے ﴿٦٠﴾ وہ لوگ

يُسٰرِعُوْنَ فِى الْخَيْرٰتِ وَهُمْ لَهَا

دوڑ دوڑ کر لیتے ہیں بھلائیاں اور وہ ان پر

سٰبِقُوْنَ ﴿٦١﴾ وَلَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا

پہنچے سب سے آگے ﴿٦١﴾ اور ہم کسی پر بوجھ نہیں ڈالتے مگر

وُسْعَهَا وَلَدَيْنَا كِتٰبٌ يَّنْطِقُ بِالْحَقِّ

اس کی گنجائش کے موافق اور ہمارے پاس لکھا ہوا ہے جو بولتا ہے سچ

وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿٦٢﴾ بَلْ قُلُوْبُهُمْ فِىْ

اور ان پر ظلم نہ ہوگا ﴿٦٢﴾ کوئی نہیں ان کے دل

غَمْرَةٍ مِّنْ هٰذَا وَلَهُمْ اَعْمَالٌ مِّنْ

بیہوش ہیں اس طرف سے اور ان کو اور کام لگ رہے ہیں

دُوْنِ ذٰلِكَ هُمْ لَهَا عٰمِلُوْنَ ﴿٦٣﴾ حَتّٰٓى

اس کے سوا کہ وہ ان کو کر رہے ہیں ﴿٦٣﴾ یہاں تک کہ

اِذَآ اَخَذْنَا مُتْرَفِيْهِمْ بِالْعَذَابِ اِذَا

جب پکڑیں گے ہم ان کے آسودہ لوگوں کو آفت میں تب ہی

هُمْ يَجْـَٔرُوْنَ ﴿٦٤﴾ لَا تَجْـَٔرُوا الْيَوْمَ ق

وہ لگیں گے چلانے ﴿٦٤﴾ مت چلاؤ آج کے دن

اِنَّكُمْ مِّنَّا لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿٦٥﴾ قَدْ كَانَتْ

تم ہم سے چھوٹ نہ سکو گے ﴿٦٥﴾ تم کو

اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ عَلٰٓى

سنائی جاتی تھیں میری آیتیں تو تم

اَعْقَابِكُمْ تَنْكِصُوْنَ ﴿٦٦﴾ لا مُسْتَكْبِرِيْنَ ق صلے

ایڑیوں پر الٹے بھاگتے تھے ﴿٦٦﴾ اس سے تکبر کر کے

بِهٖ سٰمِرًا تَهْجُرُوْنَ ﴿٦٧﴾ اَفَلَمْ يَدَّبَّرُوا

ایک قصہ گو کو چھوڑ کر چلے گئے ﴿٦٧﴾ سو کیا انہوں نے دھیان نہیں کیا

الْقَوْلَ اَمْ جَآءَهُمْ مَّا لَمْ يَاْتِ

اس کلام میں یا آئی ہے ان کے پاس ایسی چیز جو نہ آئی تھی

اٰبَآءَهُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٦٨﴾ اَمْ لَمْ يَعْرِفُوْا

ان کے پہلے باپ دادوں کے پاس ﴿٦٨﴾ یا پہچانا نہیں انہوں نے

رَسُوْلَهُمْ فَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿٦٩﴾ اَمْ

اپنے پیغام لانے والے کو سو وہ اس کو اوپرا سمجھتے ہیں ﴿٦٩﴾ یا

يَقُوْلُوْنَ بِهٖ جِنَّةٌ ؕ بَلْ جَآءَهُمْ

کہتے ہیں اس کو سودا ہے کوئی نہیں وہ تو لایا ہے ان کے پاس

بِالْحَقِّ وَاَكْثَرُهُمْ لِلْحَقِّ كٰرِهُوْنَ ﴿٧٠﴾

سچی بات اور ان بہتوں کو سچی بات بری لگتی ہے ﴿٧٠﴾

وَلَوِ اتَّبَعَ الْحَقُّ اَهْوَآءَهُمْ لَفَسَدَتِ

اور اگر سچا رب چلے ان کی خوشی پر تو خراب ہوجائیں

السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ ؕ بَلْ

آسمان اور زمین اور جو کوئی ان میں ہے کوئی نہیں

اَتَيْنٰهُمْ بِذِكْرِهِمْ فَهُمْ عَنْ ذِكْرِهِمْ

ہم نے پہنچائی ہے ان کو ان کی نصیحت سو وہ اپنی نصیحت کو

مُّعْرِضُوْنَ ؕ ﴿٧١﴾ اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ خَرْجًا

دھیان نہیں کرتے ﴿٧١﴾ یا تو ان سے مانگتا ہے کچھ محصول

فَخَرَاجُ رَبِّكَ خَيْرٌ ۖ وَّهُوَ خَيْرُ

سو محصول تیرے رب کا بہتر ہے اور وہ ہے بہتر

الرّٰزِقِيْنَ ﴿٧٢﴾ وَاِنَّكَ لَتَدْعُوْهُمْ اِلٰى ع

روزی دینے والا ﴿٧٢﴾ اور تُو تو بلاتا ہے ان کو

صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٧٣﴾ وَاِنَّ الَّذِيْنَ

سیدھی راہ پر ﴿٧٣﴾ اور جو لوگ

لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ عَنِ الصِّرَاطِ

نہیں مانتے آخرت کو راہ سے

لَنٰكِبُوْنَ ﴿٧٤﴾ وَلَوْ رَحِمْنٰهُمْ وَكَشَفْنَا

ٹیڑھے ہوگئے ہیں ﴿٧٤﴾ اور اگر ہم ان پر رحم کریں اور کھول دیں

مَا بِهِمْ مِّنْ ضُرٍّ لَّلَجُّوْا فِيْ طُغْيَانِهِمْ

جو تکلیف پہنچی ان کو تو بھی برابر لگے رہیں گے اپنی شرارت میں

يَعْمَهُوْنَ ﴿٧٥﴾ وَلَقَدْ اَخَذْنٰهُمْ

بہکے ہوئے ﴿٧٥﴾ اور ہم نے پکڑا تھا ان کو

بِالْعَذَابِ فَمَا اسْتَكَانُوْا لِرَبِّهِمْ

آفت میں پھر نہ عاجزی کی اپنے رب کے آگے

وَمَا يَتَضَرَّعُوْنَ ﴿٧٦﴾ حَتّٰٓى اِذَا فَتَحْنَا

نہ گڑگڑائے ﴿٧٦﴾ یہاں تک کہ جب کھول دیں ہم

عَلَيْهِمْ بَابًا ذَا عَذَابٍ شَدِيْدٍ اِذَا

ان پر دروازہ ایک سخت آفت کا تب

ع ٤ ٢٧ ٤ هُمْ فِيْهِ مُبْلِسُوْنَ ﴿٧٧﴾ ع وَهُوَ الَّذِيْٓ

اس میں ان کی آس ٹوٹے گی ﴿٧٧﴾ اور اسی نے

اَنْشَاَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ

بنا دیے تمھارے کان اور آنکھیں

وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿٧٨﴾

اور دل تم بہت تھوڑا حق مانتے ہو ﴿٧٨﴾

وَهُوَ الَّذِيْ ذَرَاَكُمْ فِي الْاَرْضِ

اور اسی نے تم کو پھیلا رکھا ہے زمین میں

وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿٧٩﴾ وَهُوَ الَّذِيْ يُحْيٖ

اور اسی کی طرف جمع ہو کر جاؤ گے ﴿٧٩﴾ اور وہی ہے جلاتا

وَيُمِيْتُ وَلَهُ اخْتِلَافُ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ؕ

اور مارتا اور اسی کا کام ہے بدلنا رات اور دن کا

اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿٨٠﴾ بَلْ قَالُوْا مِثْلَ مَا

سو کیا تم کو سمجھ نہیں ﴿٨٠﴾ کوئی بات نہیں یہ تو وہی کہہ رہے ہیں جیسا

قَالَ الْاَوَّلُوْنَ ﴿٨١﴾ قَالُوْٓا ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا

کہا کرتے تھے پہلے لوگ ﴿٨١﴾ کہتے ہیں کیا جب ہم مر گئے اور ہو گئے

تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿٨٢﴾

مٹی اور ہڈیاں کیا ہم کو زندہ ہو کر اٹھنا ہے ﴿٨٢﴾

لَقَدْ وُعِدْنَا نَحْنُ وَاٰبَآؤُنَا هٰذَا مِنْ

وعدہ دیا جاتا ہے ہم کو اور ہمارے باپ دادوں کو یہی

قَبْلُ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٨٣﴾

پہلے سے اور کچھ بھی نہیں یہ نقلیں ہیں پہلوں کی ﴿٨٣﴾

قُلْ لِّمَنِ الْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهَآ اِنْ

تو کہہ کس کی ہے زمین اور جو کوئی اس میں ہے بتاؤ

كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٨٤﴾ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ؕ قُلْ

اگر تم جانتے ہو ﴿٨٤﴾ اب کہیں گے سب کچھ اللہ کا ہے تو کہہ

اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿٨٥﴾ قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ

پھر تم سوچتے نہیں ﴿٨٥﴾ تو کہہ کون ہے مالک ساتوں آسمان کا

السَّبْعِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿٨٦﴾

اور مالک اس بڑے تخت کا ﴿٨٦﴾

سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ؕ قُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿٨٧﴾

اب بتائیں گے اللہ کو تو کہہ پھر تم ڈرتے نہیں ﴿٨٧﴾

قُلْ مَنْۢ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُوَ

تو کہہ کس کے ہاتھ میں ہے حکومت ہر چیز کی اور وہ

يُجِيْرُ وَلَا يُجَارُ عَلَيْهِ اِنْ كُنْتُمْ

بچا لیتا ہے اور اس سے کوئی بچ نہیں سکتا بتاؤ اگر تم

تَعْلَمُوْنَ ﴿٨٨﴾ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ؕ قُلْ فَاَنّٰى

جانتے ہو ﴿٨٨﴾ اب بتائیں گے اللہ کو تو کہہ پھر کہاں سے

تُسْحَرُوْنَ ﴿٨٩﴾ بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِالْحَقِّ

تم پر جادو آپڑتا ہے ﴿٨٩﴾ کوئی نہیں ہم نے ان کو پہنچایا سچ

وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿٩٠﴾ مَا اتَّخَذَ اللّٰهُ مِنْ

اور وہ البتہ جھوٹے ہیں ﴿٩٠﴾ اللہ نے کوئی بیٹا نہیں کیا

وَّلَدٍ وَّمَا كَانَ مَعَهٗ مِنْ اِلٰهٍ اِذًا لَّذَهَبَ

اور نہ اس کے ساتھ کسی کا حکم چلے یوں ہوتا تو لے جاتا

كُلُّ اِلٰهٍۭ بِمَا خَلَقَ وَلَعَلَا بَعْضُهُمْ عَلٰى

ہر حکم والا اپنی بنائی چیز کو اور چڑھائی کرتا ایک پر

بَعْضٍ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۙ﴿٩١﴾

ایک اللہ نرالہ ہے ان کی بتلائی باتوں سے ﴿٩١﴾

عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَتَعٰلٰى عَمَّا

جاننے والا چھپے اور کھلے کا وہ بہت اوپر ہے اس سے

ع ١٥/٥ يُشْرِكُوْنَ ﴿٩٢﴾ قُلْ رَّبِّ اِمَّا تُرِيَنِّيْ

جس کو شریک بتلاتے ہیں ﴿٩٢﴾ تو کہہ اے رب اگر تو دکھانے لگے مجھ کو

مَا يُوْعَدُوْنَ ۙ﴿٩٣﴾ رَبِّ فَلَا تَجْعَلْنِيْ فِي

جو ان سے وعدہ ہوا ہے ﴿٩٣﴾ تو اے رب مجھ کو نہ کریو

الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٩٤﴾ وَاِنَّا عَلٰٓى اَنْ نُّرِيَكَ

ان گناہ گار لوگوں میں ﴿٩٤﴾ اور ہم کو قدرت ہے کہ تجھ کو دکھلا دیں

مَا نَعِدُهُمْ لَقٰدِرُوْنَ ﴿٩٥﴾ اِدْفَعْ بِالَّتِيْ

جو ان سے وعدہ کردیا ہے ﴿٩٥﴾ بری بات کے

هِيَ اَحْسَنُ السَّيِّئَةَ ؕ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا

جواب میں وہ کہہ جو بہتر ہے ہم خوب جانتے ہیں

يَصِفُوْنَ ﴿٩٦﴾ وَقُلْ رَّبِّ اَعُوْذُبِكَ مِنْ

جو یہ بتاتے ہیں ﴿٩٦﴾ اور کہہ اے رب میں تیری پناہ چاہتا ہوں

هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ﴿٩٧﴾ وَاَعُوْذُبِكَ رَبِّ

شیطان کی چھیڑ سے ﴿٩٧﴾ اور پناہ تیری چاہتا ہوں اے رب

اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ﴿٩٨﴾ حَتّٰۤى اِذَا جَآءَ

اس سے کہ میرے پاس آئیں ﴿٩٨﴾ یہاں تک کہ جب پہنچے

اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ رَبِّ ارْجِعُوْنِ ﴿٩٩﴾

ان میں کسی کو موت کہے گا اے رب مجھ کو پھر بھیج دو ﴿٩٩﴾

لَعَلِّيْۤ اَعْمَلُ صَالِحًا فِيْمَا تَرَكْتُ

شاید کچھ میں بھلا کام کرلوں اس میں جو پیچھے چھوڑ آیا

كَلَّا ؕ اِنَّهَا كَلِمَةٌ هُوَ قَآئِلُهَا ؕ وَمِنْ

ہرگز نہیں یہ ایک بات ہے کہ وہی کہتا ہے اور

وَّرَآئِهِمْ بَرْزَخٌ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿١٠٠﴾

ان کے پیچھے پردہ ہے اس دن تک کہ اٹھائے جائیں ﴿١٠٠﴾

فَاِذَا نُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَلَآ اَنْسَابَ

پھر جب پھونک ماریں صور میں تو نہ قرابتیں ہیں

بَيْنَهُمْ يَوْمَئِذٍ وَّلَا يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿١٠١﴾

ان میں اس دن اور نہ ایک دوسرے کو پوچھے ﴿١٠١﴾

فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ

سو جس کی بھاری ہوئی تول تو وہی لوگ

الْمُفْلِحُوْنَ ﴿١٠٢﴾ وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ

کام لے نکلے ﴿١٠٢﴾ اور جس کی ہلکی نکلی تول

فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ

سو وہی لوگ ہیں جو ہار بیٹھے اپنی جان

فِيْ جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ ﴿١٠٣﴾ ج تَلْفَحُ وُجُوْهَهُمُ

دوزخ ہی میں رہا کریں گے ﴿١٠٣﴾ جھلس دے گی ان کے منہ کو

النَّارُ وَهُمْ فِيْهَا كٰلِحُوْنَ ﴿١٠٤﴾ اَلَمْ تَكُنْ

آگ اور وہ اس میں بد شکل ہو رہے ہوں گے ﴿١٠٤﴾ کیا

اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ بِهَا

تم کو سنائی نہ تھیں ہماری آیتیں پھر تم ان کو

تُكَذِّبُوْنَ ﴿١٠٥﴾ قَالُوْا رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَيْنَا

جھٹلاتے تھے ﴿١٠٥﴾ بولے اے رب زور کیا ہم پر

شِقْوَتُنَا وَكُنَّا قَوْمًا ضَآلِّيْنَ ﴿١٠٦﴾

ہماری کم بختی نے اور رہے ہم لوگ بہکے ہوئے ﴿١٠٦﴾

رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْهَا فَاِنْ عُدْنَا

اے ہمارے رب نکال لے ہم کو اس میں سے اگر ہم پھر کریں

فَاِنَّا ظٰلِمُوْنَ ﴿١٠٧﴾ قَالَ اخْسَـُٔوْا فِيْهَا

تو ہم گناہ گار ﴿١٠٧﴾ فرمایا پڑے رہو پھٹکارے ہوئے اس میں

وَلَا تُكَلِّمُوْنِ ﴿١٠٨﴾ اِنَّهٗ كَانَ فَرِيْقٌ مِّنْ

اور مجھ سے نہ بولو ﴿١٠٨﴾ ایک فرقہ تھا

عِبَادِيْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْلَنَا

میرے بندوں میں جو کہتے تھے اے رب ہمارے ہم یقین لائے، سو معاف کر ہم کو

وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿١٠٩﴾ ج صلے

اور رحم کر ہم پر، اور تو سب رحم والوں سے بہتر ہے ﴿١٠٩﴾

فَاتَّخَذْتُمُوْهُمْ سِخْرِيًّا حَتّٰٓى اَنْسَوْكُمْ

پھر تم نے ان کو ٹھٹھوں میں پکڑا یہاں تک کہ بھول گئے ان کے پیچھے

ذِكْرِيْ وَكُنْتُمْ مِّنْهُمْ تَضْحَكُوْنَ ﴿١١٠﴾

میری یاد اور تم ان سے ہنستے رہے ﴿١١٠﴾

اِنِّيْ جَزَيْتُهُمُ الْيَوْمَ بِمَا صَبَرُوْٓا لا

میں نے آج دیا ان کو بدلہ ان کے صبر کرنے کا

اَنَّهُمْ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿١١١﴾ قٰلَ كَمْ

کہ وہی ہیں مراد کو پہنچنے والے ﴿١١١﴾ فرمایا تم کتنی دیر

لَبِثْتُمْ فِي الْاَرْضِ عَدَدَ سِنِيْنَ ﴿١١٢﴾

رہے زمین میں برسوں کی گنتی سے ﴿١١٢﴾

قَالُوْا لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ

بولے ہم رہے ایک دن یا کچھ دن سے کم

فَسْـَٔلِ الْعَآدِّيْنَ ﴿١١٣﴾ قُلْ اِنْ لَّبِثْتُمْ

تو پوچھ لے گنتی والوں سے ﴿١١٣﴾ فرمایا تم اس میں بہت نہیں

اِلَّا قَلِيْلًا لَّوْ اَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿١١٤﴾

تھوڑا ہی رہے ہو اگر تم جانتے ہوتے ﴿١١٤﴾

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ

سو کیا تم خیال رکھتے ہو کہ ہم نے تم کو بنایا کھیلنے کو اور تم

اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿١١٥﴾ فَتَعٰلَى اللّٰهُ

ہمارے پاس پھر کر نہ آؤ گے ﴿١١٥﴾ سو بہت اوپر ہے اللہ

الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ

وہ بادشاہ سچا کوئی حاکم نہیں اس کے سوائے

رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ﴿١١٦﴾ وَمَنْ يَّدْعُ

مالک اس عزت کے تخت کا ﴿١١٦﴾ اور جو کوئی پکارے

مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ

اللہ کے ساتھ دوسرا حاکم جس کی سند نہیں اس کے پاس

فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ؕ اِنَّهٗ

سو اس کا حساب ہے اس کے رب کے نزدیک بے شک

لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿١١٧﴾ وَقُلْ رَّبِّ

بھلا نہ ہوگا منکروں کا ﴿١١٧﴾ اور تو کہہ اے رب

ع ٦ ٣٦ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿١١٨﴾

معاف کر اور رحم کر اور تو ہے بہتر سب رحم والوں سے ﴿١١٨﴾

(سورۂ نور مدینہ منورہ میں نازل ہوئی ، اس میں (٦٤) آیتیں اور (٩) رکوع ہیں ، نازل ہونے کے اعتبار سے (١٠٢) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (٢٤) نمبر پر ہے اور سورۂ حشر کے بعد نازل ہوئی ہے۔)

| اس میں (١٣١٦) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (٥٩٨٠) حروف ہیں |
|---|---|---|

سُوْرَةٌ اَنْزَلْنٰهَا وَفَرَضْنٰهَا وَاَنْزَلْنَا

یہ ایک سورت ہے کہ ہم نے اتاری اور ذمہ پر لازم کی اور اتاریں

فِيْهَآ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ لَّعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿١﴾

اس میں باتیں صاف تاکہ تم یاد رکھو ﴿١﴾

اَلزَّانِيَةُ وَالزَّانِيْ فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ

بدکاری کرنے والی عورت اور مرد سو مارو ہر ایک کو

مِّنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ ۖ وَّلَا تَاْخُذْكُمْ

دونوں میں سے سو سو دُرّے اور نہ آوے تم کو

بِهِمَا رَاْفَةٌ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ

ان پر ترس اللہ کے حکم چلانے میں اگر تم

تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۚ

یقین رکھتے ہو اللہ پر اور پچھلے دن پر

وَلْيَشْهَدْ عَذَابَهُمَا طَآئِفَةٌ مِّنَ

اور دیکھیں ان کا مارنا کچھ لوگ

الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٢﴾ اَلزَّانِيْ لَا يَنْكِحُ اِلَّا

مسلمان ﴿٢﴾ بدکار مرد نہیں نکاح کرتا مگر

زَانِيَةً اَوْ مُشْرِكَةً ۫ وَّالزَّانِيَةُ

عورت بدکار سے یا شرک والی سے اور بدکار عورت سے

لَا يَنْكِحُهَآ اِلَّا زَانٍ اَوْ مُشْرِكٌ ۚ وَحُرِّمَ

نکاح نہیں کرتا مگر بدکار مرد یا مشرک اور یہ حرام ہوا ہے

ذٰلِكَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٣﴾ وَالَّذِيْنَ

ایمان والوں پر ﴿٣﴾ اور جو لوگ

يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَاْتُوْا

عیب لگاتے ہیں حفاظت والیوں کو پھر نہ لائیں

بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ فَاجْلِدُوْهُمْ ثَمٰنِيْنَ

چار مرد شاہد تو مارو ان کو اسّی

جَلْدَةً وَّلَا تَقْبَلُوْا لَهُمْ شَهَادَةً اَبَدًا ۚ

دُرّے اور نہ مانو ان کی کوئی گواہی کبھی

وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿٤﴾ لَا اِلَّا الَّذِيْنَ

اور وہ ہی لوگ ہیں نافرمان ﴿٤﴾ مگر جنہوں نے

تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْا ۚ فَاِنَّ

توبہ کرلی اس کے پیچھے اور سنور گئے تو

اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝٥ وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ

اللہ بخشنے والا مہربان ہے ۝٥ اور جو لوگ عیب لگائیں

اَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ شُهَدَآءُ

اپنی جوروؤں کو اور شاہد نہ ہوں ان کے پاس

اِلَّآ اَنْفُسُهُمْ فَشَهَادَةُ اَحَدِهِمْ

سوائے ان کی جان کے تو ایسے شخص کی گواہی کی یہ صورت ہے کہ

اَرْبَعُ شَهٰدٰتٍۭ بِاللّٰهِ ۙ اِنَّهٗ لَمِنَ

چار بار گواہی دے اللہ کی قسم کھا کر کہ مقرر وہ شخص

الصّٰدِقِيْنَ ۝٦ وَالْخَامِسَةُ اَنَّ لَعْنَتَ

سچا ہے ۝٦ اور پانچویں بار یہ کہ اللہ کی پھٹکار ہو

اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كَانَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝٧

اس شخص پر اگر ہو وہ جھوٹا ۝٧

وَيَدْرَؤُا عَنْهَا الْعَذَابَ اَنْ تَشْهَدَ

اور عورت سے ٹل جائے گی مار یوں کہ وہ گواہی دے

اَرْبَعَ شَهٰدٰتٍۭ بِاللّٰهِ ۙ اِنَّهٗ لَمِنَ

چار گواہی اللہ کی قسم کھا کر کہ مقرر وہ شخص

الْكٰذِبِيْنَ ۝٨ وَالْخَامِسَةَ اَنَّ غَضَبَ

جھوٹا ہے ۝٨ اور پانچویں یہ کہ اللہ کا غضب

اللّٰهِ عَلَيْهَآ اِنْ كَانَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝٩

آئے اس عورت پر اگر وہ شخص سچا ہے ۝٩

وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ

اور اگر نہ ہوتا اللہ کا فضل تمھارے اوپر اور اس کی رحمت

ع ١٠ وَاَنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ حَكِيْمٌ ۝١٠ ع اِنَّ الَّذِيْنَ

اور یہ کہ اللہ معاف کرنے والا ہے حکمتیں جاننے والا تو کیا کچھ نہ ہوتا ۝١٠ جو لوگ

جَآءُوْ بِالْاِفْكِ عُصْبَةٌ مِّنْكُمْ ؕ

لائے ہیں یہ طوفان تمہیں میں ایک جماعت ہیں

لَا تَحْسَبُوْهُ شَرًّا لَّكُمْ ؕ بَلْ هُوَ

تم اس کو نہ سمجھو برا اپنے حق میں بلکہ یہ

خَيْرٌ لَّكُمْ ؕ لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ مَّا

بہتر ہے تمھارے حق میں ہر آدمی کے لیے ان میں سے وہ ہے

اكْتَسَبَ مِنَ الْاِثْمِ ۚ وَالَّذِيْ تَوَلّٰى

جتنا اس نے گناہ کمایا اور جس نے اٹھایا ہے

كِبْرَهٗ مِنْهُمْ لَهٗ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿١١﴾

اس کا بڑا بوجھ اس کے واسطے بڑا عذاب ہے ﴿١١﴾

لَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ ظَنَّ الْمُؤْمِنُوْنَ

کیوں نہ جب تم نے اس کو سنا تھا خیال کیا ہوتا ایمان والے مردوں

وَالْمُؤْمِنٰتُ بِاَنْفُسِهِمْ خَيْرًا ۙ وَّقَالُوْا

اور ایمان والی عورتوں نے اپنے لوگوں پر بھلا خیال اور کہا ہوتا

هٰذَآ اِفْكٌ مُّبِيْنٌ ﴿١٢﴾ لَوْلَا جَآءُوْ عَلَيْهِ

یہ صریح طوفان ہے ﴿١٢﴾ کیوں نہ لائے وہ اس بات پر

بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ ۚ فَاِذْ لَمْ يَاْتُوْا

چار شاہد پھر جب نہ لائے

بِالشُّهَدَآءِ فَاُولٰٓئِكَ عِنْدَ اللّٰهِ هُمُ

شاہد تو وہ لوگ اللہ کے یہاں وہی ہیں

الْكٰذِبُوْنَ ﴿١٣﴾ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ

جھوٹے ﴿١٣﴾ اور اگر نہ ہوتا اللہ کا فضل تم پر

وَرَحْمَتُهٗ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ لَمَسَّكُمْ

اور اس کی رحمت دنیا اور آخرت میں تو تم پر پڑتی

فِيْ مَآ اَفَضْتُمْ فِيْهِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿١٤﴾ ج

اس چرچا کرنے میں کوئی آفت بڑی ﴿١٤﴾

اِذْ تَلَقَّوْنَهٗ بِاَلْسِنَتِكُمْ وَتَقُوْلُوْنَ

جب لینے لگے تم اس کو اپنی زبانوں پر اور بولنے لگے

بِاَفْوَاهِكُمْ مَّا لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ

اپنے منہ سے جس چیز کی تم کو خبر نہیں

وَّتَحْسَبُوْنَهٗ هَيِّنًا ۖ ق وَّهُوَ عِنْدَ اللّٰهِ

اور تم سمجھتے ہو اس کو ہلکی بات اور یہ اللہ کے یہاں

عَظِيْمٌ ﴿١٥﴾ وَلَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ

بہت بڑی ہے ﴿١٥﴾ اور کیوں نہ جب تم نے اس کو سنا تھا

قُلْتُمْ مَّا يَكُوْنُ لَنَآ اَنْ نَّتَكَلَّمَ

کہا ہوتا ہم کو نہیں لائق کہ منہ پر لائیں

بِهٰذَا ۖ سُبْحٰنَكَ هٰذَا بُهْتَانٌ

یہ بات اللہ تو پاک ہے یہ تو بڑا

عَظِيْمٌ ﴿١٦﴾ يَعِظُكُمُ اللّٰهُ اَنْ تَعُوْدُوْا

بہتان ہے ﴿١٦﴾ اللہ تم کو سمجھاتا ہے کہ پھر نہ کرو

لِمِثْلِهٖٓ اَبَدًا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١٧﴾ ۚ

ایسا کام کبھی اگر تم ایمان رکھتے ہو ﴿١٧﴾

وَيُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ

اور کھولتا ہے اللہ تمھارے واسطے پتے کی باتیں اور اللہ سب جانتا ہے

حَكِيْمٌ ﴿١٨﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يُحِبُّوْنَ اَنْ

حکمت والا ہے ﴿١٨﴾ جو لوگ چاہتے ہیں کہ

تَشِيْعَ الْفَاحِشَةُ فِي الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

چرچا ہو بدکاری کا ایمان والوں میں

لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۙ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ؕ

ان کے لیے عذاب ہے دردناک دنیا اور آخرت میں

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿١٩﴾

اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے ﴿١٩﴾

وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ

اور اگر نہ ہوتا اللہ کا فضل تم پر اور اس کی رحمت اور یہ کہ

اللّٰهَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿٢٠﴾ ع يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ النصف ٢ ع ١٠ ٨

اللہ نرمی کرنے والا ہے مہربان تو کیا کچھ نہ ہوتا ﴿٢٠﴾ اے ایمان والو!

اٰمَنُوْا لَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ؕ وَمَنْ

نہ چلو قدموں پر شیطان کے اور جو کوئی

يَّتَّبِعْ خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ فَاِنَّهٗ يَاْمُرُ

چلے گا قدموں پر شیطان کے سو وہ تو یہی بتلائے گا

بِالْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ ؕ وَلَوْ لَا فَضْلُ اللّٰهِ

بے حیائی اور بری بات اور اگر نہ ہوتا اللہ کا فضل

عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ مَا زَكٰى مِنْكُمْ مِّنْ

تم پر اور اس کی رحمت تو نہ سنورتا تم میں

اَحَدٍ اَبَدًا ۙ وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ

ایک شخص بھی کبھی و لیکن اللہ سنوارتا ہے جس کو چاہے

وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿٢١﴾ وَلَا يَاْتَلِ

اور اللہ سب کچھ سنتا جانتا ہے ﴿٢١﴾ اور قسم نہ کھائیں

اُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَالسَّعَةِ

بڑے درجہ والے تم میں سے، اور کشائش والے

اَنْ يُّؤْتُوْٓا اُولِي الْقُرْبٰى وَالْمَسٰكِيْنَ

اس پر کہ دیں قرابتیوں کو اور محتاجوں کو

وَالْمُهٰجِرِيْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۖ صلے

اور وطن چھوڑنے والوں کو اللہ کی راہ میں

وَلْيَعْفُوْا وَلْيَصْفَحُوْا ؕ اَلَا تُحِبُّوْنَ

اور چاہیے کہ معاف کریں اور درگزر کریں کیا تم نہیں چاہتے

اَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ

کہ اللہ تم کو معاف کرے اور اللہ بخشنے والا ہے

رَّحِيْمٌ ﴿٢٢﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ

مہربان ﴿٢٢﴾ جو لوگ عیب لگاتے ہیں

الْمُحْصَنٰتِ الْغٰفِلٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ

حفاظت والیوں بے خبر ایمان والیوں کو

لُعِنُوْا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۠ وَلَهُمْ

ان کو پھٹکار ہے دنیا میں اور آخرت میں اور ان کے لیے ہے

عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿٢٣﴾ يَّوْمَ تَشْهَدُ عَلَيْهِمْ

بڑا عذاب ﴿٢٣﴾ جس دن کہ ظاہر کردیں گی

اَلْسِنَتُهُمْ وَاَيْدِيْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ بِمَا

ان کی زبانیں اور ہاتھ اور پاؤں جو کچھ

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٢٤﴾ يَوْمَئِذٍ يُّوَفِّيْهِمُ

وہ کرتے تھے ﴿٢٤﴾ اس دن پوری دے گا ان کو

اللّٰهُ دِيْنَهُمُ الْحَقَّ وَيَعْلَمُوْنَ اَنَّ

اللہ ان کی سزا جو چاہے اور جان لیں گے کہ

اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ ﴿٢٥﴾ اَلْخَبِيْثٰتُ

اللہ وہی ہے سچا کھولنے والا ﴿٢٥﴾ گندیاں ہیں

لِلْخَبِيْثِيْنَ وَالْخَبِيْثُوْنَ لِلْخَبِيْثٰتِ ۚ

گندوں کے واسطے اور گندے واسطے گندیوں کے

وَالطَّيِّبٰتُ لِلطَّيِّبِيْنَ وَالطَّيِّبُوْنَ لِلطَّيِّبٰتِ ۚ

اور ستھریاں ہیں ستھروں کے واسطے اور ستھرے واسطے ستھریوں کے

اُولٰٓئِكَ مُبَرَّءُوْنَ مِمَّا يَقُوْلُوْنَ ۖ

وہ لوگ بے تعلق ہیں ان باتوں سے جو یہ کہتے ہیں

لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿٢٦﴾ ع ٣ ٢ ٩

ان کے واسطے بخشش ہے اور روزی ہے عزت کی ﴿٢٦﴾

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ

اے ایمان والو مت جایا کرو کسی گھر میں

بُيُوْتِكُمْ حَتّٰى تَسْتَاْنِسُوْا وَتُسَلِّمُوْا

اپنے گھروں کے سوائے جب تک بول چال نہ کرلو، اور سلام کرلو

عَلٰٓى اَهْلِهَا ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ لَعَلَّكُمْ

ان گھر والوں پر یہ بہتر ہے تمھارے حق میں تاکہ تم

تَذَكَّرُوْنَ ﴿٢٧﴾ فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فِيْهَآ

یاد رکھو ﴿٢٧﴾ پھر اگر نہ پاؤ اس میں

اَحَدًا فَلَا تَدْخُلُوْهَا حَتّٰى يُؤْذَنَ

کسی کو تو اس میں نہ جاؤ جب تک کہ اجازت نہ ملے

لَكُمْ ۚ وَاِنْ قِيْلَ لَكُمُ ارْجِعُوْا

تم کو اور اگر تم کو جواب ملے کہ پھر جاؤ

فَارْجِعُوْا هُوَ اَزْكٰى لَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا

تو پھر جاؤ اس میں خوب ستھرائی ہے تمھارے لیے اور اللہ جو

تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ﴿٢٨﴾ لَيْسَ عَلَيْكُمْ

تم کرتے ہو اس کو جانتا ہے ﴿٢٨﴾ نہیں گناہ تم پر

جُنَاحٌ اَنْ تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ

اس میں کہ جاؤ ان گھروں میں جہاں

مَسْكُوْنَةٍ فِيْهَا مَتَاعٌ لَّكُمْ ؕ وَاللّٰهُ

کوئی نہیں بستا اس میں کچھ چیز ہو تمھاری اور اللہ کو

يَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا تَكْتُمُوْنَ ﴿٢٩﴾

معلوم ہے جو تم ظاہر کرتے ہو اور جو چھپاتے ہو ﴿٢٩﴾

قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ

کہہ دے ایمان والوں کو نیچی رکھیں ذرا اپنی آنکھیں

وَيَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ ؕ ذٰلِكَ اَزْكٰى لَهُمْ ؕ

اور تھامتے رہیں اپنے ستر کو اس میں خوب ستھرائی ہے ان کے لیے

اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا يَصْنَعُوْنَ ﴿٣٠﴾ وَقُلْ

بے شک اللہ کو خبر ہے جو کچھ کرتے ہیں ﴿٣٠﴾ اور کہہ دے

لِّلْمُؤْمِنٰتِ يَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِهِنَّ

ایمان والیوں کو نیچی رکھیں ذرا اپنی آنکھیں

وَيَحْفَظْنَ فُرُوْجَهُنَّ وَلَا يُبْدِيْنَ

اور تھامتی رہیں اپنے ستر کو اور نہ دکھلائیں

زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَلْيَضْرِبْنَ

اپنا سنگار مگر جو کھلی چیز ہے اس میں سے اور ڈال لیں

بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ ۖ وَلَا يُبْدِيْنَ

اپنی اوڑھنی اپنے گریبان پر اور نہ کھولیں

زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا لِبُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اٰبَآئِهِنَّ

اپنا سنگار مگر اپنے خاوند کے آگے یا اپنے باپ کے

اَوْ اٰبَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اَبْنَآئِهِنَّ اَوْ

یا اپنے خاوند کے باپ کے یا اپنے بیٹے کے یا

اَبْنَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ

اپنے خاوند کے بیٹے کے یا اپنے بھائی کے یا

بَنِيٓ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِيٓ اَخَوٰتِهِنَّ اَوْ

اپنے بھتیجوں کے اپنے بھانجوں کے یا

نِسَآئِهِنَّ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ

اپنی عورتوں کے یا اپنے ہاتھ کے مال کے

اَوِ التّٰبِعِيْنَ غَيْرِ اُولِي الْاِرْبَةِ مِنَ

یا کاروبار کرنے والوں کے جو مرد کہ کچھ غرض نہیں رکھتے

الرِّجَالِ اَوِ الطِّفْلِ الَّذِيْنَ لَمْ يَظْهَرُوْا

یا لڑکوں کے جنہوں نے ابھی نہیں پہچانا

عَلٰى عَوْرٰتِ النِّسَآءِ ۪ وَلَا يَضْرِبْنَ

عورتوں کے بھید کو اور نہ ماریں

بِاَرْجُلِهِنَّ لِيُعْلَمَ مَا يُخْفِيْنَ مِنْ

زمین پر اپنے پاؤں کو کہ جانا جائے جو چھپاتی ہیں

زِيْنَتِهِنَّ ؕ وَتُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ جَمِيْعًا

اپنا سنگار اور توبہ کرو اللہ کے آگے سب مل کر

اَيُّهَ الْمُؤْمِنُوْنَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿٣١﴾

اے ایمان والو تاکہ تم بھلائی پاؤ

وَاَنْكِحُوا الْاَيَامٰى مِنْكُمْ وَالصّٰلِحِيْنَ

اور نکاح کردو رانڈوں کا اپنے اندر اور جو نیک ہوں

مِنْ عِبَادِكُمْ وَاِمَآئِكُمْ ؕ اِنْ يَّكُوْنُوْا

تمھارے غلام اور لونڈیاں اگر وہ ہوں گے

فُقَرَآءَ يُغْنِهِمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ

مفلس اللہ ان کو غنی کر دے گا اپنے فضل سے

وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿٣٢﴾ وَلْيَسْتَعْفِفِ

اور اللہ کشائش والا ہے سب کچھ جانتا ہے ﴿٣٢﴾ اور اپنے آپ کو تھامتے رہیں

الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ نِكَاحًا حَتّٰى

جن کو نہیں ملتا سامان نکاح کا جب تک

يُغْنِيَهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَالَّذِيْنَ

مقدور دے ان کو اللہ اپنے فضل سے اور جو لوگ

يَبْتَغُوْنَ الْكِتٰبَ مِمَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ

چاہیں لکھت آزادی کی مال دے کر ان میں سے کہ جو تمھارے ہاتھ کے مال ہیں

فَكَاتِبُوْهُمْ اِنْ عَلِمْتُمْ فِيْهِمْ خَيْرًا ۖ

تو ان کو لکھ کر دے دو اگر سمجھو ان میں کچھ نیکی

وَّاٰتُوْهُمْ مِّنْ مَّالِ اللّٰهِ الَّذِيْٓ اٰتٰىكُمْ ؕ

اور دو ان کو اللہ کے مال سے جو اس نے تم کو دیا ہے

وَلَا تُكْرِهُوْا فَتَيٰتِكُمْ عَلَى الْبِغَآءِ اِنْ

اور نہ زبردستی کرو اپنی چھوکریوں پر بدکاری کے واسطے اگر

اَرَدْنَ تَحَصُّنًا لِّتَبْتَغُوْا عَرَضَ الْحَيٰوةِ

وہ چاہیں قید سے رہنا کہ تم کمانا چاہو اسباب

الدُّنْيَا ؕ وَمَنْ يُّكْرِهْهُّنَّ فَاِنَّ اللّٰهَ

دنیا کی زندگانی کا اور جو کوئی ان پر زبردستی کرے گا تو اللہ

مِنْۢ بَعْدِ اِكْرَاهِهِنَّ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٣٣﴾

ان کی بے بسی کے پیچھے بخشنے والا مہربان ہے ﴿٣٣﴾

وَلَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ

اور ہم نے اتاریں تمھاری طرف آیتیں کھلی ہوئی

وَّمَثَلًا مِّنَ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ

اور کچھ حال ان کا جو ہوچکے تم سے پہلے

وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿٣٤﴾ ع اَللّٰهُ نُوْرُ ع ٤ ١٠

اور نصیحت ڈرنے والوں کو ﴿٣٤﴾ اللہ روشنی ہے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ مَثَلُ نُوْرِهٖ

آسمانوں کی اور زمین کی مثال اس کی روشنی کی

كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ ؕ اَلْمِصْبَاحُ

جیسے ایک طاق اس میں ہو ایک چراغ وہ چراغ

فِيْ زُجَاجَةٍ ؕ اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ

دھرا ہو ایک شیشہ میں وہ شیشہ ہے جیسے ایک تارہ

دُرِّيٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ

چمکتا ہوا تیل جلتا ہے اس میں ایک برکت کے درخت کا

زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ ۙ يَّكَادُ

وہ زیتون ہے نہ مشرق کی طرف ہے اور نہ مغرب کی طرف قریب ہے

زَيْتُهَا يُضِيْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ؕ

اس کا تیل کہ روشن ہوجائے اگرچہ نہ لگی ہو اس میں آگ

نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ ؕ يَهْدِى اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ

روشنی پر روشنی اللہ راہ دکھلا دیتا ہے اپنی روشنی کو

مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ

جس کو چاہے اور بیان کرتا ہے اللہ مثالیں

لِلنَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَىْءٍ عَلِيْمٌ ۙ ﴿٣٥﴾

لوگوں کے واسطے اور اللہ سب چیز کو جانتا ہے ﴿٣٥﴾

فِىْ بُيُوْتٍ اَذِنَ اللّٰهُ اَنْ تُرْفَعَ وَيُذْكَرَ

ان گھروں میں کہ اللہ نے حکم دیا ان کو بلند کرنے کا اور وہاں

فِيْهَا اسْمُهٗ ۙ يُسَبِّحُ لَهٗ فِيْهَا بِالْغُدُوِّ

اس کا نام پڑھنے کا یاد کرتے ہیں اس کی وہاں صبح

وَالْاٰصَالِ ﴿٣٦﴾ رِجَالٌ ۙ لَّا تُلْهِيْهِمْ

اور شام ﴿٣٦﴾ وہ مرد کہ نہیں غافل ہوتے

تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَاِقَامِ

سودا کرنے میں اور نہ بیچنے میں اللہ کی یاد سے اور

الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءِ الزَّكٰوةِ ۙ يَخَافُوْنَ يَوْمًا

نماز قائم رکھنے سے اور زکوٰۃ دینے سے ڈرتے رہتے ہیں اس دن سے

تَتَقَلَّبُ فِيْهِ الْقُلُوْبُ وَالْاَبْصَارُ ﴿٣٧﴾

جس میں الٹ جائیں گے دل اور آنکھیں ﴿٣٧﴾

لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا

تاکہ بدلہ دے ان کو اللہ ان کے بہتر سے بہتر کاموں کا

وَيَزِيْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ يَرْزُقُ

اور زیادتی دے ان کو اپنے فضل سے اور اللہ روزی دیتا ہے

مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿٣٨﴾ وَالَّذِيْنَ

جس کو چاہے بے شمار ﴿٣٨﴾ اور جو لوگ

كَفَرُوْٓا اَعْمَالُهُمْ كَسَرَابٍۢ بِقِيْعَةٍ

منکر ہیں ان کے کام جیسے ریت جنگل میں

يَّحْسَبُهُ الظَّمْاٰنُ مَآءً ؕ حَتّٰٓى اِذَا

پیاسا جانے اس کو پانی یہاں تک کہ جب

جَآءَهٗ لَمْ يَجِدْهُ شَيْـًٔا وَّوَجَدَ اللّٰهَ

پہنچا اس پر اس کو کچھ نہ پایا اور اللہ کو پایا

عِنْدَهٗ فَوَفّٰىهُ حِسَابَهٗ ؕ وَاللّٰهُ سَرِيْعُ

اپنے پاس پھر اس کو پورا پہنچا دیا اس کا لکھا، اور اللہ جلد

الْحِسَابِ ۙ﴿٣٩﴾ اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِىْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ

لینے والا ہے حساب ﴿٣٩﴾ یا جیسے اندھیرے گہرے دریا میں

يَّغْشٰىهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ

چڑھی آتی ہے اس پر ایک لہر اس پر ایک اور لہر

فَوْقِهٖ سَحَابٌ ؕ ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ

اس کے اوپر بادل اندھیرے ہیں ایک پر ایک

بَعْضٍ ؕ اِذَآ اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ

جب نکالے اپنا ہاتھ لگتا نہیں کہ اس کو

يَرٰىهَا ؕ وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ

وہ سوجھے اور جس کو اللہ نے نہ دی

ع ١١ ٦ ٥ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ﴿٤٠﴾ ع اَلَمْ تَرَ اَنَّ

روشنی اس کے واسطے کہیں نہیں روشنی ﴿٤٠﴾ کیا تو نے نہ دیکھا کہ

اللّٰهَ يُسَبِّحُ لَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ

اللہ کی یاد کرتے ہیں جو کوئی ہیں آسمان

وَالْاَرْضِ وَالطَّيْرُ صٰٓفّٰتٍ ؕ كُلٌّ قَدْ

و زمین میں اور اڑتے جانور پر کھولے ہوئے ہر ایک نے

عَلِمَ صَلَاتَهٗ وَتَسْبِيْحَهٗ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ

جان رکھی ہے اپنی طرح کی بندگی اور یاد اور اللہ کو معلوم ہے

بِمَا يَفْعَلُوْنَ ﴿٤١﴾ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ

جو کچھ کرتے ہیں ﴿٤١﴾ اور اللہ کی حکومت ہے آسمان

وَالْاَرْضِ ۚ وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ﴿٤٢﴾

اور زمین میں اور اللہ ہی تک پھرجانا ہے ﴿٤٢﴾

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُزْجِيْ سَحَابًا ثُمَّ يُؤَلِّفُ

تو نے نہ دیکھا کہ اللہ ہانک لاتا ہے بادل کو پھر ان کو ملا دیتا ہے

بَيْنَهٗ ثُمَّ يَجْعَلُهٗ رُكَامًا فَتَرَى الْوَدْقَ

پھر ان کو رکھتا ہے تہہ بہ تہہ پھر تو دیکھے مینہ

يَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ ۚ وَيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَآءِ

نکلتا ہے اس کے بیچ سے اور اتارتا ہے آسمان سے

مِنْ جِبَالٍ فِيْهَا مِنْۢ بَرَدٍ فَيُصِيْبُ

اس میں جو پہاڑ ہیں اولوں کے پھر وہ ڈالتا ہے

بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ وَيَصْرِفُهٗ عَنْ مَّنْ

جس پر چاہے اور بچا دیتا ہے جس سے

يَّشَآءُ ؕ يَكَادُ سَنَا بَرْقِهٖ يَذْهَبُ

چاہے ابھی اس کی بجلی کی کوند لے جائے

بِالْاَبْصَارِ ﴿٤٣﴾ يُقَلِّبُ اللّٰهُ الَّيْلَ

آنکھوں کو ﴿٤٣﴾ اللہ بدلتا ہے رات

وَالنَّهَارَ ۚ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّاُولِي

اور دن کو اس میں دھیان کرنے کی جگہ ہے

الْاَبْصَارِ ﴿٤٤﴾ وَاللّٰهُ خَلَقَ كُلَّ دَآبَّةٍ

آنکھ والوں کو ﴿٤٤﴾ اور اللہ نے بنایا ہر پھرنے والے کو

مِّنْ مَّآءٍ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰى

ایک پانی سے پھر کوئی ہے کہ چلتا ہے

بَطْنِهٖ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰى

اپنے پیٹ پر اور کوئی ہے کہ چلتا ہے

رِجْلَيْنِ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰٓى

دو پاؤں پر اور کوئی ہے کہ چلتا ہے

اَرْبَعٍ ۚ يَخْلُقُ اللّٰهُ مَا يَشَآءُ ۚ اِنَّ

چار پر بناتا ہے اللہ جو چاہتا ہے بے شک

اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٤٥﴾ لَقَدْ

اللہ ہر چیز کرسکتا ہے ﴿٤٥﴾ ہم نے

اَنْزَلْنَآ اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ ؕ وَاللّٰهُ يَهْدِىْ

اتاریں آیتیں کھول کھول کر بتلانے والی اور اللہ چلائے

مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٤٦﴾

جس کو چاہے سیدھی راہ پر ﴿٤٦﴾

وَيَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالرَّسُوْلِ

اور لوگ کہتے ہیں ہم نے مانا اللہ کو اور رسول کو

وَاَطَعْنَا ثُمَّ يَتَوَلّٰى فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ

اور حکم میں آگئے پھر جاتا ہے ایک فرقہ ان میں سے

مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ؕ وَمَآ اُولٰٓئِكَ

اس کے پیچھے اور وہ لوگ نہیں

بِالْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٤٧﴾ وَاِذَا دُعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ

ماننے والے ﴿٤٧﴾ اور جب ان کو بلائے اللہ

وَرَسُوْلِهٖ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ اِذَا فَرِيْقٌ

اور رسول کی طرف کہ ان میں قضیہ چکائے تب ہی ایک فرقہ کے لوگ

مِّنْهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿٤٨﴾ وَاِنْ يَّكُنْ

ان میں منہ موڑتے ہیں ﴿٤٨﴾ اور اگر

لَّهُمُ الْحَقُّ يَاْتُوْٓا اِلَيْهِ مُذْعِنِيْنَ ﴿٤٩﴾ ط

ان کو کچھ پہنچتا ہو تو چلے آئیں اس کی طرف قبول کر کر ﴿٤٩﴾

اَفِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ اَمِ ارْتَابُوْٓا اَمْ

کیا ان کے دلوں میں روگ ہے یا دھوکے میں پڑے ہوئے ہیں، یا

يَخَافُوْنَ اَنْ يَّحِيْفَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ

ڈرتے ہیں کہ بے انصافی کرے گا ان پر اللہ

وَرَسُوْلُهٗ ط بَلْ اُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿٥٠﴾ ع

اور اس کا رسول کچھ نہیں وہ ہی لوگ بے انصاف ہیں ﴿٥٠﴾

اِنَّمَا كَانَ قَوْلَ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذَا دُعُوْٓا

ایمان والوں کی بات یہی تھی کہ جب بلائے ان کو

اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ اَنْ

اللہ اور رسول کی طرف فیصلہ کرنے کو ان میں تو

يَّقُوْلُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ؕ وَاُولٰٓئِكَ

کہیں ہم نے سن لیا اور حکم مان لیا اور وہ لوگ

وَاِلَيْكَ اَنَبْنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۴

اور تیری طرف رجوع ہوئے اور تیری طرف ہے سب کو پھر آنا ۴

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا

اے رب ہمارے مت جانچ ہم پر کافروں کو

وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ

اور ہم کو معاف کر اے رب ہمارے تو ہی ہے زبردست

الْحَكِيْمُ ۵ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْهِمْ

حکمت والا ۵ البتہ تم کو بھلی چال چلنی چاہیے

اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ

ان کی جو کوئی امید رکھتا ہو اللہ کی

وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ ؕ وَمَنْ يَّتَوَلَّ فَاِنَّ

اور پچھلے دن کی اور جو کوئی منہ پھیرے تو

اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ۝۶ عَسَى اللّٰهُ ع ۶

اللہ وہی ہے بے پروا سب تعریفوں والا ۶ امید ہے کہ کر دے اللہ

اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ

تم میں اور جو دشمن ہیں تمھارے ان میں

عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ؕ وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ؕ

دوستی اور اللہ سب کچھ کرسکتا ہے

وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۷ لَا يَنْهٰكُمُ

اللہ بخشنے والا مہربان ہے ۷ اللہ تم کو منع نہیں کرتا

اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ لَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ فِي

ان لوگوں سے جو لڑتے نہیں تم سے

الدِّيْنِ وَلَمْ يُخْرِجُوْكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ

دین پر اور نکالا نہیں تم کو تمھارے گھروں سے

اَنْ تَبَرُّوْهُمْ وَتُقْسِطُوْٓا اِلَيْهِمْ ؕ

کہ ان سے کرو بھلائی اور انصاف کا سلوک

اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ﴿۸﴾ اِنَّمَا

بے شک اللہ چاہتا ہے انصاف والوں کو ﴿۸﴾ اللہ تو

يَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ قٰتَلُوْكُمْ

منع کرتا ہے تم کو ان سے جو لڑے تم سے

فِي الدِّيْنِ وَاَخْرَجُوْكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ

دین پر اور نکالا تم کو تمھارے گھروں سے

وَظٰهَرُوْا عَلٰٓى اِخْرَاجِكُمْ اَنْ تَوَلَّوْهُمْ ۚ

اور شریک ہوئے تمھارے نکالنے میں کہ ان سے کرو دوستی

وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۹﴾

اور جو کوئی ان سے دوستی کرے سو وہ لوگ وہی ہیں گناہ گار ﴿۹﴾

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا جَآءَكُمُ الْمُؤْمِنٰتُ

اے ایمان والو ! جب آئیں تمھارے پاس ایمان والی عورتیں

مُهٰجِرٰتٍ فَامْتَحِنُوْهُنَّ ؕ اَللّٰهُ اَعْلَمُ

وطن چھوڑ کر ان کو جانچ لو اللہ خوب جانتا ہے

بِاِيْمَانِهِنَّ ۚ فَاِنْ عَلِمْتُمُوْهُنَّ مُؤْمِنٰتٍ

ان کے ایمان کو پھر اگر جانو کہ وہ ایمان پر ہیں

فَلَا تَرْجِعُوْهُنَّ اِلَى الْكُفَّارِ ؕ لَا هُنَّ حِلٌّ

تو مت پھیرو ان کو کافروں کی طرف نہ یہ عورتیں حلال ہیں

لَّهُمْ وَلَا هُمْ يَحِلُّوْنَ لَهُنَّ ؕ وَاٰتُوْهُمْ

ان کافروں کو اور نہ وہ کافر حلال ہیں ان عورتوں کو اور دے دو ان کافروں کو

مَّآ اَنْفَقُوْا ؕ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اَنْ

جو ان کا خرچ ہوا ہو اور گناہ نہیں تم کو

تَنْكِحُوْهُنَّ اِذَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ ؕ

کہ نکاح کرلو ان عورتوں سے جب ان کو دو ان کے مہر

وَلَا تُمْسِكُوْا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ وَسْـَٔلُوْا

اور نہ رکھو اپنے قبضہ میں ناموس کافر عورتوں کے اور تم مانگ لو

مَآ اَنْفَقْتُمْ وَلْيَسْـَٔلُوْا مَآ اَنْفَقُوْا ؕ

جو تم نے خرچ کیا اور وہ کافر مانگ لیں جو انہوں نے خرچ کیا

ذٰلِكُمْ حُكْمُ اللّٰهِ ؕ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ ؕ

یہ اللہ کا فیصلہ ہے تم میں فیصلہ کرتا ہے

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۱۰﴾ وَاِنْ فَاتَكُمْ

اور اللہ سب کچھ جاننے والا حکمت والا ہے ﴿۱۰﴾ اور اگر جاتی رہیں تمہارے ہاتھ سے

شَيْءٌ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ اِلَى الْكُفَّارِ

کچھ عورتیں کافروں کی طرف

فَعَاقَبْتُمْ فَاٰتُوا الَّذِيْنَ ذَهَبَتْ

پھر تم ہاتھ مارو تو دے دو ان کو جن کی عورتیں

اَزْوَاجُهُمْ مِّثْلَ مَآ اَنْفَقُوْا ؕ وَاتَّقُوا

جاتی رہی ہیں جتنا انہوں نے خرچ کیا تھا اور ڈرتے رہو

اللّٰهَ الَّذِيْٓ اَنْتُمْ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۱﴾

اللہ سے جس پر تم کو یقین ہے ﴿۱۱﴾

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا جَآءَكَ الْمُؤْمِنٰتُ

اے نبی جب آئیں تیرے پاس مسلمان عورتیں

يُبَايِعْنَكَ عَلٰٓى اَنْ لَّا يُشْرِكْنَ بِاللّٰهِ

بیعت کرنے کو اس بات پر کہ شریک نہ ٹھہرائیں اللہ کا

شَيْـًٔا وَّ لَا يَسْرِقْنَ وَ لَا يَزْنِيْنَ

کسی کو اور چوری نہ کریں اور بدکاری نہ کریں

وَلَا يَقْتُلْنَ اَوْلَادَهُنَّ وَلَا يَاْتِيْنَ بِبُهْتَانٍ

اور اپنی اولاد کو نہ مار ڈالیں اور طوفان نہ لائیں

يَّفْتَرِيْنَهٗ بَيْنَ اَيْدِيْهِنَّ وَاَرْجُلِهِنَّ

باندھ کر اپنے ہاتھوں اور پاؤں میں

وَلَا يَعْصِيْنَكَ فِيْ مَعْرُوْفٍ فَبَايِعْهُنَّ

اور تیری نافرمانی نہ کریں کسی بھلے کام میں تو ان کو بیعت کرلے

وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ

اور معافی مانگ ان کے واسطے اللہ سے بے شک اللہ بخشنے والا

رَّحِيْمٌ ﴿۱۲﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَوَلَّوْا

مہربان ہے ﴿۱۲﴾ اے ایمان والو مت دوستی کرو

قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ قَدْ يَئِسُوْا

ان لوگوں سے کہ غصہ ہوا ہے اللہ ان پر وہ آس توڑ چکے ہیں

مِنَ الْاٰخِرَةِ كَمَا يَئِسَ الْكُفَّارُ مِنْ

پچھلے گھر سے جیسے آس توڑی منکروں نے

النصف ۸ ع ۲ ۷

اَصْحٰبِ الْقُبُوْرِ ﴿۱۳﴾ ع

قبر والوں سے ﴿۱۳﴾

(سورۂ صف مدینہ منورہ میں نازل ہوئی، اس میں (۱۴) آیتیں اور (۲) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۱۰۹) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۶۱) نمبر پر ہے اور سورۂ تغابن کے بعد نازل ہوئی ہے۔)

| اس میں (۲۲۱) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۹۰۰) حروف ہیں |
|---|---|---|

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي

اللہ کی پاکی بولتا ہے جو کچھ ہے آسمانوں میں اور جو کچھ ہے

الْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱﴾

زمین میں اور وہی ہے زبردست حکمت والا ﴿۱﴾

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ

اے ایمان والو کیوں کہتے ہو منہ سے

مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ۲ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ

جو نہیں کرتے ۲ بڑی بیزاری کی بات ہے

اللّٰهِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ۳

اللہ کے یہاں کہ کہو وہ چیز جو نہ کرو ۳

اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَ

اللہ چاہتا ہے ان لوگوں کو جو لڑتے ہیں

فِيْ سَبِيْلِهٖ صَفًّا كَاَنَّهُمْ بُنْيَانٌ

اس کی راہ میں قطار باندھ کر گویا وہ دیوار ہیں

مَّرْصُوْصٌ ۴ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ

سیسہ پلائی ہوئی ۴ اور جب کہا موسیٰ نے اپنی قوم کو

يٰقَوْمِ لِمَ تُؤْذُوْنَنِيْ وَقَدْ تَّعْلَمُوْنَ

اے قوم میری کیوں ستاتے ہو مجھ کو اور تم کو معلوم ہے

اَنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَیْكُمْ ؕ فَلَمَّا زَاغُوْۤا

کہ میں اللہ کا بھیجا آیا ہوں تمھارے پاس پھر جب وہ پھر گئے

اَزَاغَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ ؕ وَاللّٰهُ لَا یَهْدِی

تو پھیر دیے اللہ نے ان کے دل اور اللہ راہ نہیں دیتا

الْقَوْمَ الْفٰسِقِیْنَ ۵ وَاِذْ قَالَ عِیْسَی

نافرمان لوگوں کو ۵ اور جب کہا عیسیٰ

ابْنُ مَرْیَمَ یٰبَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ اِنِّیْ

مریم کے بیٹے نے اے بنی اسرائیل! میں

رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَیْكُمْ مُّصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ

بھیجا ہوا آیا ہوں اللہ کا تمھارے پاس یقین کرنے والا اس پر جو

یَدَیَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَمُبَشِّرًۢا بِرَسُوْلٍ

مجھ سے آگے ہے تورات اور خوش خبری سنانے والا ایک رسول کی

یَّاْتِیْ مِنْۢ بَعْدِی اسْمُهٗۤ اَحْمَدُ ؕ

جو آئے گا میرے بعد اس کا نام ہے احمد

فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ قَالُوْا هٰذَا

پھر جب آیا ان کے پاس کھلی نشانیاں لے کر کہنے لگے یہ

سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۶﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ

جادو ہے صریح ﴿۶﴾ اور اس سے زیادہ بےانصاف کون جو

افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُوَ يُدْعٰٓى

باندھے اللہ پر جھوٹ اور اس کو بلاتے ہیں

اِلَى الْاِسْلَامِ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ

مسلمان ہونے کو اور اللہ راہ نہیں دیتا

الظّٰلِمِيْنَ ﴿۷﴾ ۚ يُرِيْدُوْنَ لِيُطْفِـُٔوْا

بےانصاف لوگوں کو ﴿۷﴾ چاہتے ہیں کہ بجھا دیں

نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ ؕ وَاللّٰهُ مُتِمُّ

اللہ کی روشنی اپنے منہ سے اور اللہ کو پوری کرنی ہے

نُوْرِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸﴾ هُوَ الَّذِىْٓ

اپنی روشنی اور پڑے برا مانیں منکر ﴿۸﴾ وہی ہے جس نے

اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ

بھیجا اپنا رسول راہ کی سوجھ دے کر اور سچا دین

الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ۙ وَلَوْ

کہ اس کو اوپر کرے سب دینوں سے اور پڑے

كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ۝۹ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ ع ۹

برا مانیں شرک کرنے والے ۹ اے ایمان

اٰمَنُوْا هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى تِجَارَةٍ

والو میں بتلاؤں تم کو ایسی سوداگری

تُنْجِيْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝۱۰

جو بچائے تم کو ایک عذاب دردناک سے ۱۰

تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُجَاهِدُوْنَ

ایمان لاؤ اللہ پر اور اس کے رسول پر اور لڑو

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ ؕ

اللہ کی راہ میں اپنے مال سے اور اپنی جان سے

ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۙ ۱۱

یہ بہتر ہے تمھارے حق میں اگر تم سمجھ رکھتے ہو ۱۱

يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَيُدْخِلْكُمْ

بخشے گا وہ تمھارے گناہ اور داخل کرے گا تم کو

جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

باغوں میں جن کے نیچے بہتی ہیں نہریں

وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ؕ

اور ستھرے گھروں میں بسنے کے باغوں کے اندر

ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۙ ۱۲ وَاُخْرٰى

یہ ہے بڑی مراد ملنی ۱۲ اور ایک اور چیز دے

تُحِبُّوْنَهَا ؕ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ

جس کو تم چاہتے ہو مدد اللہ کی طرف سے اور فتح

قَرِيْبٌ ؕ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۱۳ يٰۤاَيُّهَا

جلدی اور خوشی سنا دے ایمان والوں کو ۱۳ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْٓا اَنْصَارَ اللّٰهِ كَمَا

ایمان والو تم ہوجاؤ مددگار اللہ کے جیسے

قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ لِلْحَوَارِيّٖنَ

کہا عیسیٰ مریم کے بیٹے نے اپنے یاروں کو

مَنْ اَنْصَارِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ؕ قَالَ

کون ہے کہ مدد کرے میری اللہ کی راہ میں بولے

الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ فَاٰمَنَتْ

یار ہم ہیں مددگار اللہ کے پھر ایمان لایا

طَّآئِفَةٌ مِّنْۢ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ وَكَفَرَتْ

ایک فرقہ بنی اسرائیل سے اور منکر ہوا

طَّآئِفَةٌ ۚ فَاَيَّدْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلٰى

ایک فرقہ پھر قوت دی ہم نے ان کو جو ایمان لائے تھے

عَدُوِّهِمْ فَاَصْبَحُوْا ظٰهِرِيْنَ ع (۱۴)

ان کے دشمنوں پر پھر ہو رہے غالب ۱۴

ع ۲ ۵ ۱۰

(سورۂ جمعہ مدینہ منورہ میں نازل ہوئی، اِس میں (۱۱) آیتیں اور (۲) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۱۱۰) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۶۲) نمبر پر ہے اور سورۂ صف کے بعد نازل ہوئی ہے۔)

اس میں (۱۸۰) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۷۲۰) حروف ہیں

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا

اللہ کی پاکی بولتا ہے جو کچھ کہ ہے آسمانوں میں اور جو کچھ ہے

فِي الْاَرْضِ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ الْعَزِيْزِ

زمین میں بادشاہ پاک ذات زبردست

الْحَكِيْمِ ﴿۱﴾ هُوَ الَّذِيْ بَعَثَ فِي

حکمتوں والا ① وہی ہے جس نے اٹھایا

الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ

ان پڑھوں میں ایک رسول انہی میں کا پڑھ کر سناتا ہے ان کو

اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ

اس کی آیتیں اور ان کو سنوارتا ہے اور سکھلاتا ہے ان کو کتاب

وَالْحِكْمَةَ ۗ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ

اور عقل مندی اور اس سے پہلے وہ پڑے ہوئے تھے

ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۙ ۲ وَّاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا

صریح بھول میں ۲ اور اٹھایا اس رسول کو ایک دوسرے لوگوں کے واسطے بھی

يَلْحَقُوْا بِهِمْ ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۳

انہی میں سے جو ابھی نہیں ملے اور ان میں وہی ہے زبردست حکمت والا ۳

ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ

یہ بڑائی اللہ کی ہے دیتا ہے جس کو چاہے

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۴ مَثَلُ

اور اللہ کا فضل بڑا ہے ۴ مثال

الَّذِيْنَ حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوْهَا

ان لوگوں کی جن پر لادی تورات پھر نہ اٹھائی انہوں نے

كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ اَسْفَارًا ؕ بِئْسَ

جیسے مثال گدھے کی کہ پیٹھ پر لے چلتا ہے کتابیں، بری

مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ؕ

مثال ہے ان لوگوں کی جنہوں نے جھٹلایا اللہ کی باتوں کو

وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝٥

اور اللہ راہ نہیں دیتا بے انصاف لوگوں کو ۝٥

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ هَادُوْٓا اِنْ زَعَمْتُمْ

تو کہہ اے یہودی ہونے والو اگر تم کو دعویٰ ہے

اَنَّكُمْ اَوْلِيَآءُ لِلّٰهِ مِنْ دُوْنِ النَّاسِ

کہ تم دوست ہو اللہ کے سب لوگوں کے سوا

فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝٦

تو مٹاؤ اپنے مرنے کو اگر تم سچے ہو ۝٦

وَلَا يَتَمَنَّوْنَهٗٓ اَبَدًۢا بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ؕ

اور وہ کبھی نہ منائیں گے اپنا مرنا ان کاموں کی وجہ سے جن کو آگے بھیج چکے ہیں انکے ہاتھ

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ۝٧ قُلْ اِنَّ الْمَوْتَ

اور اللہ کو خوب معلوم ہیں سب گناہ گار ۝٧ تو کہہ موت

الَّذِيْ تَفِرُّوْنَ مِنْهُ فَاِنَّهٗ مُلٰقِيْكُمْ

وہ جس سے تم بھاگتے ہو سو وہ تم سے ضرور ملنے والی ہے

ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ

پھر تم پھیرے جاؤ گے اس چھپے اور کھلے جاننے والے کے پاس

ع ۱۱ ۸ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۸﴾

پھر جتلا دے گا تم کو جو تم کرتے تھے ﴿۸﴾

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ

اے ایمان والو جب اذان ہو نماز کی

مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ

جمعہ کے دن تو دوڑو اللہ کی یاد کو

وَذَرُوا الْبَيْعَ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ

اور چھوڑ دو خریدو فروخت یہ بہتر ہے تمھارے حق میں اگر

كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۹﴾ فَاِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ

تم کو سمجھ ہے ﴿۹﴾ پھر جب تمام ہوچکے نماز

فَانْتَشِرُوْا فِي الْاَرْضِ وَابْتَغُوْا مِنْ

تو پھیل پڑو زمین میں اور ڈھونڈو

فَضْلِ اللّٰهِ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ

فضل اللہ کا اور یاد کرو اللہ کو بہت سا تاکہ

تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰﴾ وَاِذَا رَاَوْا تِجَارَةً اَوْ لَهْوَا

تمھارا بھلا ہو ﴿۱۰﴾ اور جب دیکھیں سودا بکتا یا کچھ تماشہ

انْفَضُّوْٓا اِلَيْهَا وَتَرَكُوْكَ قَآئِمًا ؕ قُلْ

متفرق ہوجائیں اس کی طرف اور تجھ کو چھوڑ جائیں کھڑا تو کہہ

مَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنَ اللَّهْوِ وَمِنَ

جو اللہ کے پاس ہے سو بہتر ہے تماشہ سے اور

التِّجَارَةِ ؕ وَاللّٰهُ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۱۱﴾ ع ۲ ۳ ۱۲

سوداگری سے اور اللہ بہتر ہے روزی دینے والا ﴿۱۱﴾

(سورۂ منافقون مدینہ منورہ میں نازل ہوئی، اس میں (۱۱) آیتیں اور (۲) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۱۰۴) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۶۳) نمبر پر ہے اور سورۂ حج کے بعد نازل ہوئی ہے۔)

اس میں (۱۸۰) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۹۷۶) حروف ہیں

اِذَا جَآءَكَ الْمُنٰفِقُوْنَ قَالُوْا نَشْهَدُ

جب آئیں تیرے پاس منافق کہیں ہم قائل ہیں

وقف لازم

اِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ ۘ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ

تو رسول ہے اللہ کا اور اللہ جانتا ہے

اِنَّكَ لَرَسُوْلُهٗ ؕ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّ

کہ تو اس کا رسول ہے اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ

الْمُنٰفِقِيْنَ لَكٰذِبُوْنَ ۚ ﴿۱﴾ اِتَّخَذُوْٓا

یہ منافق جھوٹے ہیں ① انہوں نے رکھا ہے

اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ

اپنی قسموں کو ڈھال بنا کر پھر روکتے ہیں

اللّٰهِ ؕ اِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۲﴾

اللہ کی راہ سے یہ لوگ برے کام ہیں جو کر رہے ہیں ②

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا فَطُبِعَ

یہ اس لیے کہ وہ ایمان لائے پھر منکر ہوگئے پھر مہر لگ گئی

عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ ﴿۳﴾

ان کے دل پر سو وہ اب کچھ نہیں سمجھتے ③

وَاِذَا رَاَيْتَهُمْ تُعْجِبُكَ اَجْسَامُهُمْ ؕ

اور جب تو دیکھے ان کو تو اچھے لگیں تجھ کو ان کے ڈیل

وَاِنْ يَّقُوْلُوْا تَسْمَعْ لِقَوْلِهِمْ ؕ كَاَنَّهُمْ

اور اگر بات کہیں سنے تو ان کی بات کیسے ہیں جیسے کہ

خُشُبٌ مُّسَنَّدَةٌ ؕ يَحْسَبُوْنَ كُلَّ صَيْحَةٍ

لکڑی لگا دی دیوار سے جو کوئی چیخے جانیں

عَلَيْهِمْ ؕ هُمُ الْعَدُوُّ فَاحْذَرْهُمْ ؕ قٰتَلَهُمُ

ہم ہی پر بلا آئی وہی ہیں دشمن ان سے بچتا رہ گردن مارے ان کی

اللّٰهُ ۚ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿۴﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ

اللہ کہاں سے پھرے جاتے ہیں ﴿۴﴾ اور جب کہیے ان کو

تَعَالَوْا يَسْتَغْفِرْ لَكُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ لَوَّوْا

آؤ معاف کرا دے تم کو رسول اللہ کا مٹکاتے ہیں

رُءُوْسَهُمْ وَرَاَيْتَهُمْ يَصُدُّوْنَ وَهُمْ

اپنے سر اور تو دیکھے کہ وہ رکتے ہیں اور وہ

مُّسْتَكْبِرُوْنَ ۝٥ سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ

غرور کرتے ہیں ۝٥ برابر ہے ان پر

اَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ اَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ

تو معافی چاہے ان کی یا نہ معافی چاہے

لَهُمْ ؕ لَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

ہرگز نہ معاف کرے گا ان کو اللہ بے شک

لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۝٦ هُمُ

راہ نہیں دیتا نافرمان لوگوں کو ۝٦ وہی ہیں

الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ لَا تُنْفِقُوْا عَلٰى مَنْ

جو کہتے ہیں مت خرچ کرو ان پر جو

عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَتّٰى يَنْفَضُّوْا ؕ

پاس رہتے ہیں رسول اللہ کے یہاں تک کہ متفرق ہوجائیں

وَلِلّٰهِ خَزَآئِنُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

اور اللہ کے ہیں خزانے آسمانوں کے اور زمین کے

وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَفْقَهُوْنَ ۝٧

لیکن منافق نہیں سمجھتے ۝٧

يَقُوْلُوْنَ لَئِنْ رَّجَعْنَآ اِلَى الْمَدِيْنَةِ

کہتے ہیں البتہ اگر ہم پھر گئے مدینہ کو

لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ ؕ

تو نکال دے گا جس کا زور ہے وہاں سے کمزور لوگوں کو

وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ

اور زور تو اللہ کا ہے اور اس کے رسول کا اور ایمان والوں کا

وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝٨ ع ١٣ ٨ ع

لیکن منافق نہیں جانتے ۝٨

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُلْهِكُمْ

اے ایمان والو غافل نہ کردیں تم کو

اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ

تمھارے مال اور تمھاری اولاد اللہ کی یاد

اللّٰهِ ؕ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ

سے اور جو کوئی یہ کام کرے تو وہی لوگ ہیں

هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝۹ وَاَنْفِقُوْا مِنْ مَّا

ٹوٹے میں ۹ اور خرچ کرو کچھ

رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ اَحَدَكُمُ

ہمارا دیا ہوا اس سے پہلے کہ آپہنچے تم میں کسی کو

الْمَوْتُ فَيَقُوْلَ رَبِّ لَوْ لَآ اَخَّرْتَنِيْٓ

موت تب کہے اے رب کیوں نہ ڈھیل دی تو نے مجھ کو

اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۙ فَاَصَّدَّقَ وَاَكُنْ

ایک تھوڑی سی مدت کہ میں خیرات کرتا اور ہوجاتا

مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝۱۰ وَلَنْ يُّؤَخِّرَ اللّٰهُ

نیک لوگوں میں ۱۰ اور ہرگز نہ ڈھیل دے گا اللہ

نَفْسًا اِذَا جَآءَ اَجَلُهَا ؕ وَاللّٰهُ

کسی جی کو جب آپہنچا اس کا وعدہ اور اللہ کو

ع ۲ ۳ ۱۴

خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝۱۱ ع

خبر ہے جو تم کرتے ہو ⑪

(سورۃ تغابن مدینہ منورہ میں نازل ہوئی۔ اس میں (۱۸) آیتیں اور (۲) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۱۰۸) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۶۴) نمبر پر ہے اور سورۃ تحریم کے بعد نازل ہوئی ہے۔)

اس میں (۲۴۱) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۱۰۷۰) حروف ہیں

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا

پاکی بول رہا ہے اللہ کی جو کچھ ہے آسمانوں میں اور جو کچھ ہے

فِي الْاَرْضِ ۚ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ ۚ

زمین میں اسی کا راج ہے اور اسی کو تعریف ہے

وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۱ هُوَ

اور وہی ہر چیز کرسکتا ہے ① وہی ہے

الَّذِيْ خَلَقَكُمْ فَمِنْكُمْ كَافِرٌ

جس نے تم کو بنایا پھر کوئی تم میں منکر ہے

وَّمِنْكُمْ مُّؤْمِنٌ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

اور کوئی تم میں ایمان دار اور اللہ جو تم کرتے ہو

بَصِيْرٌ ﴿۲﴾ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

دیکھتا ہے ﴿۲﴾ بنایا آسمانوں کو اور زمین کو

بِالْحَقِّ وَصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ ۚ

تدبیر سے اور صورت کھینچی تمھاری پھر اچھی بنائی تمھاری صورت

وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ﴿۳﴾ يَعْلَمُ مَا

اور اس کی طرف سب کو پھرجانا ہے ﴿۳﴾ جانتا ہے جو کچھ ہے

فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَيَعْلَمُ مَا

آسمانوں میں اور زمین میں اور جانتا ہے جو

تُسِرُّوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ

تم چھپاتے ہو اور جو کھول کر کرتے ہو اور اللہ کو معلوم ہے

بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۴﴾ اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَبَؤُا

جیوں کی بات ﴿۴﴾ کیا پہنچی نہیں تم کو خبر

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ ۪ فَذَاقُوْا

ان لوگوں کی جو منکر ہوچکے ہیں پہلے، پھر انہوں نے چکھی

وَبَالَ اَمْرِهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝٥

سزا اپنے کام کی اور ان کو عذاب دردناک ہے ۝٥

ذٰلِكَ بِاَنَّهٗ كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ

یہ اس لیے کہ لاتے تھے ان کے پاس ان کے رسول

بِالْبَيِّنٰتِ فَقَالُوْٓا اَبَشَرٌ يَّهْدُوْنَنَا ز

نشانیاں پھر کہتے کیا آدمی ہم کو راہ سمجھائیں گے

فَكَفَرُوْا وَتَوَلَّوْا وَّاسْتَغْنَى اللّٰهُ ط

پھر منکر ہوئے اور منہ موڑ لیا اور اللہ نے بے پروائی کی

وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ۝٦ زَعَمَ الَّذِيْنَ

اور اللہ بے پروا ہے سب تعریفوں والا ۝٦ دعویٰ کرتے ہیں

كَفَرُوْٓا اَنْ لَّنْ يُّبْعَثُوْا ط قُلْ بَلٰى

منکر کہ ہرگز ان کو کوئی نہ اٹھائے گا تو کہہ کیوں نہیں

وَرَبِّيْ لَتُبْعَثُنَّ ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا

قسم ہے میرے رب کی تم کو بے شک اٹھانا ہے پھر تم کو جتلانا ہے جو کچھ

عَمِلْتُمْ ؕ وَذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ۝۷

تم نے کیا اور یہ اللہ پر آسان ہے ۷

فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالنُّوْرِ

سو ایمان لاؤ اللہ پر اور اس کے رسول پر اور اس نور پر

الَّذِيْٓ اَنْزَلْنَا ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

جو ہم نے اتارا اور اللہ کو تمھارے سب کام کی

خَبِيْرٌ ۝۸ يَوْمَ يَجْمَعُكُمْ لِيَوْمِ

خبر ہے ۸ جس دن تم کو اکٹھا کرے گا

الْجَمْعِ ذٰلِكَ يَوْمُ التَّغَابُنِ ؕ وَمَنْ

جمع ہونے کے دن وہ دن ہے ہار جیت کا اور جو کوئی

يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُّكَفِّرْ

یقین لائے اللہ پر اور کرے کام بھلا اتار دے گا

عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ وَيُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ

اس پر اس کی برائیاں اور داخل کرے گا اس کو باغوں میں

مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ

جن کے نیچے بہتی ہیں ندیاں رہا کریں ان میں ہمیشہ

اَبَدًا ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿٩﴾

یہی ہے بڑی مراد ملنی ﴿٩﴾

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ

اور جو لوگ منکر ہوئے اور جھٹلائیں انہوں نے ہماری آیتیں

اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ خٰلِدِيْنَ

وہ لوگ ہیں دوزخ والے رہا کریں

فِيْهَا ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿١٠﴾ ع مَآ اَصَابَ ١٥ ع ١٠

اسی میں اور بری جگہ جا پہنچے ﴿١٠﴾ نہیں پہنچتی

مِنْ مُّصِيْبَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ

کوئی تکلیف بدون حکم اللہ کے اور جو کوئی

يُّؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ يَهْدِ قَلْبَهٗ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ

یقین لائے اللہ پر وہ راہ بتلائے اس کے دل کو اور اللہ کو ہر

شَیْءٍ عَلِیْمٌ ﴿١١﴾ وَاَطِیْعُوا اللّٰهَ وَاَطِیْعُوا

چیز معلوم ہے ﴿١١﴾ اور حکم مانو اللہ کا اور حکم مانو

الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّیْتُمْ فَاِنَّمَا عَلٰی

رسول کا پھر اگر تم منہ موڑو تو ہمارے

رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِیْنُ ﴿١٢﴾ اَللّٰهُ

رسول کا تو یہی کام ہے پہنچا دینا کھول کر ﴿١٢﴾ اللہ

لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ وَعَلَی اللّٰهِ فَلْیَتَوَكَّلِ

اس کے سوا کسی کی بندگی نہیں اور اللہ پر چاہیے بھروسہ کریں

الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿١٣﴾ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا

ایمان والے ﴿١٣﴾ اے ایمان والو

اِنَّ مِنْ اَزْوَاجِكُمْ وَاَوْلَادِكُمْ

تمھاری بعض جوروئیں اور اولاد

عَدُوًّا لَّكُمْ فَاحْذَرُوْهُمْ ۚ وَاِنْ

دشمن ہیں تمھارے سو ان سے بچتے رہو اور اگر

تَعْفُوْا وَتَصْفَحُوْا وَتَغْفِرُوْا فَاِنَّ

معاف کرو اور درگزرو اور بخشو تو

اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٤﴾ اِنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ

اللہ ہے بخشنے والا مہربان ﴿١٤﴾ تمھارے مال

وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ؕ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗٓ

اور تمھاری اولاد یہی ہیں جانچنے کو اور اللہ جو ہے اس کے پاس ہے

اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿١٥﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ مَا

ثواب بڑا ﴿١٥﴾ سو ڈرو اللہ سے جہاں تک

اسْتَطَعْتُمْ وَاسْمَعُوْا وَاَطِيْعُوْا

ہو سکے اور سنو اور مانو

وَاَنْفِقُوْا خَيْرًا لِّاَنْفُسِكُمْ ؕ وَمَنْ

اور خرچ کرو اپنے بھلے کو اور جس کو

يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ

بچا دیا اپنے جی کے لالچ سے سو وہ لوگ وہی

الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۶﴾ اِنْ تُقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا

مراد کو پہنچے ﴿۱۶﴾ اگر قرض دو اللہ کو

حَسَنًا يُّضٰعِفْهُ لَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ؕ

اچھی طرح پر قرض دینا وہ دونا کر دے تم کو اور تم کو بخشے

وَاللّٰهُ شَكُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۱۷﴾ عٰلِمُ الْغَيْبِ

اور اللہ قدردان ہے تحمل والا ﴿۱۷﴾ جاننے والا پوشیدہ

وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱۸﴾ ع ۲ ۸ ۱۲

اور ظاہر کا زبردست حکمت والا ﴿۱۸﴾

(سورۂ طلاق مدینہ منورہ میں نازل ہوئی۔ اس میں (۱۲) آیتیں اور (۲) رکوع ہیں۔ نازل ہونے کے اعتبار سے (۹۹) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۶۵) نمبر پر ہے اور سورۂ انسان کے بعد نازل ہوئی ہے۔)

اس میں (۲۴۹) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۱۰۶۰) حروف ہیں

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ

اے نبی جب تم طلاق دو عورتوں کو

فَطَلِّقُوْهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ وَاَحْصُوا

تو ان کو طلاق دو ان کی عدت پر اور گنتے رہو

الْعِدَّةَ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ رَبَّكُمْ ۚ

عدت کو اور ڈرو اللہ سے جو رب ہے تمھارا

لَا تُخْرِجُوْهُنَّ مِنْۢ بُيُوْتِهِنَّ

مت نکالو ان کو ان کے گھروں سے

وَلَا يَخْرُجْنَ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ

اور وہ بھی نہ نکلیں مگر جو کریں صریح

مُّبَيِّنَةٍ ؕ وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ

بےحیائی اور یہ حدیں ہیں باندھی ہوئی اللہ کی اور جو کوئی

يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ ؕ

بڑھے اللہ کی حدوں سے تو اس نے برا کیا اپنا

لَا تَدْرِيْ لَعَلَّ اللّٰهَ يُحْدِثُ بَعْدَ

اس کو خبر نہیں شاید اللہ پیدا کر دے اس طلاق

ذٰلِكَ اَمْرًا ۝۱ فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ

کے بعد نئی صورت ① پھر جب پہنچیں اپنے وعدہ کو

فَاَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ فَارِقُوْهُنَّ

تو رکھ لو ان کو دستور کے موافق یا چھوڑ دو ان کو

بِمَعْرُوْفٍ وَّاَشْهِدُوْا ذَوَىْ عَدْلٍ

دستور کے موافق اور گواہ کرلو دو معتبر

مِّنْكُمْ وَاَقِيْمُوا الشَّهَادَةَ لِلّٰهِ ؕ

اپنے میں کے اور سیدھی ادا کرو گواہی اللہ کے واسطے

ذٰلِكُمْ يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ

یہ بات جو ہے اس سے سمجھ جائے گا جو کوئی یقین رکھتا ہوگا

بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ

اللہ پر اور پچھلے دن پر اور جو کوئی ڈرتا ہے اللہ سے

يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۙ﴿٢﴾ وَّيَرْزُقْهُ

وہ کر دے اس کا گزراہ ﴿٢﴾ اور روزی دے اس کو

مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ؕ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ

جہاں سے اس کو خیال بھی نہ ہو اور جو کوئی بھروسہ رکھے

عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ

اللہ پر تو وہ اس کو کافی ہے تحقیق اللہ پورا کرلیتا ہے

اَمْرِهٖ ؕ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا ۳

اپنا کام اللہ نے رکھا ہے ہر چیز کا اندازہ ۳

وَ الّٰٓـِٔیْ یَىِٕسْنَ مِنَ الْمَحِیْضِ مِنْ

اور جو عورتیں ناامید ہوگئیں حیض سے

نِّسَآىِٕكُمْ اِنِ ارْتَبْتُمْ فَعِدَّتُهُنَّ

تمھاری عورتوں میں اگر تم کو شبہ رہ گیا تو ان کی عدت ہے

ثَلٰثَةُ اَشْهُرٍ ۙ وَّالّٰٓـِٔیْ لَمْ یَحِضْنَ ؕ

تین مہینے اور ایسے ہی جن کو حیض نہیں آیا

وَاُولَاتُ الْاَحْمَالِ اَجَلُهُنَّ اَنْ

اور جن کے پیٹ میں بچہ ہے ان کی عدت یہ ہے کہ

یَّضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ؕ وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰهَ

جن لیں پیٹ کا بچہ اور جو کوئی ڈرتا ہے اللہ سے

يَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ اَمْرِهٖ يُسْرًا ﴿۴﴾

کر دے وہ اس کے کام میں آسانی ﴿۴﴾

ذٰلِكَ اَمْرُ اللّٰهِ اَنْزَلَهٗۤ اِلَيْكُمْ ؕ

یہ حکم ہے اللہ کا جو اتارا تمھاری طرف

وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يُكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ

اور جو کوئی ڈرتا رہے اللہ سے اتار دے اس پر سے اس کی برائیاں

وَيُعْظِمْ لَهٗۤ اَجْرًا ﴿۵﴾ اَسْكِنُوْهُنَّ

اور بڑھا دے اس کو ثواب ﴿۵﴾ ان کو گھر دو رہنے کے واسطے

مِنْ حَيْثُ سَكَنْتُمْ مِّنْ وُّجْدِكُمْ

جہاں تم آپ رہو اپنے مقدور کے موافق

وَلَا تُضَآرُّوْهُنَّ لِتُضَيِّقُوْا عَلَيْهِنَّ ؕ

اور ایذا دینا نہ چاہو ان کو تاکہ تنگ پکڑو ان کو

وَاِنْ كُنَّ اُولَاتِ حَمْلٍ فَاَنْفِقُوْا عَلَيْهِنَّ

اور اگر رکھتی ہوں پیٹ میں بچہ تو ان پر خرچ کرو

حَتّٰى يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ۚ فَاِنْ اَرْضَعْنَ

جب تک جنیں پیٹ کا بچہ پھر اگر وہ دودھ پلائیں

لَكُمْ فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ ۚ وَاْتَمِرُوْا

تمھاری خاطر تو دو ان کو ان کا بدلہ اور سکھاؤ

بَيْنَكُمْ بِمَعْرُوْفٍ ۚ وَاِنْ تَعَاسَرْتُمْ

آپس میں نیکی اور اگر ضد کرو آپس میں

فَسَتُرْضِعُ لَهٗٓ اُخْرٰى ۝٦ ط لِيُنْفِقْ

تو دودھ پلائے گی اس کی خاطر اور کوئی عورت ⑥ چاہیے خرچ کرے

ذُوْ سَعَةٍ مِّنْ سَعَتِهٖ ط وَمَنْ قُدِرَ

وسعت والا اپنی وسعت کے موافق اور جس کو نپی تلی ملتی ہے

عَلَيْهِ رِزْقُهٗ فَلْيُنْفِقْ مِمَّآ اٰتٰىهُ اللّٰهُ ط

اس کی روزی تو خرچ کرے جیسا کہ دیا ہے اس کو اللہ نے

لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا مَآ اٰتٰىهَا ط

اللہ کسی پر تکلیف نہیں رکھتا مگر اسی قدر جو اس کو دیا

سَيَجْعَلُ اللّٰهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُّسْرًا ۝٧ ع ١ ٧ ١٧

اب کر دے گا اللہ سختی کے پیچھے کچھ آسانی ۝٧

وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ عَتَتْ عَنْ اَمْرِ

اور کتنی بستیاں کہ نکل چکیں حکم سے

رَبِّهَا وَرُسُلِهٖ فَحَاسَبْنٰهَا حِسَابًا

اپنے رب کے اور اس کے رسولوں کے پھر ہم نے حساب میں پکڑا ان کو

شَدِيْدًا وَّعَذَّبْنٰهَا عَذَابًا نُّكْرًا ۝٨

سخت حساب میں اور آفت ڈالی ان پر بن دیکھی آفت ۝٨

فَذَاقَتْ وَبَالَ اَمْرِهَا وَكَانَ عَاقِبَةُ

پھر چکھی انہوں نے سزا اپنے کام کی اور آخرت کو

اَمْرِهَا خُسْرًا ۝٩ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ

ان کے کام میں ٹوٹا گیا ۝٩ تیار رکھا ہے اللہ نے واسطے ان کے

عَذَابًا شَدِيْدًا ۙ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰٓاُولِي

سخت عذاب سو ڈرتے رہو اللہ سے اے

مع الْاَلْبَابِ ۚ ۝٥ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۚ قَدْ

عقل والو جن کو یقین ہے بے شک

اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكُمْ ذِكْرًا ۙ ۝١٠ رَّسُوْلًا

اللہ نے اتاری ہے تم پر نصیحت ۝١٠ رسول ہے

يَّتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ مُبَيِّنٰتٍ

جو پڑھ کر سناتا ہے تم کو اللہ کی آیتیں کھول کر سنانے والی

لِّيُخْرِجَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

تاکہ نکالے ان لوگوں کو جو کہ یقین لائے اور کیے

الصّٰلِحٰتِ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ

بھلے کام اندھیروں سے اجالے میں

وَمَنْ يُّؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا

اور جو کوئی یقین لائے اللہ پر اور کرے کچھ بھلائی

يُّدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

اس کو داخل کرے باغوں میں نیچے بہتی ہیں جن کے

الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ قَدْ

نہریں سدا رہیں ان میں ہمیشہ، البتہ

اَحْسَنَ اللّٰهُ لَهٗ رِزْقًا ﴿١١﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ

خوب دی اللہ نے اس کو روزی ﴿١١﴾ اللہ وہ ہے جس نے

خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ وَّمِنَ الْاَرْضِ

بنائے سات آسمان اور زمین بھی

مِثْلَهُنَّ ؕ يَتَنَزَّلُ الْاَمْرُ بَيْنَهُنَّ

اتنی ہی اترتا ہے اس کا حکم ان کے اندر

لِتَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

تاکہ تم جانو کہ اللہ ہر چیز

قَدِيْرٌ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ

کرسکتا ہے اور اللہ کے علم میں سمائی ہے

شَيْءٍ عِلْمًا ﴿١٢﴾ ع

ہر چیز کی ﴿١٢﴾

ع ٢ ٥ ١٨

(سورۂ تحریم مدینہ منورہ میں نازل ہوئی، اس میں (۱۲) آیتیں اور (۲) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۱۰۷) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (٦٦) نمبر پر ہے اور سورۂ حجرات کے بعد نازل ہوئی ہے۔)

| اس میں (۲۴۷) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۱۰٦۰) حروف ہیں |
|---|---|---|

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ

اے نبی تو کیوں حرام کرتا ہے جو حلال کیا اللہ نے

لَكَ ۚ تَبْتَغِيْ مَرْضَاتَ اَزْوَاجِكَ ؕ

تجھ پر چاہتا ہے تو رضامندی اپنی عورتوں کی

وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۱ قَدْ فَرَضَ

اور اللہ بخشنے والا ہے مہربان ① مقرر کردیا

اللّٰهُ لَكُمْ تَحِلَّةَ اَيْمَانِكُمْ ۚ وَاللّٰهُ

اللہ نے تمھارے لیے کھول ڈالنا تمھاری قسموں کا اور اللہ

مَوْلٰىكُمْ ۚ وَهُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ۝۲

مالک ہے تمھارا اور وہی ہے سب کچھ جانتا حکمت والا ②

وَاِذْ اَسَرَّ النَّبِيُّ اِلٰى بَعْضِ اَزْوَاجِهٖ

اور جب چھپا کر کہی نبی نے اپنی کسی عورت سے

حَدِيْثًا ۚ فَلَمَّا نَبَّاَتْ بِهٖ وَاَظْهَرَهُ

ایک بات پھر جب اس نے خبر کردی اس کی اور اللہ نے جتلا دی

اللّٰهُ عَلَيْهِ عَرَّفَ بَعْضَهٗ وَاَعْرَضَ

نبی کو وہ بات تو جتلائی نبی نے اس میں سے کچھ اور ٹلا دی

عَنْۢ بَعْضٍ ۚ فَلَمَّا نَبَّاَهَا بِهٖ قَالَتْ

کچھ پھر جب وہ جتلائی عورت کو بولی

مَنْ اَنْۢبَاَكَ هٰذَا ؕ قَالَ نَبَّاَنِيَ الْعَلِيْمُ

تجھ کو کس نے بتلا دی یہ، کہا مجھ کو بتایا اس خبر والے

الْخَبِيْرُ ﴿٣﴾ اِنْ تَتُوْبَاۤ اِلَى اللّٰهِ فَقَدْ

واقف نے ﴿٣﴾ اگر تم دونوں توبہ کرتی ہو تو

صَغَتْ قُلُوْبُكُمَا ۚ وَاِنْ تَظٰهَرَا عَلَيْهِ

جھک پڑے ہیں دل تمھارے اور اگر تم دونوں چڑھائی کرو گی اس پر

فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ مَوْلٰىهُ وَجِبْرِيْلُ

تو اللہ ہے اس کا رفیق اور جبرائیل

وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَعْدَ

اور نیک بخت ایمان والے اور فرشتے

ذٰلِكَ ظَهِيْرٌ ۝٤ عَسٰى رَبُّهٗٓ اِنْ طَلَّقَكُنَّ

اس کے پیچھے مددگار ہیں ۝٤ اگر نبی چھوڑ دے تم سب کو

اَنْ يُّبْدِلَهٗٓ اَزْوَاجًا خَيْرًا مِّنْكُنَّ

ابھی اس کا رب بدلے میں دے دے اس کو عورتیں تم سے بہتر

مُسْلِمٰتٍ مُّؤْمِنٰتٍ قٰنِتٰتٍ تٰٓئِبٰتٍ

حکم بردار یقین رکھنے والیاں نماز میں کھڑی ہونے والیاں توبہ کرنے والیاں

عٰبِدٰتٍ سٰٓئِحٰتٍ ثَيِّبٰتٍ وَّاَبْكَارًا ۝٥

بندگی بجا لانے والیاں روزہ رکھنے والیاں بیاہیاں اور کنواریاں ۝٥

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ

اے ایمان والو بچاؤ اپنی جان کو

وَاَهْلِيْكُمْ نَارًا وَّقُوْدُهَا النَّاسُ

اور اپنے گھر والوں کو اس آگ سے جس کی چھپٹیاں ہیں آدمی

وَالْحِجَارَةُ عَلَيْهَا مَلٰٓئِكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ

اور پتھر اس پر مقرر ہیں فرشتے تندخُو زبردست

لَّا يَعْصُوْنَ اللّٰهَ مَآ اَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُوْنَ

نافرمانی نہیں کرتے اللہ کی جو بات فرمائے ان کو اور وہی کام کرتے ہیں

مَا يُؤْمَرُوْنَ ﴿٦﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

جو ان کو حکم ہو ﴿٦﴾ اے منکر ہونے والو

لَا تَعْتَذِرُوا الْيَوْمَ ؕ اِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا

مت بہانے بتلاؤ آج کے دن وہی بدلہ پاؤ گے جو

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٧﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ ع ١٩/٧

تم کرتے تھے ﴿٧﴾ اے ایمان والو

اٰمَنُوْا تُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوْحًا ؕ

توبہ کرو اللہ کی طرف صاف دل کی توبہ

عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يُّكَفِّرَ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ

امید ہے تمھارا رب اتار دے تم پر سے تمھاری برائیاں

وَيُدْخِلَكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

اور داخل کرے تم کو باغوں میں جن کے نیچے بہتی ہیں

الْاَنْهٰرُ يَوْمَ لَا يُخْزِي اللّٰهُ النَّبِيَّ وَالَّذِيْنَ

نہریں جس دن کہ اللہ ذلیل نہ کرے گا نبی کو اور ان لوگوں کو

اٰمَنُوْا مَعَهٗ ۚ نُوْرُهُمْ يَسْعٰى بَيْنَ

جو یقین لائے ہیں اس کے ساتھ ان کی روشنی دوڑتی ہے

اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ

ان کے آگے اور ان کے داہنے کہتے ہیں اے رب ہمارے

اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى

پوری کردے ہم کو ہماری روشنی اور معاف کر ہم کو بے شک تو

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝٨ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ

سب کچھ کرسکتا ہے ۝٨ اے نبی لڑائی کر

الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ ؕ عَلَيْهِمْ

منکروں سے اور دغابازوں سے اور سختی کر ان پر

وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝٩

اور ان کا گھر دوزخ ہے اور بری جگہ جا پہنچے ۝٩

ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوا

اللہ نے بتلائی ایک مثل منکروں کے واسطے

امْرَاَتَ نُوْحٍ وَّامْرَاَتَ لُوْطٍ ؕ كَانَتَا

عورت نوح کی اور عورت لوط کی گھر میں تھیں دونوں

تَحْتَ عَبْدَيْنِ مِنْ عِبَادِنَا صَالِحَيْنِ

دو نیک بندوں کے ہمارے نیک بندوں میں سے

فَخَانَتٰهُمَا فَلَمْ يُغْنِيَا عَنْهُمَا مِنَ

پھر انہوں نے ان سے چوری کی پھر وہ کام نہ آئے ان کے

اللّٰهِ شَيْـًٔا وَّقِيْلَ ادْخُلَا النَّارَ مَعَ

اللہ کے ہاتھ سے کچھ بھی اور حکم ہوا کہ چلی جاؤ دوزخ میں

الدّٰخِلِيْنَ ۝١٠ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ

جانے والوں کے ساتھ ۝١٠ اور اللہ نے بتلائی ایک مثل

وقف لازم

اٰمَنُوا امْرَاَتَ فِرْعَوْنَ ۘ اِذْ قَالَتْ

ایمان والوں کے لیے عورت فرعون کی جب بولی

رَبِّ ابْنِ لِيْ عِنْدَكَ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ

اے رب بنا میرے واسطے اپنے پاس ایک گھر بہشت میں

وَنَجِّنِيْ مِنْ فِرْعَوْنَ وَعَمَلِهٖ وَنَجِّنِيْ

اور بچا نکال مجھ کو فرعون سے اور اس کے کام سے اور بچا نکال مجھ کو

مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۙ﴿١١﴾ وَمَرْيَمَ ابْنَتَ

ظالم لوگوں سے ﴿١١﴾ اور مریم بیٹی

عِمْرٰنَ الَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا

عمران کی جس نے روکے رکھا اپنی شہوت کی جگہ کو پھر ہم نے پھونک دی

فِيْهِ مِنْ رُّوْحِنَا وَصَدَّقَتْ بِكَلِمٰتِ

اس میں ایک اپنی طرف سے جان اور سچا جانا اپنے رب کی

ع ٢ ٥ ٢٠ رَبِّهَا وَكُتُبِهٖ وَكَانَتْ مِنَ الْقٰنِتِيْنَ ﴿١٢﴾ ع

باتوں کو اور اس کی کتابوں کو اور وہ تھی بندگی کرنے والوں میں ﴿١٢﴾

(سورۂ ملک مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اس میں (۳۰) آیتیں اور (۲) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۷۷) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (٦٧) نمبر پر ہے اور سورۂ طور کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (۳۳۰) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۱۳۱۳) حروف ہیں

تَبٰرَكَ الَّذِیْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ ۫ وَهُوَ

بڑی برکت ہے اس کی جس کے ہاتھ میں ہے راج اور وہ

عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرُ ۙ۬ ۱ الَّذِیْ

سب کچھ کرسکتا ہے ① جس نے

خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَيٰوةَ لِيَبْلُوَكُمْ

بنایا مرنا اور جینا تاکہ تم کو جانچے

اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ

کون تم میں اچھا کرتا ہے کام اور وہ زبردست ہے

الْغَفُوْرُ ۲ الَّذِیْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ

بخشنے والا ② جس نے بنائے سات آسمان

طِبَاقًا ؕ مَا تَرٰى فِیْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ

تہ پر تہ کیا دیکھتا ہے تو رحمان کے بنانے میں

مِنْ تَفٰوُتٍ ؕ فَارْجِعِ الْبَصَرَ ۙ هَلْ

کچھ فرق پھر دوبارہ نگاہ کر، کہیں

تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ ۝٣ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ

نظر آتی ہے تجھ کو دڑاڑ ۝٣ پھر لوٹا کر نگاہ کر

كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا

دو دو بار لوٹ آئے گی تیرے پاس تیری نگاہ رد ہو کر

وَّهُوَ حَسِيْرٌ ۝٤ وَلَقَدْ زَيَّنَّا السَّمَآءَ

تھک کر ۝٤ اور ہم نے رونق دی سب سے ورلے

الدُّنْيَا بِمَصَابِيْحَ وَجَعَلْنٰهَا رُجُوْمًا

آسمان کو چراغوں سے اور ان سے کر رکھی ہے ہم نے پھینک مار

لِّلشَّيٰطِيْنِ وَاَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابَ

شیطانوں کے واسطے اور رکھا ہے ان کے واسطے عذاب

السَّعِيْرِ ۝٥ وَلِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ

دہکتی آگ کا ۝٥ اور جو لوگ منکر ہوئے اپنے رب سے ان کے واسطے ہے

عَذَابُ جَهَنَّمَ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ٦

عذاب دوزخ کا اور بری جگہ جا پہنچے ⑥

اِذَآ اُلْقُوْا فِيْهَا سَمِعُوْا لَهَا شَهِيْقًا

جب اس میں ڈالے جائیں گے سنیں گے اس کا دھاڑنا

وَّهِيَ تَفُوْرُ ۙ ٧ تَكَادُ تَمَيَّزُ مِنَ

اور وہ اچھل رہی ہوگی ⑦ ایسا لگتا ہے کہ پھٹ پڑے گی

الْغَيْظِ ؕ كُلَّمَآ اُلْقِيَ فِيْهَا فَوْجٌ سَاَلَهُمْ

جوش سے جس وقت پڑے اس میں ایک گروہ پوچھیں ان سے

خَزَنَتُهَآ اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَذِيْرٌ ٨ قَالُوْا

دوزخ کے داروغہ کیا نہ پہنچا تھا تمھارے پاس کوئی ڈر سنانے والا ⑧ وہ بولیں

بَلٰى قَدْ جَآءَنَا نَذِيْرٌ ۙ فَكَذَّبْنَا

کیوں نہیں، ہمارے پاس پہنچا تھا ڈر سنانے والا پھر ہم نے جھٹلایا

وَقُلْنَا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ مِنْ شَيْءٍ ۖ

اور کہا نہیں اتاری اللہ نے کوئی چیز

اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِیْ ضَلٰلٍ كَبِیْرٍ ۝٩ وَقَالُوْا

تم تو پڑے ہوئے ہو بڑے بہکاوے میں ۝٩ اور کہیں گے

لَوْ كُنَّا نَسْمَعُ اَوْ نَعْقِلُ مَا كُنَّا

اگر ہم ہوتے سنتے یا سمجھتے تو نہ ہوتے

فِیْۤ اَصْحٰبِ السَّعِیْرِ ۝١٠ فَاعْتَرَفُوْا

دوزخ والوں میں ۝١٠ سو قائل ہوگئے

بِذَنْۢبِهِمْ ۚ فَسُحْقًا لِّاَصْحٰبِ السَّعِیْرِ ۝١١

اپنے گناہ کے اب دفع ہوجائیں دوزخ والے ۝١١

اِنَّ الَّذِیْنَ یَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَیْبِ

جو لوگ ڈرتے ہیں اپنے رب سے بن دیکھے

لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِیْرٌ ۝١٢ وَاَسِرُّوْا

ان کے لیے معافی ہے اور ثواب بڑا ۝١٢ اور تم چھپا کر کہو

قَوْلَكُمْ اَوِ اجْهَرُوْا بِهٖ ؕ اِنَّهٗ عَلِیْمٌۢ

اپنی بات یا کھول کر وہ خوب جانتا ہے

بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۱۳﴾ اَلَا يَعْلَمُ مَنْ

جیوں کے بھید ﴿۱۳﴾ بھلا وہ نہ جانے جس نے

خَلَقَ ؕ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ﴿۱۴﴾ ع ۱ ۱۴

بنایا اور وہی ہے بھید جاننے والا خبردار ﴿۱۴﴾

هُوَ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ ذَلُوْلًا

وہی ہے جس نے کیا تمھارے آگے زمین کو پست

فَامْشُوْا فِیْ مَنَاكِبِهَا وَكُلُوْا مِنْ

اب چلو پھرو اس کے کندھوں پر اور کھاؤ

رِّزْقِهٖ ؕ وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ ﴿۱۵﴾ ءَاَمِنْتُمْ

کچھ اس کی دی ہوئی روزی اور اسی کی طرف جی اٹھنا ہے ﴿۱۵﴾ کیا تم نڈر ہو گئے

مَّنْ فِی السَّمَآءِ اَنْ يَّخْسِفَ بِكُمُ

اس سے جو آسمان میں ہے اس سے کہ دھنسا دے تم کو

الْاَرْضَ فَاِذَا هِیَ تَمُوْرُ ﴿۱۶﴾ لا اَمْ اَمِنْتُمْ

زمین میں پھر تبھی وہ لرزنے لگے ﴿۱۶﴾ یا نڈر ہو گئے ہو

مَّنْ فِی السَّمَآءِ اَنْ یُّرْسِلَ عَلَیْكُمْ

اس سے جو آسمان میں ہے اس بات سے کہ برسا دے تم پر

حَاصِبًا ؕ فَسَتَعْلَمُوْنَ كَیْفَ نَذِیْرِ ﴿۱۷﴾

مینہ پتھروں کا سو جان لو گے کیسا ہے میرا ڈرانا ﴿۱۷﴾

وَلَقَدْ كَذَّبَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ

اور جھٹلا چکے ہیں جو ان سے پہلے تھے

فَكَیْفَ كَانَ نَكِیْرِ ﴿۱۸﴾ اَوَلَمْ یَرَوْا

پھر کیسا ہوا میرا انکار ﴿۱۸﴾ اور کیا نہیں دیکھتے ہو

اِلَى الطَّیْرِ فَوْقَهُمْ صٰٓفّٰتٍ وَّیَقْبِضْنَ ۛؕ

اڑتے جانوروں کو اپنے اوپر پر کھولے ہوئے اور پر جھپکتے ہوئے

مَا یُمْسِكُهُنَّ اِلَّا الرَّحْمٰنُ ؕ اِنَّهٗ بِكُلِّ

ان کو کوئی نہیں تھام رہا رحمان کے سوا اس کی نگاہ میں

شَیْءٍۭ بَصِیْرٌ ﴿۱۹﴾ اَمَّنْ هٰذَا الَّذِیْ

ہے ہر چیز ﴿۱۹﴾ بھلا وہ کون ہے جو

وقف غفران وقف منزل
وقف لازم

هُوَ جُنْدٌ لَّكُمْ يَنْصُرُكُمْ مِّنْ دُوْنِ

فوج ہے تمھاری مدد کرے تمھاری

الرَّحْمٰنِ ؕ اِنِ الْكٰفِرُوْنَ اِلَّا فِيْ

رحمان کے سوا منکر پڑے ہیں

غُرُوْرٍ ۚ ۲۰ اَمَّنْ هٰذَا الَّذِيْ يَرْزُقُكُمْ

برے بہکائے ہیں ۲۰ بھلا وہ کون ہے جو روزی دے تم کو

اِنْ اَمْسَكَ رِزْقَهٗ ۚ بَلْ لَّجُّوْا

اگر وہ رکھ چھوڑے اپنی روزی، کوئی نہیں پر اڑ رہے ہیں

فِيْ عُتُوٍّ وَّنُفُوْرٍ ۲۱ اَفَمَنْ يَّمْشِيْ

شرارت اور بدکنے پر ۲۱ بھلا ایک جو چلے

مُكِبًّا عَلٰى وَجْهِهٖۤ اَهْدٰۤى اَمَّنْ يَّمْشِيْ

اوندھا اپنے منہ کے بل وہ سیدھی راہ پائے یا وہ شخص جو چلے

سَوِيًّا عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۲۲ قُلْ

سیدھا ایک سیدھی راہ پر ۲۲ تو کہہ

هُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَكُمْ وَجَعَلَ لَكُمُ

وہی ہے جس نے تم کو بنا کھڑا کیا اور بنا دیے تمھارے واسطے

السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِيْلًا

کان اور آنکھیں اور دل تم بہت تھوڑا

مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿٢٣﴾ قُلْ هُوَ الَّذِيْ

حق مانتے ہو ﴿٢٣﴾ تو کہہ وہی ہے جس نے

ذَرَاَكُمْ فِي الْاَرْضِ وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿٢٤﴾

کھنڈا دیا تم کو زمین میں اور اسی کی طرف اکٹھے کیے جاؤ گے ﴿٢٤﴾

وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ

اور کہتے ہیں کب ہوگا یہ وعدہ اگر تم

صٰدِقِيْنَ ﴿٢٥﴾ قُلْ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ۖ

سچے ہو ﴿٢٥﴾ تو کہہ خبر تو ہے اللہ ہی کے پاس

وَاِنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿٢٦﴾ فَلَمَّا

اور میرا کام تو یہی ڈر سنا دینا ہے کھول کر ﴿٢٦﴾ پھر جب

رَاَوْهُ زُلْفَةً سِیْٓـَٔتْ وُجُوْهُ الَّذِیْنَ

دیکھیں گے کہ وہ پاس آلگا تو بگڑ جائیں گے منہ

كَفَرُوْا وَقِیْلَ هٰذَا الَّذِیْ كُنْتُمْ

منکروں کے اور کہے گا یہی ہے جس کو تم

بِهٖ تَدَّعُوْنَ ﴿۲۷﴾ قُلْ اَرَءَیْتُمْ اِنْ

مانگتے تھے ﴿۲۷﴾ تو کہہ بھلا دیکھو تو اگر

اَهْلَكَنِیَ اللّٰهُ وَمَنْ مَّعِیَ اَوْ رَحِمَنَا ۙ

ہلاک کردے مجھ کو اللہ اور میرے ساتھ والوں کو یا ہم پر رحم کرے

فَمَنْ یُّجِیْرُ الْكٰفِرِیْنَ مِنْ عَذَابٍ

پھر وہ کون ہے جو بچائے منکروں کو عذاب

اَلِیْمٍ ﴿۲۸﴾ قُلْ هُوَ الرَّحْمٰنُ اٰمَنَّا بِهٖ

دردناک سے ﴿۲۸﴾ تو کہہ وہی رحمان ہے ہم نے اس کو مانا

وَعَلَیْهِ تَوَكَّلْنَا ۚ فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ

اور اسی پر بھروسہ کیا سو اب تم جان لو گے کون

هُوَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿٢٩﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ

پڑا ہے صریح بہکائے میں ﴿٢٩﴾ تو کہہ بھلا دیکھو تو

اِنْ اَصْبَحَ مَآؤُكُمْ غَوْرًا فَمَنْ

اگر ہوجائے صبح کو پانی تمھارا خشک پھر کون ہے جو

يَّاْتِيْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِيْنٍ ﴿٣٠﴾ ع ٢ ١٦ ٢

لائے تمھارے پاس پانی نتھرا ﴿٣٠﴾

(سورہ قلم مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی مگر آیت نمبر (١٧) سے (٣٣) تک اور آیت نمبر (٣٨) سے (٥٠) تک مدینہ منورہ میں نازل ہوئیں، اس میں (٥٢) آیتیں اور (٢) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (٢) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (٦٨) نمبر پر ہے اور سورۂ علق کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (٣٠٠) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (١٢٥٦) حروف ہیں

نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ ﴿١﴾ لا مَآ اَنْتَ

قسم ہے قلم کی اور جو کچھ لکھتے ہیں ﴿١﴾ تو نہیں

بِنِعْمَةِ رَبِّكَ بِمَجْنُوْنٍ ﴿٢﴾ ج وَاِنَّ

اپنے رب کے فضل سے دیوانہ ﴿٢﴾ اور

لَكَ لَاَجْرًا غَيْرَ مَمْنُوْنٍ ﴿٣﴾ ج وَاِنَّكَ

تیرے واسطے بدلہ ہے بے انتہا ﴿٣﴾ اور تو

لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ ﴿۴﴾ فَسَتُبْصِرُ

پیدا ہوا ہے بڑے خلق پر ﴿۴﴾ سو اب تو بھی دیکھ لے گا

وَيُبْصِرُوْنَ ﴿۵﴾ بِاَيِّيْكُمُ الْمَفْتُوْنُ ﴿۶﴾

اور وہ بھی دیکھ لے گا ﴿۵﴾ کہ کون ہے تم میں جو بچل رہا ہے ﴿۶﴾

اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ

بے شک تیرا رب وہی خوب جانے اس کو جو بہکا

سَبِيْلِهٖ ۖ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿۷﴾

اس کی راہ سے اور وہی خوب جانتا ہے راہ پانے والوں کو ﴿۷﴾

فَلَا تُطِعِ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۸﴾ وَدُّوْا لَوْ تُدْهِنُ

سو تو کہنا مت مان جھٹلانے والوں کا ﴿۸﴾ وہ چاہتے ہیں کسی طرح تو ڈھیلا ہو

فَيُدْهِنُوْنَ ﴿۹﴾ وَلَا تُطِعْ كُلَّ حَلَّافٍ

تو وہ بھی ڈھیلے ہوں ﴿۹﴾ اور تو کہا مت مان کسی قسمیں کھانے والے

مَّهِيْنٍ ﴿۱۰﴾ هَمَّازٍ مَّشَّآءٍۭ بِنَمِيْمٍ ﴿۱۱﴾

بے قدر کا ﴿۱۰﴾ طعنے دے چغلی کھاتا پھرے ﴿۱۱﴾

مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ اَثِيْمٍ ﴿١٢﴾ لا عُتُلٍّ

بھلے کام سے روکے حد سے بڑھے بڑا گنہگار ﴿١٢﴾ اُجڈ

بَعْدَ ذٰلِكَ زَنِيْمٍ ﴿١٣﴾ لا اَنْ كَانَ ذَا مَالٍ

ان سب کے پیچھے بدنام ﴿١٣﴾ اس واسطے کہ رکھتا ہے مال

وَّبَنِيْنَ ﴿١٤﴾ ط اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا قَالَ

اور بیٹے ﴿١٤﴾ جب سنائے اس کو ہماری باتیں کہے

اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿١٥﴾ سَنَسِمُهٗ عَلَى

یہ نقلیں ہیں پہلوں کی ﴿١٥﴾ اب داغ دیں گے ہم اس کو

الْخُرْطُوْمِ ﴿١٦﴾ اِنَّا بَلَوْنٰهُمْ كَمَا بَلَوْنَآ

سونڈ پر ﴿١٦﴾ ہم نے ان کو جانچا ہے جیسے جانچا تھا

اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ ۚ اِذْ اَقْسَمُوْا لَيَصْرِمُنَّهَا

باغ والوں کو جب ان سب نے قسم کھائی کہ اس کا میوہ توڑیں گے

مُصْبِحِيْنَ ﴿١٧﴾ لا وَلَا يَسْتَثْنُوْنَ ﴿١٨﴾ فَطَافَ

صبح ہوتے ﴿١٧﴾ اور انشاء اللہ نہ کہا ﴿١٨﴾ پھر پھیرا کر گیا

عَلَيْهَا طَآئِفٌ مِّنْ رَّبِّكَ وَهُمْ

اس پر کوئی پھر جانے والا تیرے رب کی طرف سے اور وہ

نَآئِمُوْنَ ﴿١٩﴾ فَاَصْبَحَتْ كَالصَّرِيْمِ ﴿٢٠﴾ لا

سوتے ہی رہے ﴿١٩﴾ پھر صبح تک ہو رہا جیسے ٹوٹ چکا ﴿٢٠﴾

فَتَنَادَوْا مُصْبِحِيْنَ ﴿٢١﴾ لا اَنِ اغْدُوْا عَلٰى

پھر آپس میں بولے صبح ہوتے ﴿٢١﴾ کہ سویرے چلو

حَرْثِكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰرِمِيْنَ ﴿٢٢﴾ فَانْطَلَقُوْا

اپنے کھیت پر اگر تم کو توڑنا ہے ﴿٢٢﴾ پھر چلے

وَهُمْ يَتَخَافَتُوْنَ ﴿٢٣﴾ لا اَنْ لَّا يَدْخُلَنَّهَا

اور آپس میں کہتے تھے چپکے چپکے ﴿٢٣﴾ کہ اندر نہ آنے پائے اس میں

الْيَوْمَ عَلَيْكُمْ مِّسْكِيْنٌ ﴿٢٤﴾ لا وَّغَدَوْا عَلٰى

آج تمھارے پاس کوئی محتاج ﴿٢٤﴾ اور سویرے چلے

حَرْدٍ قٰدِرِيْنَ ﴿٢٥﴾ فَلَمَّا رَاَوْهَا قَالُوْٓا اِنَّا

لپکتے ہوئے زور کے ساتھ ﴿٢٥﴾ پھر جب اس کو دیکھا بولے ہم تو

لَضَآلُّوْنَ ﴿٢٦﴾ بَلْ نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ﴿٢٧﴾ قَالَ

راہ بھول آئے ﴿٢٦﴾ نہیں ہماری تو قسمت پھوٹ گئی ﴿٢٧﴾ بولا

اَوْسَطُهُمْ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ لَوْلَا تُسَبِّحُوْنَ ﴿٢٨﴾

بچلا ان کا میں نے تم کو نہ کہا تھا کہ کیوں نہیں پاکی بولتے اللہ کی ﴿٢٨﴾

قَالُوْا سُبْحٰنَ رَبِّنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿٢٩﴾

بولے پاک ذات ہے ہمارے رب کی ہم ہی تقصیر وار تھے ﴿٢٩﴾

فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَلَاوَمُوْنَ ﴿٣٠﴾

پھر منہ کر کر ایک دوسرے کی طرف لگے الاہنا (الزام) دینے ﴿٣٠﴾

قَالُوْا يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا طٰغِيْنَ ﴿٣١﴾ عَسٰى

بولے ہائے خرابی ہماری ہم ہی تھے حد سے بڑھنے والے ﴿٣١﴾ شاید

رَبُّنَآ اَنْ يُّبْدِلَنَا خَيْرًا مِّنْهَآ اِنَّآ اِلٰى

ہمارا رب بدل دے ہم کو اس سے بہتر ہم

رَبِّنَا رٰغِبُوْنَ ﴿٣٢﴾ كَذٰلِكَ الْعَذَابُ ؕ

اپنے رب سے آرزو رکھتے ہیں ﴿٣٢﴾ یوں آتی ہے آفت

وقف لازم

وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا

اور آخرت کی آفت تو سب سے بڑی ہے اگر ان کو

ع ٣٣ ٣

يَعْلَمُوْنَ ﴿٣٣﴾ اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ

سمجھ ہوتی ﴿٣٣﴾ البتہ ڈرنے والوں کو ان کے رب کے پاس

جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿٣٤﴾ اَفَنَجْعَلُ الْمُسْلِمِيْنَ

باغ ہیں نعمت کے ﴿٣٤﴾ کیا ہم کردیں گے حکم برداروں کو

كَالْمُجْرِمِيْنَ ﴿٣٥﴾ ط مَا لَكُمْ ق كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ﴿٣٦﴾ ج

برابر گناہ گاروں کے ﴿٣٥﴾ کیا ہوگیا تم کو کیسے ٹھہراتے ہو بات ﴿٣٦﴾

اَمْ لَكُمْ كِتٰبٌ فِيْهِ تَدْرُسُوْنَ ﴿٣٧﴾ لا اِنَّ

کیا تمھارے پاس کوئی کتاب ہے جس میں پڑھ لیتے ہو ﴿٣٧﴾

لَكُمْ فِيْهِ لَمَا تَخَيَّرُوْنَ ﴿٣٨﴾ ج اَمْ لَكُمْ

اس میں ملتا ہے تم کو جو تم پسند کرلو ﴿٣٨﴾ کیا تم نے

اَيْمَانٌ عَلَيْنَا بَالِغَةٌ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۙ لا

ہم سے قسمیں لے لی ہیں ٹھیک پہنچنے والی قیامت کے دن تک

اِنَّ لَكُمْ لَمَا تَحْكُمُوْنَ ۙ﴿٣٩﴾ سَلْهُمْ اَيُّهُمْ

کہ تم کو ملے گا جو کچھ تم ٹھہراؤ گے ﴿٣٩﴾ پوچھ ان سے کون سا ان میں

مع ١٥ بِذٰلِكَ زَعِيْمٌ ۚ﴿٤٠﴾ اَمْ لَهُمْ شُرَكَآءُ ۚ

اس کا ذمہ لیتا ہے ﴿٤٠﴾ کیا ان کے واسطے کوئی شریک ہیں

فَلْيَاْتُوْا بِشُرَكَآئِهِمْ اِنْ كَانُوْا صٰدِقِيْنَ ﴿٤١﴾

پھر تو چاہیے لے آئیں اپنے اپنے شریکوں کو اگر وہ سچے ہیں ﴿٤١﴾

يَوْمَ يُكْشَفُ عَنْ سَاقٍ وَّيُدْعَوْنَ اِلَى

جس دن کہ کھولی جائے پنڈلی اور وہ بلائے جائیں

السُّجُوْدِ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ۙ﴿٤٢﴾ خَاشِعَةً

سجدہ کرنے کو پھر نہ کر سکیں ﴿٤٢﴾ جھکی پڑتی ہوں گی

اَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ؕ وَقَدْ كَانُوْا

ان کی آنکھیں چڑھی آتی ہوگی ان پر ذلت اور پہلے

يُدْعَوْنَ اِلَى السُّجُوْدِ وَهُمْ سٰلِمُوْنَ ﴿٤٣﴾

ان کو بلاتے رہے سجدہ کرنے کو اور وہ تھے اچھے خاصے ﴿٤٣﴾

فَذَرْنِيْ وَمَنْ يُّكَذِّبُ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ ؕ

اب چھوڑ دے مجھ کو اور ان کو جو کہ جھٹلائیں اس بات کو

سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٤٤﴾

اب ہم سیڑھی سیڑھی اتاریں گے ان کو جہاں سے ان کو پتہ بھی نہیں ﴿٤٤﴾

وَاُمْلِيْ لَهُمْ ؕ اِنَّ كَيْدِيْ مَتِيْنٌ ﴿٤٥﴾

اور ان کو ڈھیل دیے جاتا ہوں بے شک میرا داؤ پکا ہے ﴿٤٥﴾

اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ اَجْرًا فَهُمْ مِّنْ مَّغْرَمٍ

کیا تو مانگتا ہے ان سے کچھ حق سو ان پر تاوان کا

مُّثْقَلُوْنَ ﴿٤٦﴾ اَمْ عِنْدَهُمُ الْغَيْبُ فَهُمْ

بوجھ پڑ رہا ہے ﴿٤٦﴾ کیا ان کے پاس خبر ہے غیب کی سو وہ

يَكْتُبُوْنَ ﴿٤٧﴾ فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تَكُنْ

لکھ لاتے ہیں ﴿٤٧﴾ اب تو استقلال سے راہ دیکھتا رہ اپنے رب کے حکم کی اور مت ہو

كَصَاحِبِ الْحُوْتِ ۘ اِذْ نَادٰى وَهُوَ

جیسا وہ مچھلی والا جب پکارا اس نے اور وہ

وقف لازم

مَكْظُوْمٌ ﴿٤٨﴾ لَوْلَآ اَنْ تَدٰرَكَهٗ نِعْمَةٌ مِّنْ

غصہ میں بھرا تھا ﴿٤٨﴾ اگر نہ سنبھالتا اس کو احسان

رَّبِّهٖ لَنُبِذَ بِالْعَرَآءِ وَهُوَ مَذْمُوْمٌ ﴿٤٩﴾

تیرے رب کا تو پھینکا گیا ہی تھا چٹیل میدان میں الزام کھا کر ﴿٤٩﴾

فَاجْتَبٰىهُ رَبُّهٗ فَجَعَلَهٗ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿٥٠﴾

پھر نوازا اس کے رب نے پھر کر دیا اس کو نیکوں میں ﴿٥٠﴾

وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ

اور منکر تو لگے ہی ہیں کہ پھسلا دیں تجھ کو

بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ

اپنی نگاہوں سے جب سنتے ہیں قرآن اور کہتے ہیں

اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ﴿٥١﴾ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ

وہ تو باؤلا ہے ﴿٥١﴾ اور یہ قرآن تو یہی نصیحت ہے

لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿٥٢﴾ ع

سارے جہان والوں کو ﴿٥٢﴾

وقف لازم

ع ٢ ١٩ ٤

(سورہ حاقہ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔ اس میں (۵۲) آیتیں اور (۲) رکوع ہیں۔ نازل ہونے کے اعتبار سے (۷۸) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۶۹) نمبر پر ہے اور سورہ ملک کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (۲۵۶) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۱۴۳۳) حروف ہیں

اَلْحَآقَّةُ ۙ﴿۱﴾ مَا الْحَآقَّةُ ۚ﴿۲﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ

وہ ثابت ہو چکنے والی ① کیا ہے وہ ثابت ہو چکنی والی ② اور تو نے کیا سوچا

مَا الْحَآقَّةُ ؕ﴿۳﴾ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ وَعَادٌۢ

کیا ہے وہ ثابت ہو چکنے والی ③ جھٹلایا ثمود اور عاد نے

بِالْقَارِعَةِ ﴿۴﴾ فَاَمَّا ثَمُوْدُ فَاُهْلِكُوْا

اس کوٹ ڈالنے والی کو ④ سو وہ جو ثمود تھے سو غارت کر دیے گئے

بِالطَّاغِيَةِ ﴿۵﴾ وَاَمَّا عَادٌ فَاُهْلِكُوْا بِرِيْحٍ

اچھال کر ⑤ اور وہ جو عاد تھی سو برباد ہوئے ٹھنڈی

صَرْصَرٍ عَاتِيَةٍ ۙ﴿۶﴾ سَخَّرَهَا عَلَيْهِمْ سَبْعَ

سناٹے کی ہوا سے نکلی جائے ہاتھوں سے ⑥ مقرر کر دیا اس کو ان پر سات

لَيَالٍ وَّثَمٰنِيَةَ اَيَّامٍ ۙ حُسُوْمًا فَتَرَى

رات اور آٹھ دن تک لگاتار پھر تو دیکھے

الْقَوْمَ فِيْهَا صَرْعٰى ۙ كَاَنَّهُمْ اَعْجَازُ

کہ وہ لوگ اس میں بچھڑ گئے گویا وہ ڈھنڈ ہیں

نَخْلٍ خَاوِيَةٍ ۚ ۷ فَهَلْ تَرٰى لَهُمْ

کھجور کے کھوکھلے ۷ پھر تو دیکھتا ہے کوئی ان میں کا

مِّنْۢ بَاقِيَةٍ ۸ وَجَآءَ فِرْعَوْنُ وَمَنْ

بچا ۸ اور آیا فرعون اور جو

قَبْلَهٗ وَالْمُؤْتَفِكٰتُ بِالْخَاطِئَةِ ۚ ۹ فَعَصَوْا

اس سے پہلے تھے اور الٹ جانے والی بستیاں خطائیں کرتے ہوئے ۹ پھر حکم نہ مانا

رَسُوْلَ رَبِّهِمْ فَاَخَذَهُمْ اَخْذَةً رَّابِيَةً ۱۰

اپنے رب کے رسول کا پھر پکڑا ان کو پکڑنا سخت ۱۰

اِنَّا لَمَّا طَغَا الْمَآءُ حَمَلْنٰكُمْ فِي الْجَارِيَةِ ۙ ۱۱

ہم نے جس وقت پانی ابلا لاد لیا تم کو چلتی کشتی میں ۱۱

لِنَجْعَلَهَا لَكُمْ تَذْكِرَةً وَّتَعِيَهَآ اُذُنٌ

تاکہ رکھیں اس کو تمھاری یادگاری کے واسطے اور سینت کر رکھے اس کو کان

وَّاعِيَةٌ ﴿١٢﴾ فَاِذَا نُفِخَ فِي الصُّوْرِ نَفْخَةٌ

سینت کر رکھنے والا ﴿١٢﴾ پھر جب پھونکا جائے صور میں ایک بار

وَّاحِدَةٌ ﴿١٣﴾ لا وَّحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ

پھونکنا ﴿١٣﴾ اور اٹھائی جائے زمین اور پہاڑ

فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً ﴿١٤﴾ لا فَيَوْمَئِذٍ

پھر کوٹ دیئے جائیں ایک بار ﴿١٤﴾ پھر اس دن

وَّقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ﴿١٥﴾ لا وَانْشَقَّتِ السَّمَآءُ

ہو پڑے وہ ہو پڑنے والی ﴿١٥﴾ اور پھٹ جائے آسمان

فَهِيَ يَوْمَئِذٍ وَّاهِيَةٌ ﴿١٦﴾ لا وَّالْمَلَكُ

پھر وہ اس دن بکھر رہا ہے ﴿١٦﴾ اور فرشتے ہوں گے

عَلٰٓى اَرْجَآئِهَا ط وَيَحْمِلُ عَرْشَ رَبِّكَ

اس کے کناروں پر اور اٹھائیں گے تخت تیرے رب کا

فَوْقَهُمْ يَوْمَئِذٍ ثَمٰنِيَةٌ ﴿١٧﴾ ط يَوْمَئِذٍ

اپنے اوپر اس دن آٹھ شخص ﴿١٧﴾ اس دن

تُعْرَضُوْنَ لَا تَخْفٰى مِنْكُمْ خَافِيَةٌ ﴿١٨﴾

سامنے کیے جاؤ گے چھپی نہ رہے گی تمھاری کوئی چھپی بات ﴿١٨﴾

فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ

سو جس کو ملا اس کا لکھا داہنے ہاتھ میں

فَيَقُوْلُ هَآؤُمُ اقْرَءُوْا كِتٰبِيَهْ ﴿١٩﴾ ج

وہ کہتا ہے لیجیو پڑھیو میرا لکھا ﴿١٩﴾

اِنِّيْ ظَنَنْتُ اَنِّيْ مُلٰقٍ حِسَابِيَهْ ﴿٢٠﴾ ج

میں نے خیال رکھا اس بات کا کہ مجھ کو ملے گا میرا حساب ﴿٢٠﴾

فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ﴿٢١﴾ لا فِيْ جَنَّةٍ

سو وہ ہیں من مانتے گزران میں ﴿٢١﴾ اونچے

عَالِيَةٍ ﴿٢٢﴾ لا قُطُوْفُهَا دَانِيَةٌ ﴿٢٣﴾ كُلُوْا

باغ میں ﴿٢٢﴾ جس کے میوے جھکے پڑے ہیں ﴿٢٣﴾ کھاؤ

وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـًٔا بِمَآ اَسْلَفْتُمْ فِي

اور پیو رچ کر بدلہ اس کا جو آگے بھیج چکے ہو تم

الْاَیَّامِ الْخَالِیَةِ ﴿۲۴﴾ وَاَمَّا مَنْ اُوْتِیَ

پہلے دنوں میں ﴿۲۴﴾ اور جس کو ملا

كِتٰبَهٗ بِشِمَالِهٖ ۙ فَیَقُوْلُ یٰلَیْتَنِیْ

اس کا لکھا بائیں ہاتھ میں وہ کہتا ہے کیا اچھا ہوتا

لَمْ اُوْتَ كِتٰبِیَهْ ﴿۲۵﴾ۚ وَلَمْ اَدْرِ مَا

جو مجھ کو نہ ملتا میرا لکھا ﴿۲۵﴾ اور مجھ کو خبر نہ ہوتی

حِسَابِیَهْ ﴿۲۶﴾ۚ یٰلَیْتَهَا كَانَتِ الْقَاضِیَةَ ﴿۲۷﴾ۚ

کہ کیا ہے حساب میرا ﴿۲۶﴾ کسی طرح وہی موت ختم کر جاتی ﴿۲۷﴾

مَاۤ اَغْنٰی عَنِّیْ مَالِیَهْ ﴿۲۸﴾ۚ هَلَكَ عَنِّیْ

کچھ کام نہ آیا مجھ کو میرا مال ﴿۲۸﴾ برباد ہوئی مجھ سے

سُلْطٰنِیَهْ ﴿۲۹﴾ۚ خُذُوْهُ فَغُلُّوْهُ ﴿۳۰﴾ۙ ثُمَّ

حکومت میری ﴿۲۹﴾ اس کو پکڑو پھر طوق ڈالو ﴿۳۰﴾ پھر

الْجَحِیْمَ صَلُّوْهُ ﴿۳۱﴾ۙ ثُمَّ فِیْ سِلْسِلَةٍ

آگ کے ڈھیر میں اس کو ڈالو ﴿۳۱﴾ پھر ایک زنجیر میں

ذَرْعُهَا سَبْعُوْنَ ذِرَاعًا فَاسْلُكُوْهُ ۝٣٢ ط

جس کا طول ستر گز ہے اس کو جکڑ دو ۝٣٢

اِنَّهٗ كَانَ لَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ ۝٣٣ لا

وہ تھا کہ یقین نہ لاتا تھا اللہ پر جو سب سے بڑا ۝٣٣

وَلَا يَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ۝٣٤ ط

اور تاکید نہ کرتا تھا فقیر کے کھانے پر ۝٣٤

فَلَيْسَ لَهُ الْيَوْمَ هٰهُنَا حَمِيْمٌ ۝٣٥ لا

سو کوئی نہیں آج اس کا یہاں دوست دار ۝٣٥

وَّلَا طَعَامٌ اِلَّا مِنْ غِسْلِيْنٍ ۝٣٦ لا

اور نہ کچھ ملے کھانا مگر زخموں کا دھوون ۝٣٦

لَّا يَاْكُلُهٗٓ اِلَّا الْخَاطِـُٔوْنَ ۝٣٧ ع فَلَآ اُقْسِمُ

کوئی نہ کھائے اس کو مگر وہی گناہ گار ۝٣٧ سو قسم کھاتا ہوں

بِمَا تُبْصِرُوْنَ ۝٣٨ لا وَمَا لَا تُبْصِرُوْنَ ۝٣٩ لا

ان چیزوں کی جو دیکھتے ہو ۝٣٨ اور جو چیزیں کہ تم نہیں دیکھتے ۝٣٩

عزت کے ورقوں میں ﴿۱۳﴾ اونچے رکھے ہوئے ﴿۱۴﴾

بِاَيْدِيْ سَفَرَةٍ ﴿۱۵﴾ كِرَامٍ بَرَرَةٍ ﴿۱۶﴾

نہایت ستھرے ہاتھوں میں لکھنے والوں کے ﴿۱۵﴾ جو بڑے درجہ والے نیک کار ہیں ﴿۱۶﴾

قُتِلَ الْاِنْسَانُ مَآ اَكْفَرَهٗ ﴿۱۷﴾ مِنْ

مارا جائیو آدمی کیسا ناشکرا ہے ﴿۱۷﴾ کس

اَيِّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ ﴿۱۸﴾ مِنْ نُّطْفَةٍ

چیز سے بنایا اس کو ﴿۱۸﴾ ایک بوند سے

خَلَقَهٗ فَقَدَّرَهٗ ﴿۱۹﴾ ثُمَّ السَّبِيْلَ

بنایا اس کو پھر اندازہ پر رکھا اس کو ﴿۱۹﴾ پھر راہ

يَسَّرَهٗ ﴿۲۰﴾ ثُمَّ اَمَاتَهٗ فَاَقْبَرَهٗ ﴿۲۱﴾

آسان کر دی اس کی ﴿۲۰﴾ پھر اس کو مردہ کیا پھر قبر میں رکھوا دیا اس کو ﴿۲۱﴾

ثُمَّ اِذَا شَآءَ اَنْشَرَهٗ ﴿۲۲﴾ كَلَّا لَمَّا يَقْضِ

پھر جب چاہا اٹھا نکالا اس کو ﴿۲۲﴾ ہرگز نہیں پورا نہ کیا

مَآ اَمَرَهٗ ﴿۲۳﴾ فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ اِلٰى

جو اس کو فرمایا ﴿۲۳﴾ اب دیکھ لے آدمی

طَعَامِهٖٓ ﴿۲۴﴾ اَنَّا صَبَبْنَا الْمَآءَ صَبًّا ﴿۲۵﴾

اپنے کھانے کو ﴿۲۴﴾ کہ ہم نے ڈالا پانی اوپر سے گرتا ہوا ﴿۲۵﴾

ثُمَّ شَقَقْنَا الْاَرْضَ شَقًّا ﴿۲۶﴾ فَاَنْۢبَتْنَا

پھر چیرا زمین کو پھاڑ کر ﴿۲۶﴾ پھر اگایا

فِيْهَا حَبًّا ﴿۲۷﴾ وَّعِنَبًا وَّقَضْبًا ﴿۲۸﴾

اس میں اناج ﴿۲۷﴾ اور انگور اور ترکاری ﴿۲۸﴾

وَّزَيْتُوْنًا وَّنَخْلًا ﴿۲۹﴾ وَّحَدَآئِقَ غُلْبًا ﴿۳۰﴾

اور زیتون اور کھجوریں ﴿۲۹﴾ اور گھن (گنجان) کے باغ ﴿۳۰﴾

وَّفَاكِهَةً وَّاَبًّا ﴿۳۱﴾ مَّتَاعًا لَّكُمْ

اور میوہ اور گھاس ﴿۳۱﴾ کام چلانے کو تمھارے

وَلِاَنْعَامِكُمْ ﴿۳۲﴾ فَاِذَا جَآءَتِ الصَّآخَّةُ ﴿۳۳﴾

اور تمھارے چوپایوں کے ﴿۳۲﴾ پھر جب آئے وہ کان پھوڑنے والی ﴿۳۳﴾

يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِيْهِ ۙ﴿۳۴﴾ وَاُمِّهٖ

جس دن کہ بھاگے مرد اپنے بھائی سے ﴿۳۴﴾ اور اپنی ماں

وَاَبِيْهِ ۙ﴿۳۵﴾ وَصَاحِبَتِهٖ وَبَنِيْهِ ؕ﴿۳۶﴾ لِكُلِّ

اور اپنے باپ ﴿۳۵﴾ اور اپنی ساتھ والی سے اور اپنے بیٹوں سے ﴿۳۶﴾ ہر

امْرِئٍ مِّنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَاْنٌ يُّغْنِيْهِ ؕ﴿۳۷﴾

مرد کو ان میں سے اس دن ایک فکر لگا ہوا ہے جو اس کے لیے کافی ہے ﴿۳۷﴾

وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ مُّسْفِرَةٌ ۙ﴿۳۸﴾ ضَاحِكَةٌ

کتنے منہ اس دن روشن ہیں ﴿۳۸﴾ ہنستے

مُّسْتَبْشِرَةٌ ۚ﴿۳۹﴾ وَوُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ عَلَيْهَا

خوشیاں کرتے ﴿۳۹﴾ اور کتنے منہ اس دن ان پر

غَبَرَةٌ ۙ﴿۴۰﴾ تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌ ؕ﴿۴۱﴾ اُولٰٓئِكَ

گرد پڑی ہے ﴿۴۰﴾ چڑھی آتی ہے ان پر سیاہی ﴿۴۱﴾ یہ لوگ

هُمُ الْكَفَرَةُ الْفَجَرَةُ ۚ﴿۴۲﴾

وہی ہیں جو منکر ہیں ڈھیٹ ﴿۴۲﴾

ع ۱ ۴۲ ۵

(سورۂ تکویر مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی ، اس میں (۲۹) آیتیں اور (۱) رکوع ہے ،نازل ہونے کے اعتبار سے (۷) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۸۱) نمبر پر ہے اور سورۂ لہب کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (۱۰۴) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۵۳۰) حروف ہیں

اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ ۙ﴿۱﴾ وَاِذَا النُّجُوْمُ

جب سورج کی دھوپ تہ ہوجائے ① اور جب تارے

انْكَدَرَتْ ۙ﴿۲﴾ وَاِذَا الْجِبَالُ سُيِّرَتْ ۙ﴿۳﴾

میلے ہوجائیں ② اور جب پہاڑ چلائے جائیں ③

وَاِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ ۙ﴿۴﴾ وَاِذَا الْوُحُوْشُ

اور جب بیاتی اونٹنیاں چھٹی پھریں ④ اور جب جنگل کے جانوروں میں

حُشِرَتْ ۙ﴿۵﴾ وَاِذَا الْبِحَارُ سُجِّرَتْ ۙ﴿۶﴾

رول پڑجائے ⑤ اور جب دریا جھونکے جائیں ⑥

وَاِذَا النُّفُوْسُ زُوِّجَتْ ۙ﴿۷﴾ وَاِذَا

اور جب جیون کے جوڑے باندھے جائیں ⑦ اور جب

الْمَوْءٗدَةُ سُئِلَتْ ۙ﴿۸﴾ بِاَيِّ ذَنْۢبٍ

بیٹی جیتی گاڑ دی گئی کو پوچھیں ⑧ کہ کس گناہ پر

قُتِلَتْ ۝٩ ج وَاِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ ۝١٠ ص لا

وہ ماری گئی ۝٩ اور جب اعمال نامے کھولے جائیں ۝١٠

وَاِذَا السَّمَآءُ كُشِطَتْ ۝١١ ص لا وَاِذَا الْجَحِيْمُ

اور جب آسمان کا پوست اتارلیں ۝١١ اور جب دوزخ

سُعِّرَتْ ۝١٢ ص لا وَاِذَا الْجَنَّةُ اُزْلِفَتْ ۝١٣ ص لا

دہکائی جائے ۝١٢ اور جب بہشت پاس لائی جائے ۝١٣

عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّآ اَحْضَرَتْ ۝١٤ ط

جان لے گا ہر ایک جی جو لے کر آیا ۝١٤

فَلَآ اُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ ۝١٥ لا الْجَوَارِ

سو قسم کھاتا ہوں پیچھے ہٹ جانے والوں ۝١٥ سیدھے چلنے والوں

الْكُنَّسِ ۝١٦ لا وَالَّيْلِ اِذَا عَسْعَسَ ۝١٧ لا

دبک جانے والوں کی ۝١٦ اور رات کی جب پھیل جائے ۝١٧

وَالصُّبْحِ اِذَا تَنَفَّسَ ۝١٨ لا اِنَّهٗ لَقَوْلُ

اور صبح کی جب دم بھرے ۝١٨ مقرر یہ کہا ہے

رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ ﴿١٩﴾ لا ذِىْ قُوَّةٍ عِنْدَ

ایک بھیجے ہوئے عزت والے کا ﴿١٩﴾ قوت والا

ذِى الْعَرْشِ مَكِيْنٍ ﴿٢٠﴾ لا مُّطَاعٍ ثَمَّ

عرش کے مالک کے پاس درجہ پانے والا ﴿٢٠﴾ سب کا مانا ہوا وہاں کا

اَمِيْنٍ ﴿٢١﴾ ط وَمَا صَاحِبُكُمْ بِمَجْنُوْنٍ ﴿٢٢﴾ ج

معتبر ہے ﴿٢١﴾ اور یہ تمھارا رفیق کچھ دیوانہ نہیں ﴿٢٢﴾

وَلَقَدْ رَاٰهُ بِالْاُفُقِ الْمُبِيْنِ ﴿٢٣﴾ ج وَمَا هُوَ

اور اس نے دیکھا ہے اس فرشتہ کو آسمان کے کھلے کنارہ کے پاس ﴿٢٣﴾ اور یہ

عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِيْنٍ ﴿٢٤﴾ ج وَمَا هُوَ بِقَوْلِ

غیب کی بات بتانے میں بخیل نہیں ﴿٢٤﴾ اور یہ کہا ہوا نہیں

شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ ﴿٢٥﴾ لا فَاَيْنَ تَذْهَبُوْنَ ﴿٢٦﴾ ط

کسی شیطان مردود کا ﴿٢٥﴾ پھر تم کدھر چلے جا رہے ہو ﴿٢٦﴾

اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿٢٧﴾ لا

یہ تو ایک نصیحت ہے جہان بھر کے واسطے ﴿٢٧﴾

لِمَنْ شَآءَ مِنْكُمْ اَنْ يَّسْتَقِيْمَ ﴿۲۸﴾ ط

جو کوئی چاہے تم میں سے کہ سیدھا چلے ﴿۲۸﴾

وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ

اور تم جبھی چاہو کہ چاہے اللہ

رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۹﴾ ع

سارے جہان کا مالک ﴿۲۹﴾

ع ۱ ۲۹ ۶

سورۂ انفطار مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اس میں (۱۹) آیتیں اور (۱) رکوع ہے، نازل ہونے اور تلاوت کے اعتبار سے (۸۲) نمبر پر ہے اور سورۂ نازعات کے بعد نازل ہوئی)

اس میں (۸۰) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۳۲۷) حروف ہیں

اِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ ﴿۱﴾ لا وَاِذَا الْكَوَاكِبُ

جب آسمان چر جائے ﴿۱﴾ اور جب تارے

انْتَثَرَتْ ﴿۲﴾ لا وَاِذَا الْبِحَارُ فُجِّرَتْ ﴿۳﴾ لا

جھڑ پڑیں ﴿۲﴾ اور جب دریا ابل نکلیں ﴿۳﴾

وَاِذَا الْقُبُوْرُ بُعْثِرَتْ ﴿۴﴾ لا عَلِمَتْ

اور جب قبریں زیرو زبر کردی جائیں ﴿۴﴾ جان لے

نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ وَاَخَّرَتْ ۝٥ ط

ہر ایک جی جو کچھ کہ آگے بھیجا اور پیچھے چھوڑا ۝٥

يٰٓاَيُّهَا الْاِنْسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ

اے آدمی کس چیز سے بہکا تو اپنے رب

الْكَرِيْمِ ۝٦ لا الَّذِيْ خَلَقَكَ فَسَوّٰىكَ

کریم پر ۝٦ جس نے تجھ کو بنایا پھر تجھ کو ٹھیک کیا

فَعَدَلَكَ ۝٧ لا فِيْٓ اَيِّ صُوْرَةٍ مَّا شَآءَ

پھر تجھ کو برابر کیا ۝٧ جس صورت میں چاہا

رَكَّبَكَ ۝٨ ط كَلَّا بَلْ تُكَذِّبُوْنَ بِالدِّيْنِ ۝٩ لا

تجھ کو جوڑ دیا ۝٨ ہرگز نہیں پر تم جھوٹ جانتے ہو انصاف کا ہونا ۝٩

وَاِنَّ عَلَيْكُمْ لَحٰفِظِيْنَ ۝١٠ لا كِرَامًا

اور تم پر نگہبان مقرر ہیں ۝١٠ عزت والے

كَاتِبِيْنَ ۝١١ لا يَعْلَمُوْنَ مَا تَفْعَلُوْنَ ۝١٢

عمل لکھنے والے ۝١١ جانتے ہیں جو کچھ تم کرتے ہو ۝١٢

اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِيْ نَعِيْمٍ ﴿۱۳﴾ لا وَّاِنَّ

بے شک نیک لوگ بہشت میں ہیں ﴿۱۳﴾ اور بے شک

الْفُجَّارَ لَفِيْ جَحِيْمٍ ﴿۱۴﴾ لا يَّصْلَوْنَهَا يَوْمَ

گناہ گار دوزخ میں ہیں ﴿۱۴﴾ ڈالے جائیں گے اس میں انصاف کے

الدِّيْنِ ﴿۱۵﴾ وَمَا هُمْ عَنْهَا بِغَآئِبِيْنَ ﴿۱۶﴾ ط

دن ﴿۱۵﴾ اور نہ ہوں گے اس سے جدا ہونے والے ﴿۱۶﴾

وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿۱۷﴾ لا ثُمَّ

اور تجھ کو کیا خبر ہے کیسا ہے دن انصاف کا ﴿۱۷﴾ پھر بھی

مَآ اَدْرٰىكَ مَا يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿۱۸﴾ ط يَوْمَ

تجھ کو کیا خبر ہے کیسا ہے دن انصاف کا ﴿۱۸﴾ جس دن کہ

لَا تَمْلِكُ نَفْسٌ لِّنَفْسٍ شَيْئًا ط وَالْاَمْرُ

بھلا نہ کرسکے کوئی جی کسی جی کا کچھ بھی اور حکم

يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ ﴿۱۹﴾ ع

اس دن اللہ ہی کا ہے ﴿۱۹﴾

ع ۱ ۱۹ ۷

(سورۂ مطففین مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، یہ مکہ مکرمہ میں نازل ہونے والی سورتوں میں آخری سورۃ ہے، اس میں (۳۶) آیتیں اور (۱) رکوع ہے، نازل ہونے کے اعتبار سے (۸۶) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۸۳) نمبر پر ہے اور سورۂ عنکبوت کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (۱۶۹) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۷۳۰) حروف ہیں

وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِيْنَ ۙ﴿۱﴾ الَّذِيْنَ اِذَا

خرابی ہے گھٹانے والوں کی ① وہ لوگ کہ جب

اكْتَالُوْا عَلَى النَّاسِ يَسْتَوْفُوْنَ ۖ﴿۲﴾

ناپ کرلیں لوگوں سے تو پورا بھر لیں ②

وَاِذَا كَالُوْهُمْ اَوْ وَّزَنُوْهُمْ يُخْسِرُوْنَ ؕ﴿۳﴾

اور جب ناپ کردیں ان کو یا تول کر تو گھٹا کردیں ③

اَلَا يَظُنُّ اُولٰٓئِكَ اَنَّهُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ ۙ﴿۴﴾

کیا خیال نہیں رکھتے وہ لوگ کہ ان کو اٹھنا ہے ④

لِيَوْمٍ عَظِيْمٍ ۙ﴿۵﴾ يَّوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ

اس بڑے دن کے واسطے ⑤ جس دن کھڑے رہیں لوگ

لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ؕ﴿۶﴾ كَلَّآ اِنَّ كِتٰبَ

راہ دیکھتے جہان کے مالک کی ⑥ ہرگز نہیں بے شک

الْفُجَّارِ لَفِيْ سِجِّيْنٍ ۝٧ وَمَآ اَدْرٰىكَ

اعمال نامہ گناہ گاروں کا سجین میں ہے ⑦ اور تجھ کو کیا خبر ہے

مَا سِجِّيْنٌ ۝٨ كِتٰبٌ مَّرْقُوْمٌ ۝٩

کیا ہے سجین ⑧ ایک دفتر ہے لکھا ہوا ⑨

وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝١٠ الَّذِيْنَ

خرابی ہے اس دن جھٹلانے والوں کی ⑩ جو

يُكَذِّبُوْنَ بِيَوْمِ الدِّيْنِ ۝١١ وَمَا يُكَذِّبُ

جھوٹ جانتے ہیں انصاف کے دن کو ⑪ اور اس کو جھٹلاتا ہے

بِهٖٓ اِلَّا كُلُّ مُعْتَدٍ اَثِيْمٍ ۝١٢ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ

وہی جو بڑھ نکلنے والا گناہ گار ہے ⑫ جب سنائے اس کو

اٰيٰتُنَا قَالَ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ۝١٣

ہماری آیتیں کہے نقلیں ہیں پہلوں کی ⑬

كَلَّا بَلْ ۜ★سكتة رَانَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ مَّا كَانُوْا

کوئی نہیں پر زنگ پکڑ گیا ہے ان کے دلوں پر جو وہ

★یہاں پر سکتہ واجب ہے۔

يَكْسِبُوْنَ ﴿۱۴﴾ كَلَّآ اِنَّهُمْ عَنْ رَّبِّهِمْ يَوْمَئِذٍ

کماتے تھے ﴿۱۴﴾ کوئی نہیں وہ اپنے رب سے اس دن

لَّمَحْجُوْبُوْنَ ﴿۱۵﴾ ثُمَّ اِنَّهُمْ لَصَالُوا

روک دیے جائیں گے ﴿۱۵﴾ پھر مقرر وہ گرنے والے ہیں

الْجَحِيْمِ ﴿۱۶﴾ ثُمَّ يُقَالُ هٰذَا الَّذِيْ

دوزخ میں ﴿۱۶﴾ پھر کہا جائے گا یہ وہی ہے جس کو

كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿۱۷﴾ كَلَّآ اِنَّ كِتٰبَ

تم جھوٹ جانتے تھے ﴿۱۷﴾ ہرگز نہیں بے شک اعمال نامہ

الْاَبْرَارِ لَفِيْ عِلِّيِّيْنَ ﴿۱۸﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ

نیکوں کا علیین میں ہے ﴿۱۸﴾ اور تجھ کو کیا خبر ہے

مَا عِلِّيُّوْنَ ﴿۱۹﴾ كِتٰبٌ مَّرْقُوْمٌ ﴿۲۰﴾ يَّشْهَدُهُ

کیا ہے علیین ﴿۱۹﴾ ایک دفتر ہے لکھا ہوا ﴿۲۰﴾ اس کو دیکھتے ہیں

الْمُقَرَّبُوْنَ ﴿۲۱﴾ اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِيْ نَعِيْمٍ ﴿۲۲﴾

نزدیک والے یعنی فرشتے ﴿۲۱﴾ بے شک نیک لوگ ہیں آرام میں ﴿۲۲﴾

عَلَى الْاَرَآئِكِ يَنْظُرُوْنَ ۙ﴿٢٣﴾ تَعْرِفُ

تختوں پر بیٹھے دیکھتے ہوں گے ﴿٢٣﴾ پہچان لے تو

فِيْ وُجُوْهِهِمْ نَضْرَةَ النَّعِيْمِ ۚ﴿٢٤﴾

ان کے منہ پر تازگی آرام کی ﴿٢٤﴾

يُسْقَوْنَ مِنْ رَّحِيْقٍ مَّخْتُوْمٍ ۙ﴿٢٥﴾

ان کو پلائی جاتی ہے شراب خالص مہر لگی ہوئی ﴿٢٥﴾

خِتٰمُهٗ مِسْكٌ ؕ وَفِيْ ذٰلِكَ فَلْيَتَنَافَسِ

جس کی مہر جمتی ہے مشک پر اور اس پر چاہیے کہ ڈھکیں

الْمُتَنَافِسُوْنَ ﴿٢٦﴾ وَمِزَاجُهٗ مِنْ تَسْنِيْمٍ ۙ﴿٢٧﴾

ڈھکنے والے ﴿٢٦﴾ اور اس کی ملونی ہے تسنیم سے ﴿٢٧﴾

عَيْنًا يَّشْرَبُ بِهَا الْمُقَرَّبُوْنَ ؕ﴿٢٨﴾

وہ ایک چشمہ ہے جس سے پیتے ہیں نزدیک والے ﴿٢٨﴾

اِنَّ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا كَانُوْا مِنَ الَّذِيْنَ

وہ لوگ جو گناہ گار تھے ایمان والوں سے

اٰمَنُوْا يَضْحَكُوْنَ ﴿٢٩﴾ وَاِذَا مَرُّوْا بِهِمْ

ہنسا کرتے ﴿٢٩﴾ اور جب ہو کر نکلتے ان کے پاس کو

يَتَغَامَزُوْنَ ﴿٣٠﴾ وَاِذَا انْقَلَبُوْٓا اِلٰٓى اَهْلِهِمُ

تو آپس میں آنکھ مارتے ﴿٣٠﴾ اور جب پھر کر جاتے اپنے گھر

انْقَلَبُوْا فَكِهِيْنَ ﴿٣١﴾ وَاِذَا رَاَوْهُمْ قَالُوْٓا

پھرجاتے باتیں بناتے ﴿٣١﴾ اور جب ان کو دیکھتے کہتے

اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَضَآلُّوْنَ ﴿٣٢﴾ وَمَآ اُرْسِلُوْا

بے شک یہ لوگ بہک رہے ہیں ﴿٣٢﴾ اور ان کو بھیجا نہیں

عَلَيْهِمْ حٰفِظِيْنَ ﴿٣٣﴾ فَالْيَوْمَ الَّذِيْنَ

ان پر نگہبان بنا کر ﴿٣٣﴾ سو آج

اٰمَنُوْا مِنَ الْكُفَّارِ يَضْحَكُوْنَ ﴿٣٤﴾

ایمان والے منکروں سے ہنستے ہیں ﴿٣٤﴾

عَلَى الْاَرَآئِكِ ۙ يَنْظُرُوْنَ ﴿٣٥﴾ هَلْ ثُوِّبَ

تختوں پر بیٹھے دیکھتے ہیں ﴿٣٥﴾ اب بدلہ پایا ہے

الْكُفَّارُ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿۳۶﴾ ع

منکروں نے جیسا کچھ یہ کرتے تھے ﴿۳۶﴾

(سورۃ انشقاق مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اس میں (۲۵) آیتیں اور (۱) رکوع ہے، نازل ہونے کے اعتبار سے (۸۳) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۸۴) نمبر پر ہے اور سورۃ انفطار کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (۱۰۷) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۴۳۰) حروف ہیں

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ﴿۱﴾ لا وَاَذِنَتْ

جب آسمان پھٹ جائے ﴿۱﴾ اور سن لے

لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ﴿۲﴾ لا وَاِذَا الْاَرْضُ

حکم اپنے رب کا اور وہ آسمان اسی لائق ہے ﴿۲﴾ اور جب زمین

مُدَّتْ ﴿۳﴾ ط وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ ﴿۴﴾ لا

پھیلا دی جائے ﴿۳﴾ اور نکال ڈالے جو کچھ اس میں ہے اور خالی ہو جائے ﴿۴﴾

وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ﴿۵﴾ ط يٰٓاَيُّهَا

اور سن لے حکم اپنے رب کا اور وہ زمین اسی لائق ہے ﴿۵﴾ اے

الْاِنْسَانُ اِنَّكَ كَادِحٌ اِلٰى رَبِّكَ

آدمی تجھ کو تکلیف اٹھانی ہے اپنے رب تک پہنچنے میں

كَدْحًا فَمُلٰقِيْهِ ۚ ٦ فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ

سہ سہ کر، پھر اس سے ملنا ہے ⑥ سو جس کو ملا

كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ ۙ ٧ فَسَوْفَ يُحَاسَبُ

اعمال نامہ اس کا داہنے ہاتھ میں ⑦ تو اس سے حساب لیں گے

حِسَابًا يَّسِيْرًا ۙ ٨ وَّيَنْقَلِبُ اِلٰٓى

آسان حساب ⑧ اور پھر کر آئے گا

اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ؕ ٩ وَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ

اپنے لوگوں کے پاس خوش ہو کر ⑨ اور جس کو ملا

كِتٰبَهٗ وَرَآءَ ظَهْرِهٖ ۙ ١٠ فَسَوْفَ

اس کا اعمال نامہ پیٹھ کے پیچھے سے ⑩ سو

يَدْعُوْا ثُبُوْرًا ۙ ١١ وَّيَصْلٰى سَعِيْرًا ؕ ١٢

وہ پکارے گا موت موت ⑪ اور پڑے گا آگ میں ⑫

اِنَّهٗ كَانَ فِيْٓ اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ؕ ١٣ اِنَّهٗ

وہ رہا تھا اپنے گھر میں بےغم ⑬ اس نے

مُعَانَقَة ١٧

ظَنَّ اَنْ لَّنْ يَّحُوْرَ ﴿١٤﴾ بَلٰٓى ۚ اِنَّ رَبَّهٗ

خیال کیا تھا کہ پھر کر نہ جائے گا ﴿١٤﴾ کیوں نہیں اس کا رب

كَانَ بِهٖ بَصِيْرًا ﴿١٥﴾ فَلَآ اُقْسِمُ

اس کو دیکھتا تھا ﴿١٥﴾ سو قسم کھاتا ہوں

بِالشَّفَقِ ﴿١٦﴾ وَالَّيْلِ وَمَا وَسَقَ ﴿١٧﴾

شام کی سرخی کی ﴿١٦﴾ اور رات کی اور جو چیزیں اس میں سمٹ آتی ہیں ﴿١٧﴾

وَالْقَمَرِ اِذَا اتَّسَقَ ﴿١٨﴾ لَتَرْكَبُنَّ

اور چاند کی جب پورا بھر جائے ﴿١٨﴾ کہ تم کو چڑھنا ہے

طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ ﴿١٩﴾ فَمَا لَهُمْ

سیڑھی پر سیڑھی ﴿١٩﴾ پھر کیا ہوا ہے ان کو

لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٢٠﴾ وَاِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمُ

جو یقین نہیں لاتے ﴿٢٠﴾ اور جب پڑھیے ان کے پاس

الْقُرْاٰنُ لَا يَسْجُدُوْنَ ﴿٢١﴾ بَلِ الَّذِيْنَ

قرآن وہ سجدہ نہیں کرتے ﴿٢١﴾ اوپر سے اور یہ کہ

سجدة ١٣

كَفَرُوْا يُكَذِّبُوْنَ ﴿۲۲﴾ زصلے وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

منکر جھٹلاتے ہیں ﴿۲۲﴾ اور اللہ خوب جانتا ہے

بِمَا يُوْعُوْنَ ﴿۲۳﴾ زصلے فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ

جو اندر بھر رکھتے ہیں ﴿۲۳﴾ سو خوشی سنادے ان کو عذاب

اَلِيْمٍ ﴿۲۴﴾ لا اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

دردناک کی ﴿۲۴﴾ مگر جو لوگ کہ یقین لائے اور کام کیے

الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ﴿۲۵﴾ ع ع ۱ ۲۵ ۹

بھلے ان کے لیے ثواب ہے بے انتہا ﴿۲۵﴾

سورۂ بروج مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اس میں (۲۲) آیتیں اور (۱) رکوع ہے، نازل ہونے کے اعتبار سے (۲۷) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۸۵) نمبر پر ہے اور سورۂ شمس کے بعد نازل ہوئی ہے)

| اس میں (۱۰۹) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۴۶۵) حروف ہیں |
|---|---|---|

وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ ﴿۱﴾ لا وَالْيَوْمِ

قسم ہے آسمان کی جس میں برج ہیں ﴿۱﴾ اور اس دن کی

الْمَوْعُوْدِ ﴿۲﴾ لا وَشَاهِدٍ وَّمَشْهُوْدٍ ﴿۳﴾ ط

جسکا وعدہ ہے ﴿۲﴾ اور اس دن کی جو حاضر ہوتا ہے اور اسکی کہ جسکے پاس حاضر ہوتے ہیں ﴿۳﴾

اِبْتِدَاءِ اَوْسَاطِ مُفَصَّل

قُتِلَ اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْدِ ۙ﴿۴﴾ النَّارِ ذَاتِ

مارے گئے کھائیاں کھودنے والے ﴿۴﴾ آگ ہے بہت

الْوَقُوْدِ ۙ﴿۵﴾ اِذْ هُمْ عَلَيْهَا قُعُوْدٌ ۙ﴿۶﴾

ایندھن والی ﴿۵﴾ جب وہ اس پر بیٹھے ﴿۶﴾

وَّهُمْ عَلٰى مَا يَفْعَلُوْنَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ

اور جو کچھ وہ کرتے مسلمانوں کے ساتھ

شُهُوْدٌ ؕ﴿۷﴾ وَمَا نَقَمُوْا مِنْهُمْ اِلَّاۤ اَنْ

اپنی آنکھوں سے دیکھتے ﴿۷﴾ اور ان سے بدلہ نہ لیتے تھے مگر اسی بات کا کہ

يُّؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۙ﴿۸﴾

وہ یقین لائے اللہ پر جو زبردست ہے تعریفوں والا ﴿۸﴾

الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

جس کا راج ہے آسمانوں میں اور زمین میں

وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ؕ﴿۹﴾ اِنَّ

اور اللہ کے سامنے ہے ہر چیز ﴿۹﴾ تحقیق

الَّذِيْنَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ

جو دین سے بچلائے ایمان والے مردوں کو اور عورتوں کو

ثُمَّ لَمْ يَتُوْبُوْا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ

پھر توبہ نہ کی تو ان کے لیے عذاب ہے دوزخ کا

وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيْقِ ﴿۱۰﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

اور ان کے لیے عذاب ہے آگ لگے کا ﴿۱۰﴾ بے شک جو لوگ

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ جَنّٰتٌ

یقین لائے اور کیں انہوں نے بھلائیاں ان کے لیے باغ ہیں

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ ذٰلِكَ

جن کے نیچے بہتی ہیں نہریں یہ ہے

الْفَوْزُ الْكَبِيْرُ ﴿۱۱﴾ اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ

بڑی مراد ملنی ﴿۱۱﴾ بے شک تیرے رب کی پکڑ

لَشَدِيْدٌ ﴿۱۲﴾ اِنَّهٗ هُوَ يُبْدِئُ وَيُعِيْدُ ﴿۱۳﴾

سخت ہے ﴿۱۲﴾ بے شک وہی کرتا ہے پہلی مرتبہ اور دوسری ﴿۱۳﴾

وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ ۙ﴿١٤﴾ ذُو الْعَرْشِ

اور وہی ہے بخشنے والا محبت کرنے والا ﴿١٤﴾ مالک عرش کا

الْمَجِيْدُ ۙ﴿١٥﴾ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ؕ﴿١٦﴾ هَلْ

بڑی شان والا ﴿١٥﴾ کر ڈالنے والا جو چاہے ﴿١٦﴾ کیا

اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْجُنُوْدِ ۙ﴿١٧﴾ فِرْعَوْنَ

پہنچی تجھ کو بات ان لشکروں کی ﴿١٧﴾ فرعون

وَثَمُوْدَ ؕ﴿١٨﴾ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ

اور ثمود کے ﴿١٨﴾ کوئی نہیں بلکہ منکر

تَكْذِيْبٍ ۙ﴿١٩﴾ وَّاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ

جھٹلاتے ہیں ﴿١٩﴾ اور اللہ نے ان کو ہر طرف سے

مُّحِيْطٌ ۚ﴿٢٠﴾ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ۙ﴿٢١﴾

گھیر رکھا ہے ﴿٢٠﴾ کوئی نہیں یہ قرآن ہے بڑی شان کا ﴿٢١﴾

فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ﴿٢٢﴾ ع ١ ١٠ ٢٢

لکھا ہوا لوح محفوظ میں ﴿٢٢﴾

(سورۂ طارق مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی ، اس میں (۱۷) آیتیں اور (۱) رکوع ہے ، نازل ہونے کے اعتبار سے (۳۶) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۸۶) نمبر پر ہے اور سورۂ بلد کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (۶۱) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۲۳۹) حروف ہیں

وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ۙ﴿۱﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ

قسم ہے آسمان کی اور اندھیرے میں آنے والے کی ﴿۱﴾ اور تو نے کیا سمجھا

مَا الطَّارِقُ ۙ﴿۲﴾ النَّجْمُ الثَّاقِبُ ۙ﴿۳﴾

کیا ہے اندھیرے میں آنے والا ﴿۲﴾ وہ تارا چمکتا ہوا ﴿۳﴾

اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ؕ﴿۴﴾

کوئی جی نہیں جس پر نہیں ایک نگہبان ﴿۴﴾

فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ؕ﴿۵﴾ خُلِقَ

اب دیکھ لے آدمی کہ کا ہے سے بنا ہے ﴿۵﴾ بنا ہے

مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ ۙ﴿۶﴾ يَّخْرُجُ مِنْۢ

ایک اچھلتے ہوئے پانی سے ﴿۶﴾ جو نکلتا ہے

بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ ؕ﴿۷﴾ اِنَّهٗ عَلٰى

پیٹھ کے بیچ سے اور چھاتی کے بیچ سے ﴿۷﴾ بے شک وہ

رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ ۝٨ يَوْمَ تُبْلَى السَّرَآئِرُ ۝٩

اس کو پھیر لاسکتا ہے ۝٨ جس دن جانچے جائیں بھید ۝٩

فَمَا لَهٗ مِنْ قُوَّةٍ وَّلَا نَاصِرٍ ۝١٠

تو کچھ نہ ہوگا اس کو زور اور نہ کوئی مدد کرنے والا ۝١٠

وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الرَّجْعِ ۝١١ وَالْاَرْضِ

قسم ہے آسمان چکر مارنے والے کی ۝١١ اور زمین

ذَاتِ الصَّدْعِ ۝١٢ اِنَّهٗ لَقَوْلٌ فَصْلٌ ۝١٣

پھوٹ نکلنے والی کی ۝١٢ بے شک یہ بات ہے دو ٹوک ۝١٣

وَّمَا هُوَ بِالْهَزْلِ ۝١٤ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ

اور نہیں یہ بات ہنسی کی ۝١٤ البتہ وہ لگے ہوئے ہیں

كَيْدًا ۝١٥ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۝١٦ فَمَهِّلِ

ایک داؤ کرنے میں ۝١٥ اور میں لگا ہوا ہوں ایک داؤ کرنے میں ۝١٦ سو ڈھیل دے

الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۝١٧

منکروں کو ڈھیل دے ان کو تھوڑے دنوں ۝١٧

ع ١ ١٧ ١١

(سورۂ اعلیٰ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اس میں (۱۹) آیتیں ہیں اور (۱) رکوع ہے، نازل ہونے کے اعتبار سے (۸) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۸۷) نمبر پر ہے اور سورۂ تکویر کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (۷۲) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۲۹۱) حروف ہیں

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى ۙ﴿۱﴾ الَّذِیْ

پاکی بیان کر اپنے رب کے نام کی جو سب سے اوپر ① جس نے

خَلَقَ فَسَوّٰى ۪ۙ﴿۲﴾ وَالَّذِیْ قَدَّرَ

بنایا پھر ٹھیک کیا ② اور جس نے ٹھہرا دیا

فَهَدٰى ۪ۙ﴿۳﴾ وَالَّذِیْۤ اَخْرَجَ الْمَرْعٰى ۪ۙ﴿۴﴾

پھر راہ بتلائی ③ اور جس نے نکالا چارا ④

فَجَعَلَهٗ غُثَآءً اَحْوٰى ؕ﴿۵﴾ سَنُقْرِئُكَ

پھر کر ڈالا اس کو کوڑا سیاہ ⑤ البتہ ہم پڑھائیں گے تجھ کو

فَلَا تَنْسٰۤى ۙ﴿۶﴾ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ اِنَّهٗ

پھر تو نہ بھولے گا ⑥ مگر جو چاہے اللہ وہ

یَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا یَخْفٰى ؕ﴿۷﴾ وَنُیَسِّرُكَ

جانتا ہے پکارنے کو اور جو چھپا ہوا ہے ⑦ اور سہج سہج پہنچائیں گے ہم تجھ کو

لِلْيُسْرٰى ﴿۸﴾ فَذَكِّرْ اِنْ نَّفَعَتِ ج صلے

آسانی تک ﴿۸﴾ سو تو سمجھا دے اگر فائدہ کرے

الذِّكْرٰى ﴿۹﴾ سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَّخْشٰى ﴿۱۰﴾ لا ط

سمجھانا ﴿۹﴾ سمجھ جائے گا جس کو ڈر ہوگا ﴿۱۰﴾

وَيَتَجَنَّبُهَا الْاَشْقَى ﴿۱۱﴾ لا الَّذِيْ

اور یکسو رہے گا اس سے بڑا بدقسمت ﴿۱۱﴾ وہ جو

يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرٰى ﴿۱۲﴾ ثُمَّ لَا يَمُوْتُ ج

داخل ہوگا بڑی آگ میں ﴿۱۲﴾ پھر نہ مرے گا

فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ﴿۱۳﴾ قَدْ اَفْلَحَ ط

اس میں اور نہ جیے گا ﴿۱۳﴾ بےشک بھلا ہوا اس کا

مَنْ تَزَكّٰى ﴿۱۴﴾ وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ لا

جو سنورا ﴿۱۴﴾ اور لیا اس نے نام اپنے رب کا

فَصَلّٰى ﴿۱۵﴾ بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ ط

پھر نماز پڑھی ﴿۱۵﴾ کوئی نہیں تم بڑھاتے ہو دنیا کے

الدُّنْيَا ﴿١٦﴾ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ﴿١٧﴾

جینے کو ﴿١٦﴾ اور پچھلا گھر بہتر ہے اور باقی رہنے والا ﴿١٧﴾

اِنَّ هٰذَا لَفِي الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ﴿١٨﴾

یہ لکھا ہوا ہے پہلے ورقوں میں ﴿١٨﴾

ع ١ ١٩ ١٢

صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى ﴿١٩﴾

صحیفوں میں ابراہیم (علیہ السلام) کے اور موسیٰ (علیہ السلام) کے ﴿١٩﴾

(سورۂ غاشیہ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی ،اس میں (٢٦) آیتیں اور (١) رکوع ہے ،نازل ہونے کے اعتبار سے (٦٨) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (٨٨) نمبر پر ہے اور سورۂ ذاریات کے بعد نازل ہوئی ہے)

| اس میں (٩٢) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (٣٨١) حروف ہیں |
|---|---|---|

هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ ﴿١﴾

کچھ پہنچی تجھ کو بات اس چھپا لینے والی کی ﴿١﴾

وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ خَاشِعَةٌ ﴿٢﴾ عَامِلَةٌ

کتنے منہ اس دن ذلیل ہونے والے ہیں ﴿٢﴾ محنت کرنے والے

نَّاصِبَةٌ ﴿٣﴾ تَصْلٰى نَارًا حَامِيَةً ﴿٤﴾

تھکے ہوئے ﴿٣﴾ گریں گے دہکتی ہوئی آگ میں ﴿٤﴾

تُسْقٰى مِنْ عَيْنٍ اٰنِيَةٍ ۝٥ ط لَيْسَ لَهُمْ

پانی ملے گا ایک چشمے کھولتے ہوئے کا ۝٥ نہیں ان کے پاس

طَعَامٌ اِلَّا مِنْ ضَرِيْعٍ ۝٦ لا لَّا يُسْمِنُ

کھانا مگر جھاڑ کانٹوں والا ۝٦ نہ موٹا کرے

وَلَا يُغْنِيْ مِنْ جُوْعٍ ۝٧ ط وُجُوْهٌ

اور نہ کام آئے بھوک میں ۝٧ کتنے منہ

يَّوْمَئِذٍ نَّاعِمَةٌ ۝٨ لا لِّسَعْيِهَا رَاضِيَةٌ ۝٩ لا

اس دن تروتازہ ہیں ۝٨ اپنی کمائی سے راضی ۝٩

فِيْ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ۝١٠ لا لَّا تَسْمَعُ فِيْهَا

اونچے باغ میں ۝١٠ نہیں سنتے اس میں

لَاغِيَةً ۝١١ ط فِيْهَا عَيْنٌ جَارِيَةٌ ۝١٢ م

وقف لازم

بکواس ۝١١ اس میں ایک چشمہ ہے بہتا ۝١٢

فِيْهَا سُرُرٌ مَّرْفُوْعَةٌ ۝١٣ لا وَّاَكْوَابٌ

اس میں تخت ہیں اونچے بچھے ہوئے ۝١٣ اور آب خورے

مَّوْضُوْعَةٌ ﴿١٤﴾ وَّنَمَارِقُ مَصْفُوْفَةٌ ﴿١٥﴾

سامنے چنے ہوئے ﴿١٤﴾ اور غالیچے برابر بچھے ہوئے ﴿١٥﴾

وَّزَرَابِيُّ مَبْثُوْثَةٌ ﴿١٦﴾ اَفَلَا يَنْظُرُوْنَ

اور مخمل کے نہالچے جگہ جگہ پھیلے ہوئے ﴿١٦﴾ بھلا کیا نظر نہیں کرتے

اِلَى الْاِبِلِ كَيْفَ خُلِقَتْ ﴿١٧﴾ وَاِلَى

اونٹوں پر کہ کیسے بنائے ہیں ﴿١٧﴾ اور

السَّمَآءِ كَيْفَ رُفِعَتْ ﴿١٨﴾ وَاِلَى

آسمان پر کہ کیسا اس کو بلند کیا ہے ﴿١٨﴾ اور

الْجِبَالِ كَيْفَ نُصِبَتْ ﴿١٩﴾ وَاِلَى

پہاڑوں پر کہ کیسے کھڑے کردیے ہیں ﴿١٩﴾ اور

الْاَرْضِ كَيْفَ سُطِحَتْ ﴿٢٠﴾ فَذَكِّرْ ق

زمین پر کہ کیسی صاف بچھائی ہے ﴿٢٠﴾ سو تو سمجھائے جا

اِنَّمَآ اَنْتَ مُذَكِّرٌ ﴿٢١﴾ لَسْتَ عَلَيْهِمْ

تیرا کام تو یہی سمجھانا ہے ﴿٢١﴾ تو نہیں ان پر

بِمُصَيْطِرٍ ﴿۲۲﴾ لا اِلَّا مَنْ تَوَلّٰى وَكَفَرَ ﴿۲۳﴾ لا

داروغہ ﴿۲۲﴾ مگر جس نے منہ موڑا اور منکر ہوگیا ﴿۲۳﴾

فَيُعَذِّبُهُ اللّٰهُ الْعَذَابَ الْاَكْبَرَ ﴿۲۴﴾ ط

تو عذاب کرے گا اس پر اللہ وہ بڑا عذاب ﴿۲۴﴾

اِنَّ اِلَيْنَآ اِيَابَهُمْ ﴿۲۵﴾ لا ثُمَّ اِنَّ

بے شک ہمارے پاس ہے ان کو پھر آنا ﴿۲۵﴾ پھر بے شک

عَلَيْنَا حِسَابَهُمْ ﴿۲۶﴾ ع

ہمارا ذمہ ہے ان سے حساب لینا ﴿۲۶﴾

النصف ۱ ع ۲۶ ۱۳

(سورۂ فجر مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اِس میں (۳۰) آیتیں اور (۱) رکوع ہے، یہ سورت نازل ہونے کے اعتبار سے (۱۰) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۸۹) نمبر پر ہے اور سورۂ لیل کے بعد نازل ہوئی ہے)

| اس میں (۱۳۹) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۵۹۷) حروف ہیں |
|---|---|---|

وَالْفَجْرِ ﴿۱﴾ لا وَلَيَالٍ عَشْرٍ ﴿۲﴾ لا وَّالشَّفْعِ

قسم ہے فجر کی ﴿۱﴾ اور دس راتوں کی ﴿۲﴾ اور جفت

وَالْوَتْرِ ﴿۳﴾ لا وَالَّيْلِ اِذَا يَسْرِ ﴿۴﴾ ج هَلْ فِيْ

اور طاق کی ﴿۳﴾ اور اس رات کی جب رات کو چلے ﴿۴﴾ ہے

ذٰلِكَ قَسَمٌ لِّذِيْ حِجْرٍ ۝٥ اَلَمْ تَرَ

ان چیزوں کی قسم پوری عقل مندوں کے واسطے ۝٥ تو نے نہ دیکھا

كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ ۝٦ لا ص اِرَمَ

کیسا کیا تیرے رب نے عاد کے ساتھ ۝٦ وہ جو اِرَم میں تھے

ذَاتِ الْعِمَادِ ۝٧ لا ص الَّتِيْ لَمْ يُخْلَقْ

بڑے ستونوں والے ۝٧ کہ بنی نہیں

مِثْلُهَا فِي الْبِلَادِ ۝٨ لا ص وَثَمُوْدَ الَّذِيْنَ

ویسی سارے شہروں میں ۝٨ اور ثمود کے ساتھ جنہوں نے

جَابُوا الصَّخْرَ بِالْوَادِ ۝٩ لا ص وَفِرْعَوْنَ

تراشا پتھروں کو وادی میں ۝٩ اور فرعون کے ساتھ

ذِي الْاَوْتَادِ ۝١٠ لا ص الَّذِيْنَ طَغَوْا فِي

وہ میخوں والا ۝١٠ یہ سب تھے جنہوں نے سر اٹھایا

الْبِلَادِ ۝١١ لا ص فَاَكْثَرُوْا فِيْهَا الْفَسَادَ ۝١٢ لا ص

ملکوں میں ۝١١ پھر بہت ڈالی ان میں خرابی ۝١٢

فَصَبَّ عَلَيْهِمْ رَبُّكَ سَوْطَ عَذَابٍ ﴿۱۳﴾ لاج

پھر پھینکا ان پر تیرے رب نے کوڑا عذاب کا ﴿۱۳﴾

اِنَّ رَبَّكَ لَبِالْمِرْصَادِ ﴿۱۴﴾ ط فَاَمَّا

بے شک تیرا رب لگا ہے گھات میں ﴿۱۴﴾ سو

الْاِنْسَانُ اِذَا مَا ابْتَلٰىهُ رَبُّهٗ فَاَكْرَمَهٗ

آدمی جو ہے جب جانچے اس کو رب اس کا پھر اس کو عزت دے

وَنَعَّمَهٗ ۙ لا فَيَقُوْلُ رَبِّيْٓ اَكْرَمَنِ ﴿۱۵﴾ ط

اور اس کو نعمت دے تو کہے میرے رب نے مجھ کو عزت دی ﴿۱۵﴾

وَاَمَّآ اِذَا مَا ابْتَلٰىهُ فَقَدَرَ عَلَيْهِ

اور وہ جس وقت اس کو جانچے پھر کھینچ کرے اس پر

رِزْقَهٗ ۙ لا فَيَقُوْلُ رَبِّيْٓ اَهَانَنِ ﴿۱۶﴾ ج

روزی کی تو کہے میرے رب نے مجھے ذلیل کیا ﴿۱۶﴾

كَلَّا بَلْ لَّا تُكْرِمُوْنَ الْيَتِيْمَ ﴿۱۷﴾ لا

کوئی نہیں پر تم عزت سے نہیں رکھتے یتیم کو ﴿۱۷﴾

وَلَا تَحٰٓضُّوْنَ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ۙ ﴿۱۸﴾

اور تاکید نہیں کرتے آپس میں محتاج کے کھلانے کی ﴿۱۸﴾

وَتَاْكُلُوْنَ التُّرَاثَ اَكْلًا لَّمًّا ۙ ﴿۱۹﴾ وَّتُحِبُّوْنَ

اور کھا جاتے ہو مردے کا مال سمیٹ کر سارا ﴿۱۹﴾ اور پیار کرتے ہو

الْمَالَ حُبًّا جَمًّا ؕ ﴿۲۰﴾ كَلَّآ اِذَا دُكَّتِ الْاَرْضُ

مال کو جی بھر کر ﴿۲۰﴾ کوئی نہیں جب پست کردی جائے زمین

دَكًّا دَكًّا ۙ ﴿۲۱﴾ وَّجَآءَ رَبُّكَ وَالْمَلَكُ صَفًّا

کُوٹ کُوٹ کر ﴿۲۱﴾ اور آئے تیرا رب اور فرشتے آئیں قطار

صَفًّا ۚ ﴿۲۲﴾ وَجِايْٓءَ يَوْمَىِٕذٍۭ بِجَهَنَّمَ ۙ

قطار ﴿۲۲﴾ اور لائی جائے اس دن دوزخ

يَوْمَىِٕذٍ يَّتَذَكَّرُ الْاِنْسَانُ وَاَنّٰى لَهُ

اس دن سوچے گا آدمی اور کہاں ملے اس کو

الذِّكْرٰى ؕ ﴿۲۳﴾ يَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ قَدَّمْتُ

سوچنا ﴿۲۳﴾ کہے کیا اچھا ہوتا جو میں کچھ آگے بھیج دیتا

لِحَيَاتِيْ ﴿۲۴﴾ فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُعَذِّبُ عَذَابَهٗٓ

اپنی زندگی میں ﴿۲۴﴾ پھر اس دن عذاب نہ دے اس کا سا

اَحَدٌ ﴿۲۵﴾ وَّلَا يُوْثِقُ وَثَاقَهٗٓ اَحَدٌ ﴿۲۶﴾

کوئی اور ﴿۲۵﴾ نہ باندھ کر رکھے اس کا سا باندھنا کوئی ﴿۲۶﴾

يٰٓاَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ﴿۲۷﴾ ارْجِعِيْٓ

اے وہ جی جس نے چین پکڑ لیا ﴿۲۷﴾ پھر چل

اِلٰى رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً ﴿۲۸﴾ فَادْخُلِيْ

اپنے رب کی طرف تو اس سے راضی وہ تجھ سے راضی ﴿۲۸﴾ پھر شامل ہو

فِيْ عِبٰدِيْ ﴿۲۹﴾ وَادْخُلِيْ جَنَّتِيْ ﴿۳۰﴾ ع ۱ ۳۰ ۱۴

میرے بندوں میں ﴿۲۹﴾ اور داخل ہو میری بہشت میں ﴿۳۰﴾

(سورۂ بلد مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اس میں (۲۰) آیتیں اور (۱) رکوع ہے، نازل ہونے کے اعتبار سے (۳۵) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۹۰) نمبر پر ہے اور سورۂ قاف کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (۸۲) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۳۲۰) حروف ہیں

لَآ اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ ﴿۱﴾ وَاَنْتَ حِلٌّۢ

قسم کھاتا ہوں میں اس شہر کی ﴿۱﴾ اور تجھ پر قید نہیں

بِهٰذَا الْبَلَدِ ۙ﴿۲﴾ وَوَالِدٍ وَّمَا وَلَدَ ۙ﴿۳﴾

رہے گی اس شہر میں ﴿۲﴾ اور قسم ہے جنتے کی اور جو اس نے جنا ﴿۳﴾

لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْ كَبَدٍ ؕ﴿۴﴾

تحقیق ہم نے بنایا آدمی کو محنت میں ﴿۴﴾

وقف لازم

اَيَحْسَبُ اَنْ لَّنْ يَّقْدِرَ عَلَيْهِ اَحَدٌ ۘ﴿۵﴾

کیا خیال رکھتا ہے وہ کہ اس پر بس نہ چلے گا کسی کا ﴿۵﴾

يَقُوْلُ اَهْلَكْتُ مَالًا لُّبَدًا ؕ﴿۶﴾ اَيَحْسَبُ

کہتا ہے میں نے خرچ کر ڈالا مال ڈھیروں ﴿۶﴾ کیا خیال رکھتا ہے

اَنْ لَّمْ يَرَهٗٓ اَحَدٌ ؕ﴿۷﴾ اَلَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ

کہ دیکھا نہیں اس کو کسی نے ﴿۷﴾ بھلا ہم نے نہیں دیں اس کو

عَيْنَيْنِ ۙ﴿۸﴾ وَلِسَانًا وَّشَفَتَيْنِ ۙ﴿۹﴾ وَهَدَيْنٰهُ

دو آنکھیں ﴿۸﴾ اور زبان اور دو ہونٹ ﴿۹﴾ اور دکھلا دیں اس کو

النَّجْدَيْنِ ۚ﴿۱۰﴾ فَلَا اقْتَحَمَ الْعَقَبَةَ ۙ﴿۱۱﴾ زصلے

دو گھاٹیاں ﴿۱۰﴾ سو نہ دھمک سکا گھاٹی پر ﴿۱۱﴾

وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْعَقَبَةُ ﴿۱۲﴾ فَكُّ

اور تو کیا سمجھا کیا ہے وہ گھاٹی ﴿۱۲﴾ چھڑانا

رَقَبَةٍ ﴿۱۳﴾ اَوْ اِطْعٰمٌ فِيْ يَوْمٍ ذِيْ

گردن کا ﴿۱۳﴾ یا کھلانا بھوک کے

مَسْغَبَةٍ ﴿۱۴﴾ يَّتِيْمًا ذَا مَقْرَبَةٍ ﴿۱۵﴾

دن میں ﴿۱۴﴾ یتیم کو جو قرابت والا ہے ﴿۱۵﴾

اَوْ مِسْكِيْنًا ذَا مَتْرَبَةٍ ﴿۱۶﴾ ثُمَّ

یا محتاج کو جو خاک میں رُل رہا ہے ﴿۱۶﴾ پھر

كَانَ مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَوَاصَوْا

ہو وے ایمان والوں میں جو تاکید کرتے ہیں آپس میں

بِالصَّبْرِ وَتَوَاصَوْا بِالْمَرْحَمَةِ ﴿۱۷﴾

تحمل کی اور تاکید کرتے ہیں رحم کھانے کی ﴿۱۷﴾

اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ﴿۱۸﴾

وہ لوگ ہیں بڑے نصیب والے ﴿۱۸﴾

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا هُمْ اَصْحٰبُ

اور جو منکر ہوئے ہماری آیتوں سے وہ ہیں

ع ۱ ۲۰ ۱۵ الْمَشْئَمَةِ ﴿۱۹﴾ عَلَيْهِمْ نَارٌ مُّؤْصَدَةٌ ﴿۲۰﴾ ع

کم بختی والے ﴿۱۹﴾ انہی کو آگ میں موند دیا ہے ﴿۲۰﴾

(سورۂ شمس مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اس میں (۱۵) آیتیں اور (۱) رکوع ہے، نازل ہونے کے اعتبار سے (۲۶) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۹۱) نمبر پر ہے اور سورۂ قدر کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (۵۴) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۲۴۷) حروف ہیں

وَالشَّمْسِ وَضُحٰهَا ﴿۱﴾ لا ص وَالْقَمَرِ اِذَا

قسم سورج کی اور اس کے دھوپ چڑھنے کی ﴿۱﴾ اور چاند کی جب

تَلٰهَا ﴿۲﴾ لا ص وَالنَّهَارِ اِذَا جَلّٰهَا ﴿۳﴾ لا ص

آئے سورج کے پیچھے ﴿۲﴾ اور دن کی جب اس کو روشن کرلے ﴿۳﴾

وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰهَا ﴿۴﴾ لا ص وَالسَّمَآءِ

اور رات کی جب اس کو ڈھانک لیوے ﴿۴﴾ اور آسمان کی

وَمَا بَنٰهَا ﴿۵﴾ لا ص وَالْاَرْضِ وَمَا

اور جیسا کہ اس کو بنایا ﴿۵﴾ اور زمین کی اور جیسا کہ

طَحٰىهَا ۙ﴿۶﴾ وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰىهَا ۙ﴿۷﴾

اس کو پھیلایا ﴿۶﴾ اور جی کی اور جیسا کہ اس کو ٹھیک بنایا ﴿۷﴾

فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰىهَا ۙ﴿۸﴾ قَدْ

پھر سمجھ دی اس کو ڈھٹائی کی اور بچ کر چلنے کی ﴿۸﴾ تحقیق

اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰىهَا ۙ﴿۹﴾ وَقَدْ خَابَ

مراد کو پہنچا جس نے اس کو سنوار لیا ﴿۹﴾ اور نامراد ہوا

مَنْ دَسّٰىهَا ؕ﴿۱۰﴾ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ

جس نے اس کو خاک میں ملا چھوڑا ﴿۱۰﴾ جھٹلایا ثمود نے

بِطَغْوٰىهَآ ۙ﴿۱۱﴾ اِذِ انْۢبَعَثَ اَشْقٰىهَا ۙ﴿۱۲﴾

اپنی شرارت سے ﴿۱۱﴾ جب اٹھ کھڑا ہوا ان میں کا بڑا بدبخت ﴿۱۲﴾

فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ نَاقَةَ اللّٰهِ

پھر کہا ان کو اللہ کے رسول نے خبردار رہو اللہ کی اونٹنی سے

وَسُقْيٰهَا ؕ﴿۱۳﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَعَقَرُوْهَا ۙ

اور اسکی پانی پینے کی باری سے ﴿۱۳﴾ پھر انہوں نے جھٹلایا اسکو پھر پاؤں کاٹ ڈالے

فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ رَبُّهُمْ بِذَنْۢبِهِمْ

اس کے پھر الٹ مارا ان پر ان کے رب نے بسبب ان کے گناہوں کے

ع ۱ ۱۵ ۱۲ فَسَوّٰىهَا ﴿۱۴﴾ وَلَا يَخَافُ عُقْبٰهَا ﴿۱۵﴾ ع

پھر برابر کر دیا سب کو ﴿۱۴﴾ اور وہ نہیں ڈرتا پیچھا کرنے سے ﴿۱۵﴾

(سورۂ لیل مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اس میں (۲۱) آیتیں اور (۱) رکوع ہے، نازل ہونے کے اعتبار سے (۹) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۹۲) نمبر پر ہے اور سورۂ اعلیٰ کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (۷۱) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۳۱۰) حروف ہیں

وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى ﴿۱﴾ وَالنَّهَارِ اِذَا

قسم رات کی جب چھا جائے ﴿۱﴾ اور دن کی جب

تَجَلّٰى ﴿۲﴾ وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى ﴿۳﴾

روشن ہو ﴿۲﴾ اور اس کی جو اس نے پیدا کیے نر اور مادہ ﴿۳﴾

اِنَّ سَعْيَكُمْ لَشَتّٰى ﴿۴﴾ فَاَمَّا مَنْ

تمھاری کمائی طرح طرح پر ہے ﴿۴﴾ سو جس نے

اَعْطٰى وَاتَّقٰى ﴿۵﴾ وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰى ﴿۶﴾

دیا اور ڈرتا رہا ﴿۵﴾ اور سچ جانا بھلی بات کو ﴿۶﴾

فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْيُسْرٰى ۝٧ وَاَمَّا

تو اس کو ہم سہج سہج پہنچا دیں گے آسانی میں ۝٧ اور جس نے

مَنْۢ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰى ۝٨ وَكَذَّبَ

نہ دیا اور بے پروا رہا ۝٨ اور جھوٹ جانا

بِالْحُسْنٰى ۝٩ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰى ۝١٠

بھلی بات کو ۝٩ سو اس کو ہم سہج سہج پہنچا دیں گے سختی میں ۝١٠

وَمَا يُغْنِيْ عَنْهُ مَالُهٗٓ اِذَا تَرَدّٰى ۝١١

اور کام نہ آئے گا اس کے مال اس کا جب گڑھے میں گرے گا ۝١١

اِنَّ عَلَيْنَا لَلْهُدٰى ۝١٢ وَاِنَّ لَنَا لَلْاٰخِرَةَ

ہمارا ذمہ ہے راہ سجھا دینا ۝١٢ اور ہمارے ہاتھ میں ہے آخرت

وَالْاُوْلٰى ۝١٣ فَاَنْذَرْتُكُمْ نَارًا تَلَظّٰى ۝١٤

اور دنیا ۝١٣ سو میں نے سنا دی تم کو خبر ایک بھڑکتی ہوئی آگ کی ۝١٤

لَا يَصْلٰىهَآ اِلَّا الْاَشْقَى ۝١٥ الَّذِيْ كَذَّبَ

اس میں وہی گرے گا جو بڑا بدبخت ہے ۝١٥ جس نے جھٹلایا

وَتَوَلّٰی ﴿۱۶﴾ وَسَيُجَنَّبُهَا الْاَتْقَى ﴿۱۷﴾

اور منہ پھیرا ﴿۱۶﴾ اور بچا دیں گے اس سے بڑے ڈرنے والے کو ﴿۱۷﴾

الَّذِيْ يُؤْتِيْ مَالَهٗ يَتَزَكّٰى ﴿۱۸﴾ وَمَا لِاَحَدٍ

جو دیتا ہے اپنا مال دل پاک کرنے کو ﴿۱۸﴾ اور نہیں کسی کا

عِنْدَهٗ مِنْ نِّعْمَةٍ تُجْزٰٓى ﴿۱۹﴾ اِلَّا ابْتِغَآءَ

اس پر احسان جس کا بدلہ دے ﴿۱۹﴾ مگر واسطے چاہنے

وَجْهِ رَبِّهِ الْاَعْلٰى ﴿۲۰﴾ وَلَسَوْفَ يَرْضٰى ﴿۲۱﴾ ع ۱ ۲۱ ۱۷

مرضی اپنے رب کی جو سب سے برتر ہے ﴿۲۰﴾ اور آگے وہ راضی ہوگا ﴿۲۱﴾

(سورۂ ضحیٰ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اس میں (۱۱) آیتیں اور (۱) رکوع ہے، نازل ہونے کے اعتبار سے (۱۱) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۹۳) نمبر پر ہے اور سورۂ فجر کے بعد نازل ہوئی ہے)

| اس میں (۴۰) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۱۷۲) حروف ہیں |
|---|---|---|

وَالضُّحٰى ﴿۱﴾ وَالَّيْلِ اِذَا سَجٰى ﴿۲﴾

قسم دھوپ چڑھتے وقت کی ﴿۱﴾ اور رات کی جب چھا جائے ﴿۲﴾

مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى ﴿۳﴾ وَلَلْاٰخِرَةُ

نہ رخصت کر دیا تجھ کو تیرے رب نے اور نہ بیزار ہوا ﴿۳﴾ اور البتہ پچھلی

خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى ۝٤ وَلَسَوْفَ

بہتر ہے تجھ کو پہلی سے ④ اور آگے

يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ۝٥ اَلَمْ يَجِدْكَ

دے گا تجھ کو تیرا رب پھر تو راضی ہوگا ⑤ بھلا نہیں پایا تجھ کو

يَتِيْمًا فَاٰوٰى ۝٦ وَوَجَدَكَ ضَآلًّا

یتیم پھر جگہ دی ⑥ اور پایا تجھ کو بھٹکتا

فَهَدٰى ۝٧ وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰى ۝٨

پھر راہ سجھائی ⑦ اور پایا تجھ کو مفلس پھر بے پروا کردیا ⑧

فَاَمَّا الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ ۝٩ وَاَمَّا

سو جو یتیم ہو اس کو مت دبا ⑨ اور جو

السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ ۝١٠ وَاَمَّا بِنِعْمَةِ

مانگتا ہو اس کو مت جھڑک ⑩ اور جو احسان ہے

رَبِّكَ فَحَدِّثْ ۝١١ ع ۱۱ ۱۸

تیرے رب کا سو بیان کر ⑪

(سورۃ الشرح مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اس میں (۸) آیتیں اور (۱) رکوع ہے، نازل ہونے کے اعتبار سے (۱۲) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۹۴) نمبر پر ہے اور سورۃ ضحیٰ کے بعد نازل ہوئی ہے)

| اس میں (۲۷) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۱۰۳) حروف ہیں |
|---|---|---|

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۙ﴿۱﴾ وَوَضَعْنَا

کیا ہم نے نہیں کھول دیا تیرا سینہ ① اور اتار رکھا ہم نے

عَنْكَ وِزْرَكَ ۙ﴿۲﴾ الَّذِيْٓ اَنْقَضَ

تجھ پر سے بوجھ تیرا ② جس نے جھکا دی تھی

ظَهْرَكَ ۙ﴿۳﴾ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ؕ﴿۴﴾

پیٹھ تیری ③ اور بلند کیا ہم نے مذکور تیرا ④

فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۙ﴿۵﴾ اِنَّ مَعَ

سو البتہ مشکل کے ساتھ آسانی ہے ⑤ البتہ

الْعُسْرِ يُسْرًا ؕ﴿۶﴾ فَاِذَا فَرَغْتَ

مشکل کے ساتھ آسانی ہے ⑥ پھر جب تو فارغ ہو

فَانْصَبْ ۙ﴿۷﴾ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۩﴿۸﴾ ع ۱ ۸ ۱۹

تو محنت کر ⑦ اور اپنے رب کی طرف دل لگا ⑧

(سورۂ تین مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اس میں (۸) آیتیں اور (۱) رکوع ہے، نازل ہونے کے اعتبار سے (۲۸) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۹۵) نمبر پر ہے اور سورۂ بروج کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (۳۴) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۱۰۵) حروف ہیں

وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ ۙ﴿۱﴾ وَطُوْرِ سِيْنِيْنَ ۙ﴿۲﴾

قسم انجیر کی اور زیتون کی ① اور طور سینین کی ②

وَهٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِيْنِ ۙ﴿۳﴾ لَقَدْ خَلَقْنَا

اور اس شہر امن والے کی ③ ہم نے بنایا

الْاِنْسَانَ فِيْٓ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ ۫﴿۴﴾ ثُمَّ

آدمی خوب سے اندازے پر ④ پھر

رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سٰفِلِيْنَ ۙ﴿۵﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ

پھینک دیا اس کو نیچوں سے نیچے ⑤ مگر جو

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ

یقین لائے اور عمل کیے اچھے سو ان کے لیے ثواب ہے

مَمْنُوْنٍ ؕ﴿۶﴾ فَمَا يُكَذِّبُكَ بَعْدُ بِالدِّيْنِ ؕ﴿۷﴾

بے انتہا ⑥ پھر تو اس کے پیچھے کیوں جھٹلائے بدلہ ملنے کو ⑦

ع ۱ ۸ ۲۰

اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحٰكِمِيْنَ ۝٨ ع

کیا نہیں ہے اللہ سب حاکموں سے بڑا حاکم ۝٨

سورۂ علق مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، یہ سورۃ مکہ مکرمہ میں باعتبار نزولِ قرآن کے پہلی سورۃ ہے، اِس میں (۱۹) آیتیں اور (۱) رکوع ہے، نازل ہونے کے اعتبار سے (۱) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۹۶) نمبر پر ہے)

اس میں (۹۲) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۲۸۰) حروف ہیں

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ ۝١ ج

پڑھ اپنے رب کے نام سے جو سب کا بنانے والا ۝١

خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ۝٢ ج اِقْرَاْ

بنایا آدمی کو جمے ہوئے لہو سے ۝٢ پڑھ

وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۝٣ لا الَّذِيْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۝٤ لا

اور تیرا رب بڑا کریم ہے ۝٣ جس نے علم سکھایا قلم سے ۝٤

عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ ۝٥ ط

سکھلایا آدمی کو جو وہ نہ جانتا تھا ۝٥

كَلَّآ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَيَطْغٰٓى ۝٦ لا اَنْ

کوئی نہیں آدمی سر چڑھتا ہے اس سے ۝٦ کہ

رَّاٰهُ اسْتَغْنٰى ۝٧ ؕ اِنَّ اِلٰى رَبِّكَ

دیکھے اپنے آپ کو بے پروا ۝٧ بے شک تیرے رب کی طرف

الرُّجْعٰى ۝٨ ؕ اَرَءَيْتَ الَّذِىْ يَنْهٰى ۝٩ ۙ

پھر جانا ہے ۝٨ تو نے دیکھا اس کو جو منع کرتا ہے ۝٩

عَبْدًا اِذَا صَلّٰى ؕ ۝١٠ اَرَءَيْتَ اِنْ كَانَ

ایک بندہ کو جب وہ نماز پڑھے ۝١٠ بھلا دیکھ تو اگر ہوتا

عَلَى الْهُدٰٓى ۝١١ ۙ اَوْ اَمَرَ بِالتَّقْوٰى ۝١٢ ؕ

نیک راہ پر ۝١١ یا سکھلاتا ڈر کے کام ۝١٢

اَرَءَيْتَ اِنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ؕ ۝١٣ اَلَمْ يَعْلَمْ

بھلا دیکھ تو اگر جھٹلایا اور منہ موڑا ۝١٣ یہ نہ جانا

بِاَنَّ اللّٰهَ يَرٰى ؕ ۝١٤ كَلَّا لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ ۙ

کہ اللہ دیکھتا ہے ۝١٤ کوئی نہیں اگر باز نہ آئے گا

لَنَسْفَعًۢا بِالنَّاصِيَةِ ۙ ۝١٥ نَاصِيَةٍ

ہم گھسیٹیں گے چوٹی پکڑ کر ۝١٥ کیسی چوٹی

كَاذِبَةٍ خَاطِئَةٍ ﴿١٦﴾ فَلْيَدْعُ نَادِيَهٗ ﴿١٧﴾

جھوٹی گناہ گار ⑯ اب بلالیوے اپنی مجلس والوں کو ⑰

سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ ﴿١٨﴾ كَلَّا ط لَا تُطِعْهُ

ہم بھی بلاتے ہیں پیادے سیاست کرنے کو ⑱ کوئی نہیں مت مان اسکا کہا

وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ ﴿١٩﴾ سَجْدَة ع

اور سجدہ کر اور نزدیک ہو ⑲

ع ١ ١٩ ٢١

سَجْدَة

(سورۂ قدر مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اس میں (۵) آیتیں اور (۱) رکوع ہے، نازل ہونے کے اعتبار سے (۲۵) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۹۷) نمبر پر ہے اور سورۂ عبس کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (۳۰) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۱۱۲) حروف ہیں

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ ﴿١﴾ وَمَآ

ہم نے اس کو اتارا شب قدر میں ① اور

اَدْرٰىكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ ﴿٢﴾ لَيْلَةُ الْقَدْرِ

تو نے کیا سمجھا کہ کیا ہے شب قدر ② شب قدر

خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ﴿٣﴾ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ

بہتر ہے ہزار مہینے سے ③ اترتے ہیں فرشتے

وقف النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

وَالرُّوْحُ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ مِّنْ كُلِّ

اور روح اس میں اپنے رب کے حکم سے ہر

اَمْرٍ ۙ﴿۴﴾ سَلٰمٌ ۛ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ﴿۵﴾ ع

کام پر ④ امان ہے وہ رات صبح کے نکلنے تک ⑤

مُعَانَقَة ١٨ الثَّلٰثَة ع ٥ ٢٢

اِبْتِدَاءِ قِصَارِ مُفَصَّل

(سورۂ بیّنہ مدینہ منورہ میں نازل ہوئی، اس میں (٨) آیتیں اور (١) رکوع ہے، نازل ہونے کے اعتبار سے (١٠٠) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (٩٨) نمبر پر ہے اور سورۂ طلاق کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (٩٤) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (٣٩٩) حروف ہیں

لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ

نہ تھے وہ لوگ جو منکر ہیں اہل

الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِيْنَ مُنْفَكِّيْنَ حَتّٰى

کتاب اور مشرک باز آنے والے یہاں تک کہ

تَاْتِيَهُمُ الْبَيِّنَةُ ۙ﴿۱﴾ رَسُوْلٌ مِّنَ اللّٰهِ

پہنچے ان کے پاس کھلی بات ① ایک رسول اللہ کا

يَتْلُوْا صُحُفًا مُّطَهَّرَةً ۙ﴿۲﴾ فِيْهَا كُتُبٌ

پڑھتا ہوا ورق پاک ② اس میں لکھی ہیں کتابیں

قَيِّمَةٌ ﴿٣﴾ وَمَا تَفَرَّقَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا

مضبوط ﴿٣﴾ اور وہ جو پھوٹ پڑی اہل

الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ

کتاب میں سو جب کہ آچکی ان کے پاس

الْبَيِّنَةُ ﴿٤﴾ وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوا

کھلی بات ﴿٤﴾ اور ان کو حکم یہی ہوا کہ بندگی کریں

اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۙ حُنَفَآءَ

اللہ کی خالص کر کے اس کے واسطے بندگی ابراہیم (علیہ السلام) کی راہ پر

وَيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوا الزَّكٰوةَ

اور قائم رکھیں نماز اور دیں زکوٰۃ

وَذٰلِكَ دِيْنُ الْقَيِّمَةِ ﴿٥﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

اور یہ ہے راہ مضبوط لوگوں کی ﴿٥﴾ اور جو

كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِيْنَ

منکر ہوئے اہل کتاب اور مشرک ہوں گے

فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ اُولٰٓئِكَ

دوزخ کی آگ میں سدا رہیں اس میں وہ لوگ ہیں

هُمْ شَرُّ الْبَرِيَّةِ ۝٦ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

سب خلق سے بدتر ۝٦ وہ لوگ جو یقین لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ اُولٰٓئِكَ هُمْ خَيْرُ

اور کیے بھلے کام وہ لوگ ہیں سب خلق سے

الْبَرِيَّةِ ۝٧ ؕ جَزَآؤُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتُ

بہتر ۝٧ بدلہ ان کا ان کے رب کے یہاں باغ ہیں

عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

ہمیشہ رہنے کو نیچے بہتی ہیں ان کے نہریں

خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

سدا رہیں ان میں ہمیشہ اللہ ان سے راضی

وَرَضُوْا عَنْهُ ؕ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهٗ ۝٨ ع ع ١ ٨ ٢٣

اور وہ اس سے راضی یہ ملتا ہے اس کو جو ڈرا اپنے رب سے ۝٨

(سورۂ زلزال مدینہ منورہ میں نازل ہوئی، اس میں (۸) آیتیں اور (۱) رکوع ہے، نازل ہونے کے اعتبار سے (۹۳) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۹۹) نمبر پر ہے اور سورۂ نساء کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (۳۵) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۱۳۹) حروف ہیں

اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا ۙ ۱

جب ہلا ڈالے زمین کو اس کے بھونچال سے ①

وَاَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا ۙ ۲

اور نکال باہر کرے زمین اپنے اندر سے بوجھ ②

وَقَالَ الْاِنْسَانُ مَا لَهَا ۚ ۳ يَوْمَئِذٍ

اور کہے آدمی اس کو کیا ہوگیا ③ اس دن

تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا ۭ ۴ بِاَنَّ رَبَّكَ

کہہ ڈالے گی وہ اپنی باتیں ④ اس واسطے کہ تیرے رب نے

اَوْحٰى لَهَا ۭ ۵ يَوْمَئِذٍ يَّصْدُرُ النَّاسُ

حکم بھیجا اس کو ⑤ اس دن ہو پڑیں گے لوگ

اَشْتَاتًا ۙ لِّيُرَوْا اَعْمَالَهُمْ ۭ ۶

طرح طرح پر کہ ان کو دکھا دیے جائیں ان کے عمل ⑥

فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا

سو جس نے کی ذرہ بھر بھلائی

يَّرَهٗ ۝۷ ط وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ

وہ دیکھ لے گا ۷ اسے اور جس نے کی ذرہ بھر

ع ۱ ۸ ۲۴ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ ۝۸

برائی وہ دیکھ لے گا اسے ۸

(سورۃ عادیات مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اس میں (۱۱) آیتیں اور (۱) رکوع ہے، نازل ہونے کے اعتبار سے (۱۴) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۱۰۰) نمبر پر ہے اور سورۃ عصر کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (۴۰) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۱۶۳) حروف ہیں

وَالْعٰدِيٰتِ ضَبْحًا ۝۱ لا فَالْمُوْرِيٰتِ

قسم ہے دوڑنے والے گھوڑوں کی ہانپ کر ۱ پھر آگ سلگانے والے

قَدْحًا ۝۲ لا فَالْمُغِيْرٰتِ صُبْحًا ۝۳ لا

جھاڑ کر ۲ پھر غارت ڈالنے والے صبح کو ۳

فَاَثَرْنَ بِهٖ نَقْعًا ۝۴ لا فَوَسَطْنَ بِهٖ

پھر اٹھانے والے اس میں گرد ۴ پھر گھس جانے والے اس وقت

جَمْعًا ۙ ۵ اِنَّ الْاِنْسَانَ لِرَبِّهٖ

فوج میں ۵ بےشک آدمی اپنے رب کا

لَكَنُوْدٌ ۚ ۶ وَاِنَّهٗ عَلٰى ذٰلِكَ

ناشکرا ہے ۶ اور وہ آدمی اس کام کو

لَشَهِيْدٌ ۚ ۷ وَاِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَيْرِ

سامنے دیکھتا ہے ۷ اور آدمی محبت پر مال کی

لَشَدِيْدٌ ۭ ۸ اَفَلَا يَعْلَمُ اِذَا بُعْثِرَ

بہت پکا ہے ۸ کیا نہیں جانتا وہ وقت کہ کریدا جائے

مَا فِي الْقُبُوْرِ ۙ ۹ وَحُصِّلَ مَا فِي

جو کچھ قبروں میں ہے ۹ اور تحقیق ہو وے جو کچھ کہ

الصُّدُوْرِ ۙ ۱۰ اِنَّ رَبَّهُمْ بِهِمْ

جیوں میں ہے ۱۰ بےشک ان کے رب کو ان کی

يَوْمَىِٕذٍ لَّخَبِيْرٌ ۧ ۱۱

اس دن سب خبر ہے ۱۱

ع ۱ ۱۱ ۲۵

(سورۂ قارعہ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی ، اس میں (۱۱) آیتیں اور (۱) رکوع ہے، نازل ہونے کے اعتبار سے (۳۰) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۱۰۱) نمبر پر ہے اور سورۂ قریش کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (۳۶) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۱۵۲) حروف ہیں

اَلْقَارِعَةُ ۙ﴿۱﴾ مَا الْقَارِعَةُ ۚ﴿۲﴾

وہ کھڑ کھڑا ڈالنے والی ① کیا ہے وہ کھڑ کھڑا ڈالنے والی ②

وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْقَارِعَةُ ؕ﴿۳﴾

اور تو کیا سمجھا کیا ہے وہ کھڑ کھڑ ڈالنے والی ③

يَوْمَ يَكُوْنُ النَّاسُ كَالْفَرَاشِ

جس دن ہوویں لوگ جیسے پتنگے

الْمَبْثُوْثِ ۙ﴿۴﴾ وَتَكُوْنُ الْجِبَالُ

بکھرے ہوئے ④ اور ہوویں پہاڑ

كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوْشِ ؕ﴿۵﴾ فَاَمَّا مَنْ

جیسے رنگی ہوئی اون دھنی ہوئی ⑤ سو جس کی

ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ ۙ﴿۶﴾ فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ

بھاری ہوئیں تولیں ⑥ تو وہ رہے گا من مانتے

رَّاضِيَةٍ ﴿۷﴾ وَاَمَّا مَنْ خَفَّتْ

گزران میں ﴿۷﴾ اور جس کی ہلکی ہوئیں

مَوَازِيْنُهٗ ﴿۸﴾ فَاُمُّهٗ هَاوِيَةٌ ﴿۹﴾

تولیں ﴿۸﴾ تو اس کا ٹھکانا گڑھا ہے ﴿۹﴾

ع ۱۱/۲۶ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا هِيَهْ ﴿۱۰﴾ نَارٌ حَامِيَةٌ ﴿۱۱﴾

اور تو کیا سمجھا وہ کیا ہے ﴿۱۰﴾ آگ ہے دہکتی ہوئی ﴿۱۱﴾

(سورۂ تکاثر مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اس میں (۸) آیتیں اور (۱) رکوع ہے، نازل ہونے کے اعتبار سے (۱۶) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۱۰۲) نمبر پر ہے اور سورۂ کوثر کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (۲۸) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۱۲۰) حروف ہیں

اَلْهٰىكُمُ التَّكَاثُرُ ﴿۱﴾ حَتّٰى زُرْتُمُ

غفلت میں رکھا تم کو بہتات کی حرص نے ﴿۱﴾ یہاں تک کہ جا دیکھیں

الْمَقَابِرَ ﴿۲﴾ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۳﴾

قبریں ﴿۲﴾ کوئی نہیں آگے جان لو گے ﴿۳﴾

ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۴﴾ كَلَّا لَوْ

پھر بھی کوئی نہیں آگے جان لو گے ﴿۴﴾ کوئی نہیں اگر

تَعْلَمُوْنَ عِلْمَ الْيَقِيْنِ ۝٥ لَتَرَوُنَّ

جانو تم یقین کر کے ⑤ بے شک تم کو دیکھنا ہے

الْجَحِيْمَ ۝٦ ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَيْنَ

دوزخ ⑥ پھر دیکھنا ہے اس کو یقین کی

الْيَقِيْنِ ۝٧ ثُمَّ لَتُسْـَٔلُنَّ يَوْمَئِذٍ

آنکھ سے ⑦ پھر پوچھیں گے تم سے اس دن

ع ١ ٨ ٢٧ عَنِ النَّعِيْمِ ۝٨

آرام کی حقیقت ⑧

(سورۂ عصر مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اس میں (٣) آیتیں اور (١) رکوع ہے، نازل ہونے کے اعتبار سے (١٣) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (١٠٣) نمبر پر ہے اور سورۂ الشرح کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (١٤) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (٦٨) حروف ہیں

وَالْعَصْرِ ۝١ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِيْ

قسم ہے عصر کی ① مقرر انسان

خُسْرٍ ۝٢ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

ٹوٹے میں ہے ② مگر جو لوگ کہ یقین لائے اور کیے

الصّٰلِحٰتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ ۙ۬

بھلے کام اور آپس میں تاکید کرتے رہے سچے دین کی

وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ۝۳ ع

ع ۱ ۳ ۲۸

اور آپس میں تاکید کرتے رہے تحمل کی ③

(سورۂ ہمزہ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی ۔ اس میں (۹) آیتیں اور (۱) رکوع ہے ۔ نازل ہونے کے اعتبار سے (۳۲) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۱۰۴) نمبر پر ہے اور سورۂ قیامہ کے بعد نازل ہوئی ہے)

| اس میں (۳۰) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۱۳۰) حروف ہیں |
|---|---|---|

وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةِ ۙ۬ ۝۱ الَّذِىْ جَمَعَ

خرابی ہے ہر طعنہ دینے والے عیب چننے والے کی ① جس نے سمیٹا

مَالًا وَّعَدَّدَهٗ ۙ۬ ۝۲ يَحْسَبُ اَنَّ مَالَهٗٓ

مال اور گن گن کر رکھا ② خیال کرتا ہے کہ اس کا مال

اَخْلَدَهٗ ۚ ۝۳ كَلَّا لَيُنْۢبَذَنَّ فِى الْحُطَمَةِ ۖ ۝۴ صلے

سدا کو رہے گا اسکے ساتھ ③ کوئی نہیں وہ پھینکا جائے اس روندنے والی میں ④

وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْحُطَمَةُ ۭ ۝۵ نَارُ اللّٰهِ

اور تو کیا سمجھا کون ہے وہ روندنے والی ⑤ ایک آگ ہے اللہ کی

الْمُوْقَدَةُ ۙ﴿٦﴾ الَّتِيْ تَطَّلِعُ عَلَى

سلگائی ہوئی ﴿٦﴾ وہ جھانک لیتی ہے

الْاَفْـِٕدَةِ ؕ﴿٧﴾ اِنَّهَا عَلَيْهِمْ مُّؤْصَدَةٌ ۙ﴿٨﴾

دل کو ﴿٧﴾ ان کو اس میں موند دیا ﴿٨﴾

ع ١ ٩ ٢٩

فِيْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ ﴿٩﴾

لمبے لمبے ستونوں میں ﴿٩﴾

(سورۂ فیل مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی ۔ اس میں (۵) آیتیں اور (۱) رکوع ہے ، نازل ہونے کے اعتبار سے (۱۹) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۱۰۵) نمبر پر ہے اور سورۂ کافرون کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (۲۰) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۹۶) حروف ہیں

اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحٰبِ

کیا تو نے نہ دیکھا کیسا کیا تیرے رب نے ہاتھی

الْفِيْلِ ؕ﴿١﴾ اَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ فِيْ

والوں کے ساتھ ﴿١﴾ کیا نہیں کردیا ان کا داؤ

تَضْلِيْلٍ ۙ﴿٢﴾ وَّاَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا

غلط ﴿٢﴾ اور بھیجے ان پر اڑتے جانور

اَبَابِيْلَ ۙ﴿۳﴾ تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ مِّنْ

ٹکڑیاں ٹکڑیاں ﴿۳﴾ پھینکتے تھے ان پر پتھریاں

ع ۱ ۵ ۳۰ سِجِّيْلٍ ۙ﴿۴﴾ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ ﴿۵﴾ ع

کنکر کی ﴿۴﴾ پھر کر ڈالا ان کو جیسے بھس کھایا ہوا ﴿۵﴾

(سورۂ قریش مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی ، اس میں (۴) آیتیں اور (۱) رکوع ہے ، نازل ہونے کے اعتبار سے (۲۹) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۱۰۶) نمبر پر ہے اور سورۂ تین کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (۱۷) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۷۳) حروف ہیں

لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ۙ﴿۱﴾ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ

اس واسطے کہ مانوس رکھا قریش کو ﴿۱﴾ مانوس رکھنا ان کو سفر سے

الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ ۚ﴿۲﴾ فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ

جاڑے کے اور گرمی کے ﴿۲﴾ تو چاہیے کہ بندگی کریں

هٰذَا الْبَيْتِ ۙ﴿۳﴾ الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ

اس گھر کے رب کی ﴿۳﴾ جس نے ان کو کھانا دیا

ع ۱ ۴ ۳۱ مِّنْ جُوْعٍ ۙ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ﴿۴﴾ ع

بھوک میں اور امن دیا ڈر میں ﴿۴﴾

(سورۂ ماعون کی شروع کی تین آیتیں مکہ مکرمہ میں اور باقی کی آیتیں مدینہ منورہ میں نازل ہوئیں، اس میں (۷) آیتیں اور (۱) رکوع ہے، نازل ہونے کے اعتبار سے (۱۷) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۱۰۷) نمبر پر ہے اور سورۂ تکاثر کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (۲۵) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۱۲۵) حروف ہیں

اَرَءَيْتَ الَّذِىْ يُكَذِّبُ بِالدِّيْنِ ۝١ ط

تو نے دیکھا اس کو جو جھٹلاتا ہے انصاف ہونے کو ①

فَذٰلِكَ الَّذِىْ يَدُعُّ الْيَتِيْمَ ۝٢ لا

سو یہ وہی ہے جو دھکے دیتا ہے یتیم کو ②

وَلَا يَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ۝٣ ط

اور نہیں تاکید کرتا محتاج کے کھانے پر ③

فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّيْنَ ۝٤ لا الَّذِيْنَ هُمْ عَنْ

پھر خرابی ہے ان نمازیوں کی ④ جو اپنی

صَلَاتِهِمْ سَاهُوْنَ ۝٥ لا الَّذِيْنَ هُمْ

نماز سے بے خبر ہیں ⑤ وہ جو

يُرَآءُوْنَ ۝٦ لا وَيَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ ۝٧ ع

دکھلاوا کرتے ہیں ⑥ اور مانگی نہ دیویں برتنے کی چیز ⑦

ع ۱ ۷ ۳۲

(سورۂ کوثر مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی ، اِس میں (۳) آیتیں اور (۱) رکوع ہے، نازل ہونے کے اعتبار سے (۱۵) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۱۰۸) نمبر پر ہے اور سورۂ عادیات کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (۱۰) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۴۲) حروف ہیں

اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۟ ۱ فَصَلِّ لِرَبِّكَ

بے شک ہم نے دی تجھ کو کوثر ① سو نماز پڑھ اپنے رب کے آگے

وَانْحَرْ ۟ ۲ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۳ ع ۱ ۳ ۳۳

اور قربانی کر ② بے شک جو دشمن ہے تیرا وہی رہ گیا پیچھا کٹا ③

(سورۂ کافرون مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی،اس میں(۶) آیتیں اور (۱) رکوع ہے، نازل ہونے کے اعتبار سے (۱۸) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۱۰۹) نمبر پر ہے اور سورۂ ماعون کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (۲۶) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۹۴) حروف ہیں

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۙ ۱ لَآ اَعْبُدُ

تو کہہ اے منکرو ① میں نہیں پوجتا

مَا تَعْبُدُوْنَ ۙ ۲ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ

جس کو تم پوجتے ہو ② اور نہ تم پوجو

مَآ اَعْبُدُ ۚ ۳ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ

جس کو میں پوجوں ③ اور نہ مجھ کو پوجنا ہے

مَّا عَبَدْتُّمْ ۙ﴿۴﴾ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ

اس کا جس کو تم نے پوجا ﴿۴﴾ اور نہ تم کو پوجنا ہے

ع ۱ ۲ ۳۴ مَآ اَعْبُدُ ۭ﴿۵﴾ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ﴿۶﴾ ع

اس کا جس کو میں پوجوں ﴿۵﴾ تم کو تمھاری راہ اور مجھ کو میری راہ ﴿۶﴾

(سورۂ نصر حجۃ الوداع کے موقع سے منیٰ میں نازل ہوئی، اس میں (۳) آیتیں اور (۱) رکوع ہے، نازل ہونے کے اعتبار سے (۱۱۴) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۱۱۰) نمبر پر ہے اور یہ قرآن میں نازل ہونے والی سب سے آخری سورت ہے جو سورۂ توبہ کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (۱۷) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۷۷) حروف ہیں

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۙ﴿۱﴾

جب پہنچ چکے مدد اللہ کی اور فیصلہ ﴿۱﴾

وَرَاَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ

اور تو دیکھے لوگوں کو داخل ہوتے دین میں

اللّٰهِ اَفْوَاجًا ۙ﴿۲﴾ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ

غول کے غول ﴿۲﴾ تو پاکی بول اپنے رب کی

ع ۱ ۲ ۳۵ وَاسْتَغْفِرْهُ ۭ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ﴿۳﴾ ع

خوبیاں اور گناہ بخشوا اس سے بے شک وہ معاف کرنے والا ہے ﴿۳﴾

وقف النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(سورۂ لہب مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اس میں (۵) آیتیں اور (۱) رکوع ہے، نازل ہونے کے اعتبار سے (۶) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۱۱۱) نمبر پر ہے اور سورۂ فاتحہ کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (۲۰) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۷۰) حروف ہیں

تَبَّتْ يَدَآ اَبِيْ لَهَبٍ وَّتَبَّ ؕ ۱ مَآ اَغْنٰى

ٹوٹ گئے ہاتھ ابی لہب کے اور ٹوٹ گیا وہ آپ ① کام نہ آیا

عَنْهُ مَالُهٗ وَمَا كَسَبَ ؕ ۲ سَيَصْلٰى نَارًا

اس کو مال اس کا اور نہ جو اس نے کمایا ② اب پڑے گا ڈیگ (لپٹیں) مارتی

ذَاتَ لَهَبٍ ۙ ۳ وَّامْرَاَتُهٗ ؕ حَمَّالَةَ

آگ میں ③ اور اس کی جورُو جو سر پر لیے پھرتی ہے

الْحَطَبِ ۚ ۴ فِيْ جِيْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ۝ ۵ ع ۱ ۵ ۳۶

